پڑھتے وقت اور دعائیں اور تعقیبات پڑھتے وقت آپ کو یہ تو معلوم ہو کہ اس عظیم ہستی کی بارگاہ میں کھڑے ہو کر اُن کے وسیلے سے آپ خدا سے کیا مانگ رہے ہیں۔

حجم یا وزن کی زیادتی کی وجہ سے اگر آپ مکمل مفاتیح ساتھ لے کر جانے کی پوزیشن میں نہیں ہیں تو تین حصوں والی مفاتیح کی صرف

## دوسری جلد جو باب الزیارات

پر مشتمل ہے وہ ساتھ لے جانا نہ بھولئے

ہمیں اُمید ہے کہ بفضلِ خدا دورانِ زیارات اس عظیم کتاب سے استفادہ کر کے آپ بامعرفت اور بامقصد زیارات سے مشرف ہو کر نورانی دل کے ساتھ اپنے وطن واپس لوٹیں گے (ان شاء اللہ)

یہ مفاتیح الجنان مکمل والی یا صرف جلد ۲ آپ کو اپنے شہر اور اپنے علاقہ کے تمام شیعہ کتب خانوں سے باآسانی مل سکتی ہے۔

صاحب ثروت مخیر حضرات اپنے مرحومین کے ایصالِ ثواب کے لیے مفاتیح کے زیادہ سے زیادہ نسخے مساجد و امام بارگاہوں میں رکھوائیں۔ جس قدر خواتین و حضرات اس سے استفادہ کریں گے اُسی قدر ثواب آپ کے مرحومین کے نامہ اعمال میں درج ہوگا۔ والدین اپنی بچیوں کو جہیز میں جہیز ایڈیشن اور دوست اپنے دوستوں کو گفٹ پیک تحفتاً دیں۔


FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP
www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks


| | | |
|---|---|---|
| مکمل مفاتیح الجنان ہدیہ -/500 روپے | تین حصوں والی مفاتیح الجنان فی جلد -/225 روپے | مکمل سیٹ -/675 روپے |
| جہیز ایڈیشن بغیر ڈبہ کے -/900 روپے | سپیشل ڈبہ پیک گفٹ ایڈیشن -/1400 روپے | |


ناشر تنظیم غلامانِ آلِ عمران (رجسٹرڈ) لاہور پاکستان

العمران بلڈنگ کوچہ قاضی خانہ اندرون موچی گیٹ لاہور 2-37667661

ڈسٹری بیوٹر برائے پنجاب افتخار بک ڈپو اسلام پورہ لاہور 37223686 ڈسٹری بیوٹر برائے سندھ محفوظ بک ایجنسی کراچی



مولائے کائنات امیر المومنین حضرت علیؑ کا ارشادِ گرامی ہے کہ لوگوں میں سب سے زیادہ ہوش مند اور زیرک وہ ہوتا ہے جو اپنی دنیا کے عوض آخرت خرید لے

## تنظیم غلامانِ آلِ عمران (رجسٹرڈ) لاہور کے زیرِ انتظام

مالی طور پر کمزور خواتین وحضرات کی گھریلو معاشی پریشانیوں کو کسی حد تک کم کرنے کے لیے

# العمران راشن سٹور سے

ہر ماہ تقریباً 1200 سادات، غیر سادات مستحق خاندانوں کو راشن اور وظیفہ دیا جاتا ہے جس میں نقد رقم کے علاوہ روزمرہ ضروریاتِ زندگی کی اشیاء مثلاً

## آٹا، چینی، چاول، گھی، گوشت اور کپڑے دھونے کا صابن

شامل ہیں۔ بدقسمتی سے ملک میں تیزی سے بڑھتی ہوئی ہوش ربا [illegible] توڑ مہنگائی نے لوگوں کا جینا دوبھر کر دیا ہے۔ اور بے روزگاری کی بڑھتی ہوئی شرح کی وجہ سے ادارہ کی طرف امداد کے لیے رجوع کرنے والے سائلین کی تعداد میں روز بروز اضافہ ہو رہا ہے۔

علاوہ ازیں روزمرہ اشیاء کی قیمتوں میں ناقابل برداشت اضافہ نے اس شعبہ کو مالی بحران میں مبتلا کر دیا ہے۔

العمران راشن سٹور کے ماہانہ اخراجات میں اضافہ کا اندازہ تمام صاحبان اور مخیر حضرات اپنے اپنے گھریلو کچن کے اخراجات کو سامنے رکھ کر کر سکتے ہیں۔ ادارہ کے اخراجات تیزی سے بڑھ رہے ہیں لیکن آمدن وہی ہے جو آج سے چار، پانچ سال پہلے تھی لہٰذا یہ شعبہ



## آپ کی توجہ کا شدت سے منتظر ہے

لہٰذا اگر آپ ماہانہ چندہ جات، عطیات، نذورات، صدقات، خیرات، زکوٰۃ، مالِ امام اور مالِ سادات کی مد میں رضا کارانہ طور پر خاطر خواہ اضافہ کر دیں تو یہ ادارہ بہت جلد مالی بحران سے نکل سکتا ہے اور دکھی انسانیت کی خدمت کو حسبِ سابق جاری رکھ سکتا ہے۔

ہمارے آئمہ معصومین علیہم السلام تو ضروریات زندگی کی اشیاء اپنے کاندھوں پر لاد کر ضرورت مندوں اور مستحقین کے گھروں میں خود پہنچاتے تھے اور غریبوں کی امداد کر کے خوشی محسوس کرتے تھے۔ لہٰذا جو خواتین وحضرات ابھی تک اِس عظیم کارِ خیر اور صدقہ جاریہ میں اپنا حصہ نہیں ڈال سکے اُن کی خدمت میں گذارش ہے کہ وہ بھی حسبِ حیثیت بڑھ چڑھ کر ماہانہ مالی تعاون فرمائیں۔

نوٹ: ہر انگریزی ماہ کی پہلی اتوار کو صبح کی نماز کے بعد راشن کی تقسیم شروع کر دی جاتی ہے۔

لہٰذا آپ خود تشریف لا کر بنفسِ نفیس راشن کی تقسیم کا مشاہدہ کریں

مستحقین امداد حقوق العباد کے زمرے میں آتی ہے۔ قرآنِ مجید، احادیثِ نبویؐ اور فرامینِ آئمہؑ میں حقوق [illegible] کی ادائیگی کی بہت زیادہ تاکید کی گئی ہے اور حقوق العباد کی ادائیگی نہ کرنے پر انسان الٰہی گرفت [illegible] ہو سکتا ہے، کیونکہ اپنے حقوق تو اللہ تعالیٰ اپنے گنہگار بندوں کو معاف کر سکتا ہے مگر حقوق العباد اُس [illegible] تک اللہ بھی معاف نہیں کرتا جب تک اللہ تعالیٰ کی مخلوق معاف نہ کرے۔


ارا کین تنظیم غلامانِ آلِ عمران (رجسٹرڈ) لاہور

37667661
37667662
37659866

العمران بلڈنگ کوچہ قاضی خانہ اندرون موچی گیٹ لاہور۔


بینک اکاؤنٹ بنام تنظیم غلامانِ آلِ عمران اکاؤنٹ نمبر 3685-4 بینک اسلامی برانچ نمبر 1211 مسلم کمرشل بینک نسبت روڈ برانچ لاہور۔

بذریعہ بینک رقم ارسال کرنے کی صورت میں بینک سلپ بمع اپنا نام و مکمل ایڈریس ادارہ کو روانہ کریں تاکہ آپ کو رسید جاری کی جا سکے۔

FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks/



## Lucky Box لکی باکس

اس باکس میں 2017 کے لیے ہر برج/ستارہ کی مناسبت سے آپکا لکی سٹون، خاص آپکے برج کیلئے لوح مبارکہ 2017 کی مناسبت سے آپ کا خاص اسم اعظم اور ورد کے طریقہ کیساتھ ساتھ وقت ورد استعمال کے لیے خصوصی طور پر خوشبو دی جارہی ہے اپنے معاملات زندگی میں آسانیوں اور مشکلات ومصائب سے بچنے کے لیے اپنا لکی باکس آج ہی بک کروائیں دوسرے شہروں کے رہنے والے بذریعہ کوریئر یا رجسٹرڈ ڈاک منگوا سکتے ہیں۔

(کیش آن ڈلیوری کی سہولت موجود ہے)

ہمارے ہاں ہر قسم کے قیمتی پتھر گارنٹی کیساتھ دستیاب ہیں مثلاً نیلم، پکھراج، یاقوت، زمرد، مرجان، ایرانی فیروزہ سادہ وشجری، عقیق سرخ، عقیق زرد، عقیق سیاہ، زبرجد سفید پکھراج، کیٹس آئی، ایمیتھسٹ، پرل، الیگزینڈرائیڈ لیپس لاذورائیڈ، لاجورد، ٹائیگر آئی، اسٹار روبی، اسٹار نیلم، اوپل، لہسنیا، زرکون، عقیق سلیمانی، دانہ فرہنگ، حدید چینی، درنجف، گولڈن ٹوپاز، بلیو ٹوپاز، ایرانی یاقوت، سنگ یشب اسکے علاوہ ہر قسم کی بنی بنائی ایرانی شاکل، اٹالین سٹائل پاکستانی لیڈیز اور مردانہ انگوٹھیاں، لاکٹ، بریسلیٹ کڑیاں دیدہ زیب ڈیزائن میں دستیاب ہیں۔

نمبر 9 والی انگوٹھی، زرجواد والی انگوٹھی مشہور زمانہ 9 رتن والی انگوٹھی بھی دستیاب ہے

**نوٹ: یہ تمام اشیاء سونے میں آرڈر پر تیار کی جاتی ہیں**

(علاوہ ازیں آپکی کمپیٹ سٹون ریڈیز کی آپکے ذائچہ پیدائش سے بھی راہنمائی کی جاتی ہے)





### میرج بیورو

تمام سادات وغیر سادات مومنین ومومنات کے لیے میرج بیورو کی سہولت موجود ہے

یہ سلسلہ مخدومہ کونین کی خوشنودی کے لیے شروع کیا گیا ہے۔

رجسٹریشن فیس -/1000 روپے ہے اس کے

علاوہ کسی بھی قسم کی کوئی فیس نہیں ہے رجسٹریشن فارم کے لیے خود تشریف لائیں

یا بذریعہ ای میل منگوا سکتے ہیں۔


شیخ زوار رضا جاوا B-238 سبزہ زار ملتان روڈ لاہور

Web: www.enlighteningspirits.com

whts up no 03[illegible]84
Mob no :03009477284
www.facebook.com/JAWAS-Gems

also you can find me on
0092-321-9477284, 0092-300-9477284
0092-423-7496809 / jawa1215@gmail.com

www.enlighteningspirits.com




## تنظیم غلامانِ آلِ عمران (رجسٹرڈ) لاہور

کی جانب سے ملتِ جعفریہ کی ہر قسم کی غمی اور خوشی کی بڑی تقریبات

کنونشن | کانفرنس | سیمینار | مجالسِ عزا

کے پروگراموں کے لیے

# العمران کمیونٹی سنٹر

852-B میلاد اسٹریٹ
فیصل ٹاؤن، لاہور



میں ایک **وسیع ہال** کی سہولت دستیاب ہے

مومنین کرام بالخصوص بانیانِ مجالس اس سہولت سے بھرپور استفادہ حاصل کریں

اب جرنیٹر کی سہولت کے ساتھ

موسم گرما میں ایئر کنڈیشن کی سہولت دستیاب ہوگی۔

کمیونٹی سنٹر کی انتظامیہ دیگر ممکنہ سہولیات فراہم کرنے کی بھرپور کوشش کرے گی

رابطہ: شیخ ریاض الحسن زرکی جنرل سیکرٹری تنظیم غلامان آل عمران (رجسٹرڈ) لاہور
0300-8441412

## شرفات کواکب

### شرف شمس

جاہ وحشمت، گورنمنٹ جاب، سیاسی وسماجی کامیابی حکومتی حلقوں میں پذیرائی، مقدمات میں کامیابی دشمنوں پر غلبہ اور ان کے شر سے بچاؤ کے لیے اور معاشرے میں ناموری کے لیے شرف شمس کی لوح اکسیر ہے۔

### شرف قمر

حصول علم، نفسیاتی امراض، سخت کشائی، باغبانی زراعت کی ترقی، خواتین کے امراض مخصوصہ بیرون ملک سفر، روزمرہ کے امور میں کامیابی الغرض اس شرف میں ہر قسم کے سعد مقاصد کے حصول کے لیے الواح تیار کی جاتی ہے۔

### شرف عطارد

اس شرف میں صحت، آسیبی امراض، سحر جادو سے تحفظ، سیکرٹ مین شپ میں کامیابی، ذہنی قابلیت میں وسعت، مقابلے کے امتحان میں کامیابی، تعلیمی رکاوٹ ایجوکیشن، روحانیت، بچوں کے زیادہ رونے اور ڈرنے سے تحفظ کے لیے، وکلاء، ادیب سیلز مین، شاعر اور پبلک ڈیلنگ سے وابستہ حضرات کے لیے خاص تحفہ ہے۔

## الواح شرفات کواکب

تمام سیارگان شمس، قمر، مشتری، زہرہ، عطارد، مریخ، زحل کے اوج و شرفات کی الواح کا تعارف، حالت، دنوں پر تمام آمدہ خواص کے ساتھ استخراج شدہ خاص اوقات میں تیار کی جاتی ہیں۔ جو کہ خصوصی اور عمومی دونوں طرح استعمال کی جاسکتی ہیں۔

## حرز جان

حادثات اچانک، جھگڑے، بچوں کے گرنے، چوٹ لگنے سرجری وغیرہ سے محفوظ رہنے کیلئے خاص لاکٹ دستیاب ہے جو کہ انتہائی مجرب ہے

## شرف زہرہ

تسخیر خلائق یا کسی خاص فرد کی تسخیر، کاروباری ترقی حلقہ احباب میں نمایاں حیثیت کے لیے نسوانی امراض میں شفاء یابی کے لیے یا وہ حضرات جنکی کسی بھی حوالہ سے پبلک ڈیلنگ ہے۔ اُن کے لیے مجرب ہے بالخصوص ڈاکٹر حضرات، حکیم، عامل، پیروں اور خواتین سے متعلقہ شعبہ جات میں کامیابی کے لیے ازحد مجرب ہے۔

## شرف مریخ

صحت، دشمنوں پر غلبہ، آسیبی اثرات سے بچاؤ قوت مردی، حادثات سے بچاؤ، نظر بد، لڑائی جھگڑے اور سرجری سے تحفظ کے لیے شرف مریخ میں الواح تیار کی جاتی ہے۔

## شرف مشتری

سخت کشائی، روحانی علوم، ترقی، شفاء امراض، حصول علم، اعلیٰ تعلیم، مقدمات میں کامیابی، فراوانی رزق بیرون ملک سفر الغرض ہر قسم کے نیک مقاصد اور اعلیٰ ترین کاموں میں کامیابی کے لیے شرف مشتری میں خصوصی الواح تیار کی جاتی ہیں یہ شرف ہر 12 سال بعد آتا ہے۔

## لوح رجوعت سیارگان

یہ خاص لوح کسی بھی سیارے یا سیارگان کے نحس اثرات کو دور کرنے کیلئے انتہائی مفید ہے چاہے وہ سیارگان کی نحوست وقتی ہو یا پیدائشی لوح اس حوالے سے انتہائی مجرب ہے کئی سال کی آزمودہ ہے اور بلاشبہ سینکڑوں افراد اس سے مستفید ہو چکے ہیں آپ بھی اس عظیم تحفے سے فائدہ حاصل کریں۔

## مجرب انگشتریاں

روزگار، صحت، کاروبار میں ترقی، خوشخبری، تسخیر خلائق کے لیے خصوصی طور پر تیار شدہ انتہائی مجرب انگشتریاں (انگوٹھیاں) دستیاب ہیں اپنی ضرورت کے مطابق طلب فرما سکتے ہیں۔

## شرف زحل اور اوتاد زحل

ساڑھ ستی کے علاج کے لیے زحل کے ہوئے کامیابی کے لیے بندشوں اور رکاوٹوں سے تحفظ کے لیے، ناموری شہرت، عوام میں مقبولیت کے حصول بزرگی خلعت، عوام میں مقبولیت کا استحکام، اداروں، فرموں اور عمارتوں کے قیام کے علاوہ زحل کے پیدا کشی یا قہر یعنی دعا یا اور پندرہ سالہ منفی دور سے تحفظ کے لیے شرف لوح اکسیر اعظم کا درجہ رکھتی ہے۔

## روحانی عملیات

روحانی وعملیاتی مقاصد کے لیے الکحل سے عطریات خاص اہمیت کے حامل ہوتے ہیں آپ کے لیے یہ عطریات خالص شکل میں ہیں جو کہ دوسری خوشبویات اور الکحل سے آپ حسب ضرورت طلب کر سکتے ہیں۔ تعویذ کے لیے علیحدہ عطر منگوا سکتے ہیں۔

## بلور خاص

نظر بد، جادو، آسیبی اثرات یا کسی بھی قسم کے اثرات سے بچاؤ کے لیے اپنا تیار کردہ بلور دستیاب ہے۔ یہ برسوں کا آزمودہ بلور ہے ضرورت منگوا سکتے ہیں۔

## حرز یہ کو یٰسین سے منسوب حرز یٰسین

اس حرز خاص کے فوائد کا احاطہ تحریر میں لانا ممکن ہی نہیں ہے آپ کسی بھی مقصد کے لیے چند روز اسے تحریر کر کے اپنا لیں یا گھر میں رکھ لیں آسیب، دشمنوں سے تحفظ، ملازمت میں کامیابی، خون سے منسوب امراض اور حادثات سے تحفظ کے لیے انتہائی مجرب ہے۔

## حرز وافی انگوٹھی

حفظ وامان کیلئے آئمہ سے منسوب 14 حرز وافی انگوٹھی ہر قسم کے سحر، آسیب، نظر بد و شر دشمناں سے تحفظ کے لیے اکسیر ہے

شیخ زوار رضا جاوا 238-B سبزہ زار ملتان روڈ لاہور فون نمبر: 0321-9477284, 0300-9477284
Email: jawa1215@gmail.com Web: www.enlighteningspirits.com



# بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
# کا مجرب
# عمل حاجت روائی

تحریر راجہ اعجاز حسین 0345-2887962,0321-2542434 Raja.ejaz.hussain@gmail.com

تمام تعریفیں اور حمد وثناء خالق اکبر کی جو پوری کائنات کا رب ہے۔ تمام تعریفیں اور حمد وثناء اس ذات اقدس کی جس نے چہاردہ معصومین کو حجت اللہ بنایا۔ قارئین امامیہ جنتری کے لیے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کا مجرب عمل لے کر حاضر ہوا ہوں۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم قرآن حکیم میں 114 مرتبہ نازل ہوا ہے قرآن حکیم کی سورۃ توبہ کے علاوہ 113 سورۃ کے اوائل میں نازل ہوا۔ اور ایک سو چودہویں مرتبہ سورۃ النمل کی آیت نمبر 29 میں نازل ہوا اس طرح قرآن حکیم میں 114 کی تعداد مکمل ہوتی ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے حروف کی تعداد 19 اور اعداد 786 ہیں۔ اسی طرح یا علی مولا علی امیر المومنینؑ کے اعداد بھی 786 ہیں۔ قرآن حکیم کی ابتدا بسم اللہ الرحمٰن الرحیم میں امام حسنؑ اور امام حسینؑ کی ولادت شہادت اور کربلا کا واضح اشارہ موجود ہے۔

| مثال | امام حسنؑ | سن ہجری | سن شہادت | کرب وبلا | امام حسینؑ | سن شہادت | کل میزان |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | 210 | 4 ہجری | 61 ہجری | 261 | 200 | 50 ہجری | 786 |

کل میزان 786 ہوئی۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم 4 الفاظ کا مرکب ہے جس میں ایک اسم ذات اللہ اور دو اسم صفاتی ہیں اللہ تعالیٰ کے اسم حسنہ میں سب سے زیادہ اسرار وخواص رکھنے والے اسم اللہ، الرحمٰن، الرحیم اسم میں موجود ہیں۔ اسی لیے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم میں لاتعداد مشکلات کا حل موجود ہے۔ میرے اس عمل سے ہر مومن ومومنہ خاص وعام استفادہ کر سکتا ہے عروج ماہ میں اتوار کے روز یہ نقش ساعت مشتری میں زعفران کی روشنائی سے لکھیں یا چاندی کے پترے پر کندہ کرلیں جو شخص خود نہ بنا سکے وہ کسی صاحب علم مومن یا مومنہ سے ہوا میں نقش اپنے سامنے رکھ کر روزانہ لکھی گئی تعداد کے مطابق ورد کرے اور ورد کرنے کا روزانہ ایک ٹائم مخصوص کرلیں۔ 19 یوم مسلسل ورد کرنے سے ان شاء اللہ بڑی سے بڑی مشکل آسان ہو جائے گی۔ نقش تیار کرتے وقت نیچے اپنا نام مع والدہ اور مقصد ضرور لکھیں 19 یوم کے بعد نقش کو اپنے پاس محفوظ رکھ لیں یا پھر گلے میں ڈال لیں۔ یہ عمل ہر جائز شرعی حاجت کے لیے کیا جا سکتا ہے۔ (ورد اس طرح کرنا ہے)

### بسم اللہ الرحمٰن الرحیم بحق یا علی مولا علی امیر المومنین

آغاز عمل اول وآخر 11-11 مرتبہ درود پاک کا ورد کرنا ہے۔

**فوائد عمل:** حصول ملازمت، ویزا، بیرون ملک سفر، ترقی عہدہ، ترقی رزق دختران وپسران کی بخت کشائی۔

نقش کے خانوں میں جو چھوٹے خانوں میں ہندسے ہیں وہ ہرگز نہ لکھیں یہ نقش کی چال ہے۔ میں نے ہر بات کی وضاحت کر دی ہے اگر پھر بھی سمجھ نہ آئے تو فون پر وضاحت طلب کریں۔

| دن | تعداد | دن | تعداد | دن | تعداد | دن | تعداد |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 788 | 6 | 816 | 11 | 794 | 16 | 986 |
| 2 | 846 | 7 | 791 | 12 | 826 | 17 | 794 |
| 3 | 826 | 8 | 787 | 13 | 836 | 18 | 796 |
| 4 | 787 | 9 | 816 | 14 | 787 | 19 | 826 |
| 5 | 816 | 10 | 986 | 15 | 816 | | |




محمد علی بن غلام سکینہ کو رزق رزق عطا ہو۔

## ڈینگی بخار اور ہر قسم کی وباء سے بچاؤ

صبح کی نماز کے بعد ۴۱ بار پڑھیں اور گھر کے دروازوں پر چسپاں کریں۔

لِیْ خَمْسَةٌ اُطْفِیْ بِهَا حَرَّ الْوَبَآءِ الْحَاطِمَةِ
اَلْمُصْطَفٰی وَالْمُرْتَضٰی وَابْنَاهُمَا وَالْفَاطِمَةِ

## مچھر، پسو، مکھی کے لیے

درج ذیل دعا اور سورۃ یوسف کی یہ آیت گیارہ بار پڑھ کر گھر میں چاروں طرف چھڑک دیں تمام جراثیم بالخصوص مچھر، پسو اور مکھیاں ختم ہو جائیں گی۔

اَسْتَوْدِعُ اللّٰهَ نَفْسِیْ وَدِیْنِیْ وَاَهْلِیْ وَمَالِیْ
فَاللّٰهُ خَیْرٌ حٰفِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ


عمران کبھی خالد مارکیٹ اردو بازار لاہور فون: 0300-4950065
FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

# بسم اللہ کا نایاب عمل

عامل حکیم ریاض احمد شہزاد
ولیج موکڑ یالہ P/O کھڈ وڑہ تحصیل بھمبر آزاد کشمیر
0343-5137813,0315-5511521

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

قارئین کرام! حالات اور وقت کو مدنظر رکھتے ہوئے ہمیں ایسے اعمال کی ضرورت ہے جو پڑھنے میں آسانی رکھتے ہوں اور وقت کی کمی کے باعث کم وقت میں پڑھے جاسکیں ہر کسی کے پاس اتنا وقت نہیں ہوتا کہ وہ لمبی تسبیح کرسکیں ان حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے اپنا تجربہ شدہ عمل پیش کررہا ہوں۔ ان شاء اللہ آپکو فائدہ پہنچے گا۔ اب عمل کی طرف آتے ہیں باقی اس عمل کے فوائد بعد میں لکھیں گے۔

**مرحلہ نمبر1** بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ کی بست حرفی کریں یعنی علیحدہ علیحدہ حروف لکھیں۔

ب س م ا ل ل ہ ا ل ر ح م ن ا ل ر ح ی م = 19 حروف

اب حروف کی تکلیس کریں یعنی جو حروف دوبارہ آئے ہیں ان کو کاٹ دیں۔

اس سطر میں ال رح م دوبارہ آئے ہیں۔

ا تین مرتبہ آیا ہے دو بار زائد ہے۔

ل چار مرتبہ آیا ہے تین مرتبہ زائد ہے۔

ر دو مرتبہ آیا ہے ایک مرتبہ زائد ہے۔

ح دو مرتبہ آیا ہے ایک مرتبہ زائد ہے۔

م تین مرتبہ آیا ہے دو مرتبہ زائد ہے۔

ان حروف کو کاٹ دیں۔ باقی دس حروف رہ گئے ہیں جن سے عمل تیار ہوگا۔

**مرحلہ نمبر2** باقی حروف یہ ہیں۔ ب س م ا ل ہ ر ح ن ی جو دس ہیں ان حروف سے ہر حرف کا اسم الٰہی لیا جائے گا اسم الٰہی کا پہلا حرف اور اس سطر کا بھی پہلا حرف ایک ہونا چاہیے۔ اگر مقصد کے مطابق اسم الٰہی ملے تو نور علیٰ نور ہے ورنہ کوئی بھی اسم الٰہی لے سکتے ہیں مثلاً اگر رزق کے لیے پڑھنا ہے تو اسم الٰہی باسط لے لیں۔ اگر حب کے لیے پڑھنا ہے تو اسم الٰہی بدوح کو لے لیں۔ اسم الٰہی کا نقشہ یہاں درج نہیں کیا جاسکتا امامیہ جنتری میں دیا جاتا ہے وہاں سے دیکھ لیں یا صاحب علم سے رابطہ کریں بندہ ناچیز بھی حاضر خدمت ہے عمل کو سمجھانے کے لیے طریقہ عمل اسم الٰہی لکھ رہا ہوں غور سے سمجھیں۔

ب سے یا باسط یا بدوح س سے سمیع م سے مالک الملک
ا سے اللہ ل سے لطیف ہ سے ھادی ر سے رزاق
ح سے حفیظ ن سے نافع ی سے یسیر

**مرحلہ نمبر3** مثلاً عدنان علی بن نذہت فاطمہ کو ترقی روزگار کے لیے پڑھنا ہے تو اس طرح پڑھے بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ یاباسط یاسمیع یامالک الملک یا اللہ یا لطیف یاھادی یا رزاق یاحفیظ یانافع یایسیر بحق بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ 882 مرتبہ اول و آخر درود پاک 11 مرتبہ پڑھے۔ پڑھتے وقت مقصد کو ذہن میں رکھیں اور پڑھنے کے بعد مقصد کی دعا کریں۔ یہ ایک مثال ہے آپ اپنے لیے اپنا اور والدہ کا نام لیکر اعداد قمری نکالیں اعداد قمری کا چارٹ آپ کو امامیہ جنتری میں صفحہ نمبر 103 مل جائے گا وہاں سے مدد لیں۔

**مرحلہ نمبر4** عمل پڑھنے کا وقت نو چنے دنوں میں بدھ، جمعرات، اتوار، پیر کی رات یا صبح کی نماز کے بعد سورج طلوع ہونے کے بعد اول و آخر درود پاک تاق مرتبہ پڑھیں۔

**رجال الغیب**

رجال الغیب کو بائیں جانب کی سمت یا پیٹھ کے پیچھے رکھیں۔ یہ شرط پہلے دن کی ہے باقی دنوں میں نہیں یعنی جس روز پہلے دن پیٹھ یا بائیں جانب رجال الغیب کو رکھا تھا پھر ہر روز تا مقصد ایسے ہی کریں جس طرف یعنی جس سمت رجال الغیب ہوں وہاں اس طرف منہ نہ کریں بلکہ پیٹھ کریں یا بائیں جانب رکھیں ان کا سامنے ہونا عمل میں رکاوٹ ہوتی ہے ان کا حساب چاند کی تاریخوں کے مطابق ہوگا۔ رجال الغیب کا نقشہ بھی امامیہ جنتری میں ملے گا۔

**دیگر لوازمات**

اگر ہتی جلائیں اپنے کپڑوں پر خوشبو لگائیں کپڑوں کا جوڑا علیحدہ رکھیں اس عمل کا راز کسی پر ظاہر نہ کریں (اسمیں بھی راز ہے)

اپنی کامیابی کے بعد ادارہ کے بانی مرحوم آغا نثار احمد اور آغا افتخار صاحب کی اہلیہ مرحومہ کے لیے سورۂ فاتحہ ضرور پڑھیں دیگر ادارہ کی ترقی کے لیے خیر ضرور کریں۔ عمل کی وضاحت کردی گئی ہے اگر کسی جز کی سمجھ نہ آئے تو بندہ ناچیز سے رابطہ کریں یا اس عمل کا نقش بنوالیں۔ یا الٰہی یہ پیش کردہ عمل تمام پڑھنے والوں کے لیے نافع بنادے آمین ثم آمین۔ **دعاگو** عامل ریاض احمد شہزاد





# نایاب عمل رزق اور بخت آوری

(خوش نصیبی)

تحریر آغا حسنین احمد (بہاول پور)
0300-6802983,0331-7560412,0340-3278598

اللہ تعالیٰ بصدقہ آل یٰسٓ امامیہ جنتری کے بانی آغا نثار احمد مرحوم کے روحانی درجات بلند فرمائے اور جناب آغا افتخار حسین صاحب چیف ایڈیٹر امامیہ جنتری لاہور کو سکھی صحت کیساتھ حیات خضری عطا فرمائے اور اگلی المیہ مرحومہ جن کا انتقال 6 مئی 2016 کو ہوا ہے جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے مرحومہ کی روح کے ایصال ثواب کے لیے ایک سورۂ فاتحہ کی درخواست ہے۔

بوجہ اشاعت امامیہ جنتری میں نے 1996 سے 2016 تک روحانی راہنمائی سے محسون کیا ہے کہ فی زمانہ مومنین کو 3 مشکلات نے ازحد پریشان کررکھا ہے۔ ❁ روزگار ❁ حصول رزق ❁ اولاد کے رشتوں میں مشکل۔ پڑھے لکھے نوجوان نسل کی تعداد بڑھ چکی ہے سرکاری جابز محدود ہیں اسکے بہترین حل یہ ہے کہ اولاد کو پروفیشنل ہنڈ بنائیں۔ معاشرے میں انصاف نہیں رہا۔ احترام آدمیت کی روح دم توڑ چکی ہے۔ مومنین اولاد کے لیے پریشان ہیں رشتے کرانے والے یا کرانے والیاں ہزاروں روپے فیس لیکر رشتوں کی فہرست تھمادیتی ہیں کہ رابطہ اور چوائس خود کریں۔

ان پریشان حال مومنین کے لیے قرآن مقدس کے پارہ نمبر 21 اتل مَا اُوحِیَ کی سورۃ الاحزاب 33 نمبر کا آسان نادر و نایاب مجرب عمل پیش کررہا ہوں۔ سورۃ احزاب کا مختصر تعارف یہ ہے کہ قرآن پاک کی مفید سورتوں میں سے ایک ہے قرآن مقدس میں یہ 33 ویں سورۃ ہے۔ احزاب عربی مذکر لفظ حزب کی جمع ہے معنی گروہ، جماعتیں، فوجیں، وظیفے یا ورد کا حصہ۔ سورۃ الاحزاب، سورۃ سجدہ کے بعد اور سورۃ سبا سے پہلے اسکی کل آیات 73 ہیں مدینہ میں نازل ہوئی تھیں۔ جو شخص سورۃ الاحزاب کی تلاوت کرے اور اپنے گھر والوں کو اسکی تعلیم دے وہ عذاب قبر سے مامون رہے گا (حدیث رسول ﷺ ثقلین۔ (مجمع البیان جلد نمبر 8 صفحہ نمبر 334)۔ حضرت امام جعفر صادق نے فرمایا کہ جو شخص سورۃ الاحزاب کی بکثرت تلاوت کرے وہ بروز محشر نبی کریم ﷺ اور اولاد نبی ﷺ کے جوار میں ہوگا۔ (مجمع البیان جلد نمبر 8 صفحہ 334)

حصول رزق، جاب، ویزہ، شفا کے لیے اس نقش کو زعفران سے لکھ کر یا لوح بنوا کر پرس میں رکھے اور یومیہ یا باسط کا 72 مرتبہ ورد کرکے اس پر دم کریں۔ اول و آخر درود پاک کا دم لازمی کریں۔

آیت بالا قرآن مقدس کا پارہ نمبر 25 الیہ یردّ (سورۃ شوریٰ کی آیت 19) اگر کوئی مظلوم مقدمہ حق کا مدعی ہو تو حصول انصاف کے لیے نیز اولاد کے رشتوں کی بخت کشائی کے لیے زعفران سے لکھ کر یا لوح پر لکھوا کر پرس میں رکھے 135 مرتبہ یومیہ یا فاطمۃ (الزہراؑ) کا ورد کرے 73 یوم میں تعینی مقصد حاصل ہوگا۔ یہ مجرب نقش ہے چاروں طرف حرف ص کا طلسم ہے۔ طلسم کے معنی وہ چیز یا وہ حروف یا وہ لفظ جو اثر کرجائے مگر سمجھ نہ آئے حب کے لیے بھی کارگر ہے ص=90=0+9=9 مفرد عدد فاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیہا کا ہے۔ مضمون یا نقش کے کسی جزو کی سمجھ نہ آئے تو فون پر رابطہ کریں۔

**لوح مبارکہ یہ ہے**

**نوٹ**: اوقات فون صبح 10 تا 3 بجے، شام 6 تا رات 9 بجے

| ۷۸۶ | | | |
|---|---|---|---|
| لِلّٰہُ لَطِیۡفٌ | بِعِبَادِہٖ | یَرۡزُقُ | مَنۡ یَّشَآءُ |
| مَنۡ یَّشَآءُ | یَرۡزُقُ | بِعِبَادِہٖ | لِلّٰہُ لَطِیۡفٌ |
| بِعِبَادِہٖ | لِلّٰہُ لَطِیۡفٌ | مَنۡ یَّشَآءُ | یَرۡزُقُ |
| یَرۡزُقُ | مَنۡ یَّشَآءُ | لِلّٰہُ لَطِیۡفٌ | بِعِبَادِہٖ |

| ۷۸۶ | | | |
|---|---|---|---|
| ۸۸۸۱۴ | ۸۸۸۱۷ | ۸۸۸۲۰ | ۸۸۸۰۷ |
| ۸۸۸۱۹ | ۸۸۸۰۸ | ۸۸۸۱۳ | ۸۸۸۱۸ |
| ۸۸۸۰۹ | ۸۸۸۲۲ | ۸۸۸۱۵ | ۸۸۸۱۲ |
| ۸۸۸۱۶ | ۸۸۸۱۱ | ۸۸۸۱۰ | ۸۸۸۲۱ |

آغا حسنین احمد ہاؤس نمبر 41 شیخ ویلی ہاؤسنگ سکیم نیشنل ہائی وے احمد پور بائی پاس نزد بہاول پور نیو موٹرز بہاول پور (فون کرنے کے لیے پابندی وقت ضروری ہے)

# دعا کی اہمیت و آداب

القرآن: تم مجھ سے دعائیں مانگو میں تمہاری (دعا) قبول کروں گا (سورۃ المومن آیت نمبر 60)

دعا سے قضا پلٹ جاتی ہے (فرمان حضرت امام محمد باقرؑ)

مولانا سید عمران حسین
L-506 سبزہ زار سکیم ملتان روڈ لاہور
0341-4129514
0331-1414505

دعا ایک عمدہ عبادت ہے جسے خدا پسند کرتا ہے کیونکہ اس میں تواضع، عاجزی اور فروتنی کی اعلیٰ شان نمایاں ہو کر پائی جاتی ہے۔ رسول اکرم ﷺ نے فرمایا کیا میں تمہیں ایسے اسلحہ کا پتا دوں جو دشمن سے بچا سکے اور روزی کو فراواں کر سکے یہ اسلحہ دعا ہے۔ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ اقدس میں دعا مانگنا ایک عظیم الشان عمل ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ دعا مانگنے والے کو بے حد پسند کرتا ہے دعا نہ مانگنا بے نیازی اور تکبر کی علامت ہے جو اللہ کو پسند نہیں لہٰذا دعا کی اہمیت کو سمجھتے ہوئے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ اقدس میں ہر وقت دعا کرتے رہنا چاہیے۔ بعض لوگوں کی دعائیں جلد قبول نہیں ہوتی کیونکہ اللہ تعالیٰ ان لوگوں کو آزمائش امتحان کی منزل میں رکھتا ہے تاکہ وہ ثابت قدمی، صبر و استقامت کی اہمیت کو سمجھیں اور اس میدان عمل میں آگے بڑھیں۔

اکثر پریشان حال مومنین یہ شکوہ کرتے ہیں کہ ہم تو نماز، روزہ، مختلف وظائف اور بہت کچھ کرتے ہیں لیکن ہماری دعا جلد قبول نہیں ہوتی اور بُرے لوگوں کی دعائیں جلد قبول ہو جاتی ہے اور انہیں اللہ تعالیٰ نے دنیا کی ہر عیش و عشرت سے نواز ا ہوا ہے تو میں ایسے تمام مومنین کی خدمت میں درخواست کرتا ہوں کہ رب کی بارگاہ میں کبھی شکوہ نہ کریں اور صبر و تحمل سے کام لیں اور جہاں تک یہ بات رہی کہ اللہ تعالیٰ نیک لوگوں کی دعا جلد نہیں سنتا اور گنہگاروں کی دعا جلد قبول کرتا ہے تو میں عرض کروں کہ اللہ تعالیٰ کے ہر کام میں حکمت ہے وہ اپنے نیک بندوں کا امتحان لیتا ہے اور انہیں صبر و تحمل جیسی نعمتوں سے نوازنا چاہتا ہے اس کے علاوہ ہماری بعض حاجات ایسی ہوتی ہیں جو بظاہر تو ہمیں اپنے حق میں فائدہ مند لگتی ہیں لیکن حقیقت بالکل اس کے برعکس ہوتی ہے لہٰذا دعا کے جلد قبول نہ ہونے کی ایک بڑی وجہ یہ بھی ہوتی ہے اللہ تعالیٰ برے اور ظالم لوگوں کو اس لیے دولت، ظاہری عزت و شہرت دیتا ہے کہ انہیں دنیا و آخرت میں عبرت کا نشان بنا دے۔ انسان کو چاہیے کہ باوضو ہو کر دعا کرے، خوشبو استعمال کرے، رو بقبلہ ہو حضور قلب اور گڑگڑا کر دعا کرے۔ فرمان حضرت امام جعفر صادقؑ ہے "پروردگار بندوں کے سامنے گڑگڑانے کو بڑا سمجھتا ہے لیکن اپنے سامنے گڑگڑانے کو دوست رکھتا ہے" اپنی تمام حاجتوں کو خود بھی بیان کیا کریں کیونکہ حضرت امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں "خداوند ہر ایک کی حاجت جانتا ہے مگر یہ چاہتا ہے کہ انسان خود بھی بیان کرے" مومنین اپنی حاجات میں دوسرے مومنین کے حق میں بھی دعا کریں دعا قبول ہو یا نہ ہو برابر دعا کرتے رہیں شاید کہ تاخیر میں مصلحت پروردگار ہو۔ دعا مانگنے والے لوگ اللہ کو بے حد پسند ہیں لہٰذا اس محبوب عمل کو ترک نہیں کرنا چاہیے۔

## ہماری دعاؤں میں حائل چند رکاوٹیں

مومنین کرام! بعض اوقات ہم خود ہی اپنی حاجات کی قبولیت میں رکاوٹ بنے ہوتے ہیں جسکی چند مثالیں درج ذیل ہیں۔ ترک واجبات شرعی، بدنیتی، نفاق، والدین کی نافرمانی، مخلوق خدا پر ظلم و زیادتی، مال حرام کھانا، بغیر محنت و مشقت کے دعا کرنا، مایوسی اور بہت کچھ جسکی اللہ تعالیٰ ہمیں اجازت نہیں دیتا یہ تمام چیزیں دعا کو قبولیت سے روک دیتی ہیں لہٰذا ان چیزوں کو ترک کریں تاکہ آپکی دعائیں قبولیت کا شرف حاصل کر سکیں کیونکہ معصوم کا فرمان ہے "عمل کے بغیر دعا کرنے والا ایسا ہے جیسے کمان کے بغیر تیر چلانے والا"۔

درج ذیل دعا کو 114 مرتبہ اول و آخر 14 مرتبہ درود شریف کے ساتھ روزانہ پڑھیں اور اسکے بعد محمدؐ و آل محمدؐ کے وسیلے سے خدا کی بارگاہ میں اپنی حاجات پیش کریں ان شاء اللہ آپکی جائز حاجات قبول ہونگیں بگڑے کام سنور جائیں گے بس یقین کامل ہونا شرط ہے۔ اپنے مقاصد میں کامیابی حاصل کرنے کے بعد میرے دادا مرحوم سید جعفر حسین نقوی البخاری اور بانی امامیہ جنتری آغا زاہد احمد مرحومؒ کے بلندی درجات کے لیے سورۃ فاتحہ اور دعائے مغفرت کریں۔ میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ سب کو اپنے مقاصد میں کامیاب کرے۔

**نوٹ** کسی بھی مسئلے کے روحانی حل کے لیے رابطہ کریں۔ پریشان، کینسر، بیماریاں، بواسیر، جوڑوں کے درد، شوگر نیز کسی بھی بیماری سے نجات کے لیے فی سبیل اللہ دم کروائیں۔ شرعی سوالات پوچھنے کے لیے ای میل کریں

maulanaimrannaqvi@gmail.com

## تمام پریشانیوں سے چھٹکارے کے لیے بہترین دعا

یَامَنْ یَّکْفِیْ مِنْ کُلِّ شَیْءٍ
وَلَا یَکْفِیْ مِنْهُ شَیْءٌ اِکْفِنِیْ مَآ اَهَمَّنِیْ





# اسبابِ رزق کی دُعا

عامل و جنار
سید تنویر حیدر نقوی (ایم اے)
معرفت اویس ٹریڈرز H-377 سردار عالم روڈ راولپنڈی 0333-5398050

اس عنوان کا انتخاب خصوصاً زوجہ مرحومہ آغا افتخار حسین دام ظلہ العالی اور انکے کل مرحومین کی بلندی درجات کے لیے کیا گیا ہے۔ قارئین ایک مرتبہ سورۃ فاتحہ کا ہدیہ مرحومین کو ایصال فرمادیں۔ شکریہ

رزق، حصول رزق، تقسیم رزق، اقسام رزق رزق اور دولت کا فرق اوراق نہیں کتاب کا موضوع ہے۔ مگر اس مقام پر اپنے قارئین اور سامعین کی معلومات میں اضافہ کے لیے چیدہ چیدہ مقامات پر توجہ مرکوز کروانے کی کوشش کروں گا۔ جہاں تک رزق کا تعلق ہے خالق حقیقی رزق کے اسباب پہلے ظاہر فرماتا ہے خلقت بشریت بعد میں ظاہر ہوتی ہے۔ مثلاً ماں کے دودھ کا ظاہر ہونا یا ماں کے بطن میں رزق کا حاصل کیا جانا۔ رزق کی فراہمی کو اپنی شان رحیمی کے طور پر سورۂ ہود آیت نمبر 6 اور سورۃ العنکبوت آیت نمبر 60 میں قرآن مجید کے اوراق میں ذکر موجود ہے۔ فراخی اور تنگی رزق کے قصے کو سورۃ الفجر پارہ 30 آیات 13 تا 21 کے ترجمے اور تفسیر سورۃ القریش کے بغور مطالعہ سے سمجھا جا سکتا ہے بہر حال تنگی رزق کا خوف نہ صرف بشریت کی فطرت کا تقاضہ ہے بلکہ جناب یونس جیسا نبیؑ بھی اس خوف سے مبرا نہ رہ سکا (سورۃ انبیاء آیت نمبر 87 کا ترجمہ اسکا گواہ ہے مطالعہ کیا جا سکتا ہے۔ تقسیم رزق کے سلسلے میں امام جعفر صادقؑ سے استفسار کیا گیا تو وضاحت میں فرمایا "اس ذات حقیقی نے ظاہراً رزق کی فراہمی اور تقسیم مخلوق کے ہاتھ میں دے رکھی ہے اور ان کے حرص اور ظلم کے سبب مخلوق رزق سے رہ جاتی ہے"۔ مغربی دنیا کا سارا نظام ذخیرہ اندوزی اور مہنگائی کی طرف نشان دہی کرتا ہے اور مسلمان اندھی تقلید کے سبب اس نظام کے آلہ کار بنے ہوئے ہیں۔ اقسام رزق کی وضاحت میں امام راغبؒ سورۃ واقعہ آیت 82 کی وضاحت فرماتے ہیں کہ "رزق کبھی تو عطائے جاری کو کہا جاتا ہے خواہ وہ دنیاوی ہو یا آخروی" کبھی حصہ کو اور کبھی جو پیٹ میں پہنچ کر غذا بن جاتی ہے اسکو عطائے دنیاوی کی مثال (فِی السَّمَآءِ رِزْقُکُمْ آسمان میں ہے تمہاری روزی) اور عطائے آخروی کی مثال وَلَهُمْ رِزْقُهُمْ فِيْهَا بُكْرَةً وَّ عَشِيًّا (اور انکے لیے ہے روزی صبح و شام اور حصہ کی مثال یہی آیت کہ وَتَجْعَلُوْنَ رِزْقَكُمْ اَنَّكُمْ تُكَذِّبُوْنَ آیت 82 اور اپنا حصہ یہی لیتے ہو کہ تم جھٹلاتے ہو (یعنی کفران نعمت سے ناشکری کرتے ہو)

رزق اور دولت کی وضاحت میں اتنا کافی ہے کہ رزق موت کے وقت تک موجود رہتا ہے جبکہ دولت جسکو خداوند کریم اپنے فضل سے ظاہر فرماتا ہے یہ کیونکہ معاشرہ کی ضرورت ہے اس لیے جسے چاہے نوازے کسی کو شکوہ کا حق نہیں اور مسلمانوں میں اس فضل یعنی دولت کا حصول جناب ابراہیمؑ کی دعا کا نتیجہ ہے افسوس سے یہ کہنا پڑتا ہے کہ جہالت و ترکیہ کے نہ ہونے کے سبب مسلمانوں نے دولت کو ہی رزق سمجھ کر دنیاوی زندگی کو جہنم کا ایندھن بنا ڈالا اس کے حصول کی کوشش میں ایسے ہو گئے کہ حقیقی رزاق ہی کو بھلا دیا۔ استغفر اللہ

دعا اور رزق کا چولی دامن کا ساتھ ہے احکام خداوندی کے علاوہ رزق اور فضل کے لیے دعا کرنا حضور اکرم ﷺ کی سیرت کی پیروی بھی ہے۔ تفسیر صافی میں ہے کہ سورۃ بنی اسرائیل آیت 28 کے الفاظ قولا میسورا کے نزول کے بعد اگر کوئی سوالی سوال کرتا اور آپکے پاس دینے کو نہ ہوتا تو فرمادیا کرتے تھے کہ اللہ اپنے فضل سے ہم کو بھی رزق دے اور تم کو بھی۔

اسی نسبت سے بحار الانوار جلد 83 کی اس دعا کو پیش کرنے کی سعادت حاصل کی جا رہی ہے جسکو امام جعفر صادقؑ نے اپنے ایک صحابی عبید ابن زرارہ کے شکوہ کے جواب میں عطا فرمایا۔ صحابیؓ نے اس پر خوش اسلوبی سے عمل فرمایا اور تھوڑے ہی عرصے میں وہ وسائل رزق سے مالا مال ہو گئے۔ یہ دعا مفاتیح الجنان میں بھی موجود ہے بدقسمتی یہ ہے کہ سائنس کی ترقی کے نام پر ہم نے کتب کے مطالعے کو زندگی سے نکال دیا ہے اور ہر مقصد کے لیے مجبور و لاچار نظر آتے ہیں ورنہ قرآن کریم کے ساتھ تحفۃ العوام اور اسکے بعد مفاتیح الجنان میں زندگی کی ہر الجھن اور پریشانی کا حل معصومینؑ سے منقول ہے صرف توفیق حاصل ہونے کی دیر ہے اور رجوع کرنے کی۔ سورۃ المومنین پارہ 24 آیت 13 میں ارشاد ہے کہ اور نہیں نصیحت قبول کرتا سوائے اسکے جو رجوع کرتا ہے۔ عربی پڑھنے سے پہلے کم سے کم 5 مرتبہ ترجمے کو سکون سے پڑھیں اور سمجھیں سمجھ آجائے تو عربی الفاظ کو عادت بنائیں۔ دعا یہ ہے



FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَللّٰهُمَّ اِنَّهٗ لَيْسَ لِيْ عِلْمٌ بِمَوْضِعِ رِزْقِيْ وَاِنَّمَا اَطْلُبُهٗ بِخَطَرَاتٍ تَخْطُرُ عَلٰى قَلْبِيْ فَاَجُوْلُ فِيْ طَلَبِهِ الْبُلْدَانَ فَاَنَا قَائِمٌ اَنَا طَالِبٌ كَالْحَيْرَانِ لَا اَدْرِيْ اَفِيْ سَهْلٍ هُوَ اَمْ فِيْ جَبَلٍ اَمْ فِيْ اَرْضٍ اَمْ فِيْ سَمَاءٍ اَمْ فِيْ بَرٍّ اَمْ فِيْ بَحْرٍ وَعَلٰى يَدَيْ مَنْ وَمِنْ قِبَلِ مَنْ وَقَدْ عَلِمْتُ اَنَّ عِلْمَهٗ عِنْدَكَ وَاَسْبَابَهٗ بِيَدِكَ وَاَنْتَ الَّذِيْ تَقْسِمُهٗ بِلُطْفِكَ وَتُسَبِّبُهٗ بِرَحْمَتِكَ اَللّٰهُمَّ فَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاجْعَلْ يَارَبِّ رِزْقَكَ لِيْ وَاسِعًا وَّمَطْلَبَهٗ سَهْلًا وَّمَاْخَذَهٗ قَرِيْبًا وَّلَا تُعَنِّنِيْ بِطَلَبِ مَا لَمْ تُقَدِّرْ لِيْ فِيْهِ رِزْقًا فَاِنَّكَ غَنِيٌّ عَنْ عَذَابِيْ وَاَنَا فَقِيْرٌ اِلٰى رَحْمَتِكَ فَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَجُدْ عَلٰى عَبْدِكَ بِفَضْلِكَ اِنَّكَ ذُوْفَضْلٍ عَظِيْمٍ

**ترجمہ** خداوندا! مجھے اپنی روزی کے مقام کا علم نہیں اور میں اسے اپنے خیال کے تحت ڈھونڈتا ہوں پس میں طلب رزق میں شہر و دیار کے چکر کاٹتا ہوں اور اسکی طلب میں سرگرداں ہوں اور میں نہیں جانتا کہ آیا میرا رزق ہوا میں ہے یا پہاڑ میں زمین میں ہے یا آسمان میں بیابان میں ہے یا سمندر میں کس کے ہاتھ میں اور کس کی طرف سے ہے اور میں جانتا ہوں کہ اس کا علم تیرے پاس ہے اس کے اسباب تیرے قبضے میں ہیں اور تو اپنے کرم سے رزق تقسیم کرتا ہے اپنی رحمت سے اسکے اسباب فراہم کرتا ہے یا خدا یا محمدؐ و آل محمدؐ پر رحمت نازل فرما اور اے پروردگار اپنا رزق میرے لیے وسیع کر دے اس کا طلب کرنا آسان بنا دے اور اسکے ملنے کی جگہ قریب کر دے جس چیز میں تو نے میرا رزق نہیں رکھا مجھے اسکی طلب کے رنج میں نہ ڈال کہ تو مجھے عذاب دینے میں بے نیاز اور میں تیری رحمت کا محتاج ہوں پس تو محمدؐ و انکی آل پر رحمت نازل فرما اور اپنے بندے کو اپنے فضل سے صدقہ عطا فرما کہ تو بڑا فضل کرنے والا ہے۔

اس دعا کو نماز عشا کے بعد عادت بنانا چاہیے اور دعا کے بعد 7 مرتبہ سورۃ الانشراح کا پڑھنا مفید ترین نتائج کا حامل ہے۔

**نوٹ** اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم اور محمدؐ و آل محمدؐ کی سرپرستی اور عنایت کے سبب بچوں کے نام اور اسم اعظم نکالنے کے علاوہ محمد ودیعانے پر ہر قسم کی انگشتریاں، کلمہ طیبہ کے چھلے، قاضی الحاجات انگشتری، نقوش، الواح، ستاروں کے طلسمات، جفر جامع کا صفحہ، تکسیرات جفری، شرف مشتری میں تیار طلسم صحت و دولت بھی موجود ہے شائقین فیض اٹھا سکتے ہیں
نویر عصری ویلفیئر ٹرسٹ واہ کینٹ 0320-5398050

## قرض کی ادائیگی کے لیے معصومینؑ کی تعلیم کردہ موثر ترین دعا

**پیش کش** صدیق جعفری

شیخ صدوقؒ حضرت امام محمد باقرؑ سے نقل کرتے ہیں اور وہ اپنے پدر گرامی علیؑ ابن الحسینؑ سے اور وہ حسینؑ ابن علیؑ ابی طالبؑ سے اور حضرت امیر المومنینؑ فرماتے ہیں کہ میں نے ایک دن حضرت رسول خدا ﷺ سے قرض کی ادائیگی کے سلسلہ میں گزارش کی حضرت ﷺ نے فرمایا یا علی! اپنے اوپر پڑھی جانے والی قرض کی گٹھڑی (جو اس خطے کا بلند ترین پہاڑ ہے) جتنا قرض بھی ہو تو یہ دعا زیادہ سے زیادہ پڑھنے سے ادا ہو جائے گا۔

### دعا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَللّٰهُمَّ اَغْنِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَبِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ

حضرت امام علی رضاؑ فرماتے ہیں اس دعا کو نماز فجر کے بعد 110 مرتبہ پڑھا جائے۔ محمد ابراہیم نصر اللہ بروجردی مولف کتاب ہزار و یک ختم لکھتے ہیں کہ ادائیگی قرض کے سلسلہ میں اس سے موثر دعا نہیں دیکھی شرط یہ کہ قرض کی شدت کے دنوں میں اسے 110 مرتبہ نماز فجر کے بعد پڑھا جائے اور یہ افضل ہے کہ اس دعا کو نماز کے قنوت میں پڑھا جائے اور پھر ہر نماز کے بعد ایک مرتبہ پڑھا جائے۔ علامہ مجلسیؒ نے بحار الانوار ج 95 صفحہ 301 پر یہ دعا درج کی ہے اس دعا کو استاد العلما آقائی شہاب الدین نجفی مرعشی نے مقروض کے لیے مجرب قرار دیا ہے (ہزار و یک ختم ص 115) (شکریہ پیام زینب)





# فہم القرآن

علی اکبر پشاور شہر 0300-5831879,0332-9332882,0343-4600959

قارئین کرام! اپنے پڑھنے والوں کی خدمت میں اپنی کم علمی کی بناء پر قرآن پاک کی سورۃ قریش پر جو کہ قرآن پاک کے آخری پارے میں ہے کچھ روشنی ڈالنا چاہتا ہوں تا کہ عوام الناس بالخصوص پریشان حال خواتین و مرد حضرات مستفیض ہو سکیں۔ بندہ ناچیز کو اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
لِاِيْلٰفِ قُرَيْشٍ ۙ اِيْلٰفِهِمْ رِحْلَةَ
الشِّتَآءِ وَالصَّيْفِ ۚ فَلْيَعْبُدُوْا رَبَّ هٰذَا الْبَيْتِ ۙ
الَّذِيْٓ اَطْعَمَهُمْ مِّنْ جُوْعٍ وَّاٰمَنَهُمْ مِّنْ خَوْفٍ ۠

**ترجمہ:** قریش کے مانوس کرنے کے سبب یعنی ان کو جاڑے اور گرمی کے سفر سے مانوس کرنے کے سبب لوگوں کو چاہیے کہ اس نعمت کے شکر میں اس گھر کے مالک کی طرف عبادت کریں جس نے ان کو بھوک میں کھانا کھلایا اور خوف سے امن بخشا۔ (لفظی ترجمہ)

آیئں از روئے علم جفر معلوم کرتے ہیں اس سورۃ کے پڑھنے کے کیا فائدے ہیں سورۃ قریش کو مفرد حرف میں یعنی الگ الگ کر کے لکھیں بعد میں سوال کے حروف کو اسی طرح الگ الگ لکھیں۔ ملاحظہ کیجئے، سمجھنے کی کوشش کریں عمل کریں تا کہ مستفید ہوں۔ مثلاً اس ورت ق ری ش ل ی ای ال اف ق ری ش ال اف ہ م رح ل ت وا ل ش ت ا وا ل ص ی ف ف ل ی ع ب دوا ر ب ھ ا ذ ا ال ب ی ت ال ذی ا ط ع م ھ م ن ج وع وا م ن ھ م ن خ و ف ب رحمان ی ک ی ک ی اف وا ہ دی ن۔ اب از روئے علم جفر کے قواعد کے مطابق ہر سا تواں حرف لیتے جائیں۔ آخر میں کچھ حروف جو سات سے کم ہوں چھوڑ دیں۔ ملاحظہ کیجئے۔

## منتخب حروف

ر ل ا ح ت ی د ز ا م ع م ھ ا ی
ک ل ا م ت غ م ل ا م ب د ا خ
کمال ختم الم (پریشانی) بخدا

یعنی اسکے پڑھنے والے کی تمام پریشانیاں خدا کے حکم سے ختم ہو جاتی ہیں۔

سبحان اللہ کیا خوب جواب آیا ہے۔

جدول ابجد قمری جس سے سوال ہوتا ہے جو کہ 28 حروف ہیں۔

ا ب ج د ہ و ز ح ط ی ک ل م ن 14 حروف
س ع ف ص ق ر ش ت ث خ ذ ض ظ غ 14 حروف ہیں

ہر اوپر نیچے والے حروف ایک دوسرے کے نظیرہ کہلاتے ہیں۔ مثلاً ا کا س یا س کا اب کا ع یا ع کا ب وغیرہ وغیرہ۔ سوال کا جواب نظیرہ سے ملتا ہے۔ یا ہم مرتبہ حروف سے۔ علم جفر میں صفر کی کوئی حیثیت نہیں۔

اس سورۃ مبارکہ کا دوسرا عمل پیش کرتا ہوں جو موجودہ دور کا سب سے بڑا زبردست عمل ہے۔ جب کوئی شخص بسلسلہ کاروبار دور دراز کا سفر اختیار کرتا ہے اور اس پر آشوب دور میں جہاں انسان کو قدم قدم پر جان و مال کا خطرہ ہو اور یہ بھی یقین نہ ہو کہ وہ اپنے کام یا مقصد میں کامیابی سے لوٹے گا یا نہیں۔ یا کسی کام کی غرض سے کسی بہت بڑے افسر کے پاس جانا ہوتا کہ وہ افسر یا حاکم وقت مہربانی سے پیش آئے تو اس سورۃ مبارکہ کو گھر سے نکلتے وقت ایک مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اول و آخر درود شریف پڑھنے کے بعد پڑھے جب افسر یا حاکم کے سامنے پیش ہو تو پھونک مارے ان شاء اللہ وہ افسر یا حاکم مہربانی سے پیش آئے گا اور اگر نماز فجر کے بعد اس کو روزانہ 11 مرتبہ اپنے ورد میں رکھیں کبھی تنگ دست نہ ہوگا۔ ان شاء اللہ اور اگر سارا دن چلتے پھرتے کام کاج کے دوران اپنے ورد میں رکھے تو کیا کہنے۔

اس سورۃ مبارکہ کا تیسرا عمل تحریر کر رہا ہوں جو کہ نہایت مجرب میرا آزمودہ کامیاب زبردست عمل ہے جس سے کئی گھرانے اجڑنے سے بچ گئے دوبارہ آباد ہوئے۔ اکثر دیکھا گیا ہے میاں بیوی میں ناچاقی پیدا ہو جاتی ہے۔ آئے دن لڑائی جھگڑوں کی وجہ سے یا تو بیوی میکے جا کر بیٹھ جاتی ہے یا خاوند مار کر گھر سے نکال دیتا ہے۔ اصلاح نہ ہونے کی کی صورت میں نوبت طلاق

## ہم مرتبہ حروف درج ذیل ہیں

| | | | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 10 | 100 | 1000 | 2 | 20 | 200 | 3 | 30 | 300 | 4 | 40 | 400 | 5 | 50 | 500 |
| ا | ی | ق | غ | ب | ک | ر | ج | ل | ش | د | م | ت | ہ | ن | ث |
| 6 | 60 | 600 | 7 | 70 | 700 | 8 | 80 | 800 | 9 | 90 | 900 | | | | |
| و | س | خ | ز | ع | ذ | ح | ف | ض | ط | ص | ظ | | | | |

تک جا پہنچی ہے ایسی صورت میں اگر خاوند نے بیوی کو مار کر گھر سے نکال دیا ہو۔ تو بیوی کو چاہیے بوقت عصر باوضو ہو کر کھلے آسمان کے نیچے ننگے سر ننگے پاؤں قبلہ کی طرف منہ کر کے کھڑی ہو جائے۔ 1 مرتبہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھنے کے بعد 3 مرتبہ درود پاک پڑھے پھر ایک تسبیح نہایت عاجزی انکساری کے ساتھ یہی سورۃ مبارکہ پڑھے اللہ سے اپنا جزا گھر دوبارہ آباد ہونے کی دعا کرے۔ اپنے خاوند کے چہرے کا تصور رکھ کر پھونک مارے چند دن یہ عمل کرے ان شاء اللہ تعالیٰ خاوند خود آ کر لے جائے گا۔ اگر بیوی خود روٹھ کر میکے چلی جا کر بیٹھ گئی ہو ہزار کوشش کے باوجود نہ آتی ہو تو خاوند اسی طرح عمل کرے۔ ان شاء اللہ کامیابی قدم چومے گی۔ التماس دعا: علی اکبر پشاور

# مجرب و مقبول عمل
## برائے قبولیت حاجات

محمد علی کمیلی 0332-6996581
چک نمبر 3/4L تحصیل احمد پور سیال ضلع جھنگ

قارئین الماسیہ جنتری 2017 کی خدمت میں مشکلات و مصائب کے رفع اور حاجات کی قبولیت کے لیے مجرب و مقبول عمل پیش خدمت ہیں آپ ان سے استفادہ کر کے منتظمین الماسیہ جنتری کے لیے دعائے خیر فرمائے۔ تمام مومنین و مومنات کو جائز عمل کرنے کی اجازت ہے

**برائے شفا امراض** حضور سرور کائنات ﷺ نے فرمایا کہ سورۃ فاتحہ اُم القرآن شفاء ہے ہر درد اور ہر بیماری کے لیے علاج فرماتے ہیں کہ کوئی شخص بیمار ہو تو اس پر ہاتھ رکھ کر 7 مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھیں یا پھر 11 مرتبہ یا 21 مرتبہ یا 41 مرتبہ یا 70 مرتبہ یا 100 مرتبہ پڑھیں اور 100 مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھیں اور مریض پر دم کریں اور شفایابی کی دعا کریں اگر اس طرح بھی شفایابی نہ تو پھر کہیں بھی نہ ہوگی۔

**برائے حاجات** جب کوئی سخت حاجت درپیش ہو تو سب سے پہلے غسل کرے پاک صاف کپڑے پہنے بدن پر خوشبو لگائیں پھر مصلے پر بیٹھ کر آیت الکرسی اور چاروں قل ہر ایک 3-3 مرتبہ پڑھے اور بدن پر دم کرے تمام مرحومین مومنین و مومنات کو بخشے پھر سورۃ فاتحہ اس طرح پڑھے۔

| | | |
|---|---|---|
| اتوار | اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ | 500 |
| پیر | الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | 618 |
| منگل | مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ | 242 |
| بدھ | اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ | 636 |
| جمعرات | اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ | 1073 |
| جمعہ | صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ | 1807 |
| ہفتہ | غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ | 1304 |

ان شاء اللہ 7 روز میں مراد بر آئیگی اگر اسی ترتیب سے وظیفہ کرتے رہے تو ضروریات زندگی میں کبھی کسی دوسرے عمل کی ضرورت نہ پڑے گی ہر مہم آسان ہو جائے گی بڑے سے بڑے اخراجات کا غیب سے سامان ہو جائیگا نقش کو پاس رکھیں اور رزق حلال اور صدق مقال پر عمل ضروری ہے **نقش**

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۲۳۵۷ | ۲۳۷۱ | ۲۳۶۸ | ۲۳۶۵ |
| ۲۳۶۹ | ۲۳۶۴ | ۲۳۵۸ | ۲۳۷۰ |
| ۲۳۶۳ | ۲۳۶۶ | ۲۳۷۳ | ۲۳۵۹ |
| ۲۳۷۲ | ۲۳۶۰ | ۲۳۶۲ | ۲۳۶۷ |

**نوٹ**: سورۃ الحمد اور دعائے کمیل سے شفایابی امراض کے لیے رابطہ کریں۔ نقش عرق گلاب اور زعفران سے لکھیں اور صدق دل سے دعا کریں۔

## نماز شب (تہجد) کی ادائیگی کے لیے انمول

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں کہ رسول خدا ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص یہ چاہتا ہو کہ وہ نماز تہجد کے لیے جاگ جائے وہ سوتے وقت یہ دعا پڑھے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَللّٰهُمَّ لَا تُؤَيِّسْنِيْ مَكْرُكَ وَلَا تُنْسِنِيْ ذِكْرِكَ وَلَا تَجْعَلْنِيْ مِنَ الْغَافِلِيْنَ اَقُوْمُ سَاعَةً كَذَا وَكَذَا

(جس وقت اٹھنا ہو ذکر کرے) التماس: عادل زرجمین بلتستانی

## لاعلاج بیماری سے شفایابی کے لیے مجرب عمل

آیت اللہ شیخ عبقری خراسانی فرماتے تھے کہ اگر باوضو ہو کر 7 دن تک پورے قرآن کے تمام صفحات پر بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھتے ہوئے ہاتھ پھیرے اور اس طرح روزانہ ایک قرآن ختم کرتے ہوئے اس عمل کے 7 دن مکمل کرے پھر بیماری کے مقام پر ہاتھ رکھ کر بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھے تو ان شاء اللہ شفایاب ہو جائے گا۔





# حروف مقطعات مطالب برائے حاجات

علامہ رضا عسکری اعوان
کراچی نواب شاہ
0333-7014915
0300-3210024 razaaskri@gmail.com/raza.askri110@skype L-1057 sector 5B.1 north karachi

قارئین السلام علیکم و یا علیؑ مدد! حروف مقطعات پر ادنیٰ سی تحقیق کے ساتھ آپکی خدمت میں حاضر ہوں۔ حروف مقطعات میں قرآن پاک میں کل ۱۴ حروف ہیں جنکی ترتیب کچھ اس طرح سے ہے۔ حروف مقطعات میں ابجد کے کل ۱۴ حرف استعمال ہوئے ہیں جن میں سے ۱۴ حروف صامت یعنی بنا نقطہ کے ہیں اور دو حروف ناطق یعنی نقطہ والے ہیں۔ ا۔ ہ۔ ح۔ ط۔ ی۔ ک۔ ل۔ م۔ ن۔ س۔ ع۔ ص۔ ق۔ ر۔ بلحاظ ترتیب ۱۴ حروف ہیں۔ انکی چودہ حروف کی گواہی کلمہ حق میں ہے۔ صِرَاطُ عَلِيٍّ حَقٌّ نُمْسِكُهٗ علی کا راستہ حق کا راستہ ہے۔ اس کلمہ میں بھی کل چودہ حروف استعمال ہوئے ہیں۔ چودہ حروف کی ابجدی قوت 693 ہے اور کلمہ حق کی ابجدی قوت بھی 693 ہے چاہے شمسی قمری یا ابجدی 28 جدول میں سے کسی بھی طرح میزان لیں برابر آئیگا اکثر افراد حروف مقطعات کو لامعنی یا اسرار ظاہر کرتے ہیں جبکہ ترجمہ بھی کیا جا سکتا۔ لیکن آئمہ علیہ السلام نے ان حروف کے معنی بھی بتائے ہیں اور انکے کچھ اسرار بھی ظاہر کیے ہیں۔ قرآن میں آنے والے چودہ حروف مقطعات کچھ اسطرح سے ہیں۔

**الٓمٓ، المص، طس، الر، الٓمٓر، کٓهٰیٰعٓصٓ، طٰهٰ، طسٓمٓ، یٰسٓ، صٓ، حٰمٓ، حٰمٓعٓسٓقٓ، قٓ، اٰورن**، ان میں سے کچھ حروف بار بار اور کچھ ایک بار قرآن میں سورتوں میں آئے ہیں۔ تین سورۃ کا آغاز ایک حرفی مقطعات سے ہوا۔ جن میں 38 سورۃ ص، 50 سورۃ ق، 68 سورۃ ن جو کہ سورۃ القلم بھی کہا جاتا ہے۔ 9 سورۃ ہائے قرآن ایسی ہیں جنکا آغاز دو حرفی مقطعات سے ہوتا ہے۔ 20 سورۃ **طٰہٰ**، 27 سورۃ النمل **طٰسٓ**، 36 سورۃ **یٰسٓ**، 40 سورۃ المومن **حٰمٓ**، 41 سورۃ **حٰمٓ**، 43 سورۃ **الزخرف**، 44 سورۃ **الدخان** 45 سورۃ **الجاثیہ** اور 46 سورۃ **الاحقاف** ہیں۔ 13 سورۃ جنکا آغاز تین حرفی مقطعات سے ہوا۔ 2 سورۃ البقرہ، 3 سورۃ آل عمران 29 سورۃ العنکبوت، 30 سورۃ روم، 31 سورۃ لقمان، 32 سورۃ سجدہ کا آغاز **الٓمٓ** سے ہوا، اور 10 سورۃ یونس، 11 سورۃ ہود، 12 سورۃ یوسف، 14 سورۃ ابراہیم، اور 15 سورۃ حجر کا آغاز **الٓرٰ** سے ہوا۔ 26 سورۃ **شعرا** اور 28 سورۃ **القصص** کا آغاز **طٰسٓمٓ** سے ہوا۔ دو سورۃ کا آغاز 4 حرفی مقطعات سے ہوا 7 سورۃ الاعراف **المٓصٓ**، اور 13 سورۃ رعد کا آغاز **المٓرٰ** سے ہوا اور دو سورۃ جنکا آغاز پانچ حرفی مقطعات سے ہوا۔ 19 سورۃ مریم **کٓهٰیٰعٓصٓ** سے اور 42 سورۃ شوریٰ کا آغاز **حٰمٓعٓسٓقٓ** سے ہوا۔ کل 29 سورۃ کا آغاز حروف مقطعات سے ہوا۔

قارئین الماسیہ جنتری اہم نقوش میں چار جانب اکثر حروف مقطعات لکھتے ہیں لیکن انکے حقیقی معانی سے آشنا نہیں ہیں۔ مولا امام جعفر صادق علیہ السلام کا ایک خطبہ کتاب معانی الاخبار حصہ اول (شائع کردہ الکساء پبلشرز کراچی صفحہ نمبر 61) میں درج ہے جس میں مقطعات کے معانی مولا نے بتائے ہیں یہ حدیث یا خطبہ سفیان بن سعید ثوری سے روایت کیا گیا ہے۔ اسی خطبہ کو تفسیر نور الثقلین میں بھی نقل کیا گیا ہے۔ سفیان بن ثوری نے عرض کیا یا ابن رسول اللہ قرآن میں آنے والے حروف مقطعات کے کیا معانی ہیں مولا نے جواب ارشاد فرمایا۔ سورۃ بقرۃ کے آغاز میں آنے والے **الٓمٓ** 71 **اعداد** کے معانی ہیں **انا اللہ الملک** اعداد 239 (میں اللہ ہوں جو کہ بادشاہ ہوں) اور سورۃ آل عمران کے آغاز میں آنے والے **الٓمٓ** 71 **اعداد** کے معانی ہیں **انا اللہ المجید** اعداد 206 (میں اللہ ہوں جو کہ بغیر استحقاق کے عطا کرنے والا ہوں) اور القصص 1 6 1 1 **اعداد** کے معانی ہیں **انا اللہ المقتدر الصادق** 1119 **اعداد** اعداد (میں اللہ ہوں جو کہ اقتدار رکھنے والا اور صادق ہوں) **الٓر** 231 اعداد کے معانی ہیں **انا اللہ الرئوف** اعداد 435 (میں اللہ ہوں جو کہ مہربان ہوں) **الٓمٓر** 271 اعداد کے معانی ہیں **انا اللہ المحیی المیت الرزاق** 1077 اعداد (میں اللہ ہوں جو کہ زندہ کرنے والا مارنے والا اور رزق دینے والا ہوں) **کٓهٰیٰعٓصٓ** 195 اعداد کے معانی ہیں **انا الکافی الھادی الولی العالم الصادق الوعد** اعداد 832 (میں کفایت کرنے والا ہدایت کرنے والا سرپرستی کرنے والا علم رکھنے والا اور وعدے کا سچا ہوں) **طٰهٰ** 14 **اعداد** کے معانی ہیں یہ نبی صلی اللہ کے ناموں میں سے ایک نام ہے اسکے معانی ہیں **یا طالب الحق الھادی الیہ** 319 اعداد (اے حق کے طلب کرنے والے اور حق کی جانب ہدایت دینے والے) **طٰسٓمٓ** 69 **اعداد** کے معانی ہیں **انا الطالب السمیع** 336 اعداد (میں طلب کرنے والا سننے والا ہوں)۔

طٰسٓمٓ 9 0 1 اعداد کے معانی ہیں **انا الطالب السمیع المبدی**



FREE AMLIYAAT BOOKS.....pdf
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

578 اعداد (میں طلب کرنے والا، سننے والا اور بغیر کسی وسیلہ کے خلقت کی ابتدا کرنے والا ہوں اور اسکو لوٹانے والا ہوں) **یٰسٓ** 70 اعداد کے معانی یہ نبی سلی اللہ علیہ وسلم کے ناموں میں سے ایک نام ہے جسکی معانی ہیں **یاایھا السامع للوحی والقرآن الحکیم انک لمن المرسلین علی صراط المستقیم** ۔2412 اعداد (اے وحی لے سننے والے قرآن حکیم کی قسم تم مرسلین میں سے ہو صراط مستقیم پر) **ص** 90 اعداد کے معانی تو ص ایک چشمہ ہے اور یہ وہی چشمہ ہے جس میں معراج کے موقع پر نبی سلی اللہ علیہ وسلم نے وضو کیا تھا۔ **حٰمٓ** 48 **اعداد** کے معانی ہیں **الحمید المجید** 181 **اعداد** (وہ جو قابل حمد ہے اور بزرگوار ہے) **حٰمٓعٓسٓقٓ** 278 اعداد کے معانی ہیں **الحلیم المشیب العالم السمیع القادر القوی** 1368 **اعداد** (وہ علیم وبردبار ثواب عطا کرنے والا، علم رکھنے والا، سننے والا، قدرت والا اور قوت والا ہے) **قٓ** 100 **اعداد** تو ایسا پہاڑ ہے جسنے زمین کا احاطہ کیا ہوا ہے اور اس سے آسمان کی شادابی ہے اور اسی کے ذریعے اللہ نے زمین کو اہل زمین پر گرا دینے سے روکے رکھا ہے اور **نٓ** 50 **اعداد**۔ تو ایک نہر ہے جنت میں جسے اللہ نے کہا ہم جاتو وہ جم گئی اور روشنائی میں منتقل ہوگئی اور پھر قلم کو حکم دیا تو قلم نے لوح محفوظ میں جو کچھ ہو چکا تھا اور جو کچھ قیامت تک ہونے والا تھا لکھ دیا۔

قارئین حروف مقطعات پر بہت کچھ لکھا جاسکتا ہے تاہم صفحات کی کمی کی وجہ سے مختصر فوائد حاصل کرنے کا طریقہ درج کرتا ہوں اپنے مطالب اور مقاصد کے حوالہ سے منسوبی حروف مقطعات کا نقش بنائیں اور اسی حرف مقطعات کو معانی کی تعداد کے مطابق ورد کریں۔ مثلاً **طٰسٓمٓ** 109 اعداد ہیں۔ مطالب کے اعداد کا نقش بنایا جائیگا جن کا عددی میزان 578 بنتا ہے۔ 578 کا خالی البطن نقش شرف قمر یا کسی ستارے کے شرف میں بنائیں اور پاس رکھیں اسکے ساتھ **طٰسٓمٓ** کے معانی جو مولانے بیان کئے ہیں **انا الطالب السمیع المبدی المعید** (**طٰسٓمٓ** 109 اعداد) روزانہ 109 مرتبہ ورد کریں اور دعا کریں خدائے بزرگ و برتر آپکی دعاؤں کی یاوری کرتے ہوئے حاجات پوری کرے گا۔

حروف مقطعات کے مختصر فوائد الگ الگ اسم کے ساتھ تحریر کررہا ہوں اپنی ضرورت کے مطابق انتخاب کریں اور نقش بنا کر استعمال کریں۔

★ **الٓمٓ**۔ 71 اعداد ہیں۔ برائے حصول عزت جاہ و مرتبہ میں بلندی کے لئے ۔مفرد عدد 8 ہیں۔ عدد آٹھ کی نحوستوں اور ستارہ زحل کی نحوستوں سے متاثرہ افراد نقش بنا کر استعمال کریں۔ ☆ **المص** کے اعداد 161 اعداد ہیں حالات کی گردش کا شکار افراد اور ایسے افراد جو کہ غلط الزامات کی وجہ سے قانونی یا معاشرتی مسائل کا شکار ہوں انکے لئے فائدہ مند ہوگا برج جدی اور زحل والوں کے لئے بہترین نقش ہے۔ مفرد عدد 8 ہونے کی وجہ سے سارٹھ کے لئے مفید نقش ہے۔ ☆ **الٓرٰ**۔ 231 اعداد ہیں نارضگی زوجین کے لئے عزت میں کمی اور ترقی ملازمت کے لئے نقش بنا کر استعمال کریں۔ ☆ **الٓمٓرٰ** 271 اعداد روزی رزق میں اضافہ بیماری میں شفاء اور مال وکان میں کاروبار میں اضافہ کے نقوش بنائیں برج اسد اور حمل والوں کے لئے تیر بہدف فوائد حاصل ہوں۔ ★ **کٓھٰیٰعٓصٓ** جنکی اولاد نا ہوتی ہو سایہ چھپے یا الصبیان کی مریض عورتوں کے لئے، بے راہ روی کا شکار مرد وزن افراد کے لئے، نافرمان زوجہ یا شوہر کے لئے، اور ایسے افراد جو حد درجہ مایوسی کا شکار ہو گئے ہوں انہیں استعمال کرائیں۔ میزان اور ثور والوں کے لئے منسوبی اسم اعظم ہے۔ ☆ **طٰہٰ** 14 **اعداد** حصول علم کے لئے شرف عطارد میں ہر روحانی جسمانی امراض کے ساتھ ہوائی امراض کے لئے استعمال کریں۔ ☆ **طٰسٓمٓ** 69 **اعداد** برائے قبولیت حاجات اسم کا ورد کرنا اور دل کے مریض جو کہ شریانوں کی تکلیف میں مبتلا ہوں اور جسمانی عوارض میں استعمال کریں۔

★ **طٰسٓمٓ** 109 اعداد برائے اولاد کے لئے گمشدہ کی واپسی اور چوری شدہ مال کی واپسی کے ساتھ دکان مال کی تحفظ اور برکت کے لئے استعمال کریں۔


☆ **یٰسٓ** 70 **اعداد**، عتاب سے محفوظ رہنے اور لکھے ہوئے کو راہ راست پر لانے کے لئے استعمال کریں۔ ☆ **حٰمٓ** 48 **اعداد**، برائے انسران بالا ترقی ملازمت اور دفتری مسائل کے ساتھ شمس کی نحوستوں کے ازلہ کے لئے استعمال کریں ☆ **حٰمٓعٓسٓقٓ** 278 اعداد تعلیمی میدان میں پیچھے رہ جانے والے بچوں کے لئے، مقدمہ بازی میں الجھے افراد، قبضہ چھڑانے کے لئے، ناجائز تعلقات ختم کرنے کے لئے اور تسخیر عامہ کے لئے مختلف ستاروں میں بنائیں۔

☆ **نٓ** کا نقش ایسے بچوں کے لئے تیر بہدف ہے جو تعلیمی میدان میں نمایاں کامیابیاں حاصل کرنا چاہتے ہیں اسکے ساتھ ہی عورتوں کی مخصوص بیماریوں میں پینے میں استعمال کروائیں۔ نقوش میں کوئی بات سمجھ نہ آئے تو فون پر رابطہ کرلیں یا ملحقہ پتہ ملاقات کریں۔ اپنے مسائل کے حل ہونے پر ناچیز کو دعاؤں میں ضرور یاد رکھے گا۔ امامیہ جنتری کے بانیان قبلہ آغا نثار حسین مرحوم کے بلند درجات کی دعا اور قبلہ آغا افتخار حسین کی صحت اور درازی حیات کی دعا کے ساتھ اجازت چاہونگا۔ **نوٹ**: نقوش اگلے صفحے پر درج ہیں

**منگنی، نکاح، شادی** کے لیے امام ضامن سرخ و سبز رنگ میں کڑھائی شدہ دستیاب ہیں
042-37223686
**ملنے کا پتہ** اختار بک ڈپو مین بازار اسلام پورہ لاہور۔









**آسان اردو میں مکمل ویب سائٹ وزٹ کریں**
WWW.ACCUASTRO.COM
Www.accuastro.com
ماہانہ وسالانہ زائچے، ستاروں کی نحوست و سعادت اور تحقیقی مضامین کے ساتھ جانیں مسائل کا حل۔ تورو زوعالمی حالات، نجوم سیکھنے والوں کے لیے اسباق، اعداد و دست شناسی پر مکمل مضامین اور رمل پر سیر حاصل مضامین، نجوم و جفر پر سافٹ ویئرز ڈاؤن لوڈنگ اور تحقیقی مواد کیساتھ سیکھئے نقوش اور عملیات کا فن، نجوم و جفر و اعداد کے شائقین آن لائن علوم خفیہ سیکھیں
ماہانہ میگزین **جفر نجف** کا آن لائن مطالعہ کریں
Www.accuastro.com
Accuastro@skype.com
Accuastro@facebook.com
غلام رضا عسکری اعوان، نواب شاہ۔ کراچی پاکستان
0092-300-3210024, 0092-333-7014915

## رجال الغیب معلوم کرنے کا آسان طریقہ

نقوش لکھتے وقت یہ دیکھیں کہ رجال الغیب کس طرف ہیں۔ اگر یہ سامنے ہونگے تو کام میں رکاوٹ ہوگی۔ اس لیے جب عمل کے لیے بیٹھیں تو ایسی طرف منہ کریں کہ رجال الغیب آپ کی پشت پر ہوں۔ نیچے نقش میں سمت اور چاند کی تاریخیں درج ہیں۔




رجال الغیب سے عملی استعانت حاصل کرنے کے لیے عمل سے پہلے درج ذیل دعا پڑھے

اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ یَارِجَالَ الْغَیْبِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ یَا اَرْوَاحَ الْمُقَدَّسَۃِ اَغِیْثُوْنِیْ وَانْظُرُوْا اِلَیَّ بِنَظْرَۃٍ یَارُقَبَاءُ یَانُجَبَاءُ یَابَدَلُ یَااَوْتَادُ

# آیات قرآنی سے مشکلات کا حل

مسز نگینہ انجم رضوی ایراس
0336-9272110
0345-2350714

محترم قارئین امامیہ جنتری تسلیمات! امامیہ جنتری میں میرے شائع شدہ مختلف مضامین کے حوالے سے امامیہ جنتری کی خواتین قارئین جس کثیر تعداد میں اپنے مسائل کے روحانی حل کے سلسلہ میں مجھ حقیر سے رابطہ کر کے میری عزت افزائی کر رہی ہیں اس سے مجھے حوصلہ ملا کہ میں امامیہ جنتری کی خواتین قارئین کی خدمت کے اس روحانی سلسلے کو جاری رکھوں۔ میری یہ کاوش صرف اور صرف امامیہ جنتری کی خواتین قارئین کے لیے ہے اس لیے گزارش ہے کہ مرد حضرات رابطہ کر کے تنگ نہ کریں اپنا اور میرا وقت برباد نہ کریں شکریہ۔

○ وہ خواتین جو اپنے شوہر کی نوکری، کاروبار کا نقصان، نوکری میں کسی طرح بھی ترقی نہ مل رہی ہوں اس نقش کو پاس رکھیں اور قرآنی یہ چار آیت ورد میں بھی رکھیں گے تو حالات آپ کے حق میں بہتر ہونا شروع ہو جائیں گے۔ ان شاء اللہ ○ جن لوگوں کو حادثات یا دشمنوں کے ہاتھوں موت یا کسی قسم کے نقصان کا اندیشہ ہو انہیں اس نقش سے تحفظ ملے گا۔ ان شاء اللہ

○ جو آدمی سحر کا شکار ہو اگر اسے پاس رکھے تو سحر بھی اس کا کچھ نہ بگاڑ سکے گا۔ ان شاء اللہ ○ اگر کسی پر آسیب کا اثر ہو تو اسکو یہ نقش دیا جائے تو آسیب اس سے دور ہو جائے گا۔ ان شاء اللہ ○ کسی لڑکی شادی نہ ہوتی ہو تو اسی نقش کو گلے میں پہنے تو اسکا رشتہ جلد ہو جائے گا۔ ان شاء اللہ

○ اگر کوئی ایسی بیماری کی لپیٹ میں ہے کہ علاج کے باوجود کوئی فائدہ نہیں ہو رہا ہو تو اس نقش کو خود کے پاس رکھے اور اسے پینے کے لیے گلاب کے عرق میں ڈال کر استعمال کرے تو اسے رب کی طرف سے جلد شفا عطا ہو گی۔ ان شاء اللہ ○ اس نقش کے فوائد لاحصر ہیں یوں سمجھیں کہ اگر کسی بھی خیر کے عمل کے لیے اس کو پاس رکھا جائے تو مقصد حل ہو جائے گا۔ ان شاء اللہ

قرآن کریم کی سورۃ البقرہ وفق 1824942 مخمس میں بنایا جائے گا نقش یہ تیار ہو گا۔ **نقش دوسری طرف ہے** ←

وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ لِّلْاَبْرَارِ (سورۃ آل عمران آیت 198)

وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ (سورۃ بقرہ آیت 163)

يُرِيْدُ اللّٰهُ بِكُمُ الْيُسْرَ وَلَا يُرِيْدُ بِكُمُ الْعُسْرَ (سورۃ بقرہ آیت 185)

سَحَرُوْٓا اَعْيُنَ النَّاسِ وَاسْتَرْهَبُوْهُمْ وَجَآءُوْ بِسِحْرٍ عَظِيْمٍ (سورۃ الاعراف آیت 116)

اس نقش کو گلے میں پہننے ہرن کی جھلی پر زعفران، عرق گلاب اور کیوڑے سے لکھ کر بازو پر یا گلے میں پہنے ان چار آیات کا ورد رکھے اپنی زندگی میں فائدہ اٹھانے والے قارئین اور ادارہ افتخار بک ڈپو اور میرے حق میں بھی دعائے خیر کریں۔

درج بالا نقش زعفران سے اچھی ساعتوں میں لکھوا ہو رابطہ کر کے ہمارے ادارہ سے منگوا سکتے ہیں۔ نیز جادو، ٹونہ، سحر، آسیب، جنات، اور نظر بد سے تحفظ، ستاروں کی نحوست اور نجات کے لیے آیات قرآنی پینے اور پہننے کے لیے زہرہ، عطارد، شمس اور مشتری کی ساعتوں میں زعفران سے لکھی ہوئی دستیاب ہیں۔




## نقش ہذا

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۹ | ۱۲ | ۲۰ | ۲۳ |
| ۱۵ | ۱۸ | ۲۱ | ۴ | ۷ |
| ۲۴ | ۲ | ۱۰ | ۱۳ | ۱۶ |
| ۸ | ۱۱ | ۱۹ | ۲۲ | ۵ |
| ۱۷ | ۲۵ | ۳ | ۶ | ۱۴ |

**ادارہ حسینی فیض** ہر بیماری کا علاج
بذریعہ قرآنی آیات و روحانی عملیات سے کیا جاتا ہے۔ واقف علم الاعداد و روحانی عملیات، نجوم، استخارہ اپنے مسائل کے روحانی حل کے لئے رابطہ کریں۔
نگینہ زہرا انجم (روحانی سکالر) 0336 2331839, 0338 9272110





# علی شافی

علی احمد کاشف
ایل 925 سیکٹر 2 نارتھ کراچی پاکستان
0346-2489941,0335-3287307,0307-4871132

مومنین کرام السلام علیکم! الحمد اللہ کہ کئی سال سے آپکی خدمت میں شرف حاضری نصیب ہو رہا ہے۔ امیر المومنین امام المتقین مولائے کائنات علی ابن ابوطالبؑ کے اسم گرامی کے چند فضائل بیان کرنے کی سعادت حاصل کر رہا ہوں۔ تمام اہل ایمان جانتے ہیں کہ قرآن مجید میں تمام روحانی و جسمانی امراض کے لیے شفا اور ہدایت ہے سورۃ بقرہ کی ابتدائی آیات گواہ ہیں کہ قرآن پاک میں صرف متقین کے لیے ہدایت ہے۔ سورہ بنی اسرائیل آیت نمبر 82 صاف الفاظ میں بتا رہی ہے کہ قرآن پاک میں شفا اور رحمت ہے مومنین کے لیے۔ یہ مومنین اور متقین کون ہیں؟ یہ وہ ہیں جن کے مولا امیر المومنینؑ ہیں جن کے مولا امام المتقینؑ ہیں۔ کائنات کی وہ واحد ہستی ہیں جو خدا کے گھر خانہ کعبہ میں متولد ہوئے، ظاہر ہوئے، ظہور فرمایا۔ اللہ تعالیٰ نے اپنا پیارا نام علی مولا علیؑ کو عطا فرمایا اور خود قرآن میں علی العظیم کا نام دیا۔ مثلاً آیت الکرسی میں علی العظیم مولا علیؑ نے بھی علی العظیم کو سجدہ کر کے دنیا کو بتا دیا کہ میں علی عبد ہوں اور علی العظیم معبود ہے۔ اہل ایمان جانتے ہیں کہ قرآن پاک میں پوری کائنات کا علم پنہاں ہے، شفا ہے، رحمت ہے، ہدایت ہے، پورا اسلام ہے۔ پورا قرآن سورہ فاتحہ میں پنہاں ہے اور پوری سورۂ فاتحہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم میں پنہاں ہے پوری بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ب میں پنہاں ہے ب کا نقطہ مولا علیؑ ہیں مطلب یہ کہ ب میں پورا قرآن، شفا، رحمت، ہدایت، اسلام سب کچھ ہے۔ اگر ب کا نقطہ نہ ہو تو ب، ب نہیں رہے گی۔ اگر نقطہ نہ ہو تو کچھ باقی نہیں رہے گا۔ قرآن پاک کا پہلا حرف ب یعنی مولا علیؑ کا نام ہے اور قرآن پاک کا آخری حرف س یعنی رسول خدا کے اسم مبارک کے حصار میں حفاظت میں پورا قرآن ہے جب تک بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی ب یعنی علیؑ کا نام نہ لیں تو قرآن نہیں پڑھ سکتے ب نہ پڑھی تو گویا پورا قرآن نہیں پڑھا۔

مومنین کرام! حروف مقطعات کی تفسیر قرآن پاک ہے۔ ب اور س سے کچھ اندازہ ہو سکتا ہے اگر تمام حروف مقطعات کو یکجا کریں گویا پورا قرآن یکجا کر لیا ان میں جو حروف مکرر ہیں ان کو ایک مان لیں تو خالص حروف 14 بچیں گے گویا 14 میں پورا قرآن پاک ہے معصومین علیہم السلام بھی 14 ہی ہیں۔ 14 کو جمع المجموع کریں 4+1=5 گویا 5 ہی مقصود قرآن و قدرت میں اور ان 14 حروف (جو پورے قرآن پاک کا پیغام ہیں) سے بامعنی جملہ ایک ہی بنتا ہے۔ صراط علی حق نمسکہ یہ ہے پورے قرآن پاک کا حکم۔ حدیث پاک بھی ہے کہ حق علی کے ساتھ ہے، علی حق کے ساتھ ہے۔ یعنی پوری خدائی علیؑ کے ساتھ ہے یہی ہیں مومنین و متقین کے مولا۔ جہاں علی نہیں وہاں حق نہیں، جہاں علی نہیں وہاں ہدایت نہیں وہاں قرآن نہیں وہاں شفا نہیں وہاں جنت نہیں۔ خسارہ ہی خسارہ ہے۔ اپنے علم کے لیے مومنین سے دعا کا طلبگار رہوں۔ جناب میثم تمار رضؓ کے نقش قدم پر چلنے کی تمنا ہے جنکو فضائل علیؑ بیان کرنے پر ہاتھ پاؤں کاٹے گئے آنکھیں پھوڑ دی گئیں زبان کاٹ دی گئی سولی پر چڑھا دیا گیا۔ ہمارا مولا ایسا ہے جیسا کسی کا نہیں جن کا نام ہی قرآن ہو رحمت ہو ہدایت ہو جن کا نام ہی اسلام ہو شافی ہو۔ آئیں اس نام گرامی کے ذریعے سے اللہ تعالیٰ سے اپنے جائز حاجات کے لیے فیض حاصل کریں۔

☆ سادہ سفید کاغذ پر پوری بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پھر 11 مرتبہ یا علیؑ لکھیں اور درود پاک لکھیں یہ تعویذ حفاظت ہے۔ سفید چینی کی پلیٹ پر یہی تعویذ زعفران سے لکھیں 40 دن تک مریض کو پلائیں شفا ہو گی۔

☆ جنات کے مریض کے ماتھے پر سیدھے ہاتھ کی انگشت شہادت سے یا علی لکھیں اور پھر مریض کے سینے پر یہی انگلی رکھ کر با آواز علیؑ کی امامت اور جلالت کا ذکر کریں کیسا بھی جن ہو گا چھوڑ کر بھاگ جائے گا۔ جنات جانتے ہیں کہ گھر میں رسی باندھ کر مولا علیؑ کنویں میں اتر کر اکیلے شریر جنات کے پورے شہر کو فی النار کر کے آئے تھے۔

☆ باوضو ہو کر روزانہ رات کے وقت 2 رکعت نماز پڑھ کر مولا علیؑ کو ہدیہ کریں اور 100 مرتبہ درود پاک بر محمدؐ و آل محمدؐ پڑھیں 1100 مرتبہ میرے مولا کا نام یا علیؑ تلاوت کریں (گویا آپ نے 1100 مرتبہ قرآن تلاوت کر لیا) اور اپنے جائز مقصد کے لیے مولا علیؑ کا واسطہ دے کر دعا کریں اور دیکھیں کہ اگر وہ مقصد آپکے حق میں بہتر ہو تو اللہ تعالیٰ کتنی جلدی آپکی مراد پوری فرمائے گا۔ حدیث ہے جس کا میں مولا اسکا علیؑ مولا ہے۔ مومنین جہاں جہاں اللہ کی حکومت ہے وہاں میرے مولا رسول خدا کی رسالت ہے اور وہاں وہاں میرے مولا علیؑ کی امامت ہے۔ 1 مرتبہ درود پڑھیں۔ روحانی مشورے اور وضاحت کے لیے فون پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

رشتوں میں رکاوٹ اور اولاد نرینہ کے لیے صرف خواتین رابطہ کریں۔
مسز نقوی
0332 4662358
0322 4179311

# حل المشکلات

بے شمار خوبیوں کا حامل عمل

علامہ زاہد نقوی۔ مختار الاعمال
روحانی مرکز احمد پور شرقیہ ضلع بہاولپور
0301-7776838 0331-7559391

ہزاروں کرم فرماؤں کی دعاؤں کے ساتھ ایک بے مثال خوبیوں کا عمل لیکر حاضر ہوا ہوں میری دعا ہے کہ محترم آغا افتخار حسین صاحب و جملہ قارئین کو اللہ تعالیٰ ہمیشہ صحت و سلامتی عطا فرمائے۔ دینی و دنیاوی آزمائشوں میں مبتلا افراد کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید اور سریع الاثر ہے بالخصوص اس صورت میں جب ہر شخص منہ موڑ چکا ہو اور ماسوائے اللہ عزوجل کوئی پرسان حال نہ ہو تو ایسے میں اس عمل سے استفادہ ضرور کریں۔ اسکے فوائد بے شمار ہیں جن میں چند ایک کا ذکر کر رہا ہوں۔ ☆رزق میں بے پناہ اضافہ ہوگا ☆کاروبار اور گھر ہر قسم کی آفات سے محفوظ و مامون رہے گا ☆اسکا عامل کبھی محتاج نہ ہو ☆کسی بھی قسم کی مشکلات سے دوچار نہ ہو ☆ہر قسم کی بیماریوں سے محفوظ رہے ☆حصول علم میں کامیابی ہو ☆نیک مقاصد میں کامیابی ملے۔

ایک شخص نے سرکار دو عالم ﷺ کو عالم خواب میں دیکھا تو عرض کی یا رسول اللہ ﷺ مجھے ایسی دعا تعلیم فرمائیں کہ جس سے میرا قلب زندہ ہو فرمایا یہ دعا پڑھا کرو آپکو دل کی تکلیف کبھی نہ ہوگی۔ دعا یہ ہے۔ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ بِلَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ اَسْئَلُکَ اَنْ تُحْیِیَ قَلْبِیْ اول و آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ ثواب الاعمال میں امام صادق علیہ السلام سے منقول ہے آپؑ نے فرمایا جو شخص ایک دن اور رات نماز میں سورۂ توحید کو نہ پڑھے اور ترک کر دے تو اسے کہا جاتا ہے اے بندہ خدا تو نماز گزاروں میں سے نہیں ہے چند روایات میں وارد ہے کہ تین دفعہ سورۂ اخلاص کی تلاوت کا ثواب مکمل ختم قرآن کے ثواب کے برابر نامہ اعمال میں لکھا جاتا ہے شیخ صدوق رسول خدا ﷺ سے نقل کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا جو شخص سوتے کے وقت سورۂ توحید یعنی سورہ قل ھو اللہ احد کی 100 مرتبہ تلاوت کرے تو اس عمل کے سبب اس تلاوت کرنے والے کے 50 سالہ گناہ کبیرہ معاف ہو جاتے ہیں۔ امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں کہ جو شخص سوتے وقت 11 مرتبہ سورہ قل ھو اللہ احد پڑھ کر سوئے تو خدا وند متعال اسکی اور اسکے اطراف میں تمام گھروں کی حفاظت فرماتا ہے۔ حضرت علی علیہ السلام فرماتے ہیں کہ ظالم اور جابر کے شر سے بچنے کے لیے اپنے چاروں اطراف سورہ قل ہو اللہ احد پڑھ کر دم کر لے تو اللہ تعالیٰ ظالم و جابر کے شر سے محفوظ فرمائیگا۔ حضرت امام محمد باقر علیہ السلام فرماتے ہیں کہ جو شخص روزانہ 1000 مرتبہ سورہ قل ھو اللہ احد کی تلاوت کرے تو اس وقت تک اسے موت نہیں آئے گی جب تک اپنی جگہ جنت میں نہ دیکھ لے نیز سید ابن طاؤس حضرت محمد ﷺ سے نقل فرماتے ہیں کہ آپؐ نے فرمایا جو شخص درج ذیل دعا کو بوقت صبح پڑھے تو اللہ تعالیٰ 4 فرشتے مقرر فرماتا ہے کہ جو اس کے دائیں بائیں آگے پیچھے چاروں طرف سے اس دعا کے پڑھنے والے کی حفاظت فرماتے ہیں اور وہ شخص خدا وند متعال کی امان میں رہتا ہے اور اگر تمام خلائق بھی اسے ضرر پہچانا چاہیں تو کوئی ضرر نہیں پہنچا سکتے۔ اول و آخر 11-11 مرتبہ درود پاک لازمی پڑھیں۔ دعا یہ ہے

## دعائے مجرب

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ بِسْمِ اللّٰہِ خَیْرِ الْاَسْمَآءِ بِسْمِ اللّٰہِ رَبِّ الْاَرْضِ وَالسَّمَآءِ بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِہٖ سَمٌّ وَّلَا دَآءٌ بِسْمِ اللّٰہِ اَصْبَحْتُ وَعَلَی اللّٰہِ تَوَکَّلْتُ بِسْمِ اللّٰہِ عَلٰی قَلْبِیْ وَنَفْسِیْ بِسْمِ اللّٰہِ عَلٰی دِیْنِیْ وَعَقْلِیْ بِسْمِ اللّٰہِ عَلٰی اَھْلِیْ وَمَالِیْ بِسْمِ اللّٰہِ عَلٰی مَآ اَعْطَانِیْ رَبِّیْ بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِہٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ رَبِّیْ لَآ اُشْرِکُ بِہٖ شَیْئًا اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ وَاَعَزُّ وَاَجَلُّ مِمَّآ اَخَافُ وَاَحْذَرُ عَزَّ جَارُکَ وَجَلَّ ثَنَآؤُکَ وَلَآ اِلٰہَ غَیْرُکَ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّ نَفْسِیْ وَمِنْ شَرِّ کُلِّ سُلْطَانٍ شَدِیْدٍ وَّمِنْ شَرِّ کُلِّ شَیْطَانٍ مَّرِیْدٍ وَّمِنْ شَرِّ کُلِّ جَبَّارٍ عَنِیْدٍ وَّمِنْ شَرِّ قَضَآءِ السُّوْءِ وَمِنْ کُلِّ دَآبَّۃٍ اَنْتَ اٰخِذٌ بِنَاصِیَتِھَآ اِنَّکَ عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ وَّاَنْتَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ حَفِیْظٌ اِنَّ وَلِیِّیَ اللّٰہُ الَّذِیْ نَزَّلَ الْکِتٰبَ وَھُوَ یَتَوَلَّی الصّٰلِحِیْنَ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ

ا توکل کے لئے سات مرتبہ تکرار کریں۔





درویش خضر عباس بیاسی
0333-6774494, 0303-7909693
0346-7328884, 0321-7573652

# نادِ علیؑ کا تاریخی پس منظر اور خواص

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نَادِ عَلِیًّا مَّظْهَرَ الْعَجَائِبِ تَجِدْهُ عَوْنًا لَّكَ فِي النَّوَائِبِ. كُلُّ هَمٍّ وَّغَمٍّ سَيَنْجَلِيْ بِعَظَمَتِكَ يَا اَللّٰهُ بِنُبُوَّتِكَ يَا مُحَمَّدُ وَبِوَلَايَتِكَ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ اَدْرِكْنِيْ

چنانچہ لشکر اسلام غزوہ احد میں منتشر ہوا اور قریب شکست پہنچ چکا تھا پیغمبر اسلام کا دندان مبارک شہید ہوا تھا آنحضرتؐ کو سخت پریشانی لاحق ہوئی۔ یہ مشہور ہو چکا تھا کہ پیغمبر اسلام شہید ہو چکے ہیں پس اسی اثناء میں جبرائیل امینؑ پیغمبرؐ کی خدمت میں یہ کلمات لیکر نازل ہوئے کُلُّ هَمٍّ وَّغَمٍّ سَيَنْجَلِيْ بِوَلَايَتِكَ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ حضور رسالت مآب ﷺ بزبان وحی یہی کلمات با آواز بلند فرمانے لگے کہ اچانک حضرت شاہ ولایت امیر المومنین امام المتقین اسد اللہ الغالب علی ابن ابی طالب علیہ السلام مولا مشکل کشا حاضر ہوئے۔ لشکر کفار سے جنگ ہوئی بعض کو واصل جہنم کیا اور بقیہ کو شکست اٹھا پڑی علی علیہ السلام کے بابرکت وجود سے تمام غنیمتیں لشکر اسلام نے حاصل کیں اس عبارت کو (نادِ علیؑ کا نام ایسے دیا گیا جس طرح سورۂ توحید کو سورۂ قل ہو اللہ احد اور سورۂ قدر کو انا انزلناہ کہا جاتا ہے)

## خصوصیات نادِ علیؑ مختلف طریقوں کا عمل و فوائد

نادِ علیؑ کے چند فوائد درج ذیل ہیں ✪ روزانہ 70 مرتبہ پڑھنے سے دشمن مغلوب ہوں گے ✪ دشمن کو ذلت و خواری و شکست فاش پہنچانے کے لیے 6 روز کا عمل ہے روزانہ 100 مرتبہ نادِ علیؑ پڑھے خدائے لایزال کی مدد سے دشمن ذلیل و خوار ہوں گے۔ ✪ جو شخص شر اعدا سے مکمل طور پر محفوظ رہنا چاہے تو روزانہ 1000 مرتبہ نادِ علیؑ پڑھے ان شاء اللہ دشمن کے شر سے محفوظ رہے گا ✪ دشمن خود بخود گھر چھوڑ جائیں اور آپ کو ان سے کلی نجات حاصل ہو جائے 30 روز کا عمل ہے ہر روز 30 مرتبہ پڑھے ان شاء اللہ دشمن پریشان حال ہو جائے گا۔ ✪ اگر دشمن کے درمیان اختلاف چاہتے ہو تو 65 مرتبہ نادِ علیؑ پڑھو۔ ✪ دشمن پر مکمل غلبہ حاصل کرنے کے لیے 5 دن کا عمل ہے روزانہ 50 مرتبہ نادِ علیؑ پڑھے تو ان شاء اللہ نجات کامل ملے گی۔ ✪ جب دشمنوں میں گھر جائے اور بظاہر جان بچانے کا کوئی ذریعہ معلوم نہ ہوتا ہو تو 70 مرتبہ نادِ علیؑ پڑھے ان شاء اللہ دشمن اندھا ہو جائے گا یعنی دشمن کی نگاہوں سے چھپ جائے گا اور نجات و سلامتی حاصل ہوگی۔ ✪ دشمن کی زبان بندی کے لیے 3 روز کا عمل ہے روزانہ 100 مرتبہ نادِ علیؑ پڑھے۔ ✪ دشمنوں کا خاتمہ کرنے کے لیے 7 روز کا عمل ہے روزانہ 70 مرتبہ نادِ علیؑ پڑھے ان شاء اللہ بعون خدائے لایزال دشمن مقہور و مغلوب ہوگا۔ ✪ برائے دفع شر و دشمن 20 روز کا عمل ہے روزانہ 70 مرتبہ نادِ علیؑ پڑھے۔ ✪ دشمنی دور ہو گی لطف و عنایت حاصل ہوگی 20 روز کا عمل ہے روزانہ 20 مرتبہ نادِ علیؑ پڑھے۔ ✪ دشمنی دور ہو گی لطف و عنایت حاصل ہوگی 20 روز کا عمل ہے روزانہ 20 مرتبہ نادِ علیؑ پڑھے۔ ✪ جادو کے اثر کو باطل کرنے کا طریقہ کسی برتن میں سات کنوؤں کا پانی جمع کریں پھر اس پانی میں تازہ جنگلی شہد ملا لیں جسے عام آنکھیں نہ دیکھ سکتی ہوں اب اس پر نادِ علیؑ پڑھیں اور مریض کو پلائیں ان شاء اللہ جادو کا اثر زائل ہوگا۔ ✪ جادو کا اثر ختم کرنے کے لیے بروز جمعہ صبح 48 مرتبہ پڑھیں ان شاء اللہ جادو کا اثر زائل ہوگا۔ ✪ نظر بد کے اثرات زائل کرنے کے لیے اور زبان بندی کے لیے 3 دن کا عمل ہے روزانہ 30 مرتبہ نادِ علیؑ پڑھے چشم بد کے اثرات سے محفوظ رہے گا اور دشمنوں کے برے ارادوں سے نجات ملے گی۔ ✪ زہر کے اثر کو دور کرنے کے لیے نادِ علیؑ کو چینی کے پیالے پر مشک و زعفران سے لکھے اور پھر اسے پانی سے دھو لیں مریض کو پلائیں ان شاء اللہ زہر کا اثر دور ہو جائے گا۔ ✪ اگر کسی پر حاکم، بادشاہ بے گناہ غصہ کرتا ہو اور رنجیدہ رہتا ہو تو اس کے دل میں نرمی و جذبہ رحم دلی پیدا کرنے کے لیے 7 مرتبہ نادِ علیؑ پڑھے ان شاء اللہ ظالم کا غیظ و غضب لطف و عنایت میں بدل جائے گا۔ ✪ بادشاہوں، حاکموں کے درباروں میں کامیابی کے لیے 6 روز کا عمل ہے روزانہ 100 مرتبہ نادِ علیؑ پڑھے۔ ✪ دلی مراد پوری ہونے کے لیے 3 مرتبہ نادِ علیؑ پڑھے ان شاء اللہ حاجت شرعی جسکا ارادہ کیا ہے پوری ہوگی۔ ✪ اگر کسی کو کوئی مشکل در پیش ہو تو ہر صبح کو 40 مرتبہ نادِ علیؑ پڑھے۔ ✪ دلی حاجات 5 روز کا عمل ہے روزانہ 54 مرتبہ نادِ علیؑ پڑھے۔ ✪ دین و دنیا کے مقاصد پورے ہوں گے 10 دن کا عمل ہے روزانہ 5 مرتبہ نادِ علیؑ پڑھے۔ ✪ 65 مرتبہ نادِ علیؑ پڑھنے سے بے خوابی دور ہوگی اور ان شاء اللہ پرسکون نیند آئے گی۔ ✪ غربت و فقر و پریشانی کی دوری کے لیے روزانہ 500 مرتبہ نادِ علیؑ پڑھے ان شاء اللہ راحتی زندگی خوشحالی اور بے نیازی سے گزرے گی فقر و فاقہ دور ہوگا



FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

پریشانیوں سے کلی نجات حاصل ہوگی۔ ✪ اگر کوئی شخص کسی مرض میں مبتلا ہو اور دنیا کے طبیب عاجز آجائیں تو 70 مرتبہ پانی پر نادعلیؑ پڑھے اور مریض کو پلائیں ان شاء اللہ شفاء کاملہ حاصل ہوگی۔ ✪ جملہ امراض کی شفایابی کے لیے ہر روز 70 مرتبہ نادعلیؑ پڑھے ان شاء اللہ شفاء ہوگی۔ ✪ چھپے ہوئے خزانوں کے ظاہر ہونے کے لیے 40 دن کا عمل ہے، روزانہ 70 مرتبہ نادعلیؑ پڑھے ان شاء اللہ اسکے لیے خزانے و دفینے ظاہر ہوں گے۔ ✪ برائے کشف اسرار غیب پردہ غیب سے راز خداوندی معلوم کرنے کے لیے 40 روز کا عمل ہے روزانہ 167 مرتبہ نادعلیؑ پڑھے ان شاء اللہ اسرار علم لدنی اور پردہ غیب سے رازہائے خداوند کشاف غیوب ظاہر ہوں گے۔ ✪ (عالم خواب) نیند کی حالت میں حضور رسالت مآب ﷺ کی زیارت حاصل ہوگی سو لاکھ انبیاء کرام کی زیارت ہوگی سوتے وقت ہر رات 3000 مرتبہ نادعلیؑ پڑھ کر سوئے ان شاء اللہ حضرت ختمی مرتبت ﷺ اور اولوالعزم انبیاء کرام کی زیارت ہوگی۔ ✪ بخشش کے ذاکل ہونے اور کامیابی و خوشحالی کے لیے 100 مرتبہ روزانہ نادعلیؑ پڑھے۔ ✪ تمام مشکلات، مہمات اور جملہ دشواریوں کے حل کے لیے ہاری بکثرت ورد کرنا اکسیر ہے۔ ✪ پردہ غیب سے حاجات پوری ہوں گی روزانہ 500 مرتبہ نادعلیؑ پڑھے۔ فقر و پریشانی کے دور ہونے کے لیے اور دولت ثروت کے لیے روزانہ 18 مرتبہ نادعلیؑ پڑھے۔ ✪ فتح کامل و امور دنیا میں مکمل کامیابی کے لیے 5 روز کا عمل ہے، روزانہ 400 مرتبہ نادعلیؑ پڑھے۔

✪ عزت، وقار، ترقی مراتب روزانہ 10 مرتبہ نادعلیؑ پڑھے۔ ✪ تنہائی، وحشت کی دوری، اور قید و بند سے نجات کے لیے روزانہ 165 مرتبہ نادعلیؑ پڑھے ✪ اسی طرح قید و بند سے نجات کے لیے روزانہ 7 مرتبہ نادعلیؑ کا ورد کریں۔ ✪ روزانہ 70 مرتبہ نادعلیؑ پڑھنے سے علم و حکمت کے دروازے کھل جاتے ہیں

## جیون ساتھی کا انتخاب کریں

درویش خضر عباس بہاسی

### عدد معلوم کرنے کا طریقہ

مثلاً شہزاد کا عدد معلوم کرنا ہے

ش ہ ز ا د

3 5 7 1 4 =20 صفر کی کوئی قیمت نہیں

پس شہزاد کا عدد 2 ہوا اس طریقہ سے آپ دیگر ناموں کے اعداد معلوم کر سکتے ہیں۔

| اعداد | حروف |
|---|---|
| 1 | ا۔ی۔ق۔غ |
| 2 | ب۔ک۔ر |
| 3 | ج۔ل۔ش |
| 4 | د۔م۔ت |
| 5 | ہ۔ن۔ج |
| 6 | و۔س۔خ |
| 7 | ز۔ع۔ز |
| 8 | ح۔ف۔ض |
| 9 | ط۔ص۔ظ |

| | |
|---|---|
| عدد 1 | عدد 7,5,4,1,3 کے ساتھ شادی کرنی چاہیے جبکہ 9,6,2 والوں کے ساتھ ہرگز شادی نہیں کرنی چاہیے۔ |
| عدد 2 | 2, 4, 6, 9 والوں کے ساتھ شادی کرنی چاہیے جبکہ 8,7,5,3,1 والوں کے ساتھ ہرگز شادی نہیں کرنی چاہیے۔ |
| عدد 3 | تمام اعداد کے ساتھ شادی کرنی چاہیے ماسوائے 2 اور 4 کے |
| عدد 4 | تمام اعداد کے ساتھ شادی کرنی چاہیے ماسوائے 3، 6 کے |
| عدد 5 | 9,6,2 کے علاوہ تمام اعداد کے ساتھ ازدواجی زندگی گزار سکتے ہیں۔ |
| عدد 6 | 9,6,3,2 والوں کے ساتھ شادی کرنی چاہیے۔ |
| عدد 7 | 2 اور 6 کے علاوہ باقی تمام اعداد والوں کے ساتھ شادی کر سکتے ہیں۔ |
| عدد 8 | 7,5,4,3 والوں کے ساتھ کر سکتے ہیں۔ |
| عدد 9 | سوائے 5 اور 8 کے باقی تمام اعداد والوں کے ساتھ نباہ ہو سکتا ہے |


**ہر بیماری کا علاج فون پر دم کروائیں**

**دمہ بواسیر 30 یا 60 دن میں مکمل نجات**

عامل حکیم شاہ اہلبیت
درویش
خضر عباس بہاسی

0333-6474494, 0302-7909693
0346-7328884, 0313-6435252

Facebook ID
Darvaish Khizir Abbas

قاصل پور سٹی نزد پولیس چوکی ضلع راجن پور (جنوبی پنجاب)







**تحریر و تحقیق:** راجہ افتخار حسین
مکان نمبر A-12 سروے نمبر 553 عقب
مرکزی امام بارگاہ جعفر طیار سوسائٹی ملیر کراچی
0333-2312068


بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# معجزہ مولا علیؑ علیہ السلام کے کرشمات

قارئین امامیہ جنتری کی خدمت میں معجزہ مولا علی علیہ السلام پر لکھ رہا ہوں۔

اس معجزے کے کرشمات ایسے ہیں کہ جو قلم اور زبان سے نہ لکھے جا سکتے ہیں نہ ہی بیان کئے جا سکتے ہیں۔ لاعلاج امراض، شادی کا نہ ہونا، حصول اولاد نرینہ یا اولاد، حصول ملازمت ترقی ملازمت، کاروبار میں نقصان سے بچاؤ، ترقی کاروبار امتحان میں کامیابی، حصول علم یہ وہ مقصد ہیں جو معجزہ مولا علیؑ کے ادنیٰ کرشمات میں سے ہیں۔ سب سے پہلے آپ لوح مولا علیؑ کو کاغذ پر زعفران اور عرق گلاب کی روشنائی سے بروز جمعرات تیار کر لیں اور لوح کو سامنے رکھ کے "110" مرتبہ "یا علیؑ" پڑھ کر دم کریں اور اس لوح کو تعویز کی شکل میں لپیٹ لیں اور ایک سو گیارہ روپے بھی اس نقش کے ساتھ رکھ کر سبز کپڑے میں باندھ کر امام ضامن کے طور اپنے سیدھے بازو پر باندھ لیں اور ہر جمعرات کو '110' روپے کی سفید رنگ کی مٹھائی لے کر سامنے رکھ لیں۔ معجزہ مولا علی علیہ السلام پڑھ کر اور اس مٹھائی پر نذر مولا علی امیر المومنین ابن ابی طالب علیہ السلام دلا کر ہدیہ پیش کریں۔

1 وہ مومنین و مومنات جو اولاد جیسی نعمت سے محروم ہیں یا ایسے لوگ جو اولاد نرینہ سے محروم ہیں دونوں میاں بیوی ایک سو گیارہ روپے کا امام ضامن الگ الگ اپنے سیدھے بازو پر باندھ لیں پھر بروز جمعرات کو دونوں میاں بیوی الگ الگ بعد نماز مغرب دو رکعت نماز حاجت پڑھیں اور اس نماز کا ثواب حضرت محمد مصطفیٰ اور امیر المومنین حضرت علی ابن ابی طالب علیہ السلام کی خدمت میں پیش کریں۔ پھر ایک سو دس روپے کی سفید رنگ کی مٹھائی لیکر سامنے رکھیں اور معجزہ مولا علیؑ پڑھیں۔ یہی عمل ہر جمعرات کو کریں۔ خواتین کیلئے ماہانہ چند دن کے مسائل ہوتے ہیں اور ایسی جمعرات بیچ میں آجائے جس میں عورت ان دنوں نماز، روزہ نہیں کر سکتی تو یہ عمل صرف شوہر کرے۔ ہر جمعرات فاتحہ دلانے کے بعد وسیلہ امیر المومنین حضرت علی ابن ابی طالب علیہ السلام بارگاہ رب العالمین میں حصول اولاد کیلئے دعا کریں۔ جب پروردگار عالم آپ کو اولاد نرینہ یا اولاد یعنی بیٹا یا بیٹی عطاء کر دے تو عورت چالیس دن تک یہ عمل تو نہیں کر سکتی مگر شوہر ہر جمعرات کرے۔ جب خالق کائنات اولاد عطاء فرما دے تو دونوں میاں بیوی اپنے بازوؤں سے امام ضامن والے پیسے کھول دیں اور یہ 222 روپے ہونگے ان 222 روپے کی مٹھائی لے کر نیاز مشکل کشاء حضرت علیؑ دلا دیں اور بچوں کو کھلائیں۔ یہی عمل ہر جمعرات کو سات سال تک کرنا ہوگا۔

2 لاعلاج بیماریوں سے شفاء کاملہ عطاء ہو، مثلاً کینسر، ٹی بی، ہیپاٹائٹس، شوگر یا ایسی بیماریاں جو جدید دور میں سامنے آئی ہیں۔ ان کی شفاء کیلئے اگر مریض خود یہی عمل کرے یعنی ایک سو گیارہ روپے کا امام ضامن بنا کر اور لوح مولا علیؑ کا کاغذ پر تیار کر کے یعنی ایک سو گیارہ روپے اور نقش مولا علیؑ اکھٹے مریض کے سیدھے بازو پر باندھیں اور یہی عمل ہر جمعرات کو مریض خود کرے تو سب سے بہتر ہے اگر مریض ایسا ہے کہ انتہائی لاچار ہے بستر سے اٹھ نہیں سکتا تو گھر کا کوئی فرد نیت شفاء مرض کر کے بروز جمعرات دو رکعت نماز حاجت پڑھے اور اس نماز کا ثواب مولائے کونین کی خدمت میں ہدیہ پیش کرے اور سفید رنگ کی شیرینی سامنے رکھ کر معجزہ امیر المومنینؑ پڑھ اور مریض کی شفاء کے لئے وسیلہ مشکل کشاء خالق کائنات کے دربار میں دعا کرے شفاء کاملہ ہونے تک یہی عمل ہر جمعرات کرتا رہے۔

3 وہ بچی جو شکل صورت اور تعلیم اچھی ہونے کے باوجود آج تک شادی نہیں ہو سکی وہ بچیاں جو شادی جیسے عظیم مسئلے کیلئے پریشان حال ہیں تو وہ بھی اسی طرح ایک سو گیارہ روپے اور لوح مولا علیؑ جو کاغذ پر تیار کرنی ہے۔ اس لوح کو اور ایک سو گیارہ روپے اکٹھا کر کے امام ضامن کے طور پر اپنے سیدھے بازو پر باندھ لیں اور ہر جمعرات کو اسی طرح سفید رنگ کی شیرینی سامنے رکھ کر معجزہ مولا علیؑ پڑھے اور وسیلہ امیر المومنین پروردگار عالم کے دربار میں دعا کرے۔ اگر یہ عمل بچی خود کرے تو سب سے بہتر ہے نہیں تو اسکی والدہ کرے مگر امام ضامن بچی خود باندھے۔ شادی ہونے کے بعد ایک سو گیارہ روپے والدہ امام ضامن کھول کر اس رقم کی سفید رنگ کی مٹھائی لیکر سامنے رکھیں اور نیاز مولا علیؑ دلا دیں۔

4 حصول ملازمت یا ترقی ملازمت کیلئے وہ بچے یا بچیاں جو اعلیٰ تعلیم رکھتے ہوئے بھی آج کے دور میں ملازمت کیلئے پریشان حال ہیں یا ایسے افراد جو ملازمت کرتے ہیں مگر کسی وجہ سے ترقی نہیں ہو رہی تو وہ اسی طرح یہی عمل معجزہ مولا علیؑ علیہ السلام تو ان شاء اللہ تعالیٰ العزیز صدقہ امیر المومنین

# کلید سکھ و اطمینان

سید قاسم علی نقوی الباکھیری سیالکوٹ 0301-6327318

حضرت آیت اللہ عظمیٰ سیّد شہاب الدین مرعشی نجفی جن کا مزار احاطہ معصومہ قم میں ہے کو امام زمانہ عجل اللہ فرجہ سے ملاقات کا شرف حاصل ہے۔ آپ نے امام زمانہ سے پوچھا کہ دعائیں کیوں قبول نہیں ہوتیں آپ نے فرمایا ☆ دعا کے لیے حق نہ ہونا (جو مانگے اس کا استحقاق رکھتا ہو۔
☆ جھوٹ نہ بولے قرآن پاک میں اللہ تعالیٰ نے جھوٹوں پر لعنت فرمائی ہے (آل عمران 61) ☆ ظالم گھاٹے میں ہے اور ظالم پر اللہ تعالیٰ نے لعنت فرمائی ہے (بنی اسرائیل 82)۔

امام زمانہ نے فرمایا کہ یہ تین عمل نہ کریں تو دعا ضرور قبول ہوگی۔ سکھ اور اطمینان کی ہر نفس کو ضرورت ہے اسکے لیے امام زمانہ کا فرمان ہے۔

اپنے نام کے اعداد نکالیں مثلاً فیضان رضا

ف ی ض ا ن ر ض ا
80 +10 +800 +1 +50 +200 +800 +1 = 1942

استطاق کرنے کے بعد 2+4+9+1=16

اب فیضان رضا سکھ اور اطمینان کے لیے 16 دن بلا ناغہ عمل کرے 16 دن جھوٹ نہ بولے 16 دن ظلم و زیادتی نہ کرے ایسی دعا مانگے جو اسکا حق ہے


طریقہ عمل بعد از نماز فجر سورہ یٰس کی تلاوت کر کے مقصد کی دعا مانگے
بعد از نماز ظہر سورۃ عمّ کی تلاوت کر کے مقصد کی دعا مانگے۔ بعد از نماز عصر سورۃ نوح کی تلاوت کر کے مقصد کی دعا مانگے۔ بعد از نماز مغرب سورۃ واقعہ کی تلاوت کر کے مقصد کی دعا مانگے۔ بعد از نماز عشا سورۃ ملک کی تلاوت کر کے مقصد کی دعا مانگے۔ یہ عمل 16 دن جاری رکھے مقصد ان شاء اللہ فرمان امام زمانہ ضرور پورا ہوگا۔ 16 دن بعد از نماز مغرب وعشا دوسری رکعت میں سورۃ واقعہ کی تلاوت کرے ہر حاجت ضرور پوری ہوگی۔

وضاحت طلب امور کے لیے رابطہ کریں۔ 052-4598040

تسبیح اسمائے حسنیٰ کاروبار میں وسعت، نفع اور ہر گھاٹے سے محفوظ رہنے کے لیے ان اسماء کا ورد ہر نماز کے بعد 11 مرتبہ کریں۔ یہ مؤثر ترین عمل ہے

یَارَزَّاقُ یَانَافِعُ یَاغَنِیُّ یَاوَهَّابُ یَابَاسِطُ یَامُغْنِیُ

ترجمہ: اے رزق دینے والے، اے نفع دینے والے، اے بے نیاز کرنے والے، اے بخشش کرنے والے، اے کشادگی دینے والے، اے غنی کرنے والے



حضرت علی ابن ابی طالب علیہ السلام جلد ہی اپنے مقاصد میں کامیاب ہو جائیں گے۔ اول شرط یقین ہے۔ اور ایمان کاملہ اگر یقین جو آدمی بھی رکھتے ہوئے مجزہ امیر المومنین علیہ السلام سے کام لے گا یعنی ہر جمعرات کو یہی عمل کرتا رہے تو قلیل مدت میں ان شاء اللہ اسکی حاجت پوری ہوگی۔

5 وہ حضرات جو کاروبار تو رکھتے ہیں مگر کاروبار میں مسلسل ان کو نقصان ہو رہا ہے تو اسی طرح وہ حضرات مجزہ مولا علیؑ کو ہر جمعرات پڑھیں اور ایک سو روپے کی نیاز امیر المومنینؑ دلائیں تو ان شاء اللہ اُن کا کاروبار دن بدن ترقی کرتا جائے گا اور نقصانات کے بجائے فوائد حاصل ہونگے۔ مجزہ مولا علیؑ چودہ مجزے کی کتاب میں موجود ہے یہ کتاب آپ کو افتخار بک ڈپو یا کسی بھی بک ڈپو سے آسانی سے مل جائے گی۔

نقش مولا علی علیہ السلام عدد 12 سے شروع ہو کر عدد 43 پر ختم ہو رہا ہے۔ میں دوبارہ آپ کو یاد دہانی کرا رہا ہوں کہ بروز جمعرات زعفران اور عرق گلاب کی روشنائی سے یہ نقش خود تحریر کریں اگر سمجھ نہ آئے تو کسی پرہیزگار انسان سے تیار کروالیں کیونکہ اس نقش کو تہ کر کے ایک سو گیارہ روپے کا امام ضامن کے ساتھ اکٹھا کر کے سیدھے بازو پر باندھنا ہے۔

اگر مضمون کی کوئی جز سمجھ نہ آئے تو بذریعہ خط جوابی لفافے کے ساتھ رابطہ کریں اگر آپ صدقہ امیر المومنین حضرت علی علیہ السلام یہ عمل کرنے میں کامیاب ہو جائیں تو کرنے والے کو اپنا مقصد حاصل ہو جائے یا اس کی حاجت پوری ہو جائے تو بانی امامیہ جنتری آغا شاکر احمد کیلئے دُعائے مغفرت کریں اور مدیر اعلیٰ آغا افتخار حسین اور معاون مدیر علی فرزاد اور مجھ ناچیز و حقیر کیلئے درازی عمر اور صحت و سلامتی کیلئے دُعا کریں۔

E-mail: nihussain133@gmail.com

| استخارہ کے بارے تفصیل: | | |

# معجزات اسم اعظم

فقیر یا محتاج کو صدقہ دے، اور امام حسین علیہ السلام کے غم کو یاد کر کے کم از کم کچھ آنسو بہائے تو ان شاءاللہ جملہ پریشانیاں ختم ہو جائیں گی۔ بیٹی کی شادی ہو جائے گی، شادی شدہ اپنے گھر میں آرام اور سکون سے زندگی بسر کرنے لگ جائیں گی۔ ❁ امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں کہ اگر کوئی بندہ بے گناہ قید میں ہو اور وہ چاہے کہ اللہ اس کو آزادی عطا کرے تو وہ سورت اخلاص ایک ہزار مرتبہ پڑھے تو بفضل خدا اس کی قید ختم ہو جائے گی ❁ اپنی بیٹیوں کو جہیز میں کربلا کا کفن دینے کی عادت ڈالو، کیونکہ یہ کفن آپ کی بیٹی کے گھر کی حفاظت کرے گا اور ہر قسم کی آفات و بلیات سے محفوظ رکھے گا۔ کیونکہ یہ مرنے کے بعد قبر میں اور خریدنے کے بعد گھر میں ہر قسم کی پریشانی سے نجات دلاتا ہے۔ ❁ مولا علی علیہ السلام کا فرمان ہے کہ جو بندہ چاہے گھر میں ہو یا صحرا میں اگر اسے کوئی بھی حاجت ہو تو وہ باوضو قبلہ رخ ہو کر 12 ہزار دفعہ "یا علی" پڑھے ان شاءاللہ حاجت پوری ہوگی۔ ❁ اگر گھر میں رزق کی بے برکتی ہو تو جیسے گھر آئیں ان میں سے جناب ام البنین سلام اللہ علیہا کی نیاز حسب استطاعت الگ الگ کر کے رکھ دیں۔ مہینہ کے اختتام پر انہیں پیسوں سے جناب ام البنین سلام اللہ علیہا کا دسترخوان لگائیں اور اس دسترخوان پر بی بی کی زیارت پڑھ کر دعا کریں تو ان شاءاللہ گھر میں رزق کا اضافہ ہو جائے گا اور جو رزق آئے گا وہ برکت والا ہو گا۔ ❁ جو بندہ یہ چاہے کہ سارا دن میں اسے کوئی تکلیف، کوئی پریشانی، کوئی دکھ نہ آئے تو وہ اپنی عادت بنالے کہ جب صبح اٹھے تو آنکھ کھول کر منہ کربلا کی طرف کر کے دونوں ہاتھ اپنے ماتھے پر رکھے اور کہے السلام علیک یا ابا عبد اللہ الحسین علیہ السلام۔ تو وہ سارا دن امام حسین علیہ السلام کی امان میں ہوگا۔

## طریقہ نذر، نیاز معصومین علیہم السلام

جس چیز پر نذر دینی ہو اسکو قبلہ رخ رکھیں اور خود بھی قبلہ رو رہیں پہلے تین مرتبہ درود پڑھیں پھر ہاتھ اٹھا کر یہ خلوص نیت تین مرتبہ اول و آخر درود پاک پڑھیں اور پھر ایک مرتبہ سورۂ الحمد اور تین مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھیں اور جتنی بھی سورتیں پڑھنا چاہیں اور یہ کہیں جو کچھ تلاوت کیا ہے وہ آئمہ معصومین علیہم السلام کی خدمت بابرکت میں ہدیۂ نذر ہو خصوصاً جن امام کی نذر دینی ہے انکا اسم گرامی لے لے۔

## طریقہ فاتحہ عام مومنین

اول و آخر تین مرتبہ درود، درمیان میں ایک مرتبہ سورۂ الحمد اور تین مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھیں۔ پھر یوں کہیں کہ ان سورتوں کا ثواب آئمہ معصومین علیہم السلام کی خدمت میں ہدیہ ہو اور جو ثواب ملے وہ فلاں بن فلاں کی روح کو پہنچے۔ آمین

ابتدا رب جلیل کے نام سے جس کا تخت اقتدار ہمیشہ سے ہے اور ہمیشہ رہے گا اور کروڑوں درود و سلام محمدؐ و آل محمدؐ کی بارگاہ میں۔ قارئین امامیہ جنتری کی طرف سے میرے مضمون کو جو پذیرائی حاصل ہوتی ہے اسکے لیے آپ سب کی شکر گزار ہوں۔ یہ سب عطائے جناب سیدہؑ ہے۔

دعا کی قبولیت کے لیے چند عوامل کا ہونا ضروری ہے

❁ ادائیگی واجبات یعنی (نماز) ❁ رزق حلال ❁ محبت محمدؐ و آل محمدؐ

مولائے کائنات امیر المومنینؑ سے کسی سائل نے پوچھا مولا زندگی کا ملخص الفاظ میں بیان کریں آپؑ نے فرمایا "خدا کی عبادت اور مخلوق کی خدمت"

## مشکلات کے حل کے لیے

مشکلات کے حل کے لیے مجرب المجرب سریع التاثیر اعمال پیش کر رہی ہوں نماز فجر سے ایک گھنٹہ قبل وتیر آسمان دو رکعت نماز ہائے حاجت پڑھیں پھر زمین پر سنگ پہ قبلہ رخ کھڑے ہوں 5 تسبیح یا مُسَبِّبَ الْاَسْبَاب اول و آخر درود کے ساتھ پڑھیں۔ یہ عمل چاند رات سے 14 تاریخ تک کریں۔ 40 دن کے اندر حاجت روا ہوگی اعتقاد اور تین شرط ہے یہ میرا آزمودہ مجرب عمل ہے۔

## رزق کثیر کے لیے

رمضان کی 27 ویں شب کو 70 جو کے دانے لیں اور ہر دانے پر یا رَزَّاقُ 70 مرتبہ پڑھیں پھر یہ دانے لفافے میں ڈال کر اپنے بٹوے میں رکھ لیں ان شاءاللہ بٹوہ پیسوں سے کبھی خالی نہ ہوگا۔ نیاز دسترخوان کرنا نہ بھولیں۔

## تسخیر خلائق

تسخیر خلائق یا زوجہ اور شوہر کی محبت کے لیے سورۃ اخلاص مجرب ہے روزانہ اول و آخر درود کے بعد 313 مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھیں اور تصور رکھیں یہ عمل پرتاثیر ہے خطا نہیں کھاتا اگر اس کا نقش باعمل عامل سے چاندی کے پترے پر کندہ کروا کے پاس رکھیں تو عمل مجرب المجرب ہوگا۔

**نوٹ** عمل کا کوئی جز سمجھ میں نہ آئے تو رات 8 بجے سے 10 بجے تک رابطہ کر سکتے ہیں برائے مہربانی جمعرات کو فون نہ کریں کیونکہ ہر شب جمعہ امام وقتؑ کے حضور استغاثہ بلند کیا جاتا ہے اور دسترخوان لگایا جاتا ہے استغاثہ میں نام دینے کے لیے S.M.S کیجئے دعا کا کوئی ہدیہ نہیں ہے۔

سیدہ منزہ رضوی 0300-4436508
U.S.A:001-817-9834216





# علم التقویم اور شعبہ ہائے زندگی

ترتیب و ترکیب
مولانا فیاض حسین جعفری
سرپرست دارالخلاص۔ لاہور
0300-4344139

لقد خلقنا الانسان فی احسن تقویم (سورۃ والتین پارہ 30)

## ستارہ معلوم کرنا

انسانی زندگی کا پہلا مرحلہ پیدائش ہے اور دو سال کے بارہ مہینوں میں سے ایک دن/رات ہے۔ علم النجوم و سیارگان نے پورے سال کو بارہ بروج (حمل تا حوت) میں تقسیم کر کے آپکا ستارہ (STAR) متعین کر دیا ہے۔ جنتری دیکھیے اور اپنا برج، سیارہ، مبارک عدد، مفید پتھر، اور مناسب دن نوٹ کر لیجئے۔

☆ اگر آپکو تاریخ پیدائش کا صحیح علم نہیں تو عددی تقویم نے اسے آپکے لیے آسان کر دیا ہے۔ خود معلوم کیجئے۔

## طریقہ

اپنا نام اور والدہ کے نام کے ابجد بنائیے مجموعے کو بارہ پر تقسیم کر دیں اگر 1 بچے تو برج حمل ہے دو بچیں تو ثور ہے۔ علیٰ ہذا التقسیم ترتیب وار چلتے جایئے گیارہ بچے تو دلو اور کچھ نہ بچے یعنی پورا تقسیم ہو جائے تو حوت ہوگا۔ اب برج کے مطابق Star بھی یاد کر لیجئے۔

## اوقات استجاب دعا

شرعی اعتبار سے دعا قبول ہونے کے اوقات: طلوع فجر، جمعہ کے روز نصف غروب آفتاب، بارش کے ابتدائی لمحات، وقت اذان، روزہ افطاری کا وقت، گریہ عزا، صدقہ دیتے ہوئے، ندامت کے بعد توبہ، بیٹی جب پیار سے والدہ کا چہرہ دیکھے، باپ کی بیٹے کے حق میں دعا، نماز شب میں دعا کے وقت آنسو۔ علم التقویم فی الایام نے بھی اس زمرے میں اپنا جدول پیش کیا ہے ملاحظہ ہو۔

| سیارہ | دن | اوقات |
|---|---|---|
| زحل | ہفتہ | 6تا7 صبح یا 1تا2 بعد دوپہر |
| شمس | اتوار | 6تا7 صبح یا 1تا2 بعد دوپہر |
| قمر | پیر | 6تا7 صبح یا 1تا2 بعد دوپہر |
| مریخ | منگل | 6تا7 صبح یا 1تا2 بعد دوپہر |
| عطارد | بدھ | 6تا7 صبح یا 1تا2 بعد دوپہر |
| مشتری | جمعرات | 6تا7 صبح یا 1تا2 بعد دوپہر |
| زہرہ | جمعہ | 6تا7 صبح یا 1تا2 بعد دوپہر |

## عدد 9 کے عجائبات

مفرد اعداد کا سب سے بڑا اور آخری عدد ہے۔ جناب سیدہ سلام اللہ علیہا سے منسوب ہے۔ مبارک ہندسہ ہے۔ برج حمل اور مقرب کا خاص عدد 9 ہے۔ بیٹی کے سن بلوغ کا آغاز 9 سال سے ہوتا ہے۔ 9 میں کچھ جمع کریں اور مفرد بنانے کے بعد وہی عدد حاصل ہوگا۔

**مثلاً** 9+5=14 چودہ کو مفرد کیا 1+4=5، 9، 5 کو کسی عدد سے ضرب دیں اور اعداد کو مفرد بنائیں 9 آئے گا مثلاً 9*4=36 اسے مفرد کیا 3+6=9، 9 کا پہاڑہ گنتے جائیں اور حاصل شدہ اعداد کو جمع کرتے جائیں 9 حاصل ہوگا۔ لمبی ضرب میں مفرد المفرد بنائیں پھر بھی مقصود 9 ہوگا۔ مثلاً 9*215=1935 مفرد بنائیں۔

5+3+9+1=18 مفرد المفرد 8+1=9۔ دودھ دینے والے جانور (بھینس، گائے، بکری) کے گلے میں لکڑی کی تختی پر یہ تعویذ لکھ کر ڈال دیں پہلے سے زیادہ دودھ دینے لگے گی۔ آپکو ٹیکے کی ضرورت نہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| 9 | 9 | 9 |
| 9 | 9 | 9 |
| 9 | 9 | 9 |

## گورونانک کا عددی فارمولا

ابجد تا ضغظ ایک ہزار تک عددی قیمت رکھتے ہیں تمام حروف تہجی کے مقررہ نمبر ہیں اسے علم الاعداد ابجد کہتے ہیں اس اعتبار سے حضور اکرم حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اعداد 92 ہیں۔ بابا نانکؒ نے علم التقویم کے لحاظ سے تحقیق کی ہے اور نتیجے سے ثابت کیا ہے کہ دنیا کی ہر چیز میں زمین و آسمان کی ہر شے میں محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم (92) موجود ہیں۔

نام لو کسی دستو کا کرو چوگن او پر دو بڑھاؤ
جو ملے پنج گن کیجئے بیس بھاگ لگاؤ
جو آوے نو گن کیجو او پر دو بڑھاؤ
نانک ایسے بچن سے تم نام محمدؐ پاؤ

توضیح کلام نانکؒ

کسی شے کے اعداد × 4+2+4 × 5+20 باقی +9=2=92

مثال 135×4=540

540 =2+540

542 =5×542

2710 =20÷2710 باقی بچے 10

10 =9×90

90 =2+90

92

## حروف مقطعات کے حقائق

قرآن پاک میں 29 حروف مقطعات کا ذکر ہے جن میں کچھ حروف مجموعی طور پر بار بار آئے ہیں مثلاً الم، الرا۔ ان کو Single کیا جائے تو 14 حروف بنتے ہیں جن کا ایک مکمل جملہ راہ حق کی طرف راہ نمائی کرتا ہے۔

صراط علی حق نمسکہ علیؑ کا راستہ سچا ہے جس سے ہم وابستہ ہیں۔ خداوند متعال ہمیں قرآن کریم کی راست بیانی اور حضور پاکؐ کی حدیث مبارکہ کے مطابق "الحق مع العلی و علی مع الحق" پر عمل کرتے ہوئے راہ حق اور صراط مستقیم پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

786

| بسم اللہ | الرحمن | الرحیم | |
|---|---|---|---|
| 168 | 329 | 289 | 786 = |

| اللہ | مصطفیٰؐ | علیؑ | فاطمہؑ | حسنؑ | حسینؑ | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 66 | 229 | 110 | 135 | 118 | 128 | 786 = |

صدقہ **"برکات صدقہ"** (علامہ عابد عسکری فاضل قم کی کتاب سے ماخوذ)

| | |
|---|---|
| وہ صدقہ جو صحیح وسالم مومن کو دیا جائے | 10 گنا ثواب |
| وہ صدقہ جو بیمار اور علیل مومن کو دیا جائے | 70 گنا ثواب |
| وہ صدقہ جو مستحق رشتہ دار عزیز کو دیا جائے | 700 گنا ثواب |
| وہ صدقہ جو خدمت کی نیت سے والدین کو پیش کیا جائے | 7000 گنا ثواب |
| وہ صدقہ جو نادار مومن طالب علم کو معاونت کے طور پر دیا جائے | ایک لاکھ گنا ثواب کا حامل ہے۔ |

## اجر عظیم (مولانا نیاض حسین جعفری کی تالیف کردہ کتاب سے ماخوذ)

**مستحب 4 روزے** 17 ربیع الاول کا روزہ ایک سال (355 دن) کے روزے رکھنے کے ثواب کے برابر ہے۔ ☆18 ذوالحجہ کا روزہ 60 سال کے گناہوں کا کفارہ ہے کیونکہ یہ عید غدیر کا شکرانہ روزہ ہے۔ ☆25 ذی قعدہ کا روزہ 60 مہینوں کے روزے رکھنے کے مترادف ثواب رکھتا ہے۔

☆27 رجب کا روزہ 60 یا 70 سال کے روزوں کے برابر ثواب کا حامل ہے مسجد حرام کی ایک نماز ایک لاکھ رکعت کے ثواب کے مساوی ہے۔

مسجد نبویؐ کی ایک نماز 50000 رکعت کے ثواب کے مساوی ہے۔

مسجد قبا کی ایک نماز ایک عمرہ کے ثواب کے مساوی ہے۔

مسجد کوفہ کی ایک نماز ایک عمرہ اور ایک حج کے ثواب کے مساوی ہے۔

وما توفیقی الا باللہ

## ممانعت فی الاکل مشترک

(تمام خشک تر کے اکٹھا کھانے کی ممانعت)

**تین گوشت** طب معصومین علیہم السلام کے مطابق چند ایک غذاؤں کو ایک وقت میں یکے بعد دیگرے کھانے کی زبردست ممانعت ہے اگر کوئی ہٹ دھرمی کرکے کہتا ہے کہ "کچھ نہیں ہوتا" تو پھر سزا بھی بھگت لے گا۔ اور اپنے معدے کو بیماریوں کا گڑھ بنالے گا۔ نیچے دی گئی تحریر کے مطابق احتیاط کریں مختلف امراض کو بدن میں جنم لینے کی دعوت نہ دیں ورنہ علاج آپکے بس سے باہر ہو جائے گا۔ موجودہ زمانے کی بیماریاں اسی بدپرہیزی کی وجہ سے ہیں۔

اطبا کے ہاں تین قسم کے گوشت پکا کر کھائے جاتے ہیں۔

| زمینی | چکور | مرغابی | ہرن (ہرا گوشت) |
|---|---|---|---|
| آبی | مچھلی | مرغابی | |
| ہوائی | تیتر | بٹیر | فاختہ (پرندے) |

☆ایک دسترخوان پر اگر تینوں اقسام کے گوشت چن دیئے جائیں تو صرف ایک قسم (زمینی، آبی ہوائی) منتخب کرلے۔

مچھلی کے ساتھ زمینی گوشت کے کباب مت کھایئے۔ تیتر بٹیر کے ساتھ بکرے کا گوشت ہرگز نہ لیں اور نہ ہی آبی/ہوائی کو ملایئے ورنہ cancer اور B.P, Heart Attack کے لیے تیار رہیے۔

☆کھانے کے ساتھ سوڈا والر اور پھر چائے کا دور انتہائی خطرناک نتائج کا حامل ہے فم معدہ کی شکایت ہو جاتی ہے۔ ☆خربوزہ یا برفی کھجور نہار منہ ہرگز نہ کھائیں ورنہ فالج گرنے کا زبردست اندیشہ ہے۔

## غذاؤں میں احتیاط

☆مولی، دہی اور پنیر ایک ساتھ کھانے سے قولنج کے درد کا اندیشہ ہے۔

☆دودھ کے ساتھ کھٹی چیز کھانے سے درد معدہ اور خون میں جلن پیدا ہوتی ہے بدن میں کھجلی محسوس ہوتی ہے۔ ☆مچھلی کے گوشت کیساتھ دودھ ہرگز نہ پئیں، گنے کا رس نہ لیں اور نہ ہی شہد کھائیں ورنہ جذام، برص، قولنج آپکے لیے تیار ہے۔ ☆چاول کے بعد سرکہ نہ کھائیں معدے کے اندر شدید درد پیدا ہوگا جب تک یہ باہر نہیں نکلے گا آرام نہیں آئے گا۔ ☆بھنا ہوا زمینی





گوشت اور سرکہ ایک ساتھ کھانے سے درد معدہ، درد شکم، اور قولنج کا خوف یقینی ہے۔ ☆دودھ اور شراب جب معدہ میں یکجا ہوتے ہیں تو جوڑوں کا درد، گنٹھیا اور اعضا کے ٹیڑھے ہونے کا امکان ہوتا ہے۔ ☆کچا لہسن، پیاز، فندق، اور بادام کو پیٹ میں نہ ڈالیں تین امراض کا حملہ ہوگا۔ ☆کیلے کیساتھ کسی پینے سے ہیضہ ہو جاتا ہے۔ ☆کھچڑی کیساتھ کھیر کھانے سے پیشاب پاخانہ بند اور قولنج کا شدید حملہ ہوتا ہے۔ اسی طرح شہد اور گھی کھانے سے بھی یہی خطرہ ہے۔ ☆گرم کھانوں کے ہمراہ دہی کھانے سے فم معدہ (معدہ کے اوپر والا حصہ) کا درد جسم لیتا ہے اور متواتر تنگ کرتا رہتا ہے۔ ☆شہد اور مکھن ہم وزن ہو جائیں تو زہر بن جاتا ہے مت کھائیں ورنہ سیدھے ہسپتال ایمرجنسی وارڈ میں۔۔۔۔ ☆شربت کے بعد چائے یا چائے کے بعد شربت اختلاج قلب کا باعث ہے دل میں بے چینی پیدا ہوگی اور بھاگنے کو جی چاہے گا۔ ☆کھیرا، ککڑی، تربوز کھانے کے بعد پینے والی کوئی بھی چیز نہ لیں ورنہ درد سے بے حال ہو جاؤ گے۔ ☆گوشت کے ساتھ تل، دودھ، پنیر، سرکہ یا شراب ہرگز استعمال نہ کریں لاعلاج امراض آپ پر غلبہ ڈال لیں گی۔ ☆تیل کے پکوڑے آہستہ آہستہ بھوک کو ختم کردیتے ہیں۔ ☆جو مچھلی فروش ملی مچھلی تلتا ہے اسکے توے پر سے پکوڑے، سلاد، تیل والا نان، نمک نمک والا مسالہ، تلے ہوئے ٹماٹر ہرگز نہ لیں۔ ملی مچھلی سے بچیں۔ ☆امام رضا علی علیہ السلام کی ہدایت کے مطابق شربتی بہت کم استعمال کریں۔ ☆اپریل کے مہینے میں نہار منہ پانی پینا مضر صحت ہے۔ ☆ماہ نومبر میں رات کو پانی نہ پئیں تو بہتر ہے دن کے وقت بے شک خوب پئیں پانی ہمیشہ بیٹھ کر اور وقفہ دے کر پینا چاہیے۔ ☆اطباء نے پوری تحقیق کیساتھ نکتہ کی کتابوں میں لکھا ہے کہ دہی کے ساتھ انڈا، اچار، خربوزہ، تربوز یا کھیرا ہرگز نہ کھائیں۔ ☆شہد اور پانی وزن میں برابر ہوں تو زہر بن جاتا ہے۔ شہد کم پانی زیادہ مشروب بنا کر بے شک پئیں۔ ☆سری پائے کھانے کے بعد دودھ اور لسی کے قریب بالکل نہ جائیں ورنہ خون کے اندر کینسر بن جائے گا۔ ☆کھجور کے موسم میں پکی ہوئی کھجور اور نیم پکی ہوئی کھجور ملا کر کھانے سے مکمل پرہیز کریں جسم میں غیر ضروری حرارت سے بخار ہو جائے گا۔

قارئین کی خدمت میں چند ایک ضروری ہدایات برائے تحفظ صحت دجان قلمبند کی ہیں امید واثق ہے کہ ذکور و اناث، مرد و زن، خرد و کلاں، بزرگ و کو چک، پیر و جوان، معلم و متعلم اور امامیہ جنتری کا مطالعہ رکھنے والا ہر ذی شعور ان تحفظات کا خاص رکھے گا اور ناشرین، معاونین مرتبین، محررین اور مولفین کی سعی جمیل سے کما حقہ استفادہ کرے گا آغا صاحبان کو نیک دعاؤں کے ساتھ یاد رکھا کریں۔ قرآن مقدس کا فرمان ہے **کلوا واشربوا ولا تسرفوا** (کھاؤ پیو مگر بے جا نہیں) خداوند تعالیٰ ہم سب کو اس پر عمل کرنے کی فرماں بردار بندے بننے کی توفیق عطا فرمائے۔ گر قبول افتد زہے عز و شرف (ابن حیدری)

روحانی علاج، فقہی مسائل اور معمولات زندگی کو آسان بنانے کے لیے رجوع کریں **مولانا نیاض حسین جعفری** 0300-4344139

## فالج

مومنین کرام بلڈ پریشر جب انتہائی حد تک جانے لگتے تو فالج کا خطرہ ہونے لگتا ہے فالج کا مریض فالج کے حملے کے مطابق معذور ہو جاتا ہے مریض کے حواس یا ہاتھ پیر ہلانے یا بولنے کی سکت نہیں رہتی، دماغ یا طہارت پر کنٹرول نہیں رہتا، اعصاب پر قابو نہیں رہتا۔ اللہ تعالیٰ اپنے کرم سے کل ایمان والوں کو محفوظ رکھے۔ آمین۔ جو مومنین دن اور رات میں ایک ایک مرتبہ آیۃ الکرسی کی تلاوت کرلیں گے وہ فالج کے حملے سے محفوظ رہیں گے۔ جو مومنین خدانخواستہ فالج میں مبتلا ہو چکے ہیں وہ اول و آخر 9 مرتبہ درود ابراہیمی اور درمیان میں 51 مرتبہ یہ پانچ کلمات پڑھ کر روزانہ پانی پر دم کرکے پئیں یہ پانچ کلمات زبان پر بہت آسانی سے جاری ہوتے ہیں اور اعمال پر بہت بھاری ہیں۔

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ

دم کیا ہوا تیل روغن شفا صرف ڈاک خرچ بھیج کر ہم سے فی سبیل اللہ مفت منگوائیں اور روزانہ لگائیں۔ اللہ تعالیٰ شفا عطا فرمائے گا۔ روحانی مسائل اور مشورے کے لیے فون پر رابطہ کریں۔

قارئین امامیہ جنتری کے لیے **بلاھدیہ فی سبیل اللہ**

روغن شفا، آب شفا، ہزاروں بار سورۃ فاتحہ، چاروں قل، آیت الکرسی سورۃ ملک، سورۃ جن، سورۃ مزمل، سورۃ یٰسین، سورۃ رحمن، دعائے مشلول، دعائے جوشن کبیر، دعائے صد سمان، و دیگر قیمتی آیات کا دم کیا ہوا برائے شفایابی، بیماری، نظر بد وغیرہ بذریعہ فون فی سبیل اللہ منگوا سکتے ہیں۔ جنات، آسیبی اثرات کی رکاوٹ کے لیے مومنین کا خدمتگار **علی احمد کاشف**

**روحانیت حجت** ایل 925 سیکٹر 2 نارتھ کراچی پاکستان 0346-2489941,0335-3287307,0307-4871132

# نقش سورۂ اخلاص کے فوائد

پامست وعامل: ریاض حسین جعفری
0300-5036347, 0333-5765851

بے حد درود وسلام محمد ﷺ وآل محمدؐ پر اور ثنا اس رب کائنات کے لیے جو ہر چیز پر قادر ہے۔ قارئین کرام السلام علیکم! قارئین کے لیے سورۂ اخلاص کا مجرب نقش لیکر حاضر ہوا ہوں یہ نقش اپنی مثال آپ ہے جو میں فیض عام کر رہا ہوں تاکہ آپ اس نقش سے فیض یاب ہوں اور دعاؤں میں مجھے یاد رکھیں۔

**فوائد** ☆ گم شدہ آدمی/عورت یا بچہ گھر سے بھاگ گیا ہو تو اس کو واپس لانے کے لیے یہ نقش مکرم درخت یا لکھے کیساتھ باندھیں جو ہوا سے متحرک ہو ان شاء اللہ مفرور واپس آجائے گا فلاں بن فلاں کی جگہ مفرور اور اسکی ماں کا نام لکھا جائے گا۔ ☆ ہر قسم کے آسیب، سحر، جادو دفعہ کرنے کے لیے نقش کو گلے میں ڈالیں۔ اثر ختم ہو جائے گا۔ ☆ لڑکے یا لڑکی کی شادی نہ ہو رہی ہو تو گلے میں ڈالیں۔ شادی ہو جائے گی ☆ کسی عورت کی اولاد نہ ہو تو نقش مبارک کو گلے میں ڈالیں۔ ان شاء اللہ اولاد نرینہ ہوگی۔

☆ اس نقش مبارک کو جو پاس رکھے گا اس کو ہر کام میں فتح ہوگی۔

**نوٹ**: اس نقش مبارک کو گولڈن کلی پر تیار کیا جائے گا اور کسی بھی ستارے کی نیک ساعت میں لکھ کر گلے یا بازو میں ڈالیں اور ہر روز مرتبہ اخلاص کا 21 دن پڑھیں چند دنوں میں آپ کا کام ہو جائے گا ان شاء اللہ۔ یہ نقش میرا آزمودہ اور مجرب ہے۔ آخر میں میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ آغا نثار احمد مرحوم بانی امامیہ جنتری کی مغفرت فرمائے اور آغا افتخار صاحب کو صحت وسلامتی کے ساتھ رکھے اور ان کی اہلیہ مرحومہ جن کا انتقال 6 مئی 2016 کو ہوا ہے جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے۔ آمین



کمپوزنگ وہدایت پامست وعامل ریاض حسین جعفری
نزد سیمل گرلز کالج سومرپیٹ کنڈیال روڈ پاک پتن شریف

# احکامات ایام ہفتہ

**ہفتہ** شنبہ کی شب میں غذا ترک نہیں کرنی چاہیے۔ جناب امام صادق علیہ السلام سے روایت ہے کہ جو شخص شنبہ یعنی ہفتہ اور یک شنبہ یعنی اتوار کی شب میں پیہم غذا کو ترک کرے تو اس سے ایک ایسی قوت زائل ہو جاتی ہے جو 40 دن تک واپس نہیں آتی۔

**اتوار** یک شنبہ کا دن اکثر کاموں کے لیے میانہ ہے لیکن مکان بنانے، درخت لگانے، کھیت میں بیج ڈالنے یا کھیت کو تیار کرنے کے لیے خوب ہے۔

**پیر** دوشنبہ کا دن ایام ہفتہ میں اس بنا پر منحوس ترین دن ہے کہ اس روز جناب رسول خدا ﷺ نے اس دنیا سے رحلت فرمائی اور شہادت امام حسین علیہ السلام کے بعد دشمنوں نے اسی دن کو عید قرار دیا جو شخص اس دن اس نحوست سے محفوظ رہنا چاہے اسے چاہیے کہ نماز صبح کے بعد سورۂ دہل کی تلاوت کرے۔

**منگل** سہ شنبہ کا دن طلب حاجات کے لیے خوب ہے اسی دن حضرت داؤدؑ کے ذریعے لوہے کو نرم کر دیا۔ اس دن لباس قطع کرنا منحوس ہے ایسے کپڑے عموماً چوری ہو جاتے ہیں اور یہ بھی کہا جاتا ہے کہ منگل کو قطع کیا ہوا لباس پہننے والا اس لباس میں دریا یا سمندر میں ڈوبے گا۔

**بدھ** چہار شنبہ کا دن کسی بھی نئے کام کی ابتدا کرنے کے لیے خوب ہے اس دن درخت کی قلم لگانا، جسم سے فاضل اور فاسد خون نکلوانے کے لیے جونک شاخ لگوانا یا بلڈ بنک کو خون کا عطیہ دینا، مسہل لینا اور حمام جانا خوب ہے۔

**جمعرات** پنجشنبہ کا دن خط بنوانے، بال کٹوانے، ناخن کاٹنے اور نیا کپڑا قطع کرنے کے لیے بہت خوب ہے بعض روایات میں ہے کہ اس روز بیمار اگر دوا ترک کر دے تو شفایاب ہوتا ہے اس روز قبور مومنین پر جا کر فاتحہ خوانی کرنے کا بڑا ثواب ہے۔

**جمعہ** حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کا قول ہے کہ شب جمعہ اور جمعہ کے روز صدقہ دینا ہزار صدقہ کے برابر ہے اور محمدؐ وآل محمدؐ پر درود بھیجنا ہزار ثواب کا باعث ہوتا ہے۔ جمعہ کو مسجد جانا اور نماز ادا کرنا بھی ثواب کثیر کا موجب ہوتا ہے۔ نماز جمعہ سے قبل سفر کرنا مکروہ ہے۔

**آیت اکبری** کو وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيمُ تک جو شخص اپنے نام کے اعداد کے مطابق 40 روز پڑھے۔ اول و آخر 100 مرتبہ درود پاک پڑھے تو رزق کے بند دروازے کھل جائیں گے۔ بزرگ علماء کا آزمودہ ہے۔





ایم غلام رضا عسکری (علوم فلکیات)
0333-7014915

بسم اللہ الرحمن الرحیم

لَا يَعْلَمُ الْغَيْبَ إِلَّا هُوَ

2017 عیسوی

۱۴۳۸ ھجری

# نوروز عالم افروز

طول بلد 73-04E

عرض بلد 33-43N

تحویل آفتاب در برج حمل

مورخہ 20 مارچ 2017 بروز سوموار

سہ پہر 3 بجکر 28 منٹ 35 سیکنڈ پاکستان سٹینڈرڈ ٹائم بمطابق دارالحکومت اسلام آباد




**بادشاہ**: قمر

**وزیر**: عطارد

**سپہ سالار**: مشتری

**مشیر**: زحل

**رنگ**: سفید

## خوارک

چنے، ثلاثہ، برفی، ریوڑی، رس ملائی، کھیر، دودھ، حلوہ سوجی

## صدقات

چاول، آٹا، بادام، دودھ، خشک یا تارہ، جیسی

مورخہ 20 مارچ 2017 بروز پیر مطابق 21 جمادی الثانی 1438ھ بوقت 3 بجکر 28 منٹ 35 سیکنڈ سہ پہر (پاکستان سٹینڈرڈ ٹائم) مطابق پاکستان کے مروجہ وقت شمس در برج حمل کے صفر درجہ پر تحویل آفتاب ہوگا۔

تحویل کے وقت مولا مشکل کشاؑ کی نذر دیکر ان کے وسیلہ سے دعا کریں اللہ تعالیٰ حاجت پوری کرے گا۔

**نوٹ** تحویل آفتاب کا وقت پاکستان سٹینڈرڈ ٹائم کے مطابق ہے بیرون ملک مقیم قارئین نوروز کے پاکستانی وقت سہ پہر 03 بجکر 28 منٹ 35 سیکنڈ میں سے 5 گھنٹے منہا کر لیں تو گرین واچ ٹائم نکل آئے گا۔ اس میں اپنے ملک کے سٹینڈرڈ ٹائم جمع یا منہا کرنے سے مطلوبہ وقت نوروز حاصل ہو جائے گا۔

# آداب واعمال نوروز

تحویل آفتاب کا وقت نہایت مبارک ہوتا ہے۔ یہ استجابت دُعا کا وقت ہے۔ مومنین کو چاہیے کہ مقررہ وقت سے پہلے پاک صاف ہوکر لباس مطہرہ زیب تن کریں اور کسی پاک جگہ پر پاک فرش کا اہتمام کریں۔ خوشبویات مثل لوبان، اگربتی وصندل وغیرہ سلگائیں۔ دسترخوان پر مٹھائی پھل میوے وغیرہ رکھیں اور نذر حضرت امیر المومنین علیہ السلام دیں۔ بعد ازاں ایک کٹورے یا پیالے میں پانی بھر کر اس میں گلاب کا سرخ پھول ڈال دیں اور بوقت تحویل آفتاب اس پر نظر رکھیں جو وقت تحویل کا ہوگا اس وقت خود بخود ساکن پھول میں حرکت پیدا ہوگی بس یہ وقت دُعاؤں کے مستجاب ہونے کا ہے۔ اس وقت ۳۶۹ مرتبہ "یَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ" اور کم از کم ۳۶ مرتبہ یہ دُعا پڑھیں۔

یَامُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ وَالْاَبْصَارِ یَا مُدَبِّرَ اللَّیْلِ وَالنَّهَارِ یَا مُحَوِّلَ الْحَوْلِ وَالْاَحْوَالِ حَوِّلْ حَالَنَا اِلٰی اَحْسَنِ الْحَالِ ؕ

مومنین کو چاہیے کہ نوروز کے دن بعد نماز ظہرین چار رکعت نماز اس طرح ادا کریں۔ اوّل یہ نیت کریں کہ دو رکعت نماز نوروز پڑھتا ہوں۔ "قُرْبَةً اِلَی اللّٰهِ اَللّٰهُ اَکْبَر" اور اوّل رکعت میں بعد سورہ حمد دس مرتبہ سورہ "اِنَّا اَنْزَلْنَاهُ" اور دوسری رکعت میں بعد سورہ حمد دس مرتبہ "قُلْ یَا اَیُّهَا الْکَافِرُوْنَ" اور بعد سلام ختم کرے اور پھر دو رکعت کی نیت کر کے نماز شروع کریں۔ اوّل رکعت میں بعد سورہ حمد دس مرتبہ "قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ" اور دوسری رکعت میں بعد سورہ حمد دس دس مرتبہ "قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ" پڑھے اور بعد سلام ختم کرے اور سجدے میں جائے اور یہ دُعا پڑھے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ الْاَوْصِیَاءِ الْمَرْضِیِّیْنَ وَعَلٰی جَمِیْعِ اَنْبِیَائِكَ وَرُسُلِكَ بِاَفْضَلِ صَلَوَاتِكَ وَبَارِكْ عَلَیْهِمْ بِاَفْضَلِ بَرَكَاتِكَ وَصَلِّ عَلٰی اَرْوَاحِهِمْ وَاَجْسَادِهِمْ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ لَنَا فِیْ یَوْمِنَا هٰذَا الَّذِیْ فَضَّلْتَهٗ وَكَرَّمْتَهٗ وَشَرَّفْتَهٗ وَعَظَّمْتَ خَطَرَهٗ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لِیْ فِیْمَا اَنْعَمْتَ بِهٖ عَلَیَّ حَتّٰی لَا اُحِبَّ شُكْرَ اَحَدًا غَیْرَكَ وَوَسِّعْ عَلَیَّ فِیْ رِزْقِیْ یَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ اَللّٰهُمَّ مَاغَابَ عَنِّیْ فَلَا یَغِیْبَنَّ عَنِّیْ عَوْنُكَ وَحِفْظُكَ وَمَافَقَدْتُ مِنْ شَیْءٍ فَلَا تُفْقِدْنِیْ عَوْنَكَ عَلَیْهِ حَتّٰی لَا اَتَكَلَّفَ مَالَا اَحْتَاجُ اِلَیْهِ یَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ





اس کے بعد دُعا کرے بعض نے لکھا ہے کہ نوروز کے دن موافق تعداد ایام سال نکال کر اس دُعا کو پڑھے۔

اَللّٰهُمَّ هٰذِهٖ سَنَةٌ جَدِیْدَةٌ وَّاَنْتَ مَلِكٌ قَدِیْمٌ اَسْئَلُكَ خَیْرَهَا وَخَیْرَمَافِیْهَا وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّهَا وَشَرِّمَافِیْهَا وَاسْتَكْفِیْكَ مَئُوْنَتَهَا وَشُغْلَهَا یَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ (زادالمعاد)

## سات سلام

مشہور ہے کہ جو شخص یہ سات سلام نوروز کے دن مشک وزعفران سے کسی چینی کے برتن پر لکھ کر گلاب کے عرق سے دھوئے اور اس میں سے پیئے تو آشوب سال تک کوئی رنج ودرد اس کو نہ ستائے گا۔ اگر زہریلا جانور کاٹے تو اس پر اثر نہ ہوگا۔

| | |
|---|---|
| 1 | سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ |
| 2 | سَلَامٌ عَلٰی نُوْحٍ فِی الْعَالَمِیْنَ |
| 3 | سَلَامٌ عَلٰی اِبْرَاهِیْمَ |
| 4 | سَلَامٌ عَلٰی مُوْسٰی وَهَارُوْنَ |
| 5 | سَلَامٌ عَلٰی اِلْ یَاسِیْنَ |
| 6 | سَلَامٌ عَلَیْكُمْ طِبْتُمْ فَادْخُلُوْهَا خَالِدِیْنَ |
| 7 | سَلَامٌ هِیَ حَتّٰی مَطْلَعِ الْفَجْرِ (از حاشیہ زادالمعاد) |

مندرجہ ذیل نقش کو مشک وزعفران سے لکھ کر گلاب میں دھو کر پیئے دبا و امراض جسمانی سے محفوظ رہے گا۔ اس نقش کی انگوٹھی چاندی پر کندہ کر کے پہنے کبھی محتاج نہ ہوگا۔

الا=۱۱۱۹ ۱۱۱۹الا=۱۱۱ محطے


برائے دروز وسات مرتبہ اس آیت کو گز، شکر یا کسی مناسب عرق پر پڑھ کر کھلائے یا پلائے۔ فوراً بچہ پیدا ہوگا۔

اِذَاالسَّمَآءُ انْشَقَّتْ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ وَاِذَا الْاَرْضُ مُدَّتْ وَاَلْقَتْ مَافِیْهَا وَتَخَلَّتْ

## نقش نوروز ۵۰۳۶

اعداد

تحویل آفتاب کے وقت کسی پاک جگہ باوضو ہو کر گلاب وزعفران سے اس نقش کو لکھ کر اپنے پاس رکھیں تو تمام سال جملہ امراض وبلیات غم و صدمات سے محفوظ رہیں گے دشمن مقہور ہوگا مقاصد پورے ہوں گے۔ نہایت مجرب اور راز سربستہ ہے۔




اور مدت حمل تک داہنے حفاظت حمل کے ایضاً اس شکل کو لکھ کر ران پر اندر کی جانب باندھے اور گرد کی عبارت کو جو مثمن کشادہ لکھے اور بعد پیدائش بچہ کے فوراً کھول دے۔

الشکور البکور

| | | |
|---|---|---|
| اثنین | ثلثہ | اربعہ |
| ثلثہ | اثنین | اربعہ |

لاحول

نقش نوروز 2017
امامیہ جنتری کے کرم فرما ساعت نوروز میں تیار کردہ سونا پالش طلسم نوروز اور زرد کاغذ پر بنا ہوا نقش نوروز جوابی لفافہ بھیج کر مفت طلب کریں۔
آغا حسنین احمد عامل 41 شاہ ولی اورنگ سکیم VPM بہاول پور
0300-6802983, 0331-7560412

# احکام نوروز عالم افروز زائچہ نوروز کے آئینے میں

سیر کے دن کا نوروز خواتین اور ضعیف العمر عورتوں کے لیے اچھا ہوگا۔ سبزہ اور باغات کے ساتھ کھیتی باڑی میں فوائد ہونگے اجناس کے نرخ اچھے رہیں گے۔ چاول، مکئی، آلو، گوبھی، اور گندم کی فصلیں اچھی ہونگیں۔ کپاس کی پیداوار میں اضافہ اور نرخ اچھے ملیں گے۔ پانی کے ذخائر میں اضافہ ہوگا۔ خشک میوہ جات کی قیمتوں میں استحکام یا کمی کا سامنا ہوگا۔ موسم خشک اور گرمی کم پڑے گی جبکہ برفانی علاقوں میں برف باری زیادہ اور بارشوں میں زیادتی ہوگی لیکن بے ترتیب بارشیں ہوسکتی ہیں۔ بچوں کی پیدائش میں اضافہ ہوگا۔ جبکہ انڈے، مرغی اور اشیاء خوراک میں اضافہ قیمتوں میں کمی کا باعث ہوگا۔ سمندری خوراک مچھلی، جھینگا اور سمندری معدنیات و جواہرات میں اضافہ ہوگا۔ اس سال نوروز کے اوقات میں سچا موتی زیب تن کرنا آپکو آنے والے سال تک ناگہانی آفات اور مشکلات و بیماریوں سے تحفظ دیتا رہے گا۔

**نوروز کی شرعی حیثیت** عید نوروز شمسی کیلنڈر کے حساب سے منائی جاتی ہے۔ نوروز 20 یا 21 مارچ کے بارے میں جو لکھا جاتا ہے وہ علم نجوم اور حرکت سیارگان ہے۔ نیا دن اس لیے کہ شمس برج حمل میں داخل ہو رہا ہے۔ یہ سب روایات گردش ایام سے متعلق ہے جن کا دین اور شریعت سے کوئی تعلق نہیں 18 ذوالحجہ 10 ہجری چونکہ اتفاقاً 21 مارچ کو آ گیا اس لیے اس جشن کو دہرا منانے کے لیے دونوں تاریخوں کو عید نوروز سے معنون کر دیا گیا۔ ہم جو اعمال بجالاتے ہیں وہ یا 20 یا 21 مارچ کو شمس کے برج حمل میں داخل ہونے کے نہیں ہیں بلکہ عید غدیر کے ہیں۔ شمسی کیلنڈر کی ایسویں مارچ سے بہت سے اور تہوار بھی مربوط ہیں مگر سال ہائے وقوع میں فرق ہے۔ اعمال کی کتب مفاتیح الجنان، تحفۃ العوام وغیرہ میں اس تاریخ کے جو اعمال آپ پڑھیں گے وہ نوروز سے متعلق نہیں ہیں بلکہ عید نوروز سے تعلق رکھتے ہیں مثلاً یہ واقعات ایک نئے دن سے متعلق ہیں۔ اس لیے یاد خدا میں تشکر کے طور پر بجالائے جاتے ہیں۔ آئمہ معصومین علیہم السلام کے ارشادات اور اعمال سے ثابت ہے کہ اس دن کو آل محمدؐ نے اپنا دن فرمایا ۱ اللہ تعالیٰ نے اس دن اپنے بندوں عہد لیا ہے کہ اس کی واحدانیت کیساتھ عبادت کریں ۲ یہ پہلا دن ہے کہ آفتاب کی پہلی کرن زمین پر پڑی ۳ حضرت نوحؑ کی کشتی کا کنارے لگنا ۴ رجعت آئمہ طاہرینؑ اور حضرت علیؑ کی خلافت ظاہرہ ۵ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر نزول وحی کا آغاز ۶ حضرت ابراہیمؑ کا کافروں کے بتوں کو توڑنا ۷ حضرت علیؑ کا خوارج پر فتح پانا ۸ حضرت علیؑ کا تطہیر کعبہ کا عمل بجالانا وغیرہ۔ عید نوروز کے اعمال مومنین اپنے تہواروں کی یاد میں مناتے ہیں یہ اعمال نوافل دعائیں، اور نمازیں تحویل آفتاب سے متعلق نہیں بلکہ مذکرہ بالا اسلامی تہواروں سے مربوط ہیں جنکی یاد منانا باعث تقویت ایمان ہے۔

**اب نیساں** نوروز سے 23 دن کے بعد جو مہینہ شروع ہوتا ہے جو 30 دن کا ہے اس مہینے میں جو پانی برستا ہے اسے آب نیساں کہتے ہیں امام جعفر صادقؑ سے روایت ہے جو شخص اس پانی کو جمع کر کے اس پر سورہ الحمد، آیت الکرسی، چاروں قل اور سورۃ الانا انزلناہ کو 70، 70 مرتبہ پڑھے 70 مرتبہ اللہ اکبر 70 مرتبہ لا الہ الا اللہ اور پھر 70 مرتبہ درود شریف پڑھے اور پھر اسے پیئے تو خداوند عالم اس کے دل کو نور کی روشنی اور فہم و فراست اور بینائی سے بھر دے گا اور تمام آفات و بلیات سے محفوظ رکھے گا۔ جو شخص صبح و شام اس پانی کو پیئے گا اسکی ہڈیوں اور رگوں سے ہر قسم کی کاورد اور بیماری ختم ہو جائیں گی۔ جس عورت کے لڑکا نہ ہوتا ہو تو وہ آب نیساں کو اس نیت سے پیئے تو خداوند عالم اس کو فرزند عطا کرے گا اور بانجھ عورت ہو تو بفضل خدا اسکی گود ہری ہوگی۔

**بقیہ عالمی پیشگوئیاں** ایران سے دوستی کے خواہشمند ہونگے پورے خطے میں ایران کا رعب و دبدبہ رہے گا۔

**تجزیہ** جیسا کہ شروع میں کہا گیا ہے کے نیپچون، مریخ اور زحل پوری دنیا پر حکومت کر رہے ہیں جسکی وجہ سے وہ پرامن ممالک کہ ان میں تھانے بھی قائم نہیں ہیں وہاں بھی خوفناک دہشت گردی ہوگی اور تین سیاروں کی وجہ سے یورپی ممالک اور امریکہ سب سے زیادہ متاثر ہونگے امریکہ اور یورپین ممالک میں دہشت گردی کی وجہ سے کافی مقدار میں اموات میں اضافہ ہوگا۔ جبکہ انڈیا اور پاکستان تھوڑا سا متاثر ہونگے دنیا کے بیشتر ممالک میں تباہ کن حالات رہیں گے بڑی بڑی شخصیات کی موت واقع ہوگی جو بہت مشہور اور معروف شخصیات ہوں گی یہ حالات تقریباً ساڑھے تین سال برقرار رہیں گے قبرستان آباد ہو جائیں گے اور شہر کے شہر ویران اور بستیاں اجڑ جائیں گی۔ 28-7-2016 (منجم سید حسن حیدر زیدی)





# عالمی پیشگوئیاں 2017

سید حسن حیدر زیدی 021 34988582, 0345 8219910
R39 رسل کوچ، مقابل سپر مارکیٹ 33 کینہ 22/A پیسہ 75280 کراچی
سوال کرنے کے اوقات شام 5 بجے سے رات 10 بجے
www.syedhasanhaiderzaidi.com

اس وقت پوری دنیا پر علم تقویم کے اعتبار سے تین سیاروں کی حکومت ہے جس کو تثلیث کہتے ہیں ورنہ حکومت مطلق اللہ تعالیٰ کی ہے۔ نیپچون، مریخ اور زحل نیپچون تخریب کاری کا سیارہ ہے جسکی وجہ سے تخریب کے بعد خون بہے جو مریخ کے زیر اثر آتا ہے خون بہنے کا انجام انسان قبر کے اندر جائے جو زحل کے ماتحت ہے اس کا اثر پوری دنیا کو اپنی لپیٹ میں لے لے گا اور اس سال کا ورد **نصر من اللہ و فتح قریب** خواتین و حضرات اس کا زیادہ سے زیادہ ورد کریں اور اول و آخر درود پاک کا ورد تین مرتبہ کریں۔

گذشتہ مضامین میں اسم اعظم کے استخراج پر روشنی ڈالی گئی اس مرتبہ اسم اعظم کے استعمال کے متعلق حقیقی نقطہ کی وضاحت کر رہا ہوں یہ قاعدہ میرے روزمرہ مجربات کا زینہ ہے۔ استخراج شدہ اسم اعظم سے استفادہ کے لیے ضروری ہے کہ اوقات ورد کا صحیح تعین کیا جائے چونکہ وقت کی اہمیت کے متعلق رب العالمین نے قرآن پاک میں ارشاد فرمایا "خلق الانسان فی احسن تقویم" ترجمہ میں نے انسان کو اچھے وقت میں پیدا فرمایا لہٰذا کامیابی کے لیے اچھے وقت کا تعین از حد ضروری ہے ترتیب آپکی خدمت میں پیش کر رہا ہوں سب سے پہلے اپنے مکمل نام سے اسم اعظم کا استخراج کریں جو کہ امامیہ جنتری 2011، 2016 میں تحریر کر دیا ہوا ہے بعد ازاں اپنے معروف نام مع والدہ کے معروف نام کے اعداد ابجد قمری ملفوظی سے مجموعہ حاصل کریں اسے 12 پر تقسیم کر دیں جو باقی بچے وہ جدول نمبر 2 میں تلاش کریں اس کے لحاظ دیے گئے بروج میں سے کسی بھی برج کے طالع وقت میں روزانہ جائے نماز پر بیٹھ کر اسم اعظم کا ورد کریں تعین کیجئے آپ تعریف کیے بغیر نہ رہ سکیں گے۔

## مثال برائے تفہیم

سویرا عابد بنت فرحت جبین

| س | و | ی | ر | ا | ع | ا | ب | د |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 15 | + 6 | + 10 | + 1 | + 20 | + 16 | + 1 | + 2 | 4 |
| 21 | + 16 + 2 | + 21 | + 17 | + 17 | + 3 | + 6 | | |
| | 9 + 18 + 23 + 10 + 6 + 20 + 9 | | | | | | | |
| | 27 + 5 + 13 + 6 + 26 + 1 | | | | | | | |
| | 12 + 18 + 21 + 14 + 27 | | | | | | | |
| | 2 + 11 + 7 + 13 | | | | | | | |
| | 13 + 18 + 20 | | | | | | | |
| | 3 + 10 | | | | | | | |
| | 13 | | | | | | | |

جدول میں عدد 13 کے سامنے دیے گئے اسماء الحسنیٰ میں سے اپنی مرضی کے مطابق اک اسم الٰہی منتخب کر لیں نام سہ ماہی مع والدہ معروف نام کے اعداد ابجد قمری ملفوظی لیے اور ان کے جمل کو 12 پر تقسیم کر کے جدول نمبر 2 میں طالع برج ملاحظہ کیا تو ثور اور سنبلہ آیا لہٰذا طالع وقت ثور/سنبلہ میں اسم الٰہی کا ورد کریں۔

## مثال برائے طالع برج

معروف نام سویرا بن فرحت

| | | | |
|---|---|---|---|
| س | 120 | ف | 81 |
| و | 13 | ر | 201 |
| ی | 11 | ت | 401 |
| ر | 201 | ی | 11 |
| ا | 111 | | 694 |
| | 456 | | 456 |

12 / 1150 \ 95
108
70
60
10

## جدول نمبر 1 — ابجد قمری ملفوظی

| ا | ب پ | ج چ | د ڈ | ہ | و | ز ژ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 111 | 3 | 53 | 35 | 6 | 13 | 8 |
| س | ع | ف | ص | ق | ر ڑ | ش |
| 120 | 130 | 81 | 95 | 181 | 201 | 360 |
| ح | ط | ی ے | ک گ | ل | م | ن |
| 9 | 10 | 11 | 101 | 71 | 90 | 106 |
| ت ٹ | ث | خ | ذ | ض | ظ | غ |
| 401 | 501 | 601 | 731 | 805 | 901 | 1060 |

## جدول نمبر 2

| بقیہ عدد | طالع بروج |
|---|---|
| 1 | اسد۔قوس |
| 2 | سنبلہ۔جدی |
| 3 | میزان۔دلو |
| 4 | عقرب۔حوت |
| 5 | قوس۔حمل |
| 6 | جدی۔ثور |
| 7 | دلو۔جوزا |
| 8 | حوت۔سرطان |
| 9 | حمل۔اسد |
| 10 | ثور۔سنبلہ |
| 11 | جوزا۔میزان |
| 12 | سرطان۔عقرب |

FREE AAT BOOK GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeaatbooks

# محمدؐ و آل محمدؐ کا فیض

زوار حکیم محمد البصار حیدر (حیدری) 0306-5286954

**جادو کا توڑ** اگر کسی گھر کے تمام افراد پر کسی قسم کا کوئی بھی علم یا عمل کیا ہوا اور روزانہ نقصانات ہو رہے ہوں تو اول و آخر 11-11 مرتبہ درود شریف 3 مرتبہ سورۂ مزمل اور 41 مرتبہ یا علیؑ 7 مساجد کا پانی لیکر اس پر فجر کے وقت دم کر لیں اور پورا دن استعمال کریں یہ عمل 21 دن لگاتار کریں۔ تمام گھر کے افراد یہ پانی پئیں بھی اور گھر کے تمام پاک و صاف کمروں کے کونوں میں چھڑکاؤ بھی کریں۔ مغرب اور عشاء کے درمیان ہرمل لیکر کونوں پر ڈال کر اس کا دھواں لیں۔ 7 مثقال حسب توفیق گوشت لیکر قبرستان یا کھلی صاف جگہ پر ڈال دیں۔ نیز یہ نقش گھر میں مشک و زعفران اور عرق گلاب سے لکھ کر دیوار پر لگا دیں۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| یا علیؑ یا علیؑ | بسم اللہ الرحمٰن الرحیم | | | یا علیؑ یا علیؑ |
| یا علیؑ ۴۸۹ | یا علیؑ ۴۸۹ | یا علیؑ ۴۸۹ | یا علیؑ ۴۸۹ | |
| یا علیؑ ۴۸۹ | یا علیؑ ۴۸۹ | یا علیؑ ۴۸۹ | یا علیؑ ۴۸۹ | |
| یا علیؑ ۴۸۹ | یا علیؑ ۴۸۹ | یا علیؑ ۴۸۹ | یا علیؑ ۴۸۹ | |
| یا علیؑ ۴۸۹ | یا علیؑ ۴۸۹ | یا علیؑ ۴۸۹ | یا علیؑ ۴۸۹ | |
| یا علیؑ یا علیؑ | | | | یا علیؑ یا علیؑ |

**قید سے رہائی** اگر کوئی بے گناہ قید ہو تو سورۂ فتح 21 مرتبہ اور سورۂ طٰہٰ 21 مرتبہ مع اول و آخر 11-11 مرتبہ درود پاک پڑھ کر قیدی کو تصور میں لے کر اسکی جلد رہائی کے لیے دعا مانگیں۔ نیز 2 رکعت نماز نفل برائے رہائی قیدی بتوسل امام سجادؑ اور 2 رکعت نماز نفل برائے رہائی قیدی بتوسل حضرت امام موسیٰ کاظمؑ پڑھ کر دعا مانگیں یہ عمل 14 دن کریں۔ 2 جمعرات چہاردہ معصومین علیہم السلام کے نام کی نیاز تقسیم کریں۔

حیدری مطب، زرنال ہاؤس سلاٹن روڈ حملہ سنگ 0306-5286954

**تعویذ برائے نظر بد** درج ذیل کلمات مع بسم اللہ لکھ کر گلے میں ڈالیں تو نظر بد کا اثر دور ہو جائے گا۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّةِ وَاَسْمَائِهِ الْحُسْنٰى كُلِّهَا مِنْ شَرِّ السَّامَّةِ وَالْهَامَّةِ وَمِنْ شَرِّ عَيْنٍ لَامَّةٍ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ

**جدول نمبر 3**

| حروف | مراتب | اسماء الحسنیٰ | تعداد ورد |
|---|---|---|---|
| ا | 1 | قَهَّارُ. حَسِيْبُ. مَاجِدُ | 111 |
| ب | 2 | لَطِيْفُ. كَرِيْمُ. هَادِيُ | 113 |
| ج | 3 | رَحِيْمُ. بَاسِطُ. عَلِيْمُ. مَالِكُ الْمُلْكِ | 53 |
| د | 4 | جَبَّارُ. حَفِيْظُ | 35 |
| ہ | 5 | غَفُوْرُ. مُقْتَدِرُ. جَامِعُ. رَشِيْدُ | 116 |
| و | 6 | رَافِعُ | 117 |
| ز | 7 | رَزَّاقُ | 118 |
| ح | 8 | قُدُّوْسُ. عَدْلُ. شَكُوْرُ. وَارِثُ. صَبُوْرُ | 119 |
| ط | 9 | وَاجِدُ. طَاهِرُ. مُغْنِيُ | 120 |
| ی | 10 | فَتَّاحُ. مُقِيْتُ. غَنِيُّ | 121 |
| ک | 11 | سَلَامُ. عَلِيْمُ. مُزِلُّ. كَبِيْرُ. حَفِيْظُ. مُعِيْدُ. مُحْيُ. مُقَدِّمُ. مُؤْخِرُ | 101 |
| ل | 12 | وَدُوْدُ. وَلِيُّ. مُقْسِطُ | 71 |
| م | 13 | رَحْمٰنُ. قَوِيُّ. مُبْدِئُ. آخِرُ | 90 |
| ن | 14 | وَاسِعُ. شَهِيْدُ. قَيُّوْمُ | 106 |
| س | 15 | حَكَمُ | 120 |
| ع | 16 | سَمِيْعُ | 130 |
| ف | 17 | مُحْيِيُ. مُتَعَالِيُ. تَوَّابُ | 81 |
| ص | 18 | عَزِيْزُ. غَفَّارُ. بَاطِنُ. مَانِعُ. نُوْرُ. بَاقِيُ | 95 |
| ق | 19 | مُهَيْمِنُ. بَارِئُ | 181 |
| ر | 20 | مَلِكُ. حَافِظُ | 201 |
| ش | 21 | مُصَوِّرُ. اَحَدُ. رَؤُفُ | 360 |
| ت | 22 | اَللّٰهُ. بَصِيْرُ. عَلِيُّ. وَاجِدُ. بَرُّ | 401 |
| ث | 23 | سُلْطَانُ. | 501 |
| خ | 24 | مُعِزُّ. خَبِيْرُ | 601 |
| ذ | 25 | جَلِيْلُ. رَقِيْبُ. وَكِيْلُ. مَجِيْدُ | 731 |
| ض | 26 | وَهَّابُ. قَابِضُ. مُجِيْبُ. قَادِرُ | 805 |
| ظ | 27 | مُتَكَبِّرُ. حَقُّ. وَالِيُ | 901 |
| غ | 28 | مُؤْمِنُ. عَظِيْمُ. مُجِيْدُ. حَيُّ. عَفُوُّ | 1060 |

ناچیز نے فرقہ حیات کی مکمل وضاحت کر دی ہے جس بات کی سمجھ نہ آئے بذریعہ خط و خطابت سمجھ سکتے ہیں۔ (جابر علی)

Jabir.shayaan@yahoo.com





# لوح تسخیر اعظم (برائے تسخیر شوہر و بیوی، تسخیر خلائق)

## از تحریر و تحقیق: مولانا عامل گلفام علی حسینی (مصنف کائنات جفر و روح العملیات)

فیض حسینی: تکیہ مندراں والا غازی آباد لاہور 321-4534910, 0345-4176281 رابطہ: 12 تا 4 بجے

تمام حمد و ثناء یارب ولی جبار کے لیے جس نے سب سے پہلے ابتداع اور اختراع کو خلق کیا اور تمام درود و سلام ابتداع پر جو حقیقت محمدیہ ہے۔ اور اختراع پر جو حقیقت علویہ ہے۔ پھر حرفوں کو خلق کیا حرفوں کا باقاعدہ الگ ایک عالم ہے۔ جیسا کہ عالم نفوس _____ عالم ارواح ایسے ہی عالم حروف ہے اور ہمارا عالم اسکے مقابلے میں ایک قطرہ بھی نہیں ہے۔

قارئین! یاد رہے ساری کائنات حرفوں کے بعد محمدؐ و علیؑ حرفوں سے پہلے ہیں۔ اسی لیے تو امیر المومنینؑ فرماتے ہیں۔

میں وہ ہوں کہ جس کا کوئی نام نہیں اور نہ مجھ پر کوئی اسم واقع ہوتا ہے کیونکہ اسم حرفوں سے بنتا ہے اور میں حرفوں سے پہلے ہوں۔

علم الحروف اور علم الاعداد علم الانبیاء علم معصومؑ ہیں۔ مجھے اپنی کم علمی کا احساس ہے مگر میری تحقیق ہے۔ بڑے سے بڑا فلاسفر چاہے وہ افلاطون ہو یا ارسطو علم الحروف سے اتنا ہی لابلد ہے جتنا پہلی کی جماعت کا بچہ۔ اور یہ بھی ہر مشیت ہے کہ علمائے فلسفہ وغیرہ کو یہ سمجھنے کی اس ذات نے توفیق ہی نہیں دی ورنہ وہ اسے اپنے باطل عقائد کی طرف موڑتے۔

ایک تحقیق کے مطابق علم الحروف اور علم الاعداد پر عبور رکھنے والے علماء کی تعداد کا بندسہ 14 سو سال میں 100 کو بھی عبور نہیں کر پایا۔ بلکہ تجتر ۷۳ فرقوں میں سو ((100 عالم بھی ایسے نہیں جو علم الحروف اور علم الاعداد پر پورا عبور رکھتے ہوں۔

قارئین الحروف ابجد کی تعداد اٹھائیس (۲۸) ہے۔ اور آج میرا موضوع حروف تسخیر ہے۔ حروف تسخیر 17 ہیں جو کہ یہ ہیں۔

ا د ح م ک س ف ی ر ش ت ث خ ذ ض ظ ع

قارئین کرام! ہر حرف کی شرح کرنے لگوں تو الگ سے ایک کتاب بن جائے گی تاہم میں ان سترہ حرفوں میں دس (10 حرفوں کی وضاحت کروں گا جو آپس میں ایک دوسرے کا نظیرہ ہیں۔

| حروف | ا | خ | م | ک | ی |
|---|---|---|---|---|---|
| نظیرہ | س | ت | ظ | ذ | غ |

پہلا حرف الف جو میں امامیہ جنتری 2015 صفحہ نمبر 85 پر بیان کر چکا ہوں الف کا نظیرہ سین ہے۔ الف حرف اللہ ہے اور حرف س میرا نبیؐ ہے۔

یٰس والقرآن الحکیم

یعنی خدائے بزرگ نے کہا اے میری نظیر یعنی اے مجھ جیسے۔

یاد رہے بڑا مشکل موضوع ہے۔ یہ بڑے بڑوں کی سمجھ میں نہیں آتا۔ میں دعا گو ہوں کہ مولا آپ کی آنکھوں سے پردے ہٹا دیں۔ یاد رہے اٹھائیس حرفوں میں حرف س وہ حرف ہے۔

جس کا زبر اور پیش ایک جیسا ہے۔

| | زبر | پیش |
|---|---|---|
| س | 60 | س۔ی۔ن |
| 50+10 | 60 | |
| 60 | 60 | |

اب ہے حرف "ح" جو حرف حیات ہے۔ (الٰہی، یا حی) قرآن نے ایک دعویٰ کیا تھا کہ شہید زندہ ہوتا ہے مرتا نہیں۔ کسی نے شہید کو بولتے نہیں دیکھا تھا جس کا نام ح سے شروع ہوا امام حسینؑ نے نیزے پر قرآن پڑھ کے قرآن اور رحمٰن کے دعویٰ کی لاج رکھ لی۔

چوتھا حرف "ت" ہے۔ جو کہ حرف توحید ہے۔ وحید تھا۔ ت پیشانی پر بھی وحید، توحید ہوا۔ بس ایک اشارہ کروں گا سمجھ خود جانا۔ تا کے اعداد 401 ہیں جس کا عدد کامل (1+0+4)=5 ہے اور الف کے اعداد 432 ہیں جسکا عدد کامل (2+3+4)=9 ہے۔ سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا کا عدد 9 ہے۔ یاد رہے "ت" کی نسبت 5 اور 9 کی طرف ہے۔

حرف میم حرف محمدیہ ہے علمائے حروف فرماتے ہیں کہ "م" یہ اپنے راز کو خالی



FREE AMLIYAAT BOOKS GROUP
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

لوح میں ظاہر نہیں کرتا۔ لوح محفوظ کی محفوظ میں ظاہر کرتا ہے۔ محفوظ کا سر حرف م ہے۔ علمائے روحانیت ہر اسم کو ((101 مرتبہ کیوں پڑھنے کو کہتے ہیں۔ اس لیے کہ "م" کے اعداد 101 ہیں اور ہر عمل کے اول و آخر 11-11 مرتبہ درود شریف کیوں پڑھنے کو کہتے ہیں تشنہ گان اسرار و رموز کے لیے تحفہ ہے۔ تعین کریں علمائے زمانہ خاموش ہیں۔ امامیہ جنتری کے توسل سے یہ راز دے رہا ہوں کہ میرے نبیؐ کے اسم محمدؐ کے حروف ملفوظی گیارہ ہیں۔ یعنی

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| محمدؐ | میم | حا | میم | دال | |
| تعداد حروف | 3 | 2 | 3 | 3 | =11 (گیارہ) ہوئے |

میم کا نظیرہ ظ ہے۔ اگر "م" محمدؐ ہے تو "ظ" ظلِ الٰہی و ظہورِ الٰہی ہے۔ یا ظا کے اعداد ((912 ہیں جسکا عدد (2+1+9)=12 آنحضرتؐ کی طرف اشارہ ہے۔ اسکے بعد "ک" جو کہ امامیہ جنتری 2014 صفحہ 15 پر بتا چکا ہوں۔ یہ میرے نبیؐ کی حقیقت کا راز ہے۔ ک کا نظیرہ ذال ہے۔ ذال کا عدد بسط الکبیر 151 ہے جو کہ محمد مہدیؑ کا اعداد ہیں۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اسم | محمد | مہدیؑ | | |
| اعداد | 92 | 59 | | =151 ہوئے |

یاد رہے ذٰلِکَ الْکِتٰبُ لَا رَیْبَ فِیْہِ _____ کی طرف اشارہ ہے۔ اب "ی" جو اسم علی کا افتتامیہ حرف ہے۔ یہی حرف ولی، والی، می، قوی میں بھی ہے۔ بس ایک اشارہ ہی کروں گا۔ عالمین اور علمائے زمانہ کو دعوت فکر ہے کہ "ی" کا بسط الکبیر 122 ہے۔ جسکا عدد کامل (5) ہے اور یہ معبود (یکتا) کا عدد ہے۔

یعنی

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| م | غ | ب | ہ | د | | |
| 40 | 70 | 2 | 6 | 4 | =122 ہوئے | |

معبود یکتا (ایک ہوتا) ہے۔ اور ی کا اعداد قمری 10 جس کا عدد کامل (0+1)=1 ایک (یکتا) ہے۔

ی کا نظیرہ خ ہے جو کہ حرف خیر ہے۔ خاتم الانبیاء ﷺ خطیب نہج البلاغہؑ ثم غدیر، خاتون جنتؑ اور خاموشی امام حسنؑ اور خون امام حسینؑ کی طرف اشارہ ہے۔ ی کا عدد 10 دس کو عربی میں عشرہ کہتے ہیں۔ یعنی خ کی حقیقت 10 محرم شہادت امام حسینؑ میں بند ہے۔

اہل معرفت کے لیے ایک اشارہ کر رہا ہوں کہ خ حرف خلیفۃ اللہ ہے۔

اِنِّیْ جَاعِلٌ فِی الْاَرْضِ خَلِیْفَۃً (البقرہ-30)

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 40 | 70 | 2 | 6 | 4 | =122 ہوئے |

خ، حرف خلیفۃ اللہ ہے۔ خ کا نظیرہ ی جو اسم علیؑ کی ی ہے۔ یعنی حقیقت خلیفۃ اللہ میرے مولا علیؑ کی ذات مبارک ہے میں نے جو راز عیاں کرنے تھے کر دیے۔ اہل نظر و فکر کے لیے نشانیاں ہیں۔

قارئین امامیہ جنتری اجن حرفوں کے اسرار تشنہ تکمیل رہ گئے۔ انشاء اللہ بشرط زندگی پھر کبھی بیان کروں گا۔ یا آپ فیض حسینی میں داخلہ لے سکتے ہیں۔ داخلے کی نیت فقط معرفت محمدؐ و آل محمدؐ علیہم السلام ہو۔

آج میں وہ عمل لے کر حاضر خدمت ہوا ہوں۔ جو ہزاروں سال کی خدمت سے بھی کوئی کسی کو نہیں عنایت کرتا۔ برائے مہربانی آغا افتخار حسین صاحب اور انکے خاندان اور مجھے میرے خاندان کو دعاؤں میں ضرور یاد رکھیں۔

**لوح تسخیر اعظم** برائے تسخیر محبوب و تسخیر شوہر و بیوی تسخیر خلق، تسخیر افسران کے لیے شرف زہرہ میں مرد حضرات تانبے پر اور مستورات گولڈن کاغذ یا سونا پر کندہ کروا کر پاس رکھیں۔ اکثر احباب شرف زہرہ کا پوچھتے ہیں کہ یہ کیا ہوتا ہے۔ جب یہ سیارہ دورہ فلک کرتا ہوا 27 درجہ حوت پر آتا ہے تو قوانین قدرت کے مطابق نہایت عمدہ شعاعیں عالم سفلیہ پر وارد ہوتا ہے۔ اسے ہم حالت شرف پکارتے ہیں۔ علماء علوم مخفیہ نے اس وقت کو نہایت مؤثر و مبارک لکھا ہے۔ زہرہ جنتہ المبارک کا حاکم سیارہ ہے۔ لوح تسخیر اعظم نو چندے جمعہ کو بھی تحریر کر سکتے ہیں۔ یاد رہے وہ تمام افراد یہ لوح تیار کر سکتے ہیں جنکا عوام پبلک سے زیادہ تعلق ہو مثلاً دکاندار، ڈاکٹرز، حکیم، لیڈرز سیاستدان، وکلاء حضرات جن کا ذریعہ آمدن عوام سے متعلق ہو۔

**طریقہ لوح تسخیر اعظم** سائل کا نام معہ والدہ کا نام معہ اعداد حروف تسخیر (30 پارے) جمع کر لیں۔

اپنے نام کے تمام حرفوں معہ اعداد قمری کو جمع کر لیں چار ((4 پر تقسیم کر کے عنصر لیں۔ اب اس عنصر پر مربع نقش تیار کر کے بخورات زہرہ کی دھونی دے کر پاس رکھیں چند یوم بعد آپ دیکھیں گے کہ انجان لوگ بھی آپ کی عزت کریں گے۔ افسران مہربان ہوں گے۔ آپ کی دکان یا کاروبار بتدریج ترقی کی طرف مائل ہوگا۔ اگر کسی ایک شخص کیلئے لوح تیار کرنا ہے تو لوح کی تیاری میں اُس شخص معہ والدہ حروف اور اعداد شامل کر لیں، مزید 2 عدد نقوش زعفران سے لکھیں، لوح پاس رکھیں اور ایک نقش کو پھلدار درخت سے لٹکائیں دوسرا نقش آگ کے نزدیک رکھیں، ہر روز نماز مغربین کے بعد الکریم الرحیم کے اعداد 528 میں طالب و مطلوب کے اعداد شامل کر کے 17 دن پڑھیں، یاد رہے حروف تسخیر 17 ہیں، ایک دن میں واجب نمازوں کی رکعتیں بھی (17) ہیں، نماز کی پابندی کریں۔





انشاء اللہ چہلم میں مقصد پورا ہوگا۔

قرآن الکریم میں حروف تسخیر کی تعداد کو جمع کیا۔

| پارہ نمبر | تعداد حروف تسخیر | پارہ نمبر | تعداد حروف تسخیر | پارہ نمبر | تعداد حروف تسخیر |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۵۷۴۴ | ۱۱ | ۵۹۵۱ | ۲۱ | ۵۹۶۶ |
| ۲ | ۶۰۲۱ | ۱۲ | ۵۹۹۵ | ۲۲ | ۶۰۰۲ |
| ۳ | ۵۹۱۶ | ۱۳ | ۶۲۵۴ | ۲۳ | ۶۰۴۹ |
| ۴ | ۵۹۳۳ | ۱۴ | ۵۲۷۵ | ۲۴ | ۵۳۹۸ |
| ۵ | ۶۱۴۲ | ۱۵ | ۶۲۴۰ | ۲۵ | ۶۰۲۹ |
| ۶ | ۵۹۳۴ | ۱۶ | ۶۲۸۳ | ۲۶ | ۶۱۰۰ |
| ۷ | ۶۲۱۳ | ۱۷ | ۵۴۷۸ | ۲۷ | ۶۰۷۱ |
| ۸ | ۵۹۷۳ | ۱۸ | ۶۰۵۷ | ۲۸ | ۶۰۵۸ |
| ۹ | ۵۸۲۷ | ۱۹ | ۶۰۹۸ | ۲۹ | ۶۲۷۶ |
| ۱۰ | ۵۶۴۰ | ۲۰ | ۵۵۳۲ | ۳۰ | ۵۶۱۴ |
| | ۵۹۳۴۳ | + | ۵۹۱۶۳ | + | ۵۹۵۶۳ |

ٹوٹل: ۱۷۸۰۶۹

میں مثال سے سمجھا دیتا ہوں تاکہ ہر قاری آسانی سے سمجھ سکے۔

**مثال** نام سائل محمد علی رضا کے اعداد =1203
والدہ ناز کے اعداد =58
حروف تسخیر (30 پارے) کے اعداد =178069

44825 = 4+179300=30-179330

## لوح تسخیر اعظم یہ ہے

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

| | | | |
|---|---|---|---|
| الکریم | الکریم | الکریم | الکریم |
| ۴۴۸۳۲ | ۴۴۸۳۵ | ۴۴۸۳۸ | ۴۴۸۲۵ |
| ۴۴۸۳۷ | ۴۴۸۲۶ | ۴۴۸۳۱ | ۴۴۸۳۶ |
| ۴۴۸۲۷ | ۴۴۸۴۰ | ۴۴۸۳۳ | ۴۴۸۳۰ |
| ۴۴۸۳۴ | ۴۴۸۲۹ | ۴۴۸۲۸ | ۴۴۸۳۹ |
| الرحیم | الرحیم | الرحیم | الرحیم |

اللھم خداں بن فلاں (مطلوب) علی اجب وعلی قلب خداں بن فلاں (طالب) بحق

حروف ا د ح م ک س ف ی ر ش ت ث خ ذ ض ظ غ

ابداً ابداً ابداً العجل العجل العجل الساعۃ الساعۃ الساعۃ۔

برحمتک یا ارحم الراحمین۔

میں نے ہر بات کی وضاحت کر دی ہے، تاہم ضرورت محسوس کریں تو رابطہ کریں۔

## تخریب کاری و خودکش حملوں سے بچاؤ کیلئے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِيْ نُحُوْرِهِمْ وَنَعُوْذُبِكَ مِنْ شُرُوْرِهِمْ

**ترجمہ** اے اللہ ہم تجھے اپنے دشمنوں کے مقابلہ میں ڈھال بناتے ہیں اور آپ کے ذریعہ اُن کے شر و شرارتوں سے پناہ چاہتے ہیں۔

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ ○

**ترجمہ** ہمارے لیے اللہ ہی کافی ہے اور وہ اچھا کارساز وکیل ہے اے ہمیشہ زندہ رہنے والے تیری رحمت کے ذریعہ فریاد رسی چاہتا ہوں

بس بازار مسجد، امام بارگاہ میں ورد کرتے رہیں۔

## آسمانی آفات و زلزلے سے محفوظ رہنے کی دعا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اِنَّ اللّٰهَ يُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا ۚ وَلَئِنْ زَالَتَآ اِنْ اَمْسَكَهُمَا مِنْ اَحَدٍ مِّنْ بَعْدِهٖ اِنَّهٗ كَانَ حَلِيْمًا غَفُوْرًا (پارہ نمبر ۲۲ سورہ فاطر آیت نمبر ۴۱)

**ترجمہ**: بیشک خدا ہی سارے آسمان اور زمین کو اپنی جگہ سے ہٹ جانے سے روکے ہوئے ہے اور اگر (فرض کرو کہ) یہ اپنی جگہ سے ہٹ جائیں تو پھر اس کے سوا انہیں کوئی روک نہیں سکتا بیشک وہ بڑا بردبار (اور) بڑا بخشنے والا ہے

رات کو سونے سے قبل ۲۱ بار پڑھیں اول و آخر درود شریف ۷ بار)

امامیہ جنتری (رجسٹرڈ) پاکستان کاپی رائٹ ایکٹ 1962 گورنمنٹ آف پاکستان کے تحت رجسٹرڈ ہے۔ رجسٹریشن نمبر 9573 ہے۔ جنتری کا جعلی ایڈیشن شائع کرنے والوں کے خلاف ادارہ سخت قانونی کاروائی کا حق رکھتا ہے۔ جنتری میں تمام مضامین و اشتہارات خالص نیک نیتی کے جذبے سے شائع ہوتے ہیں۔ مضمون نویس سے لین دین کا ادارہ سے کوئی تعلق نہیں ہے اور نہ ادارہ ذمہ دار ہے۔ البتہ کسی بھی شکایت سے ادارہ کو مطلع ضرور کریں۔

# بارگاہِ لم یزل
## تاثیر بے مثل

سید تجمل حسین شیرازی
WhatsaPP No 0344-7654095 Mob: 0312-7461038

### فتح و نصرت کے لیے

سورۃ صف آیت نمبر 13 وَ اُخْرٰی سے الْمُؤْمِنِیْن تک۔ اگر کوئی شخص 21 یوم تک روزانہ 313 مرتبہ یہ آیت پڑھے گا تو اسے جملہ امور میں ان شاء اللہ فتح و نصرت کامل نصیب ہوگی اور وہ کامیاب ہوگا۔

### امتحان میں یقینی کامیابی اور وسعت علم کے لیے

سورۃ طٰہٰ آیت نمبر 68 قُلْنَآ سے الْاَعْلٰی تک روزانہ بعد نماز عصر پڑھنے سے علم میں وسعت اور امتحان میں کامیابی یقینی ہوگی۔ ہر مشکل سے مشکل میدان میں بھی فتح نصیب ہوگی ان شاء اللہ۔ اس آیت مبارکہ کو روزانہ 70 مرتبہ پڑھیں اور اول و آخر درود پاک 9 مرتبہ پڑھیں۔ جب مطالعہ کرنے بیٹھیں تو صرف 7 مرتبہ پڑھ کر دائیں ہاتھ پر پھونک مار کر اسے چہرے پر پہلے دائیں حصہ نصف اور بعد ازاں بائیں حصہ نصف پر اوپر سے نیچے کی جانب پھیر لیا کریں ان شاء اللہ حافظہ تیز ہو جائے گا۔

### عدالت سے انصاف کے لیے

سورۃ مومن آیت نمبر 20 وَاللّٰهُ سے الْبَصِیْرُ تک۔ اگر آپ حق بجانب ہیں اور عدالتوں کے چکر لگا لگا کر تنگ آ گئے ہیں تو پریشان نہ ہوں بہت جلد مقاصد کی تکمیل ہوگی۔ آپ کے گرد و نواح کوئی سادات میں سے بزرگ کا مزار ہو تو وہاں جائیں اور ان کے سرہانے کی طرف ہو کر بیٹھ جائیں اور مندرجہ بالا آیت مبارکہ کو 70 مرتبہ ورد کریں اول و آخر درود پاک 5 مرتبہ ورد کریں اس عمل کو روزانہ بوقت عصر بجالائیں اور مسلسل 19 دن جاری رکھیں ان شاء اللہ عدالتی فیصلہ آپ کے حق میں ہوگا مگر یاد رکھیں کہ آپ حق بجانب ہونا شرط اول ہے۔

### پرسکون نیند کے لیے

سورۃ احزاب آیت نمبر 56 اِنَّ اللّٰهَ سے وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا تک روزانہ بعد از نماز عشاء وضو کر کے اپنے بستر پر جائیں اور مندرجہ بالا آیت مبارکہ کو مستعد مرتبہ ورد کرتے رہیں جب نیند آنے لگے سو جائیں مجرب ہے۔ چند منٹوں میں نیند غالب آ جاتی ہے اور طلوع فجر تک بہت پرسکون نیند رہتی ہے۔

### امراض جگر سے شفا یابی مجرب المجرب راز سربستہ

سورۃ یٰسین آیت نمبر 79 قُلْ سے عَلِیْمٌ تک ۔ روز ہفتہ کسی چشمہ سے اندازاً 40 کلو پانی منگوائیں اور اس پر مندرجہ بالا آیت مبارکہ کو روزانہ 72 مرتبہ بعد نماز فجر مع اول و آخر 9 مرتبہ درود پاک پڑھیں اور پانی پر دم کریں اس میں سے روزانہ پانی استعمال کرتے رہیں ایک ہفتہ کے بعد دوبارہ پانی منگوائیں اور آئندہ ہفتہ تک استعمال کرتے رہیں اس طرح 7 ہفتہ یہ عمل جاری رکھیں ان شاء اللہ امراض جگر سے شفا یابی ہوگی اس دوران گوشت کے بجائے لوبیا اور سبزیاں بغیر سرخ مرچ کے استعمال کریں۔

Email: tajamalshah303@yahoo.com Facebook.com/syed.tajamal55

# قرآنی آیت سے جادو کا توڑ

ہومیو ڈاکٹر سید عقیل حسین شاہ
0322-4812453
ہاؤس ہومیو کلینک مکان نمبر 52/4 گلی نمبر 1
الامین سوسائٹی بیدیاں روڈ لاہور کینٹ۔

اللہ تعالیٰ آغا افتخار حسین صاحب کی اہلیہ کو جنت الفردوس میں جگہ عنایت فرمائے (آمین) قارئین! گزشتہ چند سالوں سے جادو کا توڑ سورۃ فیل تیسواں پارہ کے ذریعے آپکی خدمت میں پیش کر رہا ہوں جسکی اندرون و بیرون ملک بہت پذیرائی ہوئی۔ حضرات یہ سمجھتے ہیں کہ ان پر واقعی جادو ہو چکا ہے وہ 11 سنگریاں لیکر اور چولہے کی آگ جلا کر دن کے وقت آگ کے قریب بیٹھ کر بغیر کسی سے بات کیے یکسوئی سے 41 مرتبہ سورۃ فیل کی تلاوت اور 11 سنگریوں پر 41 دن پھونکتے رہیں۔ 41 دن گزرنے کے بعد 11 سنگریوں کو گھر کی چاردیواری کے چاروں طرف باہر کی طرف کچھ کچھ فاصلے پر پھینک دیں۔ انشاء اللہ جادو کا اثر ختم ہو جائے گا۔ سینے کا راز کسی کو مت دیں۔ کیا آپ یہ جاننا چاہتے ہیں کہ آپ پر جادو ہے تو خون کے چند قطرے میرے گھر کے ایڈریس پر بھیجیں۔ پرانے اور پیچیدہ امراض کے مریض فون پر رابطہ کریں یا خط لکھیں Message نہ کریں (عقیل حسین شاہ)

**دمہ، کینسر، بے اولادی، مرگی، ناکارہ گردے، پاگل پن، کا علاج کروائیں**





# حصول انعام بذریعہ جفر

تحریر و تحقیق
ایم غلام عباس اعوان
0300-6011925

قارئین امامیہ جنتری! السلام علیکم مجھے ہر سال آپ دوستوں کے جہاں پسندیدگی مضامین کے متعدد خطوط اور فون کالز موصول ہوتی ہیں وہیں کثیر تعداد میں یہ فرمائشیں بھی کی جاتی ہیں کہ اگر آپ ہمیں انعامی بانڈ کے فرسٹ یا سیکنڈ آنے والا نمبر بذریعہ جفر استخراج کر دیں تو ہم تمام زیست آپ کے مشکور اور ممنون رہیں گے ان دوستوں کی خدمت میں جو جواب میں لکھا کرتا ہوں آپ کے لیے بلاشبہ دلچسپی کا سبب ہوگا۔

میں احباب کو انتہائی معذرت کے ساتھ ہمیشہ یہی لکھتا ہوں کہ جفر علم جفر سے ہر قسم کے سوالات کے جوابات استخراج ہو سکتے ہیں بشرطیکہ افضال پروردگار شامل ہو اور جفار میں اہلیت ہو مگر حصول انعام کے لیے کسی بھی علم سے کی گئی کاوش اسی وقت ثمر آور ہوتی ہے جب نمبر خریدنے والے کا مقدر بھرپور یاوری کرے اور بالخصوص وہ منہم حقیقی آپ کو انعام سے نوازنا چاہتا ہو کیونکہ واضح ارشاد قدرت ہے۔

اللہ جسے چاہتا ہے بے حساب رزق دیتا ہے۔ اگر یہ سعادت میسر نہ ہو تو زائچہ رمل بنائیں یا زائچہ نجوم علم الاعداد سے نمبر گیس کریں یا مستحصلہ جفر عمل کریں قوت ادراک ہاتھ کھڑے کر دے گی۔ عقل سلیم ماؤف ہو جائے گی۔ بصارت کو رہے گی اور آپ کو ماسوائے دماغی کوفت کے کچھ ہاتھ نہیں آئے گا میں نے بڑی بڑی ذی وقار شخصیات کو فٹ پاتھ پر بیٹھے رمل کے پروفیسروں سے یہی استفسار کرتے دیکھا ہے کیا ہم نے کبھی ایک لمحہ کے لیے خود سے یہ سوال کیا ہے کہ سڑک کے کنارے بوریا نشین پروفیسر ہم سے پچیس یا پچاس روپے لیکر لاکھوں یا کروڑوں کا انعام ہمیں کیوں بتائے گا؟ کیا یہی انعام اس کی بھی ضرورت ہے کہ نہیں؟۔ بہرحال ان گنت دوستوں کی فرمائش پر استخراج نمبر کے لیے علم جفر کی مشہور و معروف قسم بدوح یلن سے ایک بغیر المقول قاعدہ جسے میرے شاگرد "نمبروں والا قاعدہ" کے نام سے جانتے ہیں تشریح کے ساتھ درج کر رہا ہوں مگر اس مستحصلہ کی افادیت صرف نمبر استخراج کرنے تک محدود نہیں بلکہ آپ ہر قسم کے روزمرہ معمولات کے سوالات کے جوابات بھی لے سکتے ہیں۔

### تشریح قواعد مستحصلہ

سب سے اول نہایت خلوص اور عاجزی و انکساری کے ساتھ ذات سمیع و بصیر کے حضور بیٹھی ہوں کہ اے مولائے کریم میں جس سوال کو حل کرنے جا رہا ہوں اس کے جواب کو درست استخراج کرنے کے لیے میرے ادراک کو فعال فرما اور اس امر کو انکشاف فرما دے۔

1 مکمل توجہ اور یکسوئی سے سوال کی بندش کریں۔ 2 مکمل سوال کو بسط حرفی کر کے ابجد سے تمام سوال کے اعداد معلوم کریں۔

**حروف کی قیمت**

| حروف | ا | ب | پ | ج | چ | د | ڈ | ہ | و | ز | ح | ط | ی | ے | ک | گ | ل | م | ن |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قیمت | 1 | 2 | | 3 | | 4 | | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 | | 20 | | 30 | 40 | 50 |
| حروف | س | ع | ف | ص | ق | ر | ڑ | ش | ت | ث | خ | ذ | ض | ظ | غ | | | | |
| قیمت | 60 | 70 | 80 | 90 | 100 | 200 | | 300 | 400 | 500 | 600 | 700 | 800 | 900 | 1000 | | | | |

3 سوال کے اعداد میں تعداد حروف سوال اور تعداد نقاط سوال شامل کر لیں اس جمل کبیر سے حروف بنا کر ملفوظی کریں یہ سطر اساس ہے۔ 4 اب آپ سطر دوم میں ہر حرف کا نظیرہ لکھتے جائیں۔ 5 سطر نظیرہ کو موخر صدر نگیر کر کے لکھیں۔ 6 سطر موخر صدر کے ہر حرف کو اعداد اس جدول بدوح یلن سے دیں۔

**جدول بدوح یلن**

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مساوات | ا | ج | ہ | ز | ط | ک | م |
| | ا | ۳ | ۵ | ۷ | ۹ | ۲ | ۴ |
| ترفع | ب | د | و | ح | ی | ل | ن |
| | ۴ | ۶ | ۸ | ۱۰ | ۳ | ۵ | ۷ |
| تنزل | س | ف | ق | ر | ث | ذ | ظ |
| | ۳ | ۴ | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | ۶ |
| ترقی | ع | ص | ر | ت | خ | ض | غ |
| | ۴ | ۳ | ۳ | ۸ | ۲ | ۶ | ۲ |

✱ پانچویں سطر میں ہر حرف کے نیچے قانونی عدد ۳ لکھیں مگر ق ش ث ذ ظ نہ لکھا جائے ✱ پہلی سطر میں ربعات لکھیں ۱۱۱۱۔ دوسری ربعات میں ۱۲۲۲۔ تیسری ربع میں ۲۳۲۳ ✱ ساتویں سطر زائد العشر لیں وہ اس طرح کہ بائیں سے دائیں طرف ایک تا نو عدد لکھیں خانہ 10 کو خالی چھوڑ کر پھر ۱ تا ۹ لکھیں ✱ نویں سطر میں تکرار جنس کی تعداد لکھیں جنس سے مراد حروف کی قسم مساوات۔ ترفع۔ تنزل۔ اور ترقی مثلاً حرف مساوات پہلی مرتبہ آئے تو کچھ نہ لکھیں دوسری بار آئے تو ایک لکھیں۔ ✱ گیارہویں سطر میں اعداد کا مجموعہ کریں۔ ✱ مجموعہ کی اکائی کا عدد لکھتے جائیں اس اکائی کے عدد کو ہر حرف سے ناطق کریں۔

**مثال نمبر 1** یا علیم پندرہ جنوری دو ہزار ایک کو مظفر آباد میں ہونیوالی سات سو پچاس کے انعامی بانڈ کی قرعہ اندازی میں اول انعام پر نکلنے والے نمبر ون میں بائیں طرف پہلا عدد کو لنا ہوگا۔ اعداد سول ۵۵۰۶ حروف ۱۳۱ اکائی ۲۷

**کل مجموعہ** ۴ ۵۷۰ ہوا حروف بنے د ز ھ غ ملفوظی دال ذ ا ل ھ ا ع ی ن

| | | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اساس | د | ا | ل | ذ | ا | ل | ھ | ا | غ | ی | ن |
| نظیرہ | ض | س | ض | ک | س | ض | ق | س | ن | خ | غ |
| موخر صدر | غ | ص | خ | س | ن | ض | س | ک | ق | س | ض |
| اعداد بدوح | ۲ | ۸ | ۲ | ۳ | ۷ | ۶ | ۳ | ۲ | ۲ | ۳ | ۶ |
| عدد قانون | ۳ | ۳ | ۳ | ۳ | ۳ | ۳ | ۳ | ۳ | - | ۳۰ | ۳ |
| ربعات | ۱ | ۱ | ۱ | ۱ | ۲ | ۲ | ۲ | ۲ | ۳ | ۳ | ۳ |
| زائد العشر | ۱ | - | ۹ | ۸ | ۷ | ۶ | ۵ | ۴ | ۳ | ۲ | ۱ |
| تکرار جنس | - | ۱ | ۲ | - | - | ۳ | ۱ | - | ۲ | ۳ | ۳ |
| مجموعہ | ۷ | ۱۳ | ۱۷ | ۱۵ | ۱۹ | ۲۰ | ۱۴ | ۱۱ | ۱۰ | ۱۴ | ۱۷ |
| عدد اکائی | ۷ | ۳ | ۷ | ۵ | ۹ | ۲ | ۴ | ۱ | ۱ | ۴ | ۷ |
| مستحصلہ | ع | خ | ز | ھ | ص | ر | م | ق | ا | م | × |

جواب ع ز چھ در مقام

یعنی عدد چھ کو یہ عزت کا مقام حاصل ہوگا۔ یہ جواب حرف بحرف درست ثابت ہوا کیونکہ فرسٹ کا بانڈ نمبر 677216 نکلا۔ واللہ اعلم بالصواب

ضروری گزارش میں نے نہایت دیانتداری سے صاحبان فہم و دانش کے لیے راستہ بتادیا ہے براہ کرم نمبر خود استخراج کریں مجھے ہرگز ہرگز نہ لکھیں۔ کسی دوسرے ذاتی سوال کا جواب بذریعہ جفر پوچھ سکتے ہیں جس کے لیے -/100 روپے سوال کی فیس ادا کرنا ہوگی۔

**پتہ برائے خط و کتابت** ایم غلام عباس اعوان سب آفس ہفت روزہ ایکشن گجر مارکیٹ نزد الفلاح بینک جوہر آباد ضلع خوشاب (دفتر جمعہ اور اتوار بند ہوگا) دفتری اوقات 10 بجے دن سے شام 6 بجے 0333-6801653 , 0300-6011925

## استغاثہ بحضور حضرت ابوالفضل العباسؑ

ہر قسم کی حاجت روائی اور مصائب کو رفع کرنے کے لیے نماز عشاء کے بعد 2 رکعت نماز ہدیہ سرکار ابوالفضل العباسؑ پڑھیں، نماز کے بعد اول و آخر درود پاک 11 بار پڑھ کر یں 133 بار درمیان میں یہ دعا پڑھیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يَا كَاشِفَ الْكَرْبِ عَنْ وَجْهِ الْحُسَيْنِ عَلَيْهِ السَّلَامُ اكْشِفْ كُرْبَتِي بِحَقِّ أَخِيكَ الْحُسَيْنِ عَلَيْهِ السَّلَامُ

## عمل برائے حل مشکلات

مکارم الاخلاق میں ہے کہ حضرت رسول اکرم ﷺ نے حضرت علیؑ سے فرمایا کہ جو کوئی مشکل اور پریشانی کے وقت اس دعا کو دس مرتبہ پڑھے گا تو اسکی مشکل حل ہو جائیگی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ

إِيَّاكَ نَعْبُدُ وَإِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ بِرَحْمَتِكَ يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ





# نحس اکبر عدد 8 اور نحس ترین ستارہ زحل کا تعارف

تحریر:
لعل بخش قلندری (روحانی عامل)
P-505 قلندری چوک گلی نمبر 7 سنیرآباد فیصل آباد
0308-6692514, 0301-4243709

سب سے پہلے حسب روایات بانی امامیہ جنتری محترم آغا نثار احمد صاحب مرحوم۔ میرے پیر و مرشد قبلہ مولانا حافظ زوار حسین صاحب ڈھکو قلندری مرحوم اور محترم آغا افتخار حسین صاحب کی زوجہ مرحومہ کے بلندی درجات کیلئے ایک مرتبہ سورۃ مبارکہ فاتحہ کی گذارش ہے۔ ساتھ ہی اپنے محترم محسنوں۔ آغا افتخار حسین صاحب مدیر اعلیٰ امامیہ جنتری اور اپنے استاد محترم بزرگ روحانی گائیڈ آغا حسین احمد صاحب عامل احمد پور شرقیہ والے حال مقیم بہاولپور کی صحت و سلامتی درازی عمر۔ فراخی رزق اور عزت کیلئے رب کریم کی بارگاہ میں دعائے خیر کا طلب گار ہوں۔

جو بھی شخص علم الاعداد اور علم النجوم سے معمولی سی بھی واقفیت رکھتا ہے تو اس کو تجربہ ہوگا کہ اکثر و بیشتر عدد 8 اور ستارہ زحل۔ نحس ترین اثرات دیتے ہیں۔ اس لئے علم الاعداد میں سے عدد 8 کو نحس ترین عدد۔ اور علم النجوم میں ستارہ۔ زحل کو نحس ترین ستارہ شمار کیا جاتا ہے۔ اور اسے تخت اور تختہ کا ستارہ بھی کہتے ہیں۔ ستارہ زحل کا مقام آسمانوں میں فلک ہفتم (ساتویں آسمان) پر ہے۔ اور یہ مقام حضرت سیدنا جبرائیل علیہ السلام ہے۔ ستارہ زحل کے موکل فرشتہ کا نام حضرت سیدنا کسفیائیل علیہ السلام ہے۔ زحل کا متعلقہ دن ہفتہ ہے جو حضرت موسیٰ علیہ السلام سے منسوب ہے۔ ستارہ زحل خاکی ہے۔ اور اس کا تعلق خاک سے ہے۔ اس لئے یہ ستارہ زمین کی متعلقہ تمام چیزوں پر اثر انداز ہوتا ہے زحل اپنی مخفی اور بعید الفہم شعاؤں سے زمین پر اثر انداز ہوتا ہے۔ زحل کی بعض پوشیدہ شعاعیں انسان کی ان نازک حسوں کو بڑھاتی ہیں جو حرکت میں جلد بازی اور ناعاقبت اندیشی لاتی ہیں۔ کاموں میں تخفیف اور ماندگی پیدا کرتی ہیں۔ زحل بارہ برجوں کا دورہ تقریباً تیس (30) سال میں مکمل کرتا ہے۔ زحل کی نظرات قیام و بقا کے معاملات میں نہایت اہم تاثیر رکھتی ہیں اگر یہ نظرات سعد ہوں تو درپیش معاملات میں استحکام پائیداری اور بقا میں ان کا بڑا حصہ ہوتا ہے۔ زحل جب کسی ستارے سے 120 درجے کے فاصلہ پر واقع ہو تو مکمل دوستی کی نظر یعنی نظر مثلث قائم ہوتی ہے۔ اور یہ سعد ترین نظر ہوتی ہے اور اگر کسی ستارے سے 60 درجے کے فاصلے پر ہو تو نیم دوستی کی نظر یعنی نظر تسدیس قائم ہوتی ہے۔ استحکام و جمعیت، تسخیر سلطنت و فتوحات۔ ناموری حکمت اور قیام و استحکام مرتبہ کیلئے شرف زحل۔ اوج زحل۔ اور مثلث شمس و زحل موثر ترین وقت ہوتا ہے۔ شرف زحل اور اوج زحل کا سعد ترین وقت تقریباً 30 تیس سال بعد جبکہ مثلث شمس و زحل کا سعد وقت تقریباً سال میں 2 مرتبہ آتا ہے۔ جب زحل سعد ہو تو اعلیٰ مرتبہ اور اختیارات۔ ترقی۔ نیک ذمہ داری اور اعلیٰ تحفظ دیتا ہے۔ جب نحس ہو تو مصائب۔ الام۔ خوف۔ ڈر۔ امراض امیدوں اور ارادوں میں صدمات لاتا ہے۔ زحل کی نحوست سے ہر شخص زندگی میں کسی نہ کسی طرح ضرور متاثر ہوتا ہے۔ ستارہ زحل 2011 میں شرف کے درجہ پر آیا تھا۔ اور اسی طرح 2016 میں 9 جنوری اور 6 اکتوبر کو اوج کے درجہ پر آیا تھا۔ اب یہ دونوں وقت (شرف زحل اور اوج زحل) 2040 ۔ 2041 میں اور 2046 میں 30 سال کے بعد آئیں گے۔

جہالت، غرور، بخل، حقارت، جھوٹ، بغاوت، کسل (لاپرواہی)، سستی) غم، فکر، نقصان یہ سب کمزوریاں زحل سے وابستہ ہیں۔ زحل کی ساعت نحس ہوتی ہے۔ زحل کی ساعت میں دریا کا سفر کرنا۔ نیا کپڑا خریدنا۔ نیا کپڑا سلائی کیلئے کاٹنا۔ نیا کپڑا پہننا۔ شراکت دوستی شروع کرنا۔ صلح کروانا۔ عورتوں کے پاس جانا۔ بادشاہ۔ وزیر یا امیر کے پاس جانا۔ چوروں بد معاشوں کا پیچھا کرنا عورتوں سے عہد و پیمان کرنا اور نکاح کرنے سے حتی الامکان گریز کرنا چاہیے۔ کیونکہ انجام رنجیدہ خاطر۔ نقصان۔ جدائی طلاق ہوگا۔ زحل کی ساعت میں صلح اور خیر کا کوئی کام نہ کرنا چاہیے ورنہ محنت ضائع ہو جائے گی۔ زحل کی ساعت نحس کام کرنے میں مدد دیتی ہے۔ جیسے تفرقہ ڈالنا، خانہ خراب کرنا، کسی کو سرگرداں کرنا، دشمنوں کو دفع کرنا، ناجائز تعلقات میں دشمنی اختیار کروانا بشرطیکہ مناسب تدابیر اختیار کی جائیں۔ ستارہ زحل کے 2 برج ہیں۔ (1) برج جدی جو خاکی ہے۔ اور (2) برج دلو، جو بادی ہے اس کی متعلقہ دھات۔ سکہ (سیسہ) ہے۔ زحل کو نحس اکبر ستارہ شمار کیا جاتا ہے۔ ستارہ زحل کا متعلقہ عدد 8 ہے۔ اس کو بھی نحس ترین عدد شمار کیا جاتا ہے۔


ایسے افراد جن کا ذاتی مفرد عدد مثلاً رابعہ، شازیہ، عالیہ، عترت، غلام قادر زاہد، نعیم، وسیم، ناصر، اسامہ، فہیم اقبال وغیرہ۔ یا جن کی پیدائش کسی بھی ماہ کی 8-17-26 تاریخ کو ہوئی ہو۔ یا۔ جن کی تاریخ پیدائش کو اگر آپس میں جمع کر کے مفرد کیا جائے تو 8 آئے۔

مثلاً 2-9-1986=6+8+9+1+9+2=35=5+3=8

14-11-1972=2+7+1+9+1+4+1+1+26=6+2=8

5-4-1988=8+8+9+1+4+5+5=35=5+3=8

وہ سب نحس ترین عدد 8 کے زیر اثر ہوتے ہیں۔ جن کی پیدائش کسی بھی سال 23 دسمبر سے 19 فروری کی تاریخوں کے درمیان کسی بھی تاریخ کو ہوئی ہو۔ تو ان سب کا حاکم ستارہ زحل ہوگا۔ ستارہ زحل اور عدد 8 پریشان کرنے والا ستارہ اور عدد ہے۔ عدد 8 کی چند مثالیں یہ ہیں۔ آرمی پبلک اسکول پشاور کا جو افسوس ناک حادثہ پیش آیا۔ تاریخ تھی 16-12-2014=8=1+7=17=1+6+1+2+2+0+1+4 شہدا کی تعداد 134۔ یا۔ 143 دونوں کی مفرد عدد 8 ہی بنتا ہے 26-10-2015 کو پورے ملک میں زلزلہ آیا۔ تاریخ 26 تھی 2+6=8 تاریخ کا مفرد 5+1+0+2+0+1+0+6+2=17




7+1=8 بنتا ہے۔ 10 سال قبل بھی زلزلہ آیا تھا۔ تاریخ تھی 8-10-2005 ہولناک تباہی۔ تقریباً ایک لاکھ افراد موت کے منہ میں چلے گئے۔ اربوں کے اثاثے تباہ و برباد۔ اسامہ کا مفرد 8 بنتا ہے۔ افغانستان کو تباہی سے دوچار ہونا پڑا۔ جناب نواب اکبر بگٹی صاحب جیسی قد آور شخصیت کی المناک موت کی تاریخ 26-8-2006 تھی۔ تاریخ 26 مفرد 8 مہینہ۔ آٹھواں سال 2006 کا مفرد 8 بنتا ہے۔ پاکستان کی ایک نجی ہوائی سروس۔ ایئر بلیو کا طیارہ مارگلہ کی پہاڑی پر اسلام آباد میں گر کر تباہ ہوا۔ اس میں موجود مسافروں کی تعداد 146 اور عملے کے ارکان 6 تھے۔ ٹوٹل 146+6=152=2+5+1=8 مارگلہ کا مفرد 8 بنتا ہے۔ طیارہ کا اسلام آباد کی حدود میں داخل ہونے کا وقت 9 بجکر 35 منٹ۔ مفرد 8۔ مارگلہ کی چوٹی پر گرنے کا وقت 9 بجکر 44 منٹ۔ مفرد 8۔ پائلٹ پرویز اقبال کا ذاتی مفرد عدد 8 جہاز کے پائلٹ کو جہاز اڑانے کا تجربہ 35 سال کا مفرد 8۔ اس طرح عدد 8 سے متعلق بہت سے واقعات ہیں جو بہت پریشانیوں مشکلات اور مصیبتوں سے تعلق رکھتے ہیں۔ مثلاً بانی پاکستان محمد علی جناح صاحب۔ جناح کا عدد 8۔ زیارت میں تکلیف دہ موت۔ ذوالفقار علی بھٹو صاحب۔ بھٹو کا عدد 8۔ 4-4-1979 کو پھانسی دی گئی۔ ضیاالحق صاحب طیارہ میں بم پھٹنے سے ہلاک ہوئے۔ تاریخ تھی 17-8-1988۔ پرویز مشرف صاحب کا مفرد 8۔ ہے اقتدار سے محرومی۔ غریب الوطنی۔ سابق چیف جسٹس افتخار احمد صاحب وکلاء تحریک دو ٹوکتیں یک جا نتیجہ۔ بدترین ہنگامہ آرائی 60 کے قریب ہلاکتیں۔ سینکڑوں زخمی۔ زحل جب ترقی دیتا ہے تو کمال تک پہنچا دیتا ہے اور جب ڈاؤن فال کرتا ہے تو عبرت ناک انجام سے دوچار کر دیتا ہے۔ گویا۔ ستارہ زحل اور عدد 8 کی نحوست تباہ و برباد کر دیتی ہے۔ اللہ تعالیٰ سب کو ہر دکھ اور پریشانی سے محفوظ رکھے۔ (آمین)

**اس مضمون کا مقصد قارئین کو خوف زدہ کرنا، ڈرانا یا پریشان کرنا نہیں ہے۔ بلکہ معلومات میں اضافہ کرنا ہے۔**

اللہ تعالیٰ نے انسانوں کیلئے جہاں دکھ اور پریشانیاں پیدا کی ہیں وہاں ان دکھوں اور پریشانیوں سے بچنے کیلئے علاج بھی عطا فرمایا ہے۔ زحل ہر شخص کے بارھویں۔ پہلے۔ اور دوسرے گھر میں آکر 2½ 7 سال کا ناقص دور دیتا ہے۔ یعنی طالع برج میں آنے سے اڑھائی سال پہلے ہی اس کی نحوست شروع ہو جاتی ہے۔ 7½ سال کے اس عرصہ کو ساڑھ ستی کہتے ہیں۔ پیدائش کے وقت جس گھر میں قمر ہوا سے چوتھے۔ یا۔ آٹھویں گھر میں زحل آجائے تو





اس کو زحل کی نحوست کا 2½ برس کا دور آگھیرتا ہے۔ اس عرصہ کو اڑھیا کہتے ہیں۔ اس عرصہ میں خوف۔ جھوٹی تہمت۔ نزدیکی رشتہ داروں سے بگاڑ۔ اولاد کا فکر اور جسمانی تکالیف کا ڈر رہتا ہے۔ پابندیوں۔ رکاوٹوں۔ ناسمجھ میں آنے والی بیماریوں۔ پریشانیوں اور مخالفتوں سے قدم قدم پر واسطہ پڑتا ہے۔ کام بن بن کے بگڑتے رہتے ہیں۔ کام بڑی مشکل اور دیر سے مکمل ہوتے ہیں۔ کاموں کو بنانے کے تمام ذرائع مکمل ہوں اور یہ امید ہو کہ اب کام مکمل ہونے والا ہے۔ مگر یکدم امید ختم ہو جاتی ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے جیسے کسی نے جادو کر دیا ہو۔ شرف زحل۔ اوج زحل اور تشکیث نحس و زحل کے موقع پر طاقتور دشمنوں کی طاقت ختم کرنے۔ زمین۔ نکاح۔ ملازمت جانے کے خطرہ کو روکنے۔ قوم پر سرفرازی پانے خلقت میں ناموری پانے کیلئے نقوش اور الواح تیار کی جاتی ہیں۔ نحس ترین عدد 8 اور ستارہ زحل کے نحس اثرات کا مستقل توڑ الواح زحل، یا نقش زحل ہے۔

سورج مکھی کے زحل کے صدقات میں۔ کالے ماش۔ کالے چنے۔ کالے تل۔ سورج مکھی کے بیج۔ پرانا لوہا۔ کالا کپڑا۔ گاڑیوں کے انجن کے پرانے کالے تیل میں پانی ملا کر پیپل کے پودے کو لگانا۔ کالا نمک وغیرہ ہے۔ ہفتہ کے دن ان اشیاء میں سے کوئی ایک چیز دینی چاہیے۔ کبھی کچھ کبھی کچھ اس سے زحل کے نحس اثرات سے تحفظ ملتا ہے۔ رب کریم صدقہ محمدؐ و آل محمد علیہ السلام سب کو مصائب مشکلات پریشانیوں سے نجات عطا فرمائے۔ اور اپنی حفظ و امان میں رکھے۔ مضمون کا کوئی جز سمجھ میں نہ آئے تو خط یا فون سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

لعل بخش قلندری (روحانی عامل) 0336-9266110

FREE AMLIYAAT BOOKS
WWW.PAKSOCIETY.COM

## نماز کُن فیکُون

علامہ سید حسن عسکری نقوی (مشہد ایران)
فون 0098 9153106265, 0300 8104565

اگر کسی کا اہم ترین کام یا مشکل ہو بیماری یا تنگدستی ہو۔ شب جمعہ کو غسل کرے اور خلوص کامل کے ساتھ اس عمل کو انجام دے۔

**طریقہ عمل**

**پہلی رکعت** میں الحمد کے بعد (۱۰۰) مرتبہ کہے،

وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْٓ اِلَی اللّٰہِ ط اِنَّ اللّٰہَ بَصِیْرٌ بِالْعِبَادِ (سورہ مومن ۴۴)

**دوسری رکعت** میں سورۂ الحمد کے بعد ۱۰۰ مرتبہ نَصْرٌ مِّنَ اللّٰہِ وَفَتْحٌ قَرِیْبٌ ط پڑھ کر نماز مکمل کرے۔ (الصف ۱۳)

**پہلی رکعت** میں سورۂ الحمد کے بعد (۱۰۰) مرتبہ کہے۔ اَلَآ اِلَی اللّٰہِ تَصِیْرُ الْاُمُوْرُ (الشوریٰ ۵۳)

**دوسری رکعت** میں سورۂ الحمد کے بعد (۱۰۰) مرتبہ اِنَّا فَتَحْنَا لَکَ فَتْحًا مُّبِیْنًا پڑھ کر نماز مکمل کریں

کسی سے کلام کیے بغیر ۱۰۰ مرتبہ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّیْ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ۔ پڑھ کر سجدے میں سر رکھ کر سو مرتبہ غُفْرَانَکَ رَبَّنَا وَاِلَیْکَ الْمَصِیْرُ سجدے سے سر اٹھانے سے پہلے اس کی حاجت پوری ہو جائیگی۔ انشاء اللہ

## نمازِ حاجت (صلوٰۃ المضطر)

☆اس نماز کے پڑھنے سے ایسی جگہ سے اسباب مہیا ہوتے ہیں کہ جہاں سے گمان بھی نہ ہو۔

**پہلی رکعت** یہ نماز دو دو رکعت کر کے پڑھی جاتی ہے۔

نیت کے بعد تکبیر کہہ کر سورۂ الحمد کے بعد پچیس مرتبہ سورۂ مومن کی یہ درج ذیل آیت پڑھے۔ اُفَوِّضُ اَمْرِیْٓ اِلَی اللّٰہِ ط اِنَّ اللّٰہَ بَصِیْرٌ بِالْعِبَادِ

☆رکوع و سجود بجالانے کے بعد دوسری رکعت کیلئے کھڑا ہو۔

**دوسری رکعت** سورۂ الحمد کے بعد پچیس مرتبہ سورۂ انبیاء کی یہ درج ذیل دو آیتیں پڑھے۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ ص اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۝ فَاسْتَجَبْنَا لَہٗ ۙ وَنَجَّیْنٰہُ مِنَ الْغَمِّ ط وَکَذٰلِکَ نُنْجِی الْمُؤْمِنِیْنَ ۝

☆اس کے بعد رکوع و سجود بجالا کر تشہد اور سلام پڑھ کر نماز ختم کرے۔

**پہلی رکعت** نیت کے بعد تکبیر کہہ کر سورۂ الحمد کے بعد پچیس مرتبہ سورۂ آل عمران کی یہ آیت پڑھے۔ حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ

☆اس کے بعد رکوع و سجود بجالا کر دوسری رکعت کے لیے کھڑا ہو۔

**دوسری رکعت** سورۂ الحمد کے بعد پچیس مرتبہ یہ درج ذیل ذکر پڑھے۔

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ

☆رکوع و سجود کے بعد تشہد اور سلام پڑھ کر نماز ختم کرے۔

☆اس کے بعد پچیس مرتبہ صلوٰۃ پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے اپنی حاجات طلب کرے۔

# لوح ردِ جادو، ٹونہ، سحرِ خاص

تحریر محمد اسد اللہ سلیمانی 0300-6501194
ماہر عملیات و تعویزات۔ اوراد و وظائف ملائی کلمہ کو مرشد، جھنگ صدر

قارئین کرام السلام علیکم! ہمیشہ کی طرح اس مرتبہ بھی آپکے لیے خاص عمل لے کر حاضر خدمت ہوں جو کہ جادو ٹونہ و سحر کے توڑ کے متعلق ہے۔ اگر آپ کسی بندش کا شکار ہیں مثلاً کاروبار کا نہ چلنا، ہر وقت گھر میں بلاوجہ لڑائی جھگڑے کا ہونا، بیماری سے جلد صحت نہ ملنا، شادی میں رکاوٹ یا آئے ہوئے رشتے کا دوبارہ نہ آنا، دکان پر گاہک نہ ہونا، بیرون ملک سفر میں بندش کا ہونا۔

**طریقہ عمل** نوچندی جمعرات کو علیحدہ پاک وصاف کمرے میں داخل ہو کر بخور، خوشبودار سلگائیں اور رجال الغیب کو پشت پر رکھیں پھر ساعت مشتری میں مشک و زعفران و عرق گلاب سے مندرجہ لوح مبارکہ گولڈن کاغذ پر دو عدد تیار کریں پھر ساعت مشتری میں مشک و زعفران و عرق گلاب سے مندرجہ ذیل آیات 313 مرتبہ پڑھ کر لوح مبارکہ پر دم کر دیں۔ اسی طرح 41 روز کرنا ہے اور ہر جمعرات کو مولا علیؑ کی نیاز دے کر بچوں میں بانٹ دیں پھر بعد میں علیحدہ، علیحدہ دونوں الواح کو چاندی میں بند کرا کے ایک اپنے پاس رکھ لیں اور دوسری گھر میں لٹکا دیں ان شاء اللہ ہر طرح کی بندش و سحر وغیرہ سے تحفظ رہے گا۔

● بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ○ فَغُلِبُوْا هُنَالِكَ وَانْقَلَبُوْا صٰغِرِيْنَ ○ وَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ سٰجِدِيْنَ ○ قَالُوْا اٰمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ○ رَبِّ مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ (سورہ الاعراف آیت نمبر 118 تا 122)

● بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ○ وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ (سورہ یونس آیت نمبر 81 تا 82)

● بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اِنَّمَا صَنَعُوْا كَيْدُ سٰحِرٍ وَلَا يُفْلِحُ السّٰحِرُ حَيْثُ اَتٰى ○ فَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ سُجَّدًا قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ هٰرُوْنَ وَمُوْسٰى (سورہ طٰہٰ آیت نمبر 69 تا 70)

اور آخر میں عرض ہے کہ کوئی پریشانی آرہی ہو یا کوئی حل نہ مل رہا ہو تو مجھ سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

**لوح مبارکہ یہ ہے**




# صدقہ دینے کے لیے انتہائی سادہ عمل

تمام تر بیماریوں، پریشانیوں، پیچیدہ مسائل کا حل صدقے کے عمل میں پوشیدہ ہے۔ صدقہ دینے سے پہلے مرد، خواتین، باوضو، پاؤں سے جوتے اتار دیں، سر پر ٹوپی، رومال، دوپٹہ رکھیں الٹی ہتھیلی کے ساتھ کرسی، بیڈ پر بیٹھیں۔ دائیں ہاتھ میں مبلغ 50 روپے یا زائد جتنا نکالنا چاہیں رقم لیں۔ پڑھیں بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ مَا شَآءَ اللّٰهُ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ بولتے کیساتھ سر پر روپوں کا دایاں ہاتھ گھماؤ میں صدقہ ادا کرتا ہوں برائے دوری آفات، بلیات، شر شیطانی، شر انسانی، امراض، نفاق، حادثات، حصول صحت و سلامتی قربۃً الی اللہ۔ تین مرتبہ یہ عمل بجالانا ہے رقم سورج غروب ہونے سے پہلے مستحق کو دے دیں۔

**نوٹ** صدقے کے عمل سے خدائے بزرگ و برتر صدقہ دینے والے گھرانے کو حفظ و امان میں لے لیتا ہے۔ علاوہ ازیں وظائف و تعویزات بھی بلا معاوضہ ضرورتمند منگوا سکتے ہیں۔ آپ سب کا خیر اندیش دعا گو محتاج آستانہ عالیہ و مزار مقدسہ پیر سید ساجد حسین شاہ بخاریؒ و خانقاہ والدین وجد بزرگوار۔

بانی و خطیب (پیش نماز) علی مسجد تل سیداں ڈاک خانہ تل خالصہ براستہ کلر سیداں ضلع راولپنڈی 0300-5058699

**نوٹ** علی مسجد زیر تعمیر ہے مخیر حضرات، مفلس، بیوہ، یتیم بچوں کی مالی معاونت فرمائیں بہت سے خاندان لاچارگی اور پریشانی میں زندگی بسر کر رہے ہیں۔





# مکمل حل سحر جادو اور اس کا علاج

تحریر
قاری منیر حسین محمدی
0300-4352315, 0313-8127214
0331-4572500

السلام علیکم! اجتماعی اور انفرادی تمام مسائل کا فقط ایک ہی حل صاحب العصر والزمان کا ظہور ہو۔ سب دعا کریں۔

گذارش ہے جو اس مضمون سے فائدہ اٹھائیں یا انہیں پسند آئے تو اُن کو چاہیے کہ آغا افتخار حسین صاحب کی اہلیہ مرحومہ کے لئے سورۃ الفاتحہ اور تین مرتبہ سورۃ الاخلاص کی تلاوت کریں۔ شکریہ

بہت سارے لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ ہم نمازیں پڑھتے ہیں اعمال اور وظائف بجالاتے ہیں لیکن ہماری دعائیں قبول نہیں ہوتیں پھر بھی ہم مسائل کا شکار رہتے ہیں آخر کیوں؟ اس مختصر مضمون میں جواب سارا تو نہیں دیا جا سکتا مگر تھوڑا سا اجازہ لیا جا سکتا ہے۔ انسان اپنے اصل مقصد کو بھول گیا ہے کہ وہ کس لئے آیا کیوں آیا اور جانا کہاں ہے، کرنا کیا تھا اور کر کیا رہا ہے۔ اس مقصد سے غافل ہوا تو نفس نے آگے کئی مقاصد کھڑے کر دیئے جس کے حصول کے لئے مسلمان اتنا آگے بڑھ گیا کہ لفظ اللہ تو یاد رہا مگر دل میں اللہ نہ رہا اور اس کی معرفت حاصل نہ کر سکا۔ ایک خدا کو ماننے اور اس کی عبادت کرنی تھی بس ایک خدا کا خوف اور اس کی رضا کے لئے سب کچھ کرنا یا نہ کرنا تھا مگر آپ اپنے آپ سے پوچھیں کہ کیا آپ کے دل میں صرف ایک ہی اللہ ہے۔ جواب آئے گا نہیں۔ وہ کیسے اس بات کو کوئی سمجھنے کے لئے تیار ہی نہیں۔ قرآن مجید نے بار بار نشاندہی کی جیسا کہ سورۃ غاشیہ میں فرمایا کیا آپ نے ملاحظہ نہیں فرمایا کہ جس نے اپنا الٰہ معبود ہوائے نفس کو بنا رکھا ہے اور اللہ نے تو اسے گمراہی میں چھوڑ دیا اور اس کی سماعت اور قلب پر مہر لگا دی ہے اور بینائی پر حجاب ڈال دیئے۔ کیا کبھی سوچا ہے کہ یہ لوگ ہم ہی نہ ہوں کیونکہ ہم کبھی بچوں کی خوشنودی اور ان کی ناراضگی سے بچنے کی کوشش کرتے ہیں اور کبھی بیوی کی اور کبھی دنیا کے لوگوں کی اور نفس نے ہمیں دھوکا دیا ہوا ہے کہ ہم ایک خدا کی عبادت کر رہے ہیں۔ آیئے اللہ کیا چاہتا ہے اور جس نفس کو معبود بنا رکھا ہے وہ کیا چاہتا ہے۔ اللہ تعالیٰ مصیبت اور بلا میں ڈال کر آزمائش کرکے اپنے قریب کرنا چاہتا ہے اور نفس مصیبتوں سے آزمائش سے بھاگنے کی کوشش کرتا ہے۔ اللہ چاہتا ہے کہ بندہ میرے خوف میں روئے اور میرے قریب ہو جائے اور نفس ہنسانا اور دوسرے بھلا تا ہے۔ اللہ تعالیٰ بھوکا اور پیاسا بندے کو رکھ کے اپنے قریب لاتا ہے اور نفس پیٹ بھر کے کھانا پینا چاہتا ہے۔ اللہ تعالیٰ محنت مشقت کو پسند کرتا ہے اور نفس آرام اور نیند کو پسند کرتا ہے۔ اللہ اپنی خوشنودی چاہتا ہے اور نفس لوگوں کی بچوں کی، بیوی کی خوشنودی چاہتا ہے۔ بیوی بچوں کو خوش رکھنا چاہیے مگر اللہ کی خوشنودی کے لئے۔ اللہ اپنی محبت چاہتا ہے کہ بندہ مجھ سے محبت کرے اور نفس دنیا کی محبت چاہتا ہے کہ جس میں کوٹھی، کار، بنگلے وغیرہ چاہتا ہے۔ بہر حال بہت لمبی فہرست ہے مضمون طویل ہو جائے گا ایک فکر دینی تھی۔ بدقسمتی سے فکر دلانے والے علماء حق اور عرفاء کو اللہ نے ہم سے ہمارے اعمال بد کی وجہ سے دور کر دیا اگر کوئی ہیں تو وہ خاموش ہو کر پردے میں چلے گئے کیونکہ نفس اپنے خلاف کچھ سننا ہی نہیں چاہتا۔ انہیں نفس کی غفلت نے اور نفس کی پیروی کرتے کرتے انسان بہت سارے مسائل کا شکار ہو جاتا ہے اور پھر جب مشکل میں پڑتا ہے اس وقت دعائیں یا عمل یا وظیفے بجالانے کی کوشش کرتا ہے مگر اس طرح اس کا نتیجہ نہیں ملتا جس طرح ملنا چاہیے۔ اسی طرح جہاں پر مسائل اور بیماریاں نفس کی غفلت کی وجہ سے ہیں وہاں پر سحر جادو کے اثرات کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ سحر جادو سے کیا کیا کیا جا رہا ہے آیئے دیکھتے ہیں

☆ میاں بیوی کے درمیان کیا یک محبت سے نفرت میں بدل دینا۔ ☆ کسی نوجوان حسین لڑکی کا رشتہ باندھ دینا پہلے رشتے آئے ہی نہ اگر آئیں تو کسی کو پسند ہی نہ آئے۔ ☆ مرد اپنے بیوی بچوں پر جان دیتا ہو مگر جادو سے اچانک پورے گھر سے بدظن ہو جائے اور نفرت کرنے لگ جائے۔ ☆ جانوروں پر جادو کیا جاتا ہے تاکہ ان کا دودھ کم ہو جائے اور بیمار ہو کر مر جائیں ☆ عورت کی کوکھ باندھ دی جاتی ہے کہ وہ اولاد کے قابل ہی نہ رہے اگر اولاد ہو بھی تو ضائع ہو جائے۔ ☆ مرد اور عورت کی جنسی خواہشات باندھ دی جاتی ہیں تو ایک دوسرے کے قابل ہی نہ رہے۔ ☆ عورت کا خون جاری کر دیا جاتا ہے کہ ماہواری رکتی ہی نہیں۔ ☆ روزگار باندھ دیا جاتا ہے، تعلیم اور صلاحیت کے باوجود کہیں نوکری نہیں ملتی۔ ☆ بچوں کی تعلیم باندھ دی جاتی ہے کہ وہ پڑھتے ہی نہیں پڑھتے ہیں تو کچھ یاد ہی نہیں ہوتا۔ ☆ مرد ہو یا عورت شدید کسی بیماری میں ڈال دیا جاتا ہے اور بیمار چارپائی پر پڑھ جاتا ہے۔ ☆ جادو سے گھر کو ویران اور برباد کر دیا جاتا ہے۔ اس کی خیر و برکت اٹھ جاتی ہے گھر میں روز لڑائیاں ہوتی ہیں۔ ☆ مرد یا عورت کو ذلیل کر دیا

# مجرب عمل برائے حاجت روائی

اکرام کاظمی شاہ اللہ دتہ اسلام آباد 0300-9491015

ارشاد معصومین علیہم السلام ہے کہ دعا کی ایک اہم شرط خداوند عالم کی معرفت ہے قبولیت کے لیے وسیلہ ٹھیک ہونا لازمی شرط ہے حضرت نوحؑ نے کشتی کے غرق ہونے سے بچنے کے لیے خدا کو محمدؐ و آل محمدؐ کے حق کے طفیل فریاد کی۔ حضرت موسیٰؑ نے دریا میں عصا مار کر کہا۔ اے خدا! محمدؐ و آل محمدؐ کی آبرو کی قسم زمین کو ہمارے لیے ظاہر فرما اور پانی کو دور کر دے اللہ تعالیٰ نے وسیلہ کی معرفت سے زمین کو ظاہر کر دیا اور فوراً دریا میں راستہ بن گیا۔ (امالی صدوقؒ) ہمیں بھی چاہیے کہ خدا کو اس وسیلہ سے پکاریں جس کے صدقے میں سب کی دعائیں قبول ہوتی ہے۔ آج کا یہ عمل بھی محمدؐ و آل محمدؐ کے ارشاد کی روشنی میں پیش کر رہا ہوں نہایت آسان ہے کسی کو اجازت کی ضرورت نہیں ہے کسی بھی مشکل اور پریشانی کے لیے موثر ہے۔

**عمل** عمل نوچندی جمعرات سے شروع کرنا ہے 21 دن کا عمل ہے سب سے پہلے دو رکعت نماز حاجت ادا کریں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ بِاَنَّكَ اَنْتَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ الظَّاهِرُ الْمُطَهَّرُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِيْنَ عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْكَبِيْرُ الْمُتَعَالِ الْمَنَّانُ ذُوالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

وَاَنْ تَفْعَلَ بِيْ كَذَا وَ كَذَا

**ترجمہ** خداوند میں تجھ سے اس لیے سوال کرتا ہوں کہ تو ہی ہمارا معبود ہے اے زندہ اور اے عالم کو سنبھالنے والے بس تو ہی (خدا) ہے تو پاک ہے پاکیزہ ہے تو ہی آسمانوں اور زمینوں کا نور ہے تو ہی غیب اور سائے کی باتوں کو جاننے والا ہے تو ہی بزرگ (اور) برتر ہے تو ہی منان (اور) عظمت و بزرگی کا مالک ہے (خدایا) محمدؐ و آل محمدؐ پر رحمت نازل کر اور ہمارے ان دلی مقاصد کو پورا فرما (کذا و کذا کی جگہ پر اپنے مقصد کا تذکرہ کرے) اسکے بعد سو مرتبہ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ بَدِيْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ذُوالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ اس کے بعد دعا مانگ لیں اور آخر میں دس مرتبہ یا علی ادرکنی یا ابالحسن العشنی یا صاحب الزمان ادرکنی فی سبیل اللہ (امالی صدوق ص 287 بدیۃ الشہید ص 314 جشن نامہ زاد الصالحین ج 5)۔

**نوٹ** اگر آپ کی تاریخ پیدائش کا عدد 8 ہو یا نام کا عدد 8 ہو تو لازمی بات ہے آپ کے ستارے پر بھی آپ پر ساڑھے ستی جھائی ہوئی ہے اور آپ کی شادی اور دیگر کام روکے ہوئے ہیں اس صورت میں پریشان نہ ہوں اوپر والے عمل کے ساتھ ساتھ روزانہ نماز فجر ادا کریں اور 100 مرتبہ سورۃ کوثر اور چاروں قل کی تلاوت کریں مغرب کی نماز سے پہلے روزانہ چنبیلی کے پھولوں کی 5 پتیاں ڈال دیا کریں۔ کالا کپڑا، کالا جوتا پہننا ترک کر دیں کالا کپڑا صرف محرم میں پہنا کریں ان شاء اللہ بہتری آئے گی اور شادی کی بندش ختم ہو جائے گی۔

**تنبیہ** عملیات جنات اور سحر جاتا ہے وہ جہاں بھی جاتے ہیں ذلیل و رسوا ہوتے ہیں۔ ہر کوئی بلاوجہ نفرت کرتا ہے۔ ☆ امیر رئیس یا تاجر پر جادو کر کے بہت سارا نقصان ہو جاتا ہے اور وہ غریب ہو جاتے ہیں۔ ☆ ایسا سحر بھی کر دیا جاتا ہے کہ ایک عورت کی نکاح کرتی ہے مگر پھر بھی ٹوٹ جاتے ہیں۔ ☆ عورت کے حسن و جمال کو بگاڑ دیا جاتا ہے کبھی بال گرنے لگ جاتے ہیں کبھی چہرے پر چھائیاں کی کیل نکل آتے ہیں۔ حسن بگاڑ دیا جاتا ہے۔ بہرحال اس کا مکمل علاج تو یہاں پر درج نہیں کیا جا سکتا البتہ اس کے دفعہ کرنے کے لئے کچھ لکھ رہا ہوں اس سے آپ فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

**نوٹ:** کچھ لوگ سمجھتے ہیں کہ جادو کا علاج جادو سے ہوتا ہے یہ تاثر غلط ہے یا در کھیں گندگی سے نہیں دھوتے۔ اس قسم کا کوئی بھی سحر ہو پہلے نماز توبہ پڑھیں گناہوں سے توبہ کریں اور روزانہ ایک سو مرتبہ سورۃ الفلق اور ایک سو مرتبہ سورۃ الناس پڑھیں نیز ان دونوں سورتوں کے لفظی نقش مربع بنا کر پانی میں ڈال کر تین سو بار سورۃ الفلق اور تین سو بار سورۃ الناس پڑھ کر اس پانی کو چالیس دن تک صبح و شام پئیں۔ انشاء اللہ فائدہ ہوگا۔

مزید معلومات اور مکمل جادو کا کورس حاصل کرنے کے لئے ادارہ سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ **قاری منیر حسین محمدی** 0300-4352315, 0313-8127214, 0331-4572500

**ادارہ روحانی و قرآنی فیض** 745 نیلم بلاک اقبال ٹاؤن لاہور

**انسانیت کی خدمت**
اپنے مسائل کے قرآنی حل کے لیے رابطہ کریں
سید امتیاز حسین رضوی 0321-4352074
صبح 10 تا شام 4 بجے

جادو، سحر، شیطانی تعویذات، اور دیگر روحانی مسائل کے حل کے لیے رابطہ کریں
مولانا سید صبیح حیدر شیرازی 0335-2914140
283 بلاک گلشن رادی، لاہور۔ اوقات صبح 10 تا 12 بجے دن





# امراض کا قرآنی حل

حاجی عابد حسین جارا 0308-5691283
بمقام دارالکفالہ جارا تحصیل پہاڑ پور ضلع ڈیرہ اسماعیل خان

قارئین کرام السلام علیکم! دعا ہے کہ خداوند کریم تمام قارئین امامیہ جنتری کو اپنے حفظ و امان میں رکھے اور ادارہ افتخار یک ڈپو کو ترقی عطا فرمائے کہ جنہوں نے قارئین اور ہمارے درمیان رابطہ کروایا۔ گزشتہ امامیہ جنتری 2013 میں بھی اس عنوان کا ذکر ہو چکا ہے اس عمل و نقش کی آج کل بہت ضرورت ہے تا کہ قارئین امامیہ جنتری زیادہ مستفید ہوں بیماریوں اور پریشانیوں سے نجات پائیں۔

## نظر بد، جن و انس، خلل آسیب، سحر و جادو اور باقی جسمانی امراض کا روحانی علاج

اگر کسی مریض پر اس قسم کے اثرات ہوں یا کوئی جسمانی مرض ہو تو ان 2 نقوش کو ٹھیک دن ٹھیک ساعت میں عرق گلاب و زعفران کے ساتھ نمبر 1 نقش لکھے اسکے بعد نمبر 2 کے 7 عدد نقش لکھے نمبر 1 نقش موم جامہ کر کے جائے میں بند کروا کر اور نیلا دھاگہ ڈال کر مریض کے گلے میں یا دائیں بازو پر باندھ دیں نقش کو پانی سے گیلا ہونے سے بچانا ہے۔ نمبر 2 نقش کے 7 عدد نقش لکھے ہیں ایک نقش کا پانی 3 دن تک روزانہ 2،2 گھونٹ صبح دوپہر شام مریض کو پلا دیا کریں 7×3=21 دن تک مریض کو پانی پلانا ہے ان شاء اللہ تعالیٰ اگر مریض جسمانی مرض میں مبتلا ہے یا نظر بد، جن و انس، خلل آسیب، سحر جادو کا شکار ہے 21 دن کے اندر مکمل شفائے کاملہ نصیب ہوگی بحق محمدؐ و آل محمدؐ۔

## جس لڑکے یا لڑکی کی شادی نہ ہوتی ہو:

تو اس نقش نمبر 1 کو عرق گلاب و زعفران سے بروز جمعہ زہرہ کی ساعت میں لکھ کر سبز ریشمی کپڑے میں سی کر بچی یا بچہ کے گلے میں یا دائیں بازو پر باندھ دیں اور نمبر 2 نقش کے 7 نقش لکھ کر ہر نقش کا پانی صبح شام 2،2 گھونٹ پی لیا کریں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ 40 دن کے اندر اندر نصیب کھل جائیگا اور رشتہ ہونے کے اسباب پیدا ہو جائیں گے۔ نقش کے نیچے مقصد ضرور لکھیں۔ الٰہی بحرمت اس نقش کے فلاں بن فلاں کا اچھی جگہ رشتہ ہو جائے۔

## ملازمت نہیں ملتی یا روزگاری ہے


اس نمبر 1 نقش کو بروز اتوار شمس کی ساعت میں لکھ کر ساتھ ہی 2 نمبر نقش کے 7 نقش لکھے۔ نمبر 1 نقش کو سفید کپڑے میں سی کر گلے میں یا دائیں بازو پر باندھ لے۔ 7 نقش کا پانی 21 دن تک پئے ہر نقش کا پانی صبح و شام 2،2 گھونٹ 3 دن تک پئے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ 40 دن کے اندر اندر روزگار، ملازمت مل جائیگی نقش کے نیچے مقصد ضرور لکھیں۔ الٰہی بحرمت اس نقش کے فلاں بن فلاں کو جلد ملازمت، روزگار ملے۔ الساعت الساعت الساعت۔

**نوٹ:** میرے تمام نقوش جو کہ گزشتہ امامیہ جنتریوں میں چھپ چکے ہیں سب پر تاثیر ہیں صرف یقین کامل کے ساتھ عمل کرنے کی ضرورت ہے۔ آخر میں دعا ہے کہ خداوند کریم بحق محمدؐ و آل محمدؐ آپ سب کو اپنے حفظ و امان میں رکھے ہر دکھ، غم، بیماری، پریشانی دور ہو تمام دینی و دنیاوی جائز حاجات پوری ہوں آپ تمام کو اپنے اپنے مقاصد میں کامیاب فرمائے۔ **دعاگو** حاجی عابد حسین جارا

**وضاحت** نمبر 1 نقش کے اوپر بسم اللہ، سورۂ فاتحہ، سورۂ توحید، آیت الکرسی لکھی گئی ہے۔ دائیں طرف سورۃ کافرون، بائیں طرف سورۃ فلق اور نیچے سورۃ والناس لکھی گئی ہے۔

### نقش نمبر 1

یاجبرائیل




یاعزرائیل



یااسرافیل

یامیکائیل

### نقش نمبر 2



# درود شریف کے فضائل اور نادر وظائف

بمقام دُکانہ خاص قائم بھروانہ تحصیل شورکوٹ ضلع جھنگ 0334-7725399 مولوی انور علی لکھ درودی

قرآن مجید میں ہے کہ خدا اور فرشتے رسولؐ خدا پر درود بھیجتے ہیں اے مومنین! تم بھی ان پر درود وسلام بھیجو۔ جناب رسولؐ خدا فرماتے ہیں کہ جو کوئی مجھ پر ایک مرتبہ درود بھیجتا ہے حق تعالیٰ اس پر دس مرتبہ درود بھیجتا ہے اور جو مجھ پر 100 مرتبہ درود بھیجے خداوند کریم اس پر کبھی جہنم میں عذاب نہیں کرے گا۔ حضرت امام رضاؑ سے منقول ہے کہ جو شخص کسی ایسے عمل پر قادر ہو جو اسکے گناہوں کا کفارہ ہو جائے تو وہ محمدؐ و آل محمد ﷺ پر درود بھیجا کرے۔ حضرت امام جعفر صادق ؑ سے منقول ہے کہ ایک روز جناب رسول خدا ﷺ نے فرمایا کہ یا علیؑ جبرائیلؑ نے تعجب کے ساتھ مجھ کو ایک خبر دی ہے کہ میرا امتی جب مجھ پر درود بھیجے گر میرے اہلبیتؑ پر بھی درود بھیجتا ہے تو حق تعالیٰ فرماتا ہے کہ میں اسکے لیے آسمان کے دروازے کھول دیتا ہوں اور فرشتے اس پر 70 درود بھیجتے ہیں۔ اگر وہ گنہگار ہوگا تو گناہ اس سے اس طرح جھڑ جائیں گے جس طرح درخت سے پتے جھڑ جاتے ہیں اور جب میرا اُمتی مجھ پر درود بھیجے مگر میرے اہلبیتؑ کو ملا کر درود نہ بھیجے تو اس درود اور آسمان کے درمیان 70 حجاب یعنی رکاوٹ ہونگیں اور حق تعالیٰ فرمائے گا لا لبیک ولا سعدیک اے فرشتوں! اسکی دعا کو اُبھرنے مت دو جب تک یہ نبیؐ سے ان کی عترت کو ملا دے۔

حضرت مولانا شاہ عبدالحق محدث دہلوی فرماتے ہیں کہ درود شریف پڑھنے والا دریائے رحمت کا تراک ہے ✱ حضرت انسؓ فرماتے ہیں کہ جب دو مسلمان مصافحہ کرتے وقت درود پڑھتے ہیں تو ان کے جدا ہونے سے پہلے اللہ تعالیٰ ان کے سب گناہ معاف کر دیتا ہے ✱ شرح احیاء علوم دین میں روایت ہے کہ کثرت سے رسول خدا ﷺ پر درود پڑھنا افلاس و غربت کو دور کرتا ہے ✱ جو چاہے کہ اس کے اعمال بڑے ترازو میں تمہیں اس کو چاہیے کہ سرکار رسالت مآب ﷺ پر کثرت سے درود کی تلاوت کرے ✱ جسے کسی کو مشکل پیش آئے تو اس کو چاہیے کہ مجھ پر درود کی کثرت کرے (حدیث نبویؐ) ✱ جب کوئی چیز بھول جاؤ تو مجھ پر درود پڑھو ان شاء اللہ یاد آجائے گی۔ ✱ جو شخص مجھ پر جمعہ کی رات 100 مرتبہ درود پڑھے گا وہ کبھی محتاج نہیں ہوگا

## درود شریف کے چند نادر وظائف

کبھی کوئی مشکل آن پڑے تو بہترین عمل یہ ہے کہ کثرت سے درود پڑھو محمدؐ آل محمدؐ کا واسطہ دیکر اللہ کو پکارو تمام مشکلات دور ہو جائیں گی ✱ حصول حاجت کے لیے 14000 مرتبہ درود پڑھے اور چہاردہ معصومین ؑ کی ارواح کو ہدیہ کرے اس طرح کہ پہلے ہزار روح پاک سرکار رسالت مآب ﷺ دوسرا ہزار روح پاک حضرت امیر المومنین علی ابن ابی طالب ؑ کو تیسرا ہزار جناب حضرت فاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیہا کو اور باقی معصومین ؑ کو ان شاء اللہ مقصد ضرور پورا ہوگا ✱ برائے حصول اولاد کسی شب جمعہ سے عمل شروع کر کے 40 دن تک دو رکعت نماز حاجت پڑھنے کے بعد اول و آخر 1100 مرتبہ محمدؐ و آل محمدؐ پر درود پڑھے پھر ایک ہزار مرتبہ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ پڑھیں ان شاء اللہ مراد پوری ہوگی ✱ طلب حاجت کے لیے 786 مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اور 786 مرتبہ درود پاک

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

پڑھ کر دعا مانگیں ان شاء اللہ مراد پوری ہوگی۔

✱ رزق کی فراوانی کے لیے کسی نماز کے بعد 70 دن تک وقت معینہ پر خلوت میں حضور قلب کیساتھ ہر روز 70 مرتبہ یَا بَاسِطُ پڑھے اول و آخر ایک ایک تسبیح درود کی تلاوت کرے غیب سے رزق ملے گا۔

**انمول تسبیح** شیخ بہائی نے لکھا ہے کہ اگر کوئی صبح کی نماز کے بعد سورۂ توبہ کی یہ آیت نظم 11 مرتبہ پڑھ کر ہاتھوں پر دم کر کے منہ پھیرے تو وہ اللہ کی امان میں رہیگا۔

حَسْبِيَ اللّٰهُ ۖ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۭ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ۝ (التوبہ ۔ ۱۲۹) میرے لیے اللہ کافی ہے اس کے علاوہ کوئی معبود نہیں میں اس پر بھروسہ کرتا ہوں اور وہ عرش عظیم کا رب ہے

☆ ہر پریشانی کے واسطے نماز فجر کے بعد اکتالیس مرتبہ اس وظیفہ کو پڑھیں پریشانی دور ہوگی۔

فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ ۚ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ رَبِّ اَنِّىْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ وَاَنْتَ خَيْرُ النّٰصِرِيْنَ

تیرے لیے اُن سے اللہ کافی ہے اور وہی سننے جاننے والا ہے میرے رب میں مغلوب ہوں تو مدد فرما اور تو سب مدد کرنیوالوں سے بہتر ہے





# مجرب و سریع التاثیر عملیات و اورادِ برائے حصولِ اولاد، حصولِ مراد

تحریر
قاری غلام عباس قادری قلندری
0321-9794752
0347-7641152

محترم قارئین امامیہ جنتری تسلیمات! محترم آغا افتخار حسین صاحب اور اُن کے ادارہ کے تمام محترم ممبران کی صحت و سلامتی کے لئے اور ان کے مرحومین کے درجات کی بلندی کے لئے رب غفور و رحیم کی بارگاہ میں متمنی ہوں۔ 2015ء اور 2016ء کی امامیہ جنتری میں میری شائع شدہ تحریروں کو جو پذیرائی ملی اس کے لئے میں رب کریم کا، حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم و آل محمد ﷺ کا بے حد شکر گذار ہوں۔

2017 کی امامیہ جنتری کے توسط سے انتہائی مجرب و سریع التاثیر عملیات اور اورادِ برائے حصول اولاد (حصول مراد) قارئین امامیہ جنتری کے لئے حاضر ہیں۔

حضرت امام زین العابدین علیہ السلام سے مروی ہے، کہ اس دعا کو روزانہ 70 مرتبہ پڑھ کر رب کریم کی بارگاہ میں نیک صالح اولاد نرینہ کے لئے دعا مانگا کریں۔ اول و آخر درود پاک 11 مرتبہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ رَبِّ لَا تَذَرْنِىْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْوٰرِثِيْنَ ۔ وَاجْعَلْ مِنْ لَّدُنْكَ وَلِيًّا يَّرِثُ مِنْ اٰلِ يَعْقُوْبَ فِىْ حَيٰوتِىْ وَيَسْتَغْفِرُلِىْ بَعْدَ مَمَاتِىْ وَاجْعَلْهُ خَلْقًا سَوِيًّا وَّلَا تَجْعَلْ لِّلشَّيْطٰنِ فِيْهِ نَصِيْبًا ۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ اِلَيْكَ اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ

ان آیات کو حیض سے پاک ہو کر غسل کر کے عورت (بیوی) زعفران سے لکھوا کر پانی میں ڈالے سوتے وقت وہ پانی پی لیا کرے اور اپنے خاوند سے ہمبستری کرے ان شاء اللہ حاملہ ہوگی۔

فَلَمَّا تَغَشّٰهَا حَمَلَتْ حَمْلًا خَفِيْفًا فَمَرَّتْ بِهٖ فَلَمَّآ اَثْقَلَتْ دَّعَوَا اللّٰهَ رَبَّهُمَا لَئِنْ اٰتَيْتَنَا صَالِحًا لَّنَكُوْنَنَّ مِنَ الشّٰكِرِيْنَ

یہ بات کئی بار تجربہ میں آچکی ہے کہ اس دعا کو زعفران و عرق گلاب سے لکھ کر یا لکھوا کر عورت اپنے دائیں بازو پر باندھے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ يَا اَللّٰهُ ۔ يَا اَللّٰهُ ۔ يَا اَللّٰهُ ۔ يَا رَبِّ ۔ يَا رَبِّ ۔ يَا رَبِّ ۔ يَا حَيُّ ۔ يَا قَيُّوْمُ ۔ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ۔ يَا حَيُّ ۔ يَا قَيُّوْمُ ۔ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الْعَظِيْمِ الْاَعْظَمِ اَنْ تَرْزُقَنِىْ وَلَدًا صَالِحًا طَيِّبًا بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

**حب انھرہ:**

**اجزا:** مکھاں، رسونت، الائچی خورد، مرچ سیاہ، ہر ایک 10-10 گرام

ان تمام اشیاء کو اس نقش کے پانی میں رگڑ کر چنے کے برابر گولیاں بنالیں روزانہ استعمال کریں۔ پانی تقریباً 3 چمچا تک، نقش یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | ۹ | ۲ | ۷ | ۸ | ۱ | ۶ |
| یا اللہ | یا اللہ | ۴ | ۶ | ۸ | ۳ | ۵ | ۷ |
| | | ۵ | ۱۰ | ۳ | ۴ | ۹ | ۲ |

**پرہیز:** ترش اشیاء، کچا تیل، بڑا گوشت اور سوتک (ماتم، مرگ والے گھر جانے سے پرہیز کریں۔)

**نقش میسنی** (برائے حصول اولاد)




عروج ماہ میں چاند کی 3 تاریخ کے بعد تین نقش زعفران و گلاب سے اتوار کے دن لکھیں۔ جمعہ کی رات سے (شب جمعہ سے) دودھ میں دھو کر تین دن تک میاں۔ بیوی پئیں اور تینوں دن میاں بیوی مباشرت کریں۔ ان شاء اللہ حمل ہوگا

اولاد کے لیے تحریر کردہ یہ قرآنی دعائیں اور نقوش سعد وقتوں میں زعفران سے لکھے ہوئے رابطہ کر کے ہمارے ادارہ سے حاصل کر سکتے ہیں، ہر ستارے کے شرف و اوج کی تیار شدہ الواح دستیاب ہیں۔

# صرف ایک ہی راستہ صدقہ، صدقہ صدقہ وسیلہ نجات

سید مبارک حسین کاظمی
شاہ صاحب
R-31 فیز III ڈیفنس گارڈن
ابوالحسن اصفہانی روڈ کراچی

تمام محبوستوں، لاعلاج مریضوں، مالی پریشانیوں، مشکلات، آفات، بلیات، مصیبتوں، جان و مال کی حفاظت، حادثات، شرشیطانی، شرانسانی، لڑائی جھگڑا، نفاق سے نجات کے لیے صدقہ دینے/دعا کرنے اور خدا سے پناہ طلب کرنے سے بہتر کوئی چیز وارد نہیں ہوئی، صدقے کی فضیلت و خواص اور اہمیت، اور آئمہ معصومینؑ کے ارشادات پیش خدمت ہیں ان سے استفادہ کریں اور مجھ حقیر کو اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں اور پروردگار آغا مختار حسین صاحب، متعلقین کو صحت و سلامتی عطا فرمائے اور بانی امامیہ جنتری آغا نثار احمد مرحوم کی مغفرت فرمائے آمین۔

- راہ خدا میں صدقے کی عجیب و غریب اہمیت ہے صدقہ مال میں کمی کا باعث نہیں بنتا بلکہ زیادتی کا باعث بنتا ہے صدقہ دینے والے کو اس سے کئی گناہ زیادہ فائدہ ہوتا ہے
- حضرت رسول خدا ﷺ کا ارشاد گرامی ہے کہ بیماری کو چار چیزیں ختم کرتی ہیں 1 صدقہ 2 علاج 3 پرہیز 4 ٹھنڈے پانی میں کپڑا تر کر کے ماتھے پر رکھنا
- صدقہ آخرت میں آتش جہنم سے نجات کا باعث بنتا ہے
- جب بھی سفر کا آغاز کرو اپنا سفر صدقے سے شروع کرو اور آیت الکرسی پڑھ لیا کرو
- صدقہ آسمانی بلاؤں کو دور کرتا ہے
- صدقہ بری موت کو ٹالتا ہے
- صدقہ دنیا میں آفتوں، بلاؤں اور بیماریوں کو دور کرتا ہے
- شافع محشر ﷺ کا ارشاد ہے صدقہ دینے والوں کو صدقے کی وجہ سے قبر کی گرمی نہیں ستائے گی
- رسول مقبول ﷺ فرماتے ہیں صدقہ دیا کرو ایسا کرو گے تو جہنم سے چھٹکارہ پاؤ گے
- امام رضا علیہ السلام کا فرمان ہے کہ صدقہ مریض کو مرض موت سے بچاتا ہے
- پیغمبر اسلام ﷺ کا ارشاد گرامی ہے جب لوگ صدقہ دینا چھوڑ دیتے ہیں تو بیماریاں بڑھ جاتی ہیں
- امام جعفر صادق علیہ السلام کا ارشاد پاک ہے کی سرکار ختم المرسلین ﷺ نے حکم دیا ہے کہ لوگوں صدقہ نکالا کرو اس سے تمہاری آمدنی بڑھے گی
- صدقہ آخرت میں آتش جہنم سے نجات کا باعث بنتا ہے
- حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا 4 چیزیں جنت کی دعوت دیتی ہیں 1 مصیبت کا چھپانا 2 صدقہ پوشیدہ طور پر دینا 3 والدین سے نیکی کرنا 4 بکثرت لا الٰہ الا اللہ پڑھنا
- حضرت رسول خدا ﷺ کا ارشاد ہے قیامت کی زمین آگ کی طرح دہک رہی ہوگی مگر مرد مومن پر سایہ ہوگا اس سائے کو اسکے دیئے ہوئے صدقے کی کرامت جائیں
- حضرت امیر المومنین علیہ السلام فرماتے ہیں کہ اللہ نے تجھے جو کچھ دیا ہے اس میں سے اسکی راہ میں صرف کرو خدا کے نام پر خرچ کرنے والے کو مجاہد کا درجہ ملتا ہے
- سرکار نبی اکرم ﷺ کا ارشاد ہے صدقہ دیا کرو خواہ ایک کھجور کیوں نہ ہو
- صدقہ ناگہانی اموات دور کرتا ہے
- حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا بہترین نیکی صدقہ چھپا کر دینا، والدین سے حسن سلوک کرنا اور صلہ رحمی کرنا ہے
- صدقہ دینے والا کبھی بری موت سے نہیں مرتا
- صدقہ حتمی قضا کو دور کرتا ہے
- صدقہ دیکر کسی پر احسان نہ جتائیں ورنہ اللہ اس عمل خیر کو ختم کر دے گا
- صدقہ 70 قسم کی بلاؤں کو ٹال دیتا ہے
- صدقہ ایک کامیاب دوا ہے
- صدقہ مال و دولت کو زیادہ کرتا ہے
- حضرت امام زین العابدین علیہ السلام کا ارشاد ہے کہ جب کوئی کسی محتاج کو صدقہ دیتا ہے اور وہ اسکے لیے دعا کرتا ہے تو اسکی دعا قبول ہوتی ہے
- حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا رات کا صدقہ بری موت کو ختم کر دیتا ہے اور 70 بلاؤں کو دور کرتا ہے، دن کا صدقہ خطاؤں کا ایسے ختم کر دیتا ہے جیسے پانی نمک کو نیز دن کا صدقہ مال میں زیادتی اور عمر میں اضافے کا باعث ہوتا ہے
- حضرت امام صادق علیہ السلام نے فرمایا صدقہ دینے سے افلاس دور ہوتا ہے اور عمر بڑھ جاتی ہے
- صدقہ سے گناہ ایسے مٹ جاتے ہیں جیسے پانی سے آگ بجھ جاتی ہے
- صبح کا آغاز صدقے سے کرو اس سے دن کی نحوست دور ہوتی ہے اسی طرح رات کا آغاز صدقے سے کرو اس سے رات کی نحوست دور ہوتی ہے
- صدقہ رزق کا دروازہ کھولنے کی کنجی ہے
- صدقہ مال و دولت اور رزق میں اضافہ کرتا ہے
- حضرت امام سجاد علیہ السلام نے فرمایا پوشیدہ صدقہ اللہ تعالیٰ کے غضب کی آگ کو بجھاتا ہے رات کا صدقہ اللہ تعالیٰ کے غضب کو ٹھنڈا کرتا ہے
- صدقہ ردبلا ہے
- حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں صدقہ دنیا میں پیش آنے والی 70 مصیبتوں کو دور کرتا ہے
- حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کا ارشاد گرامی ہے کہ حقیقی مومن وہ ہے جو اپنے مال سے محتاجوں کی مدد کرتا ہے
- حضرت علی علیہ السلام کا ارشاد گرامی ہے کہ سخاوت، بخشش ناموس کی نگہبان ہے
- حضرت محمد ﷺ کا ارشاد گرامی ہے کہ صدقہ خدا کے غیض و غضب سے بچاتا ہے۔





# علم رمل کی افادیت

مولانا محمد علی عابد قنبری
abidqambary@gmail.com

نوٹ: سوال کرنے والے حضرات دو رکعت نماز حاجت پڑھ کر یہ نیت رکھتے ہوئے کہ اللہ سب کچھ جاننے والا ہے اور بندہ فقط کوشش کرنے والا ہے اپنا مسئلہ ذہن میں رکھ کر 1 سے 16 کے درمیان چار عدد لکھ کر پھر فون کریں۔ ہدیہ فی سوال 300 روپے اوقات رابطہ صبح 10 بجے سے شام 4 بجے تک

0302-2830786 Skyp:. Abid.qambary 0315-2266569.0341-2827585

ہر چیز کا اس زمانے میں ہے جس کی نشان دہی امیر المومنینؑ نے کی تھی۔ کہ ایک ایسا زمانہ آئے گا جب لوگ نماز کو ماردیں گے، امانت ضائع ہو جائیگی، سود کھائیں گے، رشوت لیں گے، دنیا کے عوض دین کو فروخت کریں گے، قتل کرنے کو معمولی بات سمجھیں گے، ظلم پر فخر کیا جائے گا، دانشمند قابو ہوگا، دیندار ظالم ہوگا، تلاوتِ قرآن فاسق ہوگا، مساجد آراستہ ہوں گی، مینار بلند ہوں گے، دنیا کا حرص اس قدر بڑھ جائے گا کہ عورتیں مردوں کے ساتھ مل کر تجارت کریں گی، خائن کو امین سمجھا جائے گا، آلاتِ غنا عام ہو جائیں گے، عورتیں گھوڑ سواری کریں گی، ہر عورتوں کی اور عورتیں مردوں کی شبیہ بنیں گے صرف ایک دوسرے کی دوستی نبھانے کی خاطر حق کو ناحق کو اپنی دی جائیں گی، بھیڑیوں کے لباس میں بھیڑیے ہوتے اور ان کے دل مردار سے زیادہ بدبودار اور ایلوے سے زیادہ کڑوے ہوتے ہیں۔ آیا ان نشانیوں میں سے کوئی ایسی ہے جو ہمارے درمیان نہیں ہے کوئی ایسا طریقہ ہے کہ ان سے بچا جائے تو ایک حل تو میرے پاس ہے کہ غلط انسان اپنے آپ کو تیار کرے اور حاتم طائی کی ان چار باتوں پر عمل کرے اور دنیا کے تمام ملکوں سے چھٹکارا حاصل کر لے۔ 1) جو رزق میری قسمت میں لکھا ہے وہ نہ تو زیادہ ہو سکتا ہے نہ تو کم اس کے لیے زیادہ کی طلب سے کیا فائدہ ہو جائے۔ 2) اللہ کا جو حق مجھ پر ہے وہ میرے سوا کوئی دوسرا ادا نہیں کر سکتا اس لیے میں اس کی ادائیگی میں مشغول ہو جاؤں۔ 3) ایک چیز مجھے اطمینان دیتی ہے اور وہ میری موت ہیں اس سے بھاگ تو نہیں سکتا لہٰذا اس کے ساتھ گھبرانا کو عجلی ذاتی طور پر اس کے لیے تیار ہو جاؤں۔ 4) پھر اللہ مجھ سے باخبر ہے میرے بے کاموں کی تفصیل اس کے سامنے ہے لہٰذا اسی شرم کے بارے کہ کہیں سے دور ہو جاؤں۔ میرے خیال میں ہماری اصلاح کی یہ چیزیں کافی ہیں۔ جو بھی ان پر عمل کریگا یہ یقیناً ایک صدقہ جاریہ ہے جس کے ثواب کا حق آغا نثار احمد (مرحوم) بانی امامیہ جنتری دارد اور میرے دادا مولانا نقیر محمد جعفری (مرحوم) کی بلند درجات کے لیے اور خصوص آغا اختار حسین کی اہلیہ (مرحومہ) کے لیے اور جمیع مومنین و مومنات مرحومین کے لیے سورۃ فاتحہ کی درخواست کرتا ہوں اور دعا گو ہوں آغا مختار حسین اور میرے والدین کی طویل عمر و صحت کے لیے۔

علم رمل کوئی علم غیب نہیں ہے بلکہ غیبیات کی تین قسمیں ہیں ایک غیب صرف اللہ کے لیے مختص ہے دوسرا غیب اس کے رسول انبیاء کرام اور آئمہ طاہرینؑ کے لیے مختص ہے اور تیسرا علم مخلوقات میں اس نے ودیعت کر رکھا ہے جو آثار کے مناسبت ہیں ظاہر ہوتا ہے آثار اس کے ہونے کے دلیل دیتے ہیں جبھی، بہت سارے ہیں لیکن کوئی آدمی کہہ دے کہ آج بارش ہوگی اس طرح رمل میں بزرگوں نے بہت سارے قواعد کے ہیں جن کے ذریعے انسان کے ماضی، حال، مستقبل کے بارے میں مطلع کیا جا سکتا ہے بہر حال یہ حتمی نہیں ہے بس اتنا ہے کہ ایسا ہو سکتا ہے لہٰذا آپ احتیاط سے اس منزل سے گزر جائیں امسال ہم کچھ بزرگوں کے کلیوں پر ذیل کا جواب تحریر کریں گے تاکہ ان کی روح بھی مثاب ہو جائے اور لوگوں کو بھی پتہ چلے کہ بزرگوں نے علم رمل کے لیے کیا خدمات انجام دی ہیں۔

## نصیر الدین طوسی کا کلیہ

اگر سائل نے سوال کیا کہ علم حاصل ہو سکتا ہے یا نہیں اور فون کے ذریعے چار نمبر 8-7-2-14 لکھوائے




باب کلیہ کرنے کے بعد خانہ اول اور خانہ نہم کو دیکھو اگر دونوں سعد ہیں اور عنصر اربعہ نیک ہے تو بہت زیادہ علم حاصل کرے گا اور اگر خانہ بد میں عنصر اربعہ بد ہو اسے علم حاصل ہوگا اس کے برعکس اگر مقلہ میں آجائے اور خانہ نہم سعد ہو تو یہ بھی دلیل حصول علم ہے۔

جواب خانہ اول میں نحس ہے جو نحس ہے اور خانہ نہم میں طریق ہے جو سعد ہے اور طریق کا عنصر ہوا چار اور ہم میں بھی آپ کے لہٰذا اشکالات آئیں گی مگر علم ضرور حاصل ہو جائے گا۔


## ابوتراب نقشی کا کلیہ

سائل نے سوال کیا مجھ کو کس عمر میں دولت حاصل ہوگی اور فون کے ذریعے چار نمبر 6-11-2-3 لکھوائے




نقش طالع کو شکل دہم سے ضرب دیکر جو نتیجہ برآمد ہوا اگر وہ نتیجہ لیکن، نصرۃ الداخل، عقیدۃ الداخل، فرح قبض الداخل، نصرۃ الخارج ان میں کوئی شکل ہو اور امہات میں تکرار آئے تو دولت اوائل عمر میں نصیب ہوگی۔ دولت میں تکرار آئے جوانی میں دولت میسر ہوگی اگر تکرار مولات میں ہو تو چالیس سال کی عمر میں دولت ہاتھ آئے گی اور جو زوائد میں ہو تو بڑھاپے میں دولت ملے گی اور جو سب جگہ تکرار ہو تو تمام عمر دولتمند رہے اور کہیں تکرار نہ ہو تو تمام عمر مفلسی میں گزارے گا۔

جواب: شکل طالع کو شکل دہم سے ضرب دی



نتیجہ لیکن نکلا اور تکرار اس کا مولات میں ہے اس کا مطلب کہ چالیس سال کے بعد دولت ہاتھ آئے گی۔

**سید اصغر علی شاہ فون پوری کا کلیہ**

سائل نے سوال کی کہ میں کوئی جگہ خریدنا چاہتا ہوں وہ میرے لیے کیسی رہے گی اور فون کے ریسیے چار نمبر 5-1-15-11 گھمائے؟

زائچہ کشید کرنے کے بعد خانہ چہارم کو دیکھا گر اس میں اشکال نصرۃ الکارح اور کیان آئے تو اس کا خریدنا بہتر ہے اور اگر اس میں اشکال قبض الکارح جمرہ، عقلہ آئے تو خریدنا منحس ہے اور اگر اس میں اشکال قبض الداخل ناصرۃ الداخل یا یاس بطریق آئے تو خریدنا مبارک اور منافع کامل ہوگا اور اگر عقلہ الداخل، داجتماع، عقلیہ الکارح، فرح، بطریق نقی الداخلہ آئے تو خریدی تو جائے گی لیکن جلد فروخت ہو جائے گی اور ہاتھ سے قبضہ چلا جائے گا۔





جواب: خانہ چہارم کو دیکھیں اس میں فرح ہے لہٰذا خریدنا منافع کا ہیں ہے کیونکہ جلد فروخت ہو جائے گی اور قبضہ بھی جلدی ختم ہو جائے گا

**شاہ عبداللہ ایرانی کا کلیہ**

سائل نے سوال کیا کہ میرا بیٹا زندہ ہے گا یا انتقال کر جائے گا فون کے ریسیے چار نمبر 10-2-11-7 گھمائے

زائچہ کشید کرنے کے بعد اگر خانہ ششم میں اجتماع ہو اور خانہ ہفتم میں یاس ہو یا کیس خانہ اول میں ہو اور عقلہ خانہ چہارم میں ہو تو دونوں صورتوں میں موت واقع ہو جائے گی، اور اس کے علاوہ کوئی بھی اشکال ہو تو وہ مرض سے مریض سے شفاء پائے گا۔




جواب۔ مذکورہ بالا اشکال کسی خانے میں نہیں ہے لہٰذا مریض شفا پائے گا۔

**خواجہ رومی کا کلیہ**

اگر سائل سوال کرے کہ مال چوری ہو گیا یا گم ہو گیا یا کسی رکھ کر بھول گیا فون کے ریسیے چار نمبر 13-2-14-5 گھمائے؟

زائچہ کشید کرنے کے بعد خانہ دوم دیکھا جائے سعد داخل ہے چوری نہیں ہوا کہیں رکھ کر بھول گیا ہے اور اگر نظر خانہ دوم کا سوئم اور تحم میں آئے تو زائچے میں کہیں گم گیا اور اگر خانہ چہارم میں آئے تو گھر میں رکھ کر کہیں بھول گیا ہے اور اگر خانہ دوم میں اشکال منحس آئے تو چور لے گئے ہیں اور اگر خانہ دوم میں اشکال حمرہ آئے تو مال چوری نہیں ہوا کہیں رکھ کر بھول گیا ہے اگر اشکال دوم داخل سعد ہو اور نظر اشکال یاز دوم میں آئے تو مال گمشدہ جلدی مل جائے گا اور اگر اشکال دوم یاس ہو اور نظر یاز دوم میں آئے تو گمشدہ چیز گھر میں کپڑوں کے درمیان چھپی ہوئی ہے۔




جواب۔ کیونکہ خانہ دوم میں شکل عقلیہ الداخل ہے، وسعد داخل ہے تو مال چوری نہیں ہوا کہیں رکھ کر بھول گیا ہے۔

**سید جمال علی کا کلیہ**

سائل نے سوال کیا میں عورت کو چاہتا ہوں کی وہ مجھے مل جائیگی یا نہیں اور فون کے ریسیے چار نمبر 10-12-6-1 گھمائے؟

زائچہ تیار کیا خانہ ہفتم کو خانہ چہارم کو باہم ضرب دیا گیا بر نتیجہ برآمد ہوا اور اس کو نائے یا زدہم سے ضرب دیں جو شکل پیدا ہو اگر وہ سعد داخل ہے اور سوال بھی اتصال کا ہے اور نظر بھی زائچہ میں خانہ ششم میں اور خانہ یازدہم میں ہو۔




جواب خانہ ہفتم جو کہ عقلیہ الکارح ہے اور خانہ چہارم جو کہ لیجان ہے دونوں کی باہم ضرب سے نتیجہ اجتماع نکلا اور اجتماع کو خانہ یازدہم یعنی نصرۃ الداخل سے ضرب دی گئی حاصل ضرب قبض الداخل ہوا۔ جو سعد بھی ہے داخل بھی ہے اور اس کا نظر خانہ ششم میں اور خانہ یازدہم میں بھی ہے لیکن نسبت بد ہے لہٰذا تم یہ سائل چند دن صبر کرے عورت انشاء اللہ اس کے بعد ساری عمر اسی کی ہے۔

**سید محبوب علی شاہ کا کلیہ**

اگر سائل یہ سوال کرے مجھے حمل ٹھہرا ہے یا نہیں اور فون کے ریسیے چار نمبر 10-11-4-9 گھمائے؟

زائچہ کشید کر کے خانہ ششم میں اگر نصرۃ الداخل، یاس یا عقلہ آجائے تو حمل قریب حمل ہوئے ہے اور اگر یہ اشکال خانہ یازدہم میں آجائے تو حمل استقرار کر گیا ہے اور اگر خانہ ہفتم میں اجتماع یا کیس آجائے تو حمل استقرار ہو گیا ہے مگر ساقط ہو جائے گا۔




جواب خانہ ششم میں نصرۃ الداخل آگیا ہے حمل قریب حمل ہو جائے گا۔

**میر روشن علی دھلوی کا کلیہ**

سائل نے سوال کیا کہ میرے ہاں فرزند یا دختر ہوگی یا نہیں اور فون کے ریسیے چار نمبر 7-11-10-15 گھمائے؟

زائچہ کشید کرنے کے بعد خانہ ہفتم کو دیکھیں اگر وسعد اور نظر یاز دہم چہارم اور ثامن دہم میں کرے تو بیٹا ہے کہ فرزند دختر پیدا ہو گئے اور مبارک ہوگئے اور زندہ بھی رہیں گے اور اگر نظر اول اور دہم میں ہو تو حکم خدا ہے اور اگر ہفتم اور خانج ہم مزاج ہوں اور نظر اس کا بیت یک میں ہو تو اولاد ہوگی اور اگر شکل ہفتم نحس ہو اور نظر رجعی خانہ بد میں ہو تو فرزند نہیں ہوگے اور اگر یہ نظر یاز دہم چہارم ثامن دہم میں نحس خارج ہوں تو حمل ضائع ہو جائے گا یا پھر مردہ پیدا ہوگا اور اگر شکل خانہ ہفتم کا نظر اول، نجم اور یاز دہم میں ہو تو ضرور اولاد پیدا ہوگی۔




جواب: خانہ ہفتم میں نقی الحلہ ہے اور اس کا نظر راز زائچہ میں کہیں بھی نہیں ہے۔ ایک بیٹے کی تو امید ہے لیکن پہلے بیٹیاں ہوں گے۔ (واللہ اعلم بالصواب)





# دائرہ اسمائے اعظم

تحریر: آغا جعفر حسین
مکان 140 رائل سٹی ٹرسیلائٹ ٹاؤن بہاولپور
Ph: 0300-7807248

اسم اعظم کا مطلب ہے کہ اللہ تعالیٰ کا وہ بڑے سے بڑا متبرک نام جسکی برکت سے مطلوبہ کام جلد از جلد ہو جائے صاحب کتاب زبور حضرت داؤد علیہ السلام کے بیٹے حضرت سلیمان علیہ اسلام کو اللہ تعالیٰ نے نبوت کے ساتھ ساتھ بہت وسیع علاقہ کی بادشاہت کے علاوہ پرندگان چرندگان جنات پر بھی بادشاہت سے نوازا تھا۔ خوبصورت پرندہ ہدہد نے بتایا کہ ایک ملکہ آگ کی پرستش کراتی ہے۔ حضرت سلیمانؑ نے بھرے دربار میں جوش سے حکم فرمایا ہے کہ کوئی ایسا ہے جو پلک جھپکنے میں اس ملکہ کو ہمارے دربار میں حاضر کرے؟ دربار کے کونے سے ایک بہت بڑے جن نے عرض کی میں لا سکتا ہوں مگر آپ کے دربار کی کاروائی مکمل ہونے تک! سلیمانؑ نے فرمایا کہ نہیں مِنْ طَرْفَةِ عَيْنٍ آنکھ جھپکنے میں چاہیے حضرت سلیمانؑ کے وزیر آصف بن برخیا نے کچھ پڑھا اور ملکہ مع تخت دربار سلیمانؑ میں حاضر تھی۔ قرآن کہتا ہے کہ آصف بن برخیا کتاب زبور میں سے قلیل علم سے واقف تھا۔ متند قدیم مجتہدین میں وہ علماء کرام نے اسم اعظم کی تعریف لکھی ہے کہ حرف اسے شروع ہو اور کوئی نقطہ نہ ہو جیسے سب سے بڑا اسم اعظم اللہ ہے جو حرف اسے شروع ہے اور ال ل و کے کسی حرف میں نقطہ نہیں۔ اسی طرح اللہ لا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اسم اعظم ہے جو حرف اسے شروع ہے اور اسکے تمام حروف میں سے کسی پر نقطہ نہیں ہے۔ اسی طرح درود پاک اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ ○ میں ایک قدیم کتاب کے حوالے سے ایک دائرہ اسم اعظم جو میرے والد بزرگوار آغا حسین احمد صاحب کا ہزار بار تجربہ ہے پیش کرنے کی جسارت کر رہا ہوں اس دائرہ اسم اعظم کی بہت سی خصوصیات ہیں۔ جو شخص اسکو لکھ کر بازو پر باندھے وہ دشمن سے محفوظ رہیگا۔ جو شخص اسکو زعفران سے لکھ کر پرس میں رکھے لگی روح اور جسم کو تقویت ملے گی۔ جو خود نہ بنا سکیں وہ ہم سے بنوا لیں۔ دیگر مقاصد کیلئے ان اسمائے حسنیٰ کا روزانہ 11 بار عشاء کو ورد کر کے اپنے سینے پر دم کر کے سوئے۔




بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ. يَا اَللّٰهُ يَا سَمِيْعُ يَا عَلِيْمُ يَا سَرِيْعُ يَا وَاسِعُ يَا عَدْلُ يَا عَلِيُّ يَا عَظِيْمُ يَا مُتَعَالِيُ يَا عَزِيْزُ يَا عَفُوُّ يَا بَاعِثُ يَا فَعَّالُ يَا رَفِيْعُ يَا مَعْبُوْدُ يَا نَافِعُ يَا بَدِيْعُ يَا كَافِيُ يَا رَءُوْفُ اَغِثْنِيْ بِحَقِّ اٰلِ يٰسٓ. اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ ○

## دعائے قربانی اور احکام

قربانی کرنا سنتِ موکدہ ہے قربانی دسویں گیارہویں اور بارہویں کو بھی ہو سکتی ہے ☆ قربانی کے لیے اونٹ، گائے، بھیڑ، بکرا ہونا چاہیے۔ ☆ اونٹ اور گائے کی قربانی مادہ ہونی چاہیے بھیڑ بکرا دنبہ ہو تو نر سنت ہے ☆ قربانی کی کھال بطور اُجرت دینا جائز نہیں (فتویٰ) ☆ گھر میں پلے جانور کی قربانی مکروہ ہے ☆ ذبح کے بعد جانور کا حرکت کرنا ضروری ہے ☆ ذبح کرنے والا مسلمان ہو۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ اِنِّيْ وَجَّهْتُ وَجْهِيَ لِلَّذِيْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ حَنِيْفًا مُّسْلِمًا وَّمَا اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ اِنَّ صَلَاتِيْ وَنُسُكِيْ وَمَحْيَايَ وَمَمَاتِيْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَبِذٰلِكَ اُمِرْتُ وَاَنَا مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ اَللّٰهُمَّ مِنْكَ وَلَكَ بِسْمِ اللّٰهِ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ

☆ اس کے بعد جانور کو ذبح کرنا شروع کرے اگر خود ایکیلا قربانی دے رہا ہو تو یہ الفاظ کہے اَللّٰهُمَّ تَقَبَّلْ مِنِّيْ اور اگر چند آدمیوں سے مل کر قربانی کی ہو تو اَللّٰهُمَّ تَقَبَّلْ مِنَّا کہے۔ ☆ اگر کسی دوسرے شخص کی طرف سے ہو تو اَللّٰهُمَّ تَقَبَّلْ مِنْهُ کہے اگر کئی دوسرے افراد کی طرف سے ہو تو اَللّٰهُمَّ تَقَبَّلْ مِنْهُمْ کہے بہتر ہے کہ مِنِّيْ۔ مِنَّا۔ مِنْهُ۔ مِنْهُمْ کی جگہ ان لوگوں کا نام لیا جائے۔ بشکریہ نوائے صالحین (مؤلف شیخ سلطان محمود)

# قید سے رہائی کے واسطے مجرب عملیات

(روحانی کار)
مخدوم سید مبارک علی شمسی
0300-7850809,0321-7850809

گدی نشین دربار حضرت سید محمد حسین شمسی سرداری۔ شمسی ہاؤس گلی نمبر 1 محلہ منظور آباد P/O قائم پور تحصیل حاصل پور ضلع بہاول پور پوسٹ کوڈ 63040

میں سب سے پہلے امامیہ جنتری کی پوری ٹیم اور قارئین امامیہ جنتری کو سلام پیش کرتا ہوں اور دعا گو ہوں کہ خالق اکبر تمام مومنین و مومنات کو اپنے حفظ و امان میں رکھے اور آپکی ہر جائز دلی حاجات کو پورا کرے۔ خدا کرے کہ نیا سال 2017 آپ کے لیے مبارک ثابت ہو اور میرا پالنے والا رب محمدؐ و آل محمدؐ کے صدقے وطن پاکستان کو استحکام عطا فرمائے اور ملک دشمن قوتوں کو نیست و نابود کرے۔ آمین

حسب وعدہ قید سے رہائی کے لیے اپنے ذاتی اور تجربہ شدہ عملیات لیکر حاضر خدمت ہوں اور پر امید ہوں کہ قارئین ان سے بھرپور استفادہ حاصل کریں گے۔ قارئین ملک میں بڑھتی ہوئی لاقانونیت کیوجہ سے 100 میں سے 75 فیصد لوگوں کو سیاسی، انتقامی، مذہبی، علاقائی یا محلاتی رنجشوں کی بھینٹ چڑھا دیا جاتا ہے جسکی وجہ سے وہ بے گناہ قید و بند کی صعوبتیں برداشت کرنے پر مجبور ہو جاتے ہیں۔ دوستوں! زندان (قید خانہ، جیل خانہ) ایک ایسا مقام ہے جہاں انسان کی زندگی کا ہر لمحہ صبر آزما ہے اور یہاں ہر پل قیدیوں کی قوت برداشت کی آزمائش ہے۔ جیل میں تعمیر لمبی لمبی بارکوں کو دیکھ کر ہول آتا ہے اور سینکڑوں قیدیوں کی موجودگی میں بھی تنہائی کاٹنے کو دوڑتی ہے یہاں پہنچ کر آدمی کو گماں ہوتا ہے کہ باقی دنیا سے اسکا رشتہ ختم ہو گیا ہو۔ یہاں زندگی ناپید سانس لینا دشوار اور قدم اٹھانا مشکل ہے یہاں موت زندگی سے پہلے اور بیماری تندرستی سے پہلے پہنچ جاتی ہے۔ یہاں قیدی پانی کو ترستے ہیں اور شدید گرمی کے موسم میں بھی ابلا ہوا گرم پانی پینے پر مجبور ہوتے ہیں۔ غرض یہاں عزیزوں اور اپنے پیاروں کی یاد شدت اختیار کر جاتی ہے اور سانس اور جان کی کوشش رکتی ہوئی محسوس ہوتی ہے۔ میں نے کئی مرتبہ مولاؑ کی سنت ادا کی اور ایک صحافی اور نگہداری ہونے کے ناطے مختلف قید خانوں کا دورہ کیا اور ان بے گناہ قیدیوں کے مسائل جانے اور ان سے وعدہ کیا کہ امامیہ جنتری میں عملیات لکھوں گا جس سے آپ لوگ مستفید ہوں گے میری دعا ہے کہ اللہ بزرگ و برتر تمام بے گناہ قیدیوں کو جلد رہائی نصیب فرمائے۔ آمین!

**عمل نمبر 1** نو چندی جمعرات کو عمل شروع کریں۔ صبح کی نماز کے بعد (101) مرتبہ درج ذیل آیت پڑھیں اور اول و آخر 11 مرتبہ درود شریف پڑھیں بفضل خدا جلد رہائی ہوگی عمل قیدی خود کرے۔ (سورہ یوسف آیت نمبر 53)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَمَآ اُبَرِّئُ نَفْسِيْ ۚ اِنَّ النَّفْسَ لَاَمَّارَةٌۢ بِالسُّوْٓءِ اِلَّا مَا رَحِمَ رَبِّيْ ۭ اِنَّ رَبِّيْ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝

**عمل نمبر 2** یہ عمل بہت ہی سریع التاثیر ہے اول و آخر 11 مرتبہ درود شریف پڑھیں اور درمیان میں 1000 مرتبہ درج ذیل آیت بمع بسم اللہ کے پڑھیں۔ عمل 41 روز تک بلا ناغہ کریں عمل روزانہ عشاء کی نماز کے بعد کریں کوشش کریں کہ ایک ہی جگہ پر اور مقررہ وقت پر پڑھیں اور آخر میں دعا کریں ان شاء اللہ بہت جلد رہائی پائے گا۔ (سورہ یوسف آیت نمبر 33-34)

قَالَ رَبِّ السِّجْنُ اَحَبُّ اِلَيَّ مِمَّا يَدْعُوْنَنِيْٓ اِلَيْهِ ۚ وَاِلَّا تَصْرِفْ عَنِّيْ كَيْدَهُنَّ اَصْبُ اِلَيْهِنَّ وَاَكُنْ مِّنَ الْجٰهِلِيْنَ ۝ فَاسْتَجَابَ لَهٗ رَبُّهٗ فَصَرَفَ عَنْهُ كَيْدَهُنَّ ۭ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝

**عمل نمبر 3** یَا مُحْیِیُ اگر کوئی ناحق قید ہو تو 11 روزے رکھے اور ہر روز 90 مرتبہ اس اسم مبارک کی تلاوت کرے۔ بہت جلد رہائی نصیب ہوگی

**عمل نمبر 4** جب کوئی ناحق قید ہو جائے تو درج ذیل نقش مشک و زعفران کی سیاہی سے لکھ کر قیدی کے بازو پر باندھیں مگر تعویذ لکھنے والا پانچ وقت کا نمازی ہو نقش لکھنے سے پہلے اجازت لینا ضروری ہے بغیر اجازت کے کام نہیں آئے گا۔ جب رہا ہو جائے تو مولا مشکل کشا کی نیاز دلائے۔

۷۸۶

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اَللّٰهُمَّ | اَسْئَلُكَ | خَيْرَ | مَا | صَنَعَ | صَانِعٌ |
| اَسْئَلُكَ | خَيْرَ | مَا | صَنَعَ | صَانِعٌ | بِيْ |
| خَيْرَ | مَا | صَنَعَ | صَانِعٌ | بِيْ | اَسْئَلُكَ |
| مَا | صَنَعَ | صَانِعٌ | بِيْ | اَسْئَلُكَ | خَيْرَ |
| صَنَعَ | صَانِعٌ | بِيْ | اَسْئَلُكَ | خَيْرَ | مَا |
| صَانِعٌ | بِيْ | اَسْئَلُكَ | خَيْرَ | مَا | صَنَعَ |
| بِيْ | اَسْئَلُكَ | خَيْرَ | مَا | صَنَعَ | صَانِعٌ |





# تحفہ امامیہ

عامل زاہد حسین جعفری (ملتان)
0333-7865470
0300-6159033

## نقش سورہ زاریات برائے دفعہ تنگدستی

یہ سورہ قرآن پاک کا پارہ نمبر 26 سورہ نمبر 51 کل آیات 60 ہیں۔ یہ قرآن مجید کا مجرب ترین سورہ ہے اس سے رزق کے بند دروازے کھل جاتے ہیں غیب سے رزق کی فراوانی ہوتی ہے تمام حاجات پوری ہوتی ہیں ملازمت اور ویزہ کی رکاوٹ میں زیادہ سے زیادہ تلاوت کریں۔ حضرت محمد ﷺ اور حضرت امام جعفر صادق ؑ نے فرمایا جو شخص دن یا رات میں اس سورہ کی تلاوت کرے گا اس کا رزق آسان اور وسیع ہوگا غربت و افلاس سے نجات پائے گا۔ کامیابی کے لیے سورہ والذاریات کے دو عدد نقش سعد وقت میں لکھیں ایک گلے میں پہنے دوسرا قرآن پاک میں رکھیں۔




## فروانی رزق کے لیے 1

رزق کے لیے یہ عمل حضرت رسول اللہ ﷺ سے منسوب ہے اسکے وسیلہ سے سات پشتوں تک رزق پہنچتا ہے غیب سے رزق کی فروانی ہوتی ہے۔ تین مرتبہ صبح تین مرتبہ شام کو مع اول و آخر تین مرتبہ درود پاک پڑھیں۔

يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا رَبِّ يَا رَبِّ يَا رَبِّ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الْعَظِيْمِ الْاَعْظَمِ اَنْ تَرْزُقَنِيْ رِزْقًا وَّاسِعًا حَلَالًا طَيِّبًا بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ


## فروانی رزق کے لیے 2

رزق کے لیے یہ مجرب ترین ہے یہ بھی سرور کائنات ﷺ سے منسوب ہے روزانہ تین مرتبہ جمعہ کے دن 70 مرتبہ تلاوت کریں۔ حاجت مندوں جان لو یہ ایک خزانہ ہے غیب کا، کنجی ہے خزانہ الٰہی کی۔ رزاق عالم آپکو رزق کی خوشخبری دے گا۔ الٰہی آمین

يَا مُغْنِيُ يَا غَفُوْرُ يَا وَدُوْدُ اَغْنِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَبِطَاعَتِكَ عَنْ مَعْصِيَتِكَ وَبِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

## شادی کے لیے سورہ احزاب

اگر کسی لڑکی یا لڑکے کی شادی میں رکاوٹ ہو، رشتے آ کر چلے جاتے ہوں یا بات بنتے بنتے رہ جاتی ہو تو ایسے میں سورۂ احزاب خالص زعفران سے لکھ کر یا ہرن کی کھال پر نقش تیار کر کے اونچی جگہ رکھ کر 40 دن تک تلاوت کریں ان شاء اللہ بچیوں کے بند نصیب کھل جائیں گے اچھی جگہ سے رشتے آنا شروع ہو جائیں گے یہ عمل بھی رسول پاک ﷺ سے منسوب ہے۔ جن کو بھی دیا ہے سب کے رشتے ہو گئے ہیں اسکے علاوہ سورۂ الذاریات کی آیت نمبر 49 وَمِنْ كُلِّ شَيْءٍ خَلَقْنَا زَوْجَيْنِ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ اور سورہ طٰہٰ کی آیت نمبر 39-40 وَاَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّيْ ۚ وَلِتُصْنَعَ عَلٰي عَيْنِيْ ۝ اِذْ تَمْشِيْٓ اُخْتُكَ فَتَقُوْلُ هَلْ اَدُلُّكُمْ عَلٰي مَنْ يَّكْفُلُهٗ ۭ تک لکھ کر گلے میں ڈالیں خالص زعفران سے لکھیں ہرن کی کھال پر نقش اور تعویذ منگوایا جا سکتا ہے




## برائے حاجت اسم اعظم

کسی بھی حاجت کے لیے یہ دعا اسم اعظم کا درجہ رکھتی ہے۔ کتاب نہج الدعوات میں ہے کہ حضرت امام موسیٰ کاظم ؑ کا فرمان ہے کہ ان کلمات میں اسم اعظم پوشیدہ ہے کسی بھی حاجت، پریشانی، مصیبت میں کثرت سے ورد کریں ہر نماز کے بعد اس دعا کو اپنا وظیفہ بنائیں آپ رسول خدا ﷺ حجر اسماعیل پر میزاب رحمت کے نیچے سجدہ میں یہ دعا پڑھتے تھے دعا اسم اعظم یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَا نُوْرُ يَا قُدُّوْسُ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ يَا حَيُّ لَا يَمُوْتُ يَا حَيُّ حِيْنَ لَا حَيَّ يَا حَيُّ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اَسْئَلُكَ بِلَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اَسْئَلُكَ يَا لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ وَاَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ الْعَزِيْزِ الْمَتِيْنِ

# اعداد بھی بولتے ہیں

عائشہ شبیب (ایم اے اسلامیات) 1 رجانہ روڈ پیر محل ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ
abisshabib@gmail.com 0333-4633999, 0333-4128131

علم الاعداد علم ریاضی ہے ہر عدد اپنی حیثیت رکھتا ہے 1 سے لیکر 9 تک مکمل اعداد ہیں جبکہ 10 سے پھر 1 عدد کا دور شروع ہو جاتا ہے۔ وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ لَا تُحْصُوْهَا اگر شمار کرو اللہ کی نعمتوں کا تو ہرگز شمار نہ کر سکو گے۔ شمار اعداد اور گنتی ہی تو ہے ان کا سردار 9 ہے جس سے بھی ٹکرائے گا اپنا وزن برقرار رکھے گا اور دوسرا عدد ختم ہو جائے گا۔ اس عدد کو جتنی بھی رقم سے ضرب دو گے اس کا مفرد 9 ہی رہے گا۔ خاتون جنت محترمہ بی بی حضرت فاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیہا کا ذاتی عدد بھی 9 ہی ہے۔ فاطمہ کے اعداد 135 ہیں۔

مثال: 3982*9=35838. 3+5+8+3+8=27.2+7=9 مفرد ہوا اگر کوئی شخص فاطمہ بنانا چاہے تو مثلث کلیہ ایسی بنے گی 123=12-138۔ **نقش آخر میں درج ہے**

**وحدہ کا کمال** کائنات کی ہر چیز میں اللہ، محمدؐ، علیؑ نمایاں نظر آئیں گے جن کی خاطر کائنات کو خلق فرمایا گیا پھر اس نو کو دو حصوں میں تقسیم کر کے فرمایا انا و علی من نور واحد۔ کلیہ اگر اعداد اور حرف کا شمار لیں تو دنیا کی کوئی شے تحت الثریٰ سے لیکر عرش اولیٰ تک لیں نام اللہ، محمدؐ، علیؑ کے اعداد ہی ظاہر ہوں گے۔ سبحان اللہ اس نام پر جس کے بارے میں حکم خدا ہے" اے ایمان والو! میں اور میرے فرشتے محمدؐ و آل محمدؐ پر درود بھیجتے ہیں تم بھی بھیجا کرو" عدد 9 اپنا وجود برقرار رکھ کر اعداد اللہ، محمدؐ، علیؑ کے اعداد نکلتے ہیں۔

**مثال:** شیعہ عالمی جنتری کے حروف کی تعداد

14 = 5 + 5 + 4

126=9×14 مفرد عدد 9 — 63=7×9 مفرد عدد 9

کلیہ 66=3+63 — 66 عدد اللہ کے ہیں

92=29+63 — 92 عدد محمدؐ کے ہیں

110=47+63 — 110 عدد علیؑ کے ہیں

قارئین کرام! دو مشہور ہستیاں جو غیر مسلم ہی سہی لیکن انہوں نے بھی مدحت محمدؐ فرمائی ہے۔

نمبر 1 ہستی کبیر داس جو کہ ہندوستان میں ہندی کا بے پایاں شاعر تھا اور ہندو تھا جس کا کلام نصیحت آمیز اور سبق آموز ہوتا تھا۔ جس نے فارمولہ کو بذریعہ رباعی نام محمدؐ کا استخراج کیا۔

**رباعی**

نام لو دستو کا چوگن کر لو وائے — دو ملایو ممکن کیو اور 20 بھاگ لگائے
بچے کو اب نو گنا کر لو اور دیو دو ملائے — کہت کبیر نام محمدؐ ہر دو سو ماں پائے

کلیہ اعداد امامیہ جنتری: 760

760×4=3040+2=3042÷5=15210/20=76.....10

92=9×10+2 — 92 اعداد محمدؐ کے برآمد ہوئے۔

نمبر 2 ہستی: بابا گرونانک سکھ قوم کے پیشوا، بعض کبیر داس اور بعض بابا گرو نانک کے متعلق کہتے ہیں کہ مینت پر جھگڑا ہو کہ یہ مسلمان تھے اور اور سکھ ہندو کہتے تھے کہ ہمارے تھے جھگڑے نے طول پکڑا تو کسی نے اوپر سے چادر کھینچی تو نیچے سے کچھ پھول برآمد ہوئے نصف مسلمانوں نے لیکر دفن کر دیے اور نصف سکھوں نے سمادھی بنا دی۔ گورو نانک کہتے ہیں کہ سب سے بڑا انسان وہ ہوگا جو کہ منہ سے نکلنے والے کسی بھی لفظ کے اعداد نکال کر شعر کے فارمولہ پر لے آئے تو لفظ لفظ محمدؐ کے اعداد برآمد ہوں گے۔

شعر: نام لو جس اکھر کا کر لو چوگن سمار — دو ملاج گنا میوں دواڑا
جو بچے سو لو گن کرو دو لو ملا — نانک تن بدن سے محمدؐ کو بنا

اعداد نظامی جنتری 1664

1664×4=6656+2=6658÷5=33290/20=1664

باقی بچے 10

92=9×10=90+2=92 لفظ محمدؐ کے عدد 92

کلیہ نمبر 3 کسی نام سے اس کا ظہور چاہو تو اس کے اعداد نکال کر یہ کلیہ استعمال کریں مثلاً علیؑ 110

برطابق کلیہ 2

110=10×11 — 10 باقی بچے 1 — 6×110=1760+2=1762/16=110 باقی بچے 2

92=46×2

کلیہ نمبر 4 ہر لفظ سے عدد علیؑ ظاہر ہوتا ہے۔ عدد لفظ محمدؐ کے اعداد = 92

92×6=552+2=554+1=555×10=5550/20=277

باقی بچے 10- — 10×11=110 — 110 عدد علیؑ کے ہیں

| | | |
|---|---|---|
| ۴۶ | ۴۱ | ۴۸ |
| ۴۷ | ۴۵ | ۴۳ |
| ۴۲ | ۴۹ | ۴۴ |

**نوٹ** بے اولاد حضرات رابطہ کریں نیز اولاد نرینہ کی دوائی بھی دستیاب ہے





# نومولود کے اسلامی نام

قارئین امامیہ جنتری اسلام علیکم! امامیہ جنتری کو یہ اعزاز حاصل ہے کہ آپ کے لیے زندگی کے ہر شعبہ میں رہنمائی کر رہی ہے۔ ہماری یہ خدمت آپکی تمام پریشانیوں کو دور کرنے کے لیے ہے قارئین سال 2016 میں بچیوں کی شادی کے لیے والدین سے کہا گیا ملکی و غیر ملکی سطح پر اس کاوش کو بہت سراہا گیا اللہ پاک کی کرم نوازی سے بہت ساری بچیوں کی شادی ہو گئی تمام بندش، رکاوٹ دور ہو گئی جو والدین اپنی بچیوں کی شادی کے لیے فکر مند ہیں رابطہ کریں ان شاء اللہ اسباب پیدا ہو جائیں گے۔ روزگار کے لیے مفت لوح منگوانے کے لیے جوابی لفافہ رجسٹرڈ بھیج کر منگوا سکتے ہیں۔ میرے والدین، بانی امامیہ جنتری دیگر تمام کو اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں۔ وسلام

Email: qamarhussain6655@gmail.com 0333-4376657, 03027846655
سیّد قمر حسین نقوی — مکان نمبر 70/A عطیہ اہلبیت محلہ بیلے والا سٹی لیہ پنجاب

## نقشہ ابجد قمری

| حروف | ا | ب پ | ج چ | د ڈ | ہ | و | ز | ح | ط | ی ے | ک گ | ل | م | ن |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قیمت | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 | 20 | 30 | 40 | 50 |
| حروف | س | ع | ف | ص | ق | ر ڑ | ش | ت ۃ | ث | خ | ذ | ض | ظ | غ |
| قیمت | 60 | 70 | 80 | 90 | 100 | 200 | 300 | 400 | 500 | 600 | 700 | 800 | 900 | 1000 |

## لڑکوں کے نام

| نمبر شمار | نام | مطلب | اعداد | عدد | عنصر |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | رحمن | اللہ پاک کا نام | 19 | 1 | خاکی |
| 2 | محمد | تعریف کیا گیا | 20 | 2 | آتشی |
| 3 | علی | اونچا، بلند | 11 | 2 | خاکی |
| 4 | حسن | نیک، خوبصورت | 19 | 1 | خاکی |
| 5 | اساس حیدر | جڑ، بنیاد | 29 | 2 | آتشی |
| 6 | ارمغان | اللہ تعالیٰ کا نام | 14 | 5 | آتشی |
| 7 | ارباط حیدر | رابطہ، ربط | 30 | 3 | آتشی |
| 8 | اسد اللہ علی | اللہ کا شیر | 34 | 7 | آتشی |
| 9 | ابتہاج حیدر | خوشی، مسرت | 31 | 4 | آتشی |
| 10 | اتقان علی | مضبوطی | 23 | 5 | آتشی |
| 11 | اختر عباس | سرسبز | 33 | 6 | آتشی |
| 12 | ارف علی | بہت بلند | 22 | 4 | آتشی |
| 13 | اسحر حسین | صبح صادق | 37 | 1 | آتشی |
| 14 | اشتر علی | بہادر | 21 | 3 | آتشی |
| 15 | اصبر علی | صبر کرنے والے | 25 | 7 | آتشی |
| 16 | اظفر علی | فتح کامیابی | 31 | 4 | آتشی |
| 17 | بربان علی | دلیل، حجت | 26 | 8 | بادی |
| 18 | بصیر حیدر | دیکھنے والا | 29 | 2 | بادی |
| 19 | بلال حیدر | فتح مند | 24 | 6 | بادی |
| 20 | تکریم حسین | بزرگی، عزت | 33 | 6 | بادی |
| 21 | تہذیب حیدر | تمدن معاشرت | 34 | 7 | بادی |
| 22 | تواب حیدر | توبہ قبول کرنے والا | 28 | 1 | بادی |
| 23 | ثقلین حیدر | خوبیوں والا | 30 | 3 | آبی |
| 24 | ثاقب علی | روشن | 20 | 2 | آبی |
| 25 | ثمر عباس | پھل، نتیجہ | 27 | 9 | آبی |
| 26 | جرار حیدر | بہادر | 23 | 5 | آبی |
| 27 | جعفر رضا | ندی، دریا | 31 | 4 | آبی |
| 28 | جواد حیدر | عطا کرنے والا | 29 | 2 | آبی |
| 29 | حسن مہدی | خوبصورت | 33 | 6 | خاکی |
| 30 | حسین رضا | حسن، خوبصورتی | 31 | 4 | خاکی |
| 31 | حسنین رضا | نیک، پارسا | 36 | 9 | خاکی |
| 32 | حماد علی | شکر گزار | 28 | 1 | خاکی |
| 33 | حماس حیدر | مظبوط | 34 | 7 | خاکی |
| 34 | دانکر رضا | بہادری | 26 | 8 | بادی |
| 35 | ذوالقرنین علی | دو سینگ والا | 29 | 2 | بادی |
| 36 | رحیم حیدر | تحریر، لکھا ہوا | 24 | 6 | بادی |
| 37 | زمرد علی | قیمتی پتھر | 33 | 6 | بادی |
| 38 | زرتاش حیدر | دولت مند | 34 | 7 | بادی |
| 39 | زرگل علی | پھول | 28 | 1 | بادی |
| 40 | زردار حیدر | دولت مند | 30 | 3 | آبی |
| 41 | زرناب علی | خالص سونا | 20 | 2 | آبی |
| 42 | سایر علی | سیر کرنے والا | 27 | 9 | آبی |
| 43 | سائل عباس | مانگنے والا | 23 | 5 | آبی |
| 44 | سبط حیدر | اولاد | 31 | 4 | آبی |
| 45 | سجاد علی | سجدہ کرنے والا | 29 | 2 | آبی |
| 46 | سلمان حیدر | سلامتی والا | 33 | 6 | خاکی |
| 47 | شبیر علی | مشہور نامور | 31 | 4 | خاکی |
| 48 | شامیر علی | خوبصورت جوان | 36 | 9 | خاکی |
| 49 | شاور علی | بادشاہ | 28 | 1 | خاکی |
| 50 | شفاعت حسین | بخشوانے والا | 34 | 7 | خاکی |

| | | | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 50 | اقرب علی | قرب، تقریب | 17 | 8 | آتشی | 66 | خرم عباس | خوشی، شادمانی | 30 | 3 | خاکی | 83 | نجدان حیدر | اللہ پاک کا نام | 34 | 7 | بادی |
| 51 | ایزد علی | اللہ تعالیٰ کا نام | 25 | 7 | آتشی | 67 | خضر عباس | روشنا | 32 | 5 | خاکی | 84 | شاداب حیدر | تر و تازہ | 26 | 8 | آتشی |
| 52 | اسد علی | شیر | 22 | 4 | آتشی | 68 | محمد خیر الورا | سب سے اعلیٰ | 40 | 4 | آتشی | 86 | شافع حیدر | شفاعت کرنے والا | 34 | 7 | آتشی |
| 53 | باقر علی | عالم دین | 17 | 8 | بادی | 69 | خاص علی | پاکوواں | 28 | 1 | خاکی | 87 | شبیہ حیدر | مشابہ، مانند | 26 | 8 | آتشی |
| 54 | بہلول حیدر | پیشواء | 34 | 7 | بادی | 70 | دانیال حیدر | عدل کرنے والا | 30 | 3 | خاکی | 88 | شعیب علی | درست کرنے والا | 24 | 6 | آتشی |
| 55 | بربر حیدر | عہد پورا کرنے والا | 22 | 4 | بادی | 71 | دبیر حیدر | عادل، منصف | 24 | 6 | خاکی | 89 | صاحب علی | خطاسے پاک | 23 | 5 | بادی |
| 56 | صفدر عباس | بہادر، جری | 39 | 3 | بادی | 72 | عدیم حسنین | سایہ | 36 | 9 | خاکی | 90 | قائم رضا | مضبوط | 17 | 8 | بادی |
| 57 | صولت عباس | رعب | 38 | 2 | بادی | 73 | عباس حیدر | شیر دل | 31 | 4 | خاکی | 91 | گلفام علی | پھول | 27 | 9 | آبی |
| 58 | صادقین علی | سچا، کھرا | 32 | 5 | بادی | 74 | عبدالرحمان | اللہ کا بندہ | 37 | 1 | خاکی | 92 | لسان حیدر | زبان | 30 | 3 | خاکی |
| 59 | ضمیر حیدر | دل کی آواز | 30 | 3 | بادی | 75 | عترت حسنین | عزت، رشتہ دار | 37 | 1 | خاکی | 93 | ذوالفقار علی | تلوار | 40 | 4 | خاکی |
| 60 | ضامن عباس | ضمانت دینے والا | 34 | 7 | بادی | 76 | غفران علی | معاف کرنے والا | 28 | 1 | خاکی | 94 | حسنین | خوبصورت | 20 | 2 | خاکی |
| 61 | طاہر حسین | پاک و پاکیزہ | 37 | 1 | آتشی | 77 | غازی رضا | فتح مند | 21 | 3 | خاکی | 95 | عبداللہ علی | بندہ | 33 | 6 | خاکی |
| 62 | ظل عباس | سایہ | 28 | 1 | آبی | 78 | فیور عباس | غیرت والا | 26 | 8 | خاکی | 96 | محمد تین حیدر | مضبوط۔ توانا | 49 | 4 | آتشی |
| 63 | ظفر یاب حیدر | مددگار | 38 | 2 | آبی | 79 | فتاح حیدر | کھولنے والا | 36 | 9 | آتشی | 97 | محمد ابصر علی | خوش نصیب | 43 | 7 | آتشی |
| 64 | عاکف علی | کامیاب | 31 | 4 | آبی | 80 | فقیہ حیدر | عالم دین | 30 | 3 | آتشی | 98 | آرب علی | طاقتور۔ توانا | 16 | 7 | آتشی |
| 65 | عاتک علی | شریف، سچا | 25 | 7 | خاکی | 81 | فرمان علی | حکم | 82 | 4 | آتشی | 99 | اسام علی | امن پسند | 25 | 7 | آتشی |
| | | | | | | | | | | | | | | | | | |

## لڑکیوں کے نام

| | | | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | اریکہ بتول | آراستہ تخت | 26 | 8 | آتشی | 17 | مطوب زہرا | ثواب | 32 | 5 | آتشی | 35 | ایمن بتول | مبارک | 26 | 8 | آتشی |
| 2 | افراح شاد | خوش شاد | 35 | 8 | آتشی | 18 | نریت بتول | نسل، اولاد | 29 | 2 | آبی | 36 | سنیعہ بتول | نیک، اچھی | 39 | 3 | آبی |
| 3 | اوج زہرا | اونچائی | 23 | 5 | آتشی | 19 | فرح بتول | خوبصورت | 31 | 4 | آبی | 37 | بساط زہرا | حوصلہ، ہمت | 33 | 6 | بادی |
| 4 | امہ بتول | امت | 25 | 7 | آتشی | 20 | کونین زہرا | دونوں جہاں | 34 | 7 | آبی | 38 | شفاز ہرا | صحت | 27 | 9 | آتشی |
| 5 | امارہ بتول | حکم دینے والی | 28 | 1 | آتشی | 21 | عناب زہرا | خوشبو | 30 | 3 | خاکی | 39 | شہر بانو | خاتون شہر | 24 | 6 | آتشی |
| 6 | اجرز ہرا | ثواب | 21 | 3 | آتشی | 22 | بزرگی | علیا بتول | 27 | 9 | خاکی | 40 | شہوار زہرا | انمول | 32 | 5 | آتشی |
| 7 | انمول فاطمہ | نایاب | 46 | 1 | آتشی | 23 | رائمہ بتول | خوشبو | 27 | 9 | خاکی | 41 | شانہ بتول | شان و شوکت | 31 | 4 | آتشی |
| 8 | اشاء بتول | مشابہ ہونا | 20 | 2 | آتشی | 24 | رخش زہرا | روشنی، کرن | 26 | 8 | خاکی | 42 | شرمین زہرا | نازک حیا | 30 | 3 | آتشی |
| 9 | باسہ بتول | خوش باش | 33 | 6 | بادی | 25 | رقعیہ بتول | پڑھنے والی | 24 | 6 | خاکی | 43 | شفق زہرا | آفتاب کی سرخی | 27 | 9 | آتشی |
| 10 | بتول زہرا | پاک دامن | 30 | 3 | بادی | 26 | رجا بتول | امید | 21 | 3 | خاکی | 44 | صائمہ بتول | روزہ دار | 34 | 7 | بادی |
| 11 | بشیش فاطمہ | عقل مند | 38 | 2 | بادی | 27 | راعنہ بتول | خوبصورت شہزادی | 35 | 8 | خاکی | 45 | صالحہ بتول | نیک، پارسا | 38 | 2 | بادی |
| 12 | پارسا بتول | پاکیزہ | 27 | 9 | بادی | 28 | روبینہ بتول | پیار کرنے والی | 34 | 7 | خاکی | 46 | صدف زہرا | موتی | 36 | 9 | بادی |
| 13 | پاکیزہ بتول | اعلیٰ صاف | 33 | 6 | بادی | 29 | زہرہ بتول | چمک دمک | 34 | 7 | آبی | 47 | ضامنہ بتول | ضمانت دینے والی | 39 | 3 | بادی |
| 14 | تقدیس زہرا | پاکیزگی | 31 | 4 | بادی | 30 | زرتاج زہرا | سونے کا تاج | 32 | 5 | آبی | 48 | طیبہ بتول | نیک، پاک | 32 | 5 | آتشی |
| 15 | طابہ بتول | مدینہ منورہ کا نام | 32 | 5 | آتشی | 31 | سکینہ بتول | آرام، راحت | 34 | 7 | آبی | 49 | ظل ہما | ہما کا سایہ | 22 | 4 | آبی |
| 16 | عکس زہرا | سایہ | 30 | 3 | خاکی | 32 | زائرہ بتول | زیارت | 30 | 3 | آبی | 50 | علیسا بتول | اونچائی | 33 | 6 | خاکی |
| 17 | قلب زہرا | دل | 21 | 3 | آبی | 33 | حورعین زہرا | کشادہ آنکھیں | 44 | 8 | خاکی | 51 | عافیہ بتول | سکون، راحت | 37 | 1 | خاکی |
| 18 | نویرا بتول | نئی نویلی | 30 | 3 | بادی | 34 | ردا بتول | چادر | 22 | 4 | خاکی | 52 | عاطرہ بتول | خوشبودار | 39 | 3 | خاکی |





| | | | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 53 | فاطمہ بتول | بچانے والی | 42 | 6 | آتشی | 69 | ہادیہ بتول | ہدایت دینے والی | 31 | 4 | خاکی | 85 | نایاب زہرا | نادر، ناپید | 25 | 7 | بادی |
| 54 | فرین زہرا | عقل والی | 36 | 9 | آتشی | 70 | نازش زہرا | فخر، ناز | 31 | 4 | بادی | 86 | کائنات زہرا | دنیا جہان | 28 | 1 | آبی |
| 55 | قرۃ العین | آنکھوں کی ٹھنڈک | 25 | 7 | آبی | 71 | نور فاطمہ | روشنی | 40 | 4 | بادی | 87 | آمنہ بتول | امن والی | 30 | 3 | آتشی |
| 56 | فریبہ بتول | سلیقہ | 36 | 9 | آتشی | 72 | نماز زہرا | پکار | 25 | 7 | بادی | 88 | انیہ بتول | نہایت عالی شان | 25 | 7 | آتشی |
| 57 | تدلیل زہرا | فانوس | 29 | 2 | آبی | 73 | آیت زہرا | نشانی | 21 | 3 | آتشی | 89 | اریدہ بتول | پسند کی جانے والی | 28 | 1 | آتشی |
| 58 | کریر بتول | نرم خو | 29 | 2 | آبی | 74 | گل رخ | پھول | 20 | 2 | آبی | 90 | اسلوب زہرا | طرز۔ طریقہ | 33 | 6 | آتشی |
| 59 | کنیز زہرا | خادمہ | 30 | 3 | آبی | 75 | لبابہ بتول | اہم حصہ | 28 | 1 | خاکی | 91 | افریشم زہرا | ریشم | 34 | 7 | آتشی |
| 60 | کومل بتول | نرم، پیاری | 30 | 3 | آبی | 76 | منتہیٰ زہرا | انتہا کی بلندی | 34 | 7 | آتشی | 92 | ایجاب زہرا | راضی۔ حامی | 23 | 5 | آتشی |
| 61 | نویرہ بتول | پھولوں کی کلی | 34 | 7 | بادی | 77 | مہین زہرا | نازک | 30 | 3 | آتشی | 93 | الماش فاطمہ | نرم طبیعت | 39 | 3 | آتشی |
| 62 | وردہ بتول | گلاب کا پھول | 32 | 5 | خاکی | 78 | نامحہ بتول | نازک، خوبصورت | 37 | 1 | بادی | 94 | انیہ بتول | محبت۔ خلوص | 33 | 6 | آتشی |
| 63 | ردا بتول | چادر | 22 | 4 | خاکی | 79 | تشبیہ زہرا | مشابہت | 30 | 3 | بادی | 95 | عرف بتول | مہک | 37 | 1 | خاکی |
| 64 | عبا بتول | چادر، لباس | 25 | 7 | خاکی | 80 | ثروت بتول | مال و دولت | 32 | 5 | آبی | 96 | عروج زہرا | ترقی، بلندی | 33 | 6 | خاکی |
| 65 | عرش بریں | آسمان | 22 | 4 | خاکی | 81 | حنا بتول | مہندی | 29 | 2 | خاکی | 97 | عاتکہ بتول | شریف | 34 | 7 | خاکی |
| 66 | فاطمہ بتول | پاکیزہ | 42 | 6 | آتشی | 82 | درشہوار | موتی | 23 | 5 | خاکی | 98 | عترت زہرا | قرابت داری | 32 | 5 | خاکی |
| 67 | مارح بتول | مدح کرنے والی | 30 | 3 | آتشی | 83 | ابصار زہرا | آنکھیں | 30 | 3 | آتشی | 99 | غزل زہرا | اشعار | 32 | 5 | خاکی |
| 68 | تزکین زہرا | زیب و زینت | 29 | 2 | بادی | 84 | رخسار زہرا | گال | 32 | 5 | خاکی | 100 | فضہ بتول | چاندی | 36 | 9 | آتشی |

## نومولود کے حالات

- اگر کوئی بچہ اتوار کے دن یا جمعرات کی رات کو پیدا ہو اور اسکی ولادت کی ساعت 1، 2، 3، 6، 8، 9 یا 10 ہو تو بڑے مرتبے والا شان و شوکت اور عزت والا ہوگا۔ امراء و رؤساء سے تعلقات رکھے گا۔ حکام میں عزت اور مرتبہ پائے گا۔
- اگر کوئی بچہ منگل کے دن یا جمعہ کی رات کو ساعت 2، 3، 6، 8، 9 یا 10 میں پیدا ہو تو نیک کام کرنے والا، فائدہ پہنچانے والا دولت مند اور مقدر والا ہوگا۔
- اگر کوئی بچہ منگل کے دن یا ہفتہ کی رات کو ساعت 1، 5، 6، 8 میں پیدا ہو تو چھوٹی عمر میں قتل ہو جائے گا یا اس پر قتل کا الزام لگے گا۔ ایسے بچہ کی پیدائش پر اس پر سے فوراً صدقہ دینا چاہیے تاکہ اسکی بلائیں رد ہو جائیں۔
- اگر کوئی بچہ بدھ کے دن یا اتوار کی رات کو پیدا ہو اور ساعت 1، 4، 6، 8 ہو تو بڑا نیک اور بلند خیالات والا ہو، دولت خوب جمع کرے، بڑا عالم، ہنرمند، حکیم اور تاریخ دان ہو۔ دنیا کا آرام پائے۔
- اگر کوئی بچہ جمعرات کے دن یا پیر کی رات کو پیدا ہو اور ساعت 1، 4، 8، 11 ہو تو بڑا عالم، عقلمند، خوش حال اور جاہ و جلال والا ہو۔ مذہبی کاموں میں بہت دلچسپی لے معزز و نامور ہو صاحب تدبیر اور حکام میں عزت پائے۔
- اگر کوئی بچہ جمعہ کے دن یا منگل کی رات کو پیدا ہو اور ساعت 1، 2، 5، 8، 9، 10 ہو تو دولت والا ہو، سیر و تفریح، کھیل کود، اور تماشے کا شوقین، مذہبی کاموں میں رغبت رکھے گا۔
- اگر کوئی بچہ ہفتہ کے دن یا بدھ کی رات کو پیدا ہو اور ساعت 1، 2، 8، 10 ہو تو صحت میں مبتلا ہو ممکن ہے کہ زندہ بھی نہ رہے اور اگر زندہ بچ جائے تو ہمیشہ بیمار رہے یا بدکاری کی زندگی بسر کرے۔ ایسے بچہ کی پیدائش کے فوراً بعد اس پر آیات قرآنی دم کرے اور سورۂ اخلاص اور سورۂ فلق اعوذ برب الناس پانی پر دم کر کے اس سے غسل دینا چاہیے اور صدقہ بھی اتارنا چاہیے۔

## برائے حصول علم

عدۃ الدعا میں مذکور ہے کہ اگر بچہ کا دل علم کے حصول میں نہ لگتا ہو تو یہ درج ذیل آیات لکھ کر اسکے گلے میں ڈالیں اور پانی پر پڑھ کر پلائیں تو ذہن و عقل کی تیزی کے لیے مجرب ہے۔


بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِيْ خَلَقَ ۝ خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ ۝ اِقْرَاْ وَرَبُّكَ الْاَكْرَمُ ۝ الَّذِيْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ ۝ عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَا لَمْ يَعْلَمْ ۝ (سورۃ العلق ۔ ۵۲)

**ترجمہ** اپنے پروردگار کا نام لیکر پڑھو جس نے پیدا کیا اسی نے انسان کو جمے ہوئے خون سے پیدا کیا پڑھو اور تمہارا پروردگار بڑی عزت والا ہے جس نے قلم کے ذریعے سے تعلیم دی اسی نے انسان کو وہ باتیں بتائی جن کو وہ جانتا ہی نہ تھا۔

# نایاب نقش معشریہ

علوم روحانی میں 9 خانوں کی نقش مثلث، 16 خانوں کا نقش مربع، 25 خانوں کا نقش مخمس اور 10×10 = 100 خانوں کا **نقش معشر** مستعمل و مشہور عالم ہے۔ بادشاہی مسجد لاہور کے عجائب خانہ میں ایک دیوار پر یہ نقش موجود ہے جس پر لکھا ہے نقش صد در صد منسوب یہ مولا علی علیہ السلام نجلے کونے سے پھٹ چکا ہے میرے استاد محترم اور میرے بزرگ نانا ابو قبلہ آغا حسین احمد صاحب نے اس نقش صد در صد کی تحقیق 1971 سے شروع کی اور 25 سال بعد یہ نقش صد در صد ہزاروں مومنین کو دیا۔ قدیم صالحین عالمین کا فرمان ہے کہ درج ذیل **نقش معشر** کو ہاتھ میں لیکر جو بھی مومن دعا مانگے پوری ہوتی ہے۔ قرآن پاک کے پارہ نمبر 27 سورہ نمبر 57 الحدید مدنیہ آیت نمبر 3، 2، 1 اسکو لکھ کر گلے میں پہنے تو حفظ و امان میں رہے گا۔ تبخ بند ہے جو اسکو صحیح لکھ کر گلے میں ڈال کر دعا کرے پوری ہوگی۔ خوارزمی علیہ الرحمۃ نے لکھا حرم شریف یعنی کعبۃ اللہ میں میں نے ایک عورت کو دیکھا اسکے سر کے بال بکھرے ہوئے تھے اسکے ہاتھ میں یہ نقش تھا اور بارگاہ الٰہی میں یہ دعا کر رہی تھی۔ اے باری تعالیٰ اس میں جو کچھ اسماء ہیں ان کے طفیل مجھ کو رزق بے محنت عطا کر بے شک تو ہر چیز پر قادر ہے چنانچہ اسکی دعا قبول ہوئی۔ اگر کوئی جزو سمجھ نہ آئے تو فون پر رابطہ کریں۔ فون پر رابطہ کے اوقات صبح 10 بجے تا رات 10 بجے (اتوار کو دفتر کھلا ہوتا ہے)

## نقش



**امیر حیدر** عقب امام بارگاہ جاگیر علی اکبر جاوید کالونی بہاولپور۔ 0301-6729979, 0333-6821579

# لاجورد

بلڈ پریشر کا علاج

تحریر حکیم سید مظفر علی رضوی المعروف جوہرے

لاجورد (Lapizlazuli) ماضی میں اسکا شمار درجہ سوم کے جواہرات میں ہوتا تھا لیکن وقت کے ساتھ ساتھ اسکی قدر و قیمت بڑھ گئی اس کے اجزائے ترکیبی میں تقریباً چودہ سے پندرہ دھاتیں شامل ہیں لیکن اسکی خوش رنگتی کی وجہ اس میں شامل سلیکا اور گندھک ہے۔

**مقام پیدائش** لاجورد جنوبی امریکہ، تبت، ایران، روس اور پاکستان میں پایا جاتا ہے لیکن لاجورد کی سب سے عمدہ اور نایاب قسم افغانستان میں پائی جاتی ہے۔ **شناخت** عام لوگ لاجورد پر سونے اور چاندی کے کس کو بہتر تصور کرتے ہیں مگر حقیقت میں ایسا نہیں ہے سب سے اچھا لاجورد وہ ہے جو کہ رابن نیل کے رنگ جیسا ہو قیمتی تصور کیا جاتا ہے۔ **سحری خواص** اس کا پہننا سحر سے محفوظ رکھتا ہے بقل ارسطو جس کے پاس لاجورد ہوگا وہ لوگوں کی نظر میں قابل عزت ہوگا۔ اسکو پہننے سے خود اعتمادی کی دولت حاصل ہوتی ہے اور قوت ارادی مضبوط ہوتی ہے، اسکا پہننا جسمانی تندرستی قائم رکھتا ہے۔ **طبی خواص** اس کا مزاج سرد خشک اور اسکا استعمال دل کو تقویت دیتا ہے۔ 1980 میں یہ بات میرے سامنے آئی کہ لاجورد انگشتری میں پہننا بلند فشار خون کا بہترین علاج ہے اور اب تک بلند فشار خون کے بے شمار مریض اس سے فیضیاب ہو چکے ہیں۔ جوہرے 042-37155098 0300-4519796





# مجرب نسخے

حاجی محمد صابر جعفری اٹک 0332-5795236

قارئین امامیہ جنتری 2017 کے لیے چند اعمال درج کیے جا رہے ہیں ان پر عمل کریں ان شاء اللہ پنجتن پاکؑ کے صدقے کامیابی ہوگی۔ عمل سے پہلے 5 چھٹانک کسی بھی حلال گوشت کا صدقہ پرندوں کو ڈالیں تاکہ کامیابی جلد ہو کوئی بات سمجھ میں نہ آئے تو فون کر کے پوچھ لیں کوئی بھی سوال علم جفر کے ذریعے پوچھنے کے لیے بھی رابطہ کریں

**ذہنی بخار کا علاج** یہ درود پاک صبح، دوپہر، شام، 3 مرتبہ پانی پر دم کر کے پائیں۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اللہ شافی، اللہ کافی اللھم صل علی روح محمد فی الارواح و صل علی جسد محمد فی الاجساد وصل علی قلب محمد فی القلوب وصل علی قبر محمد فی القبور

**بواسیر، پر مرض کا علاج** سورۂ توحید 41 مرتبہ پانی پر دم کر کے پلائیں۔

**جادو ٹونہ برجائز مقاصد کے لیے** سورۂ کوثر 135 مرتبہ پڑھیں 9 دن تک

**قرضہ لین دین** یارب موسیٰ یارب کلیم بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لکھ کر پڑھتا رہے۔

**بلڈ پریشر کے لیے** جن لوگوں کو بلڈ پریشر کا مسئلہ ہو وہ **حسبی اللہ** کا ورد کیا کریں۔

**سر درد، کان درد، دانت درد** جسم میں کسی جگہ درد ہو تو شہادت کی انگلی اس جگہ پر رکھیں اور یہ 7 مرتبہ پڑھیں **یا محیط یا علیم**

**گھانسی کا علاج** سیب کا جوس نکال کر اس میں کالی مصری ملا کر نہار منہ پی لیا کریں۔ اگر اتنی تے آتی ہو تو جوس میں نمک ڈال کر پی لیں۔

**دل کے امراض کے لیے** یاقوی یا حق علی ابن ابی طالب 110 مرتبہ درود ابراہیمی 11 مرتبہ پڑھیں۔

**چہرے کے دانوں کا علاج** چہرے پر پرانے داغ ہو تو چاول کو پانی میں پکائیں جب نرم ہو جائیں تو چاول کو دونوں ہاتھوں سے چہرے پر مل دیں آدھا گھنٹہ لگے رہیں بعد میں نیم گرم پانی سے دھو دیں یہ عمل 5 دن کریں چہرہ بالکل صاف ہو جائے گا۔

# آپ کا معاون و مبارک نگینہ (نگینوں کا تعلق راس کے ساتھ)

بقلم: کرشمہ قدرت سوالہ: ہمایوں مرزا لکھنوی

| برج | ستارہ | رنگ | متعلق گیمینہ | برج | ستارہ | رنگ | متعلق گیمینہ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حمل - میکو | مریخ | سرخ | ہیرا، مونگا، یاقوت، عقیق یمنی، لاجورد | میزان - تلا | زہرہ | سلیٹی سیاہی مائل | مرجان، ہیرا، پکھراج، فیروزہ، لہسنیہ |
| ثور - بیکھ | زہرہ | سلیٹی | مرجان سرخ، ہیرا، فیروزہ، لہسنیہ | عقرب - برچھک | مریخ | سرخ | ہیرا یاقوت، مونگا، عقیق |
| جوزا - متھن | عطارد | سرمئی مائل | پکھراج، زمرد، زبرجد | قوس - دھن | مشتری | زرد | فیروزہ، پکھراج زرد، لہسنیہ، زمرد |
| سرطان - کرک | قمر | سلیٹی | نیلم، جمرا قمر، عقیق زرد و پکھراج زرد، لہسنیہ | جدی - مکر | زحل | سیاہ نیلا | موتی، نیلم، عقیق یمنی، فیروزہ |
| اسد - سنگھ | شمس | بادامی | نیلم، مرجان، عقیق، یاقوت | دلو - کنبھ | زحل | نیلا سیاہ | عقیق سرخ، نیلم |
| سنبلہ - کنیا | عطارد | سلیٹی | عقیق زرد، زبرجد، لاجورد | حوت - مین | مشتری | زرد بیازی | پکھراج سلیٹی، فیروزہ |

# ہر ماہ کی پیدائش سے نگینوں کا تعلق

بقلم: کرشمہ قدرت مؤلف: ہمایوں مرزا لکھنوی

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| جنوری | گومیدک، یاقوت، لعل عقیق سرخ | اپریل | ہیرا، نیلم، یاقوت، عقیق | جولائی | یاقوت، عقیق یمنی گہرا سرخ | اکتوبر | اوپل، فیروزہ، زبرجد |
| فروری | نیلم، لاجورد، جمرا قمر | مئی | زمرد، عقیق یمنی | اگست | مرجان، یاقوت، عقیق یمنی | نومبر | پکھراج، زبرجد |
| مارچ | فیروزہ، فیروزہ، زبرجد | جون | موتی، زمرد | ستمبر | نیلم، یاقوت، عقیق زرد | دسمبر | لاجورد، یاقوت، فیروزہ |

**جوہرے** نگینوں کی مکمل ورائٹی 9 **کے عدد اور حرز جواد** کی انگوٹھی دستیاب ہے

جامع مسجد صاحب الزماں حیدر روڈ اسلام پورہ لاہور

042-37155098/0300-4519796

**اوقات کار**
5 تا 9 بجے رات بروز جمعہ 1:30 تا 3:30 شام
ناغہ بروز اتوار

# دَم دَمہ دَم

تحریر ابن مظفر شیرازی
673-3-D-2 گرین ٹاؤن لاہور
042-35111015, 0336-4811952

رب کریم نے ہر طرف مصلحت کے پھول بچھا رکھے ہیں۔ کائنات کی کوئی چیز بھی ایسی نہ ہے جو مصلحت سے خالی ہو خودرو اور معمولی جڑی بوٹیاں بڑی سے بڑی امراض کا علاج ثابت ہوتی ہیں۔ مثلاً کچھ دوست بیگن کو بے گن کہتے ہیں جبکہ میں نے امامیہ جنتری 2001 میں اسی بیگن سے کینسر جیسے موذی مرض کا روحانی طریقہ علاج بتایا۔ عوام الناس نے اس سے استفادہ کیا اور کامل شفا پائی۔ میرے پاس بیسیوں سندات ہیں کہ فلاں فلاں لوگ بیگن سے علاج پا کر شفایاب ہوئے اور ماشاءاللہ آج مثالی زندگی جی رہے ہیں۔ اس مرتبہ ایک موذی مرض **دمہ** کا روحانی علاج لے کر حاضر ہوں اسی سے استفادہ کریں، شفا پائیں اور دعا کریں۔ ایک خودرو پودا جسے اردو میں آک ہندی میں مدار جبکہ انگریزی میں کیلوٹراپس کہتے ہیں۔ شہروں میں دیہات میں سڑکوں اور ریل کی پٹڑی کے ساتھ اگا ہوا ملتا ہے کہنے کو یہ دو کوڑی کا پودا ہے مگر اسکا ہر جز وتاثیر کے حوالے سے اسکی جڑیں، تنا، پتے، پھل، پھول، دودھ، شاخیں سب انسانی زندگی کے لیے باعث شفا اور باعث سکون ہے۔ یہاں ہم نے امراض سانس و دمہ کے لیے اس کے پھولوں سے استفادہ کرنا ہے مجھے ایک بات یاد آگئی جہاں پودا اپنے اعضا کی بنا پر قیمتی ہے وہاں اسکی جڑ میں ایک کیڑا پایا جاتا ہے جسے **آک کا کیڑا** کہتے ہیں یہ بھی معروف ادویات میں شامل کیا جاتا ہے اس پودے کا کوئی جز نہیں جو دوائی میں نہ پڑتا ہو الغرض یہ مبارک پودا جڑ سے لیکر آخری کونپل تک سراپا شفا ہے اور اتنا وافر مقدار میں پیدا ہوتا ہے کہ بیان سے باہر۔ اب ہم اصل موضوع کی طرف آتے ہیں۔

آک کے پودے پر پھول بننے کے لیے جب ڈوڈیاں بنتی ہیں تو ڈوڈی کے کھل کر پھول بننے کے قریبی وقت میں اس کے اندر پانی کا ایک قطرہ جمع ہوتا ہے اسی قطرہ آب سے دمہ کا کامیاب علاج ممکن ہوتا ہے۔ جو فی انفس، سانس دسینہ کی جملہ تکالیف اور دمہ کا کامیاب روحانی علاج ہے جو لوگ بے تحاشہ سگریٹ پیتے ہیں ان کی سانس کی نالیاں سکڑ جاتی ہیں جس سے کھانسی شدت سے ہوتی ہے سمیٹ فیکٹریوں میں کام کرنے والے افراد اکثر سانس دمہ کے مریض بن جاتے ہیں ایسے تمام افراد کے لیے آک کا پودا رب کریم کی رحمت کاملہ کا مظہر ہے۔ سانس کی تکالیف کے حامل افراد **آک** کی تین ایسی ڈوڈیاں توڑ کر لائیں جو کھلنے کے قریب ہوں انہیں احتیاط سے کھولیں تینوں میں سے ایک ایک قطرہ پانی حاصل ہوگا اس پانی کو گھر لائیں اگر پانی کے گر کر ضائع ہونے کا خدشہ ہو تو بے شک ڈوڈیاں ثابت ہی لے آئیں ان پر درج ذیل 6 آیات شفا تین تین مرتبہ اول و آخر سات سات مرتبہ درود بر محمد و آل محمد پڑھ کر دم کریں پھر ان ڈوڈیوں کو ناشتہ کے ایک گھنٹہ بعد پانی سے نگل لیں 6 یوم گزرنے کے بعد دوبارہ یہی عمل دہرائیں پھر ہر 6 یوم گزرنے کے بعد مسلسل اسی طرح لگتے جائیں 3 ماہ کے اندر کامل شفا ہوگی۔ انہیں خالی پیٹ نہ کھایا جائے۔

ان آیات کے بارے میں علامہ ابوالقاسم قشیریؒ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ میرا کلوتا بیٹا شدید علیل ہوا مجھے خواب میں سرور کائناتؐ کی زیارت نصیب ہوئی۔ آپؐ نے پوچھا قشیری کیوں پریشان ہو عرض کیا حضورؐ اکلوتا بیٹا شدید علیل ہے فرمایا اسے آیات شفا پلاؤ عرض کیا آقاؐ میں ان آیات سے ناآشنا ہوں۔ آپؐ نے یہ 6 آیات پڑھ کر سنائیں جنہیں میں نے پانی پر دم کر کے بیٹے کو پلایا جو چند دن میں اچھا بھلا ہو گیا۔ بزرگ کہتے ہیں دمہ دم کیساتھ جاتا ہے بعض اصحاب کہتے ہیں کہ دمہ دم (یعنی زندگی) کیساتھ چلتا ہے آپ اس عمل کو کر کے دیکھیں آپ مان جائیں گے کہ دمہ واقعی دم کے ساتھ ختم ہو جاتا ہے۔ حق یہ ہے کہ آیات شفا کا دم ہی دمہ جیسے موذی مرض سے جان چھڑاتا ہے۔ یہ عمل میرے بزرگوں کا برسوں سے آزمودہ ہے میں نے خود بھی مختلف مریضوں کو استعمال کروایا کامل شفا بتصدق چہاردہ معصومینؑ نصیب ہوئی۔ میں نے تمام عمل مفصل تحریر کر دیا ہے اگر پھر بھی کہیں وضاحت کی ضرورت ہو تو جوابی لفافے کیساتھ رابطہ کر سکتے ہیں۔

## آیات شفاء

وَيَشْفِ صُدُورَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِينَ

وَشِفَاءٌ لِّمَا فِي الصُّدُورِ

يَخْرُجُ مِن بُطُونِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ أَلْوَانُهُ فِيهِ شِفَاءٌ لِّلنَّاسِ

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِينَ

وَإِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِينِ

قُلْ هُوَ لِلَّذِينَ آمَنُوا هُدًى وَشِفَاءٌ





# زائچہ نجوم میں پانچویں گھر کے احکامات

جاوید جمالی علاوی
0301-5503367

اسلام علیکم! بسم اللہ الرحمٰن الرحیم غیب کا علم اللہ تعالیٰ جانتا ہے اور وہ معصومینؑ جنہیں اللہ تعالیٰ نے عطا کیا۔ شکر ہے پاک رب العالمین اور پاک رحمت العالمین محمدؐ و آل محمدؐ اہل بیت رسولؐ کا جن کی عظیم رحمتوں برکتوں اور عنایات کے طفیل میرا روحانی، وجدانی اور علمی سفر جاری ہے۔

قارئین کرام! میں اس مرتبہ آپکی خدمت میں زائچہ نجوم کے پانچویں گھر سے منسوب اولاد اور انعامات کے ذریعے زائد آمدنی کے حوالے سے انتصاراً تحریر کر رہا ہوں کہ علم نجوم سے یہ کس طرح معلوم کیے جاتے ہیں۔ علم نجوم کے ذریعے زائچہ کا پانچواں گھر وہ سیارگان جو پانچویں گھر میں ہیں سیارہ قمر کی حالت اور انکی دیگر سیارگان سے نظرات اور سیارہ مشتری کو مدنظر رکھا جاتا ہے علم نجوم میں اولاد و نسل سے منسوب سیارگان قمر، شمس زائچہ کے پانچویں گھر کا حاکم، مشتری کی حالت اور ان کی آپس میں یا دیگر سیارگان سے نظرات کی جاتی ہے۔ طالع کا پانچواں گھر حیثیت کا گھر ہوتا ہے اگر پانچویں گھر میں سعد سیارہ یا سیارگان ہوں اور ان کے دیگر سیارگان سے سعد نظرات ہوں تو حامل زائچہ کو اولاد کے حصول کی خوشخبری ہے۔ پانچویں گھر میں ایک سے زائد سیارگان ہوں اور دیگر سیارگان سے کسی سے سعد اور کسی سے نحس نظرات ہوں تو ایسی صورت میں اولاد تو ہوگی لیکن رکاوٹوں کا سامنا کرنا پڑے گا۔ پانچویں گھر میں نحس سیارہ یا سیارگان ہوں اور ان کے دوسرے سیارگان سے نحس نظرات بھی ہوں تو اولاد کے حصول میں بیشمار رکاوٹیں اور اولاد کے نقصان کا سبب ہوں گے۔ سیارہ قمر جب سعد ہو اور اس پر نحس اثرات نہ ہوں یا سعد جگہ ہو تو حامل زائچہ اولاد کی صورت میں اچھی قسمت کا حامل ہے۔ زائچہ کے پانچویں گھر میں موجود سیارہ کا سیارہ یورنیس سے قران یا مقابلہ کی نظر ہو یا نحس سیارگان موجود ہوں تو اولاد کے معاملے میں رکاوٹیں ہیں۔ اگر عورت کے زائچہ میں بارہویں گھر میں نحس سیارگان ہوں اور سیارہ قمر یا پانچویں گھر میں کمزور اور نحس حالت میں ہو تو زچگی میں خطرہ ہوتا ہے

اگر پانچواں گھر مذکر ہو اور اسکا حاکم سیارہ بھی مذکر ہو یا مذکر سیارہ سے قران کے دوسرے گھر سیارہ زہرہ یا سیارہ مشتری ہوں اور انکی زائچہ کے پانچویں یا سعد نظر ہو تو اولاد نرینہ کے ہونے کے امکانات ہیں اور اسی طرح اگر پانچواں گھر مونث ہو اور اسکا حاکم بھی مونث اور مونث سیارہ یا سیارگان سے سعد نظر ہو تو بچیاں زیادہ پیدا ہوں گی۔ زائچہ میں سیارہ مشتری، طالع کا حاکم سیارہ زائچہ کے ساتویں گھر کا حاکم سیارہ اور پانچویں گھر کا حاکم سیارہ کمزور حالت میں ہوں اور ان کے دیگر سیارگان سے نحس نظرات ہوں تو حامل زائچہ کا اولاد سے محروم ہونے کا امکان ہوتا ہے۔ اولاد کے حالات و واقعات زائچہ کے مختلف گھروں سے معلوم کیے جاسکتے ہیں بہترین طریقہ والدین کے زائچہ سے اخذ کرنے کے بجائے ہر بچہ یا بچی کے انفرادی زائچہ سے اسکے حالات و واقعات اخذ کیے جائیں۔ یاد رہے اس حوالہ سے زائچہ پیدائش و شمسی کے طالع سے پانچوں گھر اور زائچہ میں جہاں قمر موجود ہوں وہاں سے بھی پانچواں گھر بھی اس حوالے سے اہم ہے۔ اب مختصراً انعامات کے ذریعے اضافی آمدنی کے حوالے سے زائچہ نجوم سے احکامات لگانے کے لیے زائچہ کے پانچویں، دوسرے اور گیارہویں گھروں کی کیفیتوں کو جانچا جاتا ہے اگر زائچہ کے پانچویں گھر میں سعد سیارگان ہوں اور نظرات بھی سعد ہوں بالخصوص سیارہ عطارد زائچہ کے پانچویں گھر میں ہو اور سیارہ قمر یا سیارہ مشتری زائچہ کے گیارہویں گھر میں ہوں اور سیارہ عطارد کے ساتھ انکی مقابلہ کی نظر ہو تو انعامات کے ذریعے دولت میں اضافہ کا سبب بنتے ہیں۔ زائچہ کے دوسرے گھر سیارہ زہرہ یا سیارہ مشتری ہوں اور انکی زائچہ کے پانچویں اور گیارہویں گھر میں موجود سیارگان سے نحس نظر نہ ہو تو انعامات سے دولت ملنے کے امکانات ہوتے ہیں۔ آخر میں گزارشات ہر مرتبہ کی طرح اس مرتبہ بھی آپ سے درخواست ہے کہ ہر شب جمعہ یا جمعہ کے دن اول و آخر 14، 14 مرتبہ درود پاک کے ساتھ حدیث مبارکہ کساء کی تلاوت کریں اور کسی بھی روز (اگر روزانہ کر سکتے ہیں تو روزانہ) حسب استطاعت غریب سادات کو ہدیہ اور غیر سادات کو صدقہ دے دیں چاہے رقم ہو یا انکی ضرورت کی کوئی شے۔ صدقہ دینے کے لیے پوچھا جاتا ہے کہ روزانہ کی بنیاد پر مختلف اشیاء وغیرہ کا صدقہ کے طور پر دینے کا کہا جاتا ہے۔ مثلاً گندم۔ چاول، کالے مسور وغیرہ وغیرہ۔ قارئین کرام صدقہ دینے کے لیے ضروری نہیں کہ اشیاء ہی دی جائیں بلکہ رقم کی صورت میں بھی صدقہ دیا کریں جس طرح فطرہ کے طور پر اجناس کی رقم دے دی جاتی ہے۔ ایک اور گزارش کہ اگر کسی مریض کی حالت ایسی ہو جیسے جنات۔ آسیب یا جادو وغیرہ کا گمان ہو تو براہ مہربانی ایسے مریض کا روحانی علاج کے ساتھ کسی نیرالوجسٹ اور سیکاٹرسٹ (دماغی ونفسیاتی و اعصابی امراض کا ڈاکٹر) کو ضرور چیک کروائیں بعض اوقات ایسے مریض کے اندر B4 اور B12 کی کمی سے مریض کی ایسی حالت ہو جاتی ہے جیسے اس پر جنات، آسیب یا جادو وغیرہ کا اثر ہو۔ اپنی دعاؤں میں تمام مومنین و مومنات کو یاد رکھیں۔

والسلام جاوید جمالی

بسم اللہ الرحمن الرحیم ربنا لک وعدتنا علی رسلک ولا تخزنا یوم القیامۃ انک لا تخلف المیعاد۔ ربنا اٰمنا بما انزلت واتبعنا الرسول فاکتبنا مع الشاہدین۔ ربنا اٰمنا بما انزلت واتبعنا الرسول فاکتبنا مع الشاہدین۔ ربنا لا تزغ قلوبنا بعد اذ ہدیتنا وہب لنا من لدنک رحمۃ انک انت الوہاب۔ ربنا اغفر لنا ذنوبنا وکفر عنا سیاتنا وتوفنا مع الابرار۔ ربنا وآتنا ما وعدتنا علی رسلک ولا تخزنا یوم القیامۃ انک لا تخلف المیعاد

# قرآن کریم سے فال دیکھنے کا آسان طریقہ

محمد وصی خان (مرحوم)

قارئین مشہور زمانہ امامیہ جنتری کے لیے قرآن کریم سے بہت آسان طریقہ سے فال دیکھنے کا طریقہ دیا جارہا ہے تاکہ آپ خود اپنے مسائل کے لیے اللہ پاک کی عظیم کتاب سے رہنمائی حاصل کرسکیں۔

**طریقہ:** پہلے غسل کرکے پاک اور صاف کپڑے زیب تن کرکے جائے نماز پر بیٹھ کر خوشبو لگا کر کمرے میں اگر بتی روشن کرکے پھر ایک مرتبہ سورۃ الحمد اور تین مرتبہ سورۃ اخلاص کی تلاوت کرے اول اور آخر ایک ایک تسبیح محمد وآل محمد علیہم السلام پر درود کی تلاوت کرکے پھر نیت کرکے قرآن کریم اٹھائے اور آنکھ بند کر کے اس کو کھولے۔ دائیں طرف کے صفحہ کی ساتویں سطر کو " بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ " پڑھ کر دیکھے ساتویں سطر کا پہلا حرف جو ہوگا وہ اس کی نیت کے سوال کا جواب ہوگا۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1 | اگر پہلا لفظ الف ہو | بھلائی اور اچھائی ہے۔ | |
| 2 | ب ہو | خیر کثیر حاصل ہوگا۔ | |
| 3 | ت ہو | گناہوں سے توبہ کرے۔ | |
| 4 | ث ہو | ثروت وحکومت حاصل ہو۔ | |
| 5 | ج ہو | اپنی دلی مراد پائے گا۔ | |
| 6 | ح ہو | بہتر نہیں ہے، اس کام کا اقدام نہ کرے یہ | |
| 7 | خ ہو | حلال روزی نصیب ہوگی۔ | |
| 8 | د ہو | خوف سے رہائی پائے گا۔ | |
| 9 | ذ ہو | ارکان حکومت کی طرف سے نفع پہنچے گا۔ | |
| 10 | ر ہو | دشمن پر غالب ہوگا۔ | |
| 11 | ز ہو | منصب اعلیٰ پر پہنچے گا یعنی خوشی ملے گی۔ | |
| 12 | س ہو | اس نیت کا انجام بہتر ہوگا۔ | |
| 13 | ش ہو | اس کا دوست خوش بخت ہوگا اور ترقی پائے گا۔ | |
| 14 | ص ہو | دشمنوں سے محفوظ ہوگا۔ | |
| 15 | اگر پہلا لفظ ض ہو | جس کے لیے نیت کی ہے بہتر ہے۔ | |
| 16 | ط ہو | اس کام کے اقدام میں پشیمان ہوگا۔ | |
| 17 | ظ ہو | جملہ آرزو پوری ہوگی مراد برآئے گی۔ | |
| 18 | ع ہو | خداوند متعال اس کو دولت، عزت اور راحت عطا فرمائے گا۔ | |
| 19 | غ ہو | دنیا کے اسرار اور امور جو مخفی ہیں وہ کھل جائیں گے۔ | |
| 20 | ف ہو | یہ حوصلت کی ہے اس کے اقدام سے ڈرے۔ | |
| 21 | ق ہو | لوگوں کے درمیان مقبول القول ہوگا۔ | |
| 22 | ک ہو | دشمنی اور مخاصمت گھر جائے گا۔ | |
| 23 | ل ہو | اپنے حاسدوں اور دشمنوں پر فتح پائے گا۔ | |
| 24 | م ہو | اس کو جاہ وحشمت نصیب ہوگی۔ | |
| 25 | ن ہو | بہت زحمت کے بعد مراد پوری ہوگی۔ | |
| 26 | و ہو | ہلاکت میں پڑنے سے ڈرے۔ | |
| 27 | ہ ہو | وہ شخص مخلوق سے خدا تعالیٰ کی طرف پناہ لے۔ | |
| 28 | ی ہو | اس نیت میں غم خوار ومہربان مشیر کی احتیاج وضرورت ہے۔ | |

## امامیہ جنتری (رجسٹرڈ) کے ہول سیل مراکز

| | | | |
|---|---|---|---|
| **سلطان نیوز ایجنسی** | **مجدی کتاب گھر** | **صابری دارالکتب** | **چاند کمپنی (پرائیویٹ)** | **عمران کمپنی** |
| اخبار مارکیٹ اردو بازار لاہور | اردو بازار لاہور | قدامی مارکیٹ، اردو بازار لاہور | اردو بازار لاہور | خالد پلازہ اردو بازار لاہور |
| فون: 37249813 042 | فون: 37355754 | فون: 37320310 042 | فون: 37244114 042 | فون: 0300 4950065 |
| **خزینہ علم و ادب** | **شکیل برادرز** | **مشتاق بک کارنر** | **محمد علی بک ایجنسی** | **اشرف بک ایجنسی** |
| اردو بازار لاہور | دربار مارکیٹ لاہور | اردو بازار لاہور | جامع امام صادق G-9/2 اسلام آباد | کمیٹی چوک اقبال روڈ راولپنڈی |
| فون: 37314169 | فون: 0322 6312227 | فون: 37230350 | فون: 0321 5291921 | فون: 051 5531610 |
| **سید جعفر علی اینڈ سنز** | **شمع نیوز ایجنسی** | **محمد علی بک ڈپو** | **اسد بک ڈپو** | **مکتبہ الحسین** |
| اردو بازار جھنگ | کشمیری بازار راولپنڈی | سولجر بازار بریزو روڈ کراچی | قدم گاہ مولا علیؑ حیدرآباد | ابدالی روڈ نواں شہر ملتان |
| فون: 0333-8040110 | فون: 0300-5156329 | فون: 0300-2985928 | فون: 0222785626 | فون: 0313-6141412 |





# یک سالہ زائچہ 2017ء

## 2017ء کے فلکی اثرات

تحریر: شیخ زوار رضا جاوا (ماہر فلکیات)
238-B سبزہ زار ملتان روڈ، لاہور
Cell 0300-9477284
042-37496809
0321-9477284
Www.enlighteningspirits.com
E-Mail: jawa1215@gmail.com

**نوٹ:** مندرجہ ذیل دعا 9 بار روزانہ مقررہ وقت پر مع اول وآخر 9 مرتبہ درود پڑھ کر دم کریں۔ مشکلات آسان ہوں گی۔

**دعا نحوست سیارگان** بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ يَا عَلِيُّ يَا عَظِيْمُ يَا كَافِيُ يَا عَلِيُّ يَا مَالِكُ يَا قُدُّوْسُ يَا كَبِيْرُ يَا مُتَعَالُ يَا فَتَّاحُ يَا رَزَّاقُ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ اِحْفَظْنِيْ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ وَمِنْ نُحُوْسَةِ الشَّمْسِ وَالْقَمَرِ وَالْعُطَارِدِ وَالزُّهَرَةِ وَالْمِرِّيْخِ وَالْمُشْتَرِيْ وَالزُّحَلِ وَالرَّاْسِ وَالذَّنَبِ بِحَقِّ يَا اَللّٰهُ يَا اَحَدُ يَا صَمَدُ وَبِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّعَلِيٍّ وَّفَاطِمَةَ وَالْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ وَعَلِيِّ ابْنِ الْحُسَيْنِ وَمُحَمَّدِ ابْنِ عَلِيٍّ وَجَعْفَرِ ابْنِ مُحَمَّدٍ وَمُوْسٰى ابْنِ جَعْفَرٍ وَعَلِيِّ ابْنِ مُوْسٰى وَمُحَمَّدٍ ابْنِ عَلِيٍّ وَعَلِيِّ ابْنِ مُحَمَّدٍ وَحَسَنِ ابْنِ عَلِيٍّ وَالْحُجَّةِ ابْنِ الْحَسَنِ صَلَوَاتُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

**برج:** حمل ARIES **سیارہ:** مریخ



رنگ ــــ گلابی، پیلا، سبز
عنصر ــــ آتشی
جواہر ــــ مرجان، یاقوت، لاجورد، عقیق، یشم
بہترین شریک حیات: ــــ برج میزان
نامواقف ساتھی: ــــ برجان، کنواں، جدی

پیدائشی: 21 Mar to 20 Apr دن: منگل عدد: ۹ حروف: اول، چوتھی

**اہم نکات** 2017 آپ کے لیے ملا جلا سال ثابت ہوسکتا ہے آپ کا اپنا ستارہ مریخ دہال، ہبوط، اوج، فرح جیسی کیفیات سے گزرتے ہوئے اچھے برے دونوں طرح کے اثرات مرتب کرے گا۔ دوسری طرف بارھویں کا حاکم ستارہ مشتری 10 اکتوبر تک اوج کے گھر رہتے ہوئے جہاں سعد اثرات مرتب کریگا وہیں طالع کے مقابل رہتے ہوئے آپ پر منفی اثرات بھی مرتب کرتا رہے گا، دوسری طرف آپ کے کیریئر روزگار اور امیدوں سے منوبہ ستارہ زحل آخر دسمبر تک ناویں قیام پذیر رہتے ہوئے آپ کے لیے نئے کاروباری مواقع پیدا کرتا رہے گا۔ یا آپ کی خواہشات کی تکمیل کا سال ثابت ہوگا۔ (ان شاء اللہ)

**صحت** چھٹے گھر راہو اور مشتری کی موجودگی کی وجہ سے حمل افراد گذشتہ سال صحت کے مسائل سے دوچار رہے ہیں، مشتری گو کہ گذشتہ سال سے بیت الصحت کو چھوڑ چکا ہے۔ مگر راہو امسال بھی آخر اپریل تک بیت الصحت میں رہتے ہوئے آپ کی صحت کو متاثر کرتا رہے گا۔ آپ کی صحت کی خرابی کی ایک وجہ سحر جادو بھی ہوگا۔ اکثر افراد کو خرابی معدہ کی شکایت رہے گی۔ آپ کو جسمانی کے ساتھ ساتھ روحانی علاج کی ضرورت ہوگی اس کے علاوہ 26 فروری تا 14 مارچ، 10 اپریل تا 3 مئی، 17 مئی تا 7 جون، 13 اگست تا 5 ستمبر، یکم تا 18 اکتوبر، 6 نومبر تا آخر سال آپ کو صحت پر خاص توجہ دینا ہوگی۔

**منگنی شادی** یوں تو ہر سال ہی آپ کے لیے منگنی شادی کے مواقع آتے ہیں مگر زندگی کے اس اہم ترین فیصلہ کے لیے درست وقت کا انتخاب از حد ضروری ہوگا۔ امسال منگنی کے حوالہ سے 20 مارچ تا 21 مئی، 26 جون تا 23 ستمبر کا عرصہ بہتر رہے گا۔ جبکہ آغاز سال تا 19 مارچ، 22 مئی تا 22 جون، 24 ستمبر تا 23 اکتوبر کا عرصہ قطعی موافق نہ ہوگا۔ ان ایام میں طے کی گئی منگنیاں ٹوٹنے کا خدشہ ہوگا۔ شادی کے حوالہ سے یوں تو گذشتہ سال سے ہی مشتری ساتویں بیت الزوج میں رہتے ہوئے آپ کی شادی کے امکانات بڑھا رہا ہے مگر پھر بھی سال کا کچھ عرصہ احتیاط کا متقاضی ہوگا۔ 3 جنوری تا 3 فروری کا عرصہ بہتر ہے اس کے بعد بیت الزوج کے حاکم زہرہ کے وہال میں چلے جانے سے اور ساتویں 6 فروری تا 9 جون مشتری کی رجعت 4 مارچ تا 19 اپریل زہرہ کی رجعت کی وجہ سے آپ کی شادی میں رکاوٹ پیدا ہوجائے گی اس دوران شادی سے گریز کریں۔ 9 جون تا 19 ستمبر کا عرصہ موافق رہے گا۔ 20 ستمبر تا 25 دسمبر شادی نکاح جیسی تقریبات سے قطعی گریز کریں وگرنہ آپ اختلافات کی نذر ہوسکتے ہیں۔ اور بات طلاق تک جاسکتی ہے۔

**سماجی تعلقات** آپ کو اپنے سماجی تعلقات بہت محتاط روی سے نبھانے پڑیں گے ان تعلقات سے منسوبہ ستارہ عطارد ایک تیز رفتار ستارہ ہونے کی وجہ سے آپ کے تعلقات میں بہت تیزی سے تبدیلیاں پیدا کرتا رہتا ہے۔ آغاز سال تا 26 مارچ حالات بہتر رہیں گے۔ 26 فروری تا 14 مارچ

آپ کو محتاط رہنا ہوگا۔ آپ کے سماجی تعلقات متاثر ہو رہے ہیں قریبی عزیزوں بالخصوص بہن بھائیوں سے اختلافات سے گریز کریں 10 اپریل تا 3 مئی ایک بار پھر حالات کشیدہ ہو سکتے ہیں۔ اس طرح 17 مئی تا 7 جون کا عرصہ بھی بہتر نہ ہوگا۔ اپنے لین دین کے معاملات پر خاص دھیان دیں 13 اگست تا 5 ستمبر بچوں اور خاندان سے منسوبہ معاملات آپ کے سماجی اوقات کو متاثر کر سکتے ہیں۔ یکم تا 18 اکتوبر اور 6 نومبر تا آخر سال کا عرصہ بھی محتاط روی کا طالب ہوگا۔ مذہبی اور سسرالی عزیزوں سے متعلقہ معاملات خراب ہو رہے ہیں

**تعلیمی کریئر** امسال حمل بچوں کو 26 فروری تا 14 مارچ، 31 مارچ تا 17 مئی یکم تا 18 اکتوبر اور 6 نومبر تا آخر سال مشکلات کا سامنا رہے گا۔ ان کا دل پڑھائی سے اچاٹ ہو رہا ہے۔ وجدار تکاز کی کمی ہے اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے افراد کے لیے یوں تو یہ سال بہت اچھا ہے آپ کے لیے اعلیٰ تعلیم کے راستے کھل رہے ہیں اس حوالہ سے بیرون ملک سفر بھی متوقع ہے مگر 6 فروری تا 9 جون رجعت مشتری اور 16 اپریل تا 25 اگست رجعت زحل کی وجہ سے مشکلات پیش آسکتی ہیں۔

**سفر** گذشتہ کی طرح امسال بھی آپ حسب خواہش کئی ایک خود ہی سفر کر سکیں گے۔ البتہ 26 فروری تا 14 مارچ، 31 مارچ تا 7 جون، یکم اکتوبر اور 6 نومبر تا آخر سال سفر سے گریز کرنا بہتر ہوگا۔ اس دورانیہ میں قدرتی طور پر بھی آپ کے سفری پروگرام التوا کا شکار ہو سکتے ہیں۔ امسال آپ حج و زیارات، عمرہ کی سعادت نصیب ہو سکتی ہے۔ اس طرح اعلیٰ تعلیم کے لیے بھی سفر کے مواقع مل سکتے ہیں۔ یوں تو اکتوبر تک آپ کو کئی ایک مواقع میسر رہیں گے۔ مگر 6 فروری تا 25 اگست، بوجہ رجعت، زحل و مشتری کچھ معاملات میں رکاوٹوں سے بھی واسطہ پڑ سکتا ہے۔ آپ ویزہ اپلائی کرنے سے قبل ان سیارگان کی رجعت کا سدباب کر لیں۔

**شراکتی ازدواجی تعلقات** امسال آپ کو اپنے تعلقات پر خاص توجہ دینا ہوگی اس حوالہ سے جنوری سال کا سب سے بہترین دورانیہ ثابت ہوگا۔ آپ کے تعلقات بہتر سے بہترین ہو رہے ہیں آپ کو نئی شراکت داری کے مواقع مل رہے ہیں۔ مگر 3 فروری تا 6 جون کا عرصہ قطعی موافق نہ ہوگا۔ محتاط رہیں وگرنہ اختلافات بڑھنے سے بات علیحدگی تک جا سکتی ہے۔ 6 جون تا 20 ستمبر حالات بہتر رہیں گے۔ آپکو اپنے معاملات سنبھالنے کا بہتر موقع مل رہا ہے 20 ستمبر تا 14 اکتوبر کا دورانیہ کسی امتحان سے کم نہ ہوگا آپ کے مابین ایک بار پھر کشیدگی عروج پر ہوگی 14 اکتوبر تا 8 نومبر آپکو بہتر حالات میسر رہیں گے۔ مگر 8 نومبر تا 25 دسمبر کا عرصہ ایک بار پھر حالات میں کشیدگی پیدا کر دے گا اس طرح امسال آپ کو اپنے ان تعلقات کو انتہائی محتاط روی سے نبھانا ہوگا۔

**معیشت کیریئر روزگار** آپکے کیریئر روزگار سے متعلقہ ستارہ گذشتہ سال سے اپنے اوج کے گھر رہتے ہوئے کاروباری معاملات میں بہتری کا باعث بن رہا ہے اور امسال 20 دسمبر تک یہیں قیام پذیر رہتے ہوئے آپ کو کیریئر روزگار کے حوالہ سے بہتر مواقع میسر کرتا رہے گا۔ آغاز سال تا 20 جنوری حالات قدرے موافق نہ ہونگے اسکے علاوہ 6 اپریل تا 25 اگست بوجہ رجعت زحل آپکو اپنے کاموں میں التوا، رکاوٹ کا سامنا ہو سکتا ہے۔ اس دوران نئے منصوبوں کی تکمیل مشکل ہوگی۔ اس دورانیہ میں نئی انویسٹمنٹ سے گریز کریں پرجوش سے متعلقہ معاملات بھی التوا کا شکار رہیں گے۔ امسال طویل دورانیے کے منصوبہ جات پر کام کرنا بہتر ہوگا۔ جو آپ کی زندگی کے لیے ایک نئی بنیاد ثابت ہو سکتا ہے۔

**اولاد انعامی بانڈ لاٹری** بچوں کے حوالہ سے مجموعی طور پر یہ سال خاصہ بہتر نظر آرہا ہے البتہ سال کا کچھ عرصہ بہرحال آپ کو محتاط رہنا ہوگا، آغاز سال تا 20 فروری، 21 مئی تا 22 جون، 23 ستمبر تا 23 اکتوبر کا دورانیہ بچوں کے معاملات پر خاص توجہ دیں۔ بے اولاد حمل افراد کو امسال اولاد کی خوشی نصیب ہو سکتی ہے۔ انعامی بانڈ لاٹری کے حوالہ سے 20 مارچ تا 21 مئی، 22 جون تا 23 اگست تک کا عرصہ بہترین موافق ہوگا کوئی بڑا انعام نکل سکتا ہے۔

**خصوصی احکامات** مجموعی طور پر 2017 حمل افراد کے لیے ایک بہتر سال ثابت ہوگا۔ (انشاء اللہ) سال کی ابتدا میں مریخ زائچہ کے بارہویں موجود ہونے سے امیگریشن سے منسوبہ معاملات خراب ہو سکتے ہیں ستارہ زحل کیریئر کے گھر تمام سال موجود رہتے ہوئے آپ کے کیریئر روزگار پر مثبت اثرات مرتب کرتا رہے گا۔ (ماسوائے رجعت کے ایام کے) اکتوبر تک ساتویں مشتری کی اوج یا نقہ پشت آپ کے شراکتی اور ازدواجی تعلقات میں بہتری کا باعث ہوگی۔ بیرون ملک سفر بالخصوص حج عمرہ و زیارات کے مواقع بڑھا دے گی۔ دیگر سیارگان میں 9 جنوری کو دسویں شمس کا حضیض آپکے کاروباری اور کیریئر روزگار کے معاملات کو متاثر کر رہا ہے۔ اسکے علاوہ والدہ اور بچوں سے اختلافات پیدا ہو سکتے ہیں۔ 30 جنوری کو بارہویں زہرہ کا شرف جہاں آپ کی شادی نکاح کی راہ میں حال رکاوٹوں کو ختم کر دے گا۔ وہیں امیگریشن کے حصول میں بھی معاون ہوگا۔ آپ کی مالی پوزیشن بہتر ہو رہی ہے۔ دوسری طرف یہی شرف آپ کے خلاف سرگرم عمل خفیہ دشمنوں کو بھی مضبوط بنا رہا ہے۔ 3 فروری تا 4 اپریل زہرہ طالع میں وبال زدہ رہے اور 4 مارچ تا 15 اپریل بالترتیب طالع میں اور بارہویں رجعت میں رہنے سے شراکتی ازدواجی، مالی اور امیگریشن سے متعلقہ معاملات کو بری طرح متاثر کر دے گا۔ ان ایام میں قرض کے لین دین سے قطعی گریز کریں۔ شراکتی ازدواجی معاملات میں جذباتیت بے حد نقصان دہ ثابت ہوگی 5



مارچ عطارد کا ہبوط آپ کے بارہویں گنبد سے جاری خفیہ سازشوں کا قلع قمع ہو جائے گا۔ ان ایام میں آپ کو اپنی صحت جان اور عزیز و اقارب سے وابستہ تعلقات کے حوالے سے مشکلات پیش آسکتی ہیں۔ محتاط رہیں۔ جذباتیت یا جلد بازی میں کیے گئے فیصلے نقصان دہ ہونگے جاب چھوڑنے کی غلطی ہرگز مت کریں۔ 10 مارچ تا 21 اپریل مریخ آپ کے خانہ مال میں وبالی کیفیت کا شکار رہتے ہوئے آپ کے اخراجات میں تیزی پیدا کر دے گا۔ شراکتی مالی، معاملات میں غلط فیصلی مالی نقصان کا باعث ہونگے۔ اس حوالہ سے وعدے یا چیک وغیرہ دینے سے گریز کریں 14 تا 31 مارچ طالع میں عطارد کی موجودگی جاب اور عزیزوں کے حوالہ سے معاملات سنبھالنے میں مدد دے گی۔ 6 تا 14 اپریل خانہ مال میں عطارد کی حضیض زدہ کیفیت پہلے سے موجود مریخ کی موجودگی میں مریخ کے اثرات کو مزید بڑھا دے گی۔ اب آپ کو زیادہ احتیاط کی ضرورت ہوگی۔ 17 اپریل کو طالع میں شمس کا شرف آپ کی عزت توقیر میں اضافہ کا باعث ہوگا۔ بچوں کے حوالہ سے کوئی خوشخبری مل سکتی ہے۔ 13 تا 17 اپریل زہرہ بعد از رجعت ایک بار پھر شرتی درجات سے گزرتے ہوئے مالی اور شراکتی ازدواجی معاملات کو قدرے بہتر کر رہا ہے مگر یہ ثمرات تادیر نہ رہ پائیں گے۔ 21 اپریل 6 جون زہرہ کی وبالی کیفیت اول اللہ کر معاملات کو ایک بار پھر بگاڑ دے گی۔ 20 مئی کو خانہ مال میں عطارد بین حضیض کے درجات پر ہوگا۔ مالی حوالہ سے کسی بھی چھوٹے بڑے فیصلہ سے گریز کریں۔ 21 مئی تا 21 جون زائچہ کے چھٹے شمس کی منفی پوزیشن آپ کی جاب اور صحت دونوں پر منفی اثرات مرتب کر رہی ہے۔ بچوں کے اضافی اخراجات مشکلات بڑھا رہے ہیں 4 جون تا 20 جولائی چھوٹے مریخ ہیولی گھر رہے گا۔ اور 16 جولائی کو عین ہیولی درجات سے گھر رہے گا۔ ان ایام میں عزت وقار اور خاندانی گھریلو معاملات پر خاص توجہ دینا ہوگی۔ مکان، جائیداد کی خرید و فروخت نقصان کا باعث ہوگی، والدہ کی جانب سے پریشانی ہو سکتی ہے۔ اسی طرح وراثتی معاملات بھی تنازع کا باعث بن سکتے ہیں۔ ان امور میں محتاط رہیں۔ 7 تا 21 جون عطارد کی اپنے گھر موجودگی سماجی تعلقات میں بہتری لا رہی ہے۔ بہتر جاب اور ملازمت کا حصول ممکن ہوگا۔ اسی طرح آپ کی صحت میں بھی بہتری آئے گی۔ 11 جولائی چوتھے شمس کا اوج خانگی معاملات میں بہتری لا رہا ہے۔ اس کار خیر میں آپ کے بچے بھی شامل ہیں۔ آپ کی منگنی طے پانے کے بھی قوی امکانات ہیں۔ 6 جون تا 5 جولائی زہرہ خانہ مال میں رہتے ہوئے آپ کی مالی پوزیشن کو مستحکم کر رہا ہے۔ 20 جولائی تا 5 ستمبر پانچویں مریخ کی اوج یا نقہ نشست آپکو اولاد کی جانب سے خوشخبری دلا سکتی ہے۔

ایک بار پھر آپ کی منگنی کے قوی امکانات ہیں جن کی بات تا حال طے نہیں پائی تھی اب طے پا جائے گی۔ آپ کی عزت توقیر میں اضافہ ہوگا۔ 22 جولائی تا 23 اگست ہوئے وراثتی معاملات بھی انشاء اللہ حل ہو جائیں گے۔ 22 جولائی تا 23 اگست پانچویں کا حاکم شمس اپنے ہی گھر رہتے ہوئے آپ کی پسند کی جگہ منگنی کو ممکن بنا رہا ہے۔ بچوں کی جانب سے آسودگی مل رہی ہے۔ ان ایام میں آپ کا کوئی بڑا انعام نکل سکتا ہے۔ 24 جولائی کو زہرہ کا تیسرے اوج آپ کی مالی پوزیشن کو مستحکم کر رہا ہے عزیز و اقارب سے تعلقات بہتر ہو رہے ہیں۔ آپ سماجی تقریبات میں بھرپور شرکت کر رہے ہیں۔ شادی کے خواہشمند افراد کے لیے یہ سال کا بہترین وقت ہے۔ اور رکی ہوئی شادیاں بھی انجام پذیر ہو جائیں گی 17 اگست کو مریخ مین اوج کے درجات پر موجود ہوگا۔ بچوں اور وراثت سے منسوبہ مسائل کا حل ممکن ہوگا۔ ذاتی ستارہ عروج پر ہونے سے آپ خاصے مطمئن نظر آرہے ہیں۔ 5 ستمبر تا 22 اکتوبر مریخ زائچہ کے چھٹے میں قیام کرتے ہوئے آپ کی صحت اور جاب پر مثبت اثرات مرتب کریگا۔ 21 ستمبر کو چھٹے عطارد کا شرف بہتر جاب کے حصول میں معاون ہوگا۔ جاب کی تبدیلی کے لیے یہ بہترین وقت ہے۔ 30 ستمبر تا 17 اکتوبر ساتویں عطارد طالع کے مقابل حالت طرح میں ہوگا۔ آپ کے شراکتی ازدواجی تعلقات بدگمانیوں اور افواہوں کی نذر ہو سکتے ہیں۔ بلا تصدیق کسی بھی بات پر یقین نہ کریں۔ وگرنہ تعلقات خراب ہو سکتے ہیں۔ اس خرابی کے پیدا کرنے میں قریبی عزیز بھی پیش پیش نظر آرہے ہیں، 11 اکتوبر کے چھٹے زہرہ کا ہبوط آپ کی صحت اور جاب دونوں کے لیے بالخصوص اور آپ کے ازدواجی شراکتی، سماجی تعلقات کے لیے بالعموم نقصان دہ ثابت ہو سکتا ہے۔ ان معاملات پر خاص توجہ دیں اور کسی بھی بڑے فیصلے سے گریز کریں۔ ورنہ مابین علیحدگی ناگزیر ہوگی۔ 14 اکتوبر تا 7 نومبر زہرہ کے ساتویں اپنے ہی برج میں آجانے سے اول الذکر تمام معاملات میں بہتری آئے گی۔ اسی دوران 12 اکتوبر کو عین اسی جگہ شمس ہبوط آپ کے شراکتی، ازدواجی تعلقات کو کشیدہ کر سکتا ہے۔ آپ کے مابین اختلافات کی ایک بڑی وجہ آپ کے بچے ہونگے۔ وہ افراد جن کی شادی ان ایام میں طے پائی ہے۔ انہیں بھی خاص احتیاط کرنا ہوگی۔ آپ کی شادی ٹوٹ سکتی ہے۔ محتاط رہیں۔ 20 اکتوبر آٹھویں عطارد کا اوج سماجی وراثتی تعلقات میں بہتری لا رہا ہے۔ آپ کو جاب کی آفر مل سکتی ہے۔ مگر نہ تبدیل کرنا زیادہ بہتر رہے گا نومبر آخر سال عطارد نادیں وبال زدہ رہے گا۔ بیرون ملک سفر میں رکاوٹ پیدا کر دے گا۔ اس کے علاوہ اپنے اور سسرالی دونوں عزیز و اقارب سے کشیدگی پیدا ہو سکتی ہے۔

**صدقہ** ہر منگل 900 گرام دال مسور کسی مستحق کو دیں یا پرندوں کو ڈال دیں

**ورد خاص** روزانہ 117 مرتبہ درد کریں بمعہ اول و آخر 9-9 مرتبہ درود پاک

ھواللہ الرحمن الرحیم الملک القدوس

# برج: ثور TAURUS سیارہ: زہرہ



رنگ: گہرا نیلا
عکس: خاکی
جواہر: لاجورد، فیروزہ
بہترین شریک حیات: سنبلہ، جدی
ناموافق ساتھی: اسد، عقرب، دلو

بیماریاں: حلق اور کانوں کے امراض، پھوڑے پھنسیاں، نزلہ، زکام

دن: ہمہ عدد: 6 21 Apr to 21 May حروف: ب، و

## اہم نکات

2017 کی سب سے اہم بات دونوں بڑے سیارگان کی زائچہ کے اہم ترین گھروں میں موجودگی ہے گو کہ دونوں سیارگان اوج کے گھروں میں ہونگے مگر زائچہ فطرت کے مطابق دونوں ہی زائچہ کے نحس چھٹے آٹھویں میں ہونگے۔ اس طرح جہاں یہ آپ کو فوائد دیں گے وہیں انکی وجہ سے آپ کو کچھ نقصانات بھی برداشت کرنا ہونگے چھٹے مشتری جہاں صحت اور جاب میں بہتری لا رہا ہے۔ وہیں آپ کی خواہشات اور روزمرہ معاملات کو بھی متاثر کرے گا۔ دوسری طرف ستار زحل آٹھویں موجود رہتے ہوئے کیریئر روزگار، بیرون ملک سفر اور سسرالی عزیزوں سے تعلقات کو متاثر کر رہا ہے، اسمال ذاتی ستارہ دوم مرتبہ شرف اور وبال کے گھر بوجہ رجعت قیام کریگا، جون تک آپ کے حالات میں بہت بہتری مثبت و منفی تبدیلیاں رونما ہونگی۔ دیگر سیارگان میں اسمال مریخ کا ہبوط آپ کے سماجی، شراکتی ازدواجی تعلقات کو بری طرح متاثر کر رہا ہے۔ بیرون ملک مقیم ثور افراد بھی اس صورتحال سے خاصا متاثر ہونگے۔ آپ کو واپسی کی راہ دکھائی پڑ سکتی ہے۔ آپ کی ملازمت اور امیگریشن دونوں خطرے میں ہونگیں۔

## صحت

آپ کا ذاتی ستارہ ہی آپ کے بیت الصحت کا حاکم ہے۔ اور جیسا کہ گذشتہ سطور میں بتایا جا چکا ہے۔ جنوری تا جون اس کی مثبت و منفی پوزیشن آپ کی صحت کو اتار چڑھاؤ کا شکار رکھے گی۔ اور اپنی صحت کا خاص خیال رکھیں۔ اس کے علاوہ یکم تا 18 اکتوبر چھٹے عطارد کی موجودگی صحت بوجہ سحر، جادو متاثر ہونے کی نشاندہی ہے۔ 23 اکتوبر تا 9 دسمبر بیت الصحت میں مریخ کا وبال آپ کو صحت کے شدید مسائل سے دوچار کر سکتا ہے۔ خدانخواستہ آپ کو سرجری کروانا پڑ سکتی ہے۔ دوسری طرف آٹھویں زحل کی موجودگی اور رجعت بھی آپ کو صحت کے مسائل کا شکار رکھ سکتی ہے۔ آپ کی بیماریوں کی ایک بڑی وجہ ڈپریشن ہو سکتا ہے۔ آٹھویں زحل کی موجودگی کی وجہ سے آپ پر آسیبی اثرات بھی حملہ آور ہو سکتے ہیں۔ آپ کو حد درجہ احتیاط کی ضرورت ہوگی (بالخصوص خواتین کو)

## منگنی شادی

گذشتہ سال سے راہو آپ کی منگنی کی راہ میں رکاوٹ بنا کھڑا ہے امسال بھی آخر اپریل تک صورتحال ایسی ہی رہے گی۔ بعد ازاں حالات بہتر ہو جائیں گے۔ 17 مئی تا 7 جون یکم تا 18 اکتوبر 6 نومبر تا آخر سال بالخصوص بات طے کرنے یا باقاعدہ منگنی کرنے سے گریز کریں۔ نکاح شادی کے حوالہ سے سال کے بہترین اوقات 28 جنوری تا 10 مارچ، 20 جولائی تا 23 اکتوبر اور 9 دسمبر تا آخر سال ہونگے۔ مگر دسمبر میں ایام عزا کو ضرور ملحوظ خاطر رکھیں بتائے گئے عرصہ کے علاوہ شادی سے قطعی گریز کریں۔

## سماجی تعلقات

امسال آپ کو اپنے سماجی تعلقات کے حوالہ سے خاصی محتاط روش اختیار کرنا ہوگی۔ جنوری میں آپ کے تعلقات بہتر نظر آرہے ہیں 11 فروری کو چوتھے قمری گرہن بہن بھائیوں اور خاندان کے افراد سے تعلقات کشیدہ کردے گا۔ 10 مارچ کو طالع میں مریخ آجانے سے مزاج میں تیزی آجائے گی محتاط رہیں۔ 4 جون تا 20 جولائی بیت الاقرباء میں مریخ کی ہبوطی کیفیت آپ کے سماجی تعلقات کو بری طرح متاثر کر سکتی ہے کسی بھی قسم کی جذباتیت سے گریز کریں 7 اگست کو ایکبار پھر قمری گرہن بہن بھائیوں اور قریبی عزیزوں سے تعلقات کشیدہ کردے گا۔ سال کا باقی دورانیہ قدرے بہتر گزرے گا (ان شاء اللہ)

## تعلیمی کریئر

ابتدائی تعلیم حاصل کرنے والے ثور بچوں کو امسال 15 مارچ تا 15 اپریل، 4 جون تا 20 جولائی مشکلات پیش آسکتی ہیں اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے ثور افراد کو یکم تا 20 جنوری 6 اپریل تا 25 اگست مشکل صورتحال کا سامنا رہے گا۔ آپ 3 فروری تا 6 جون، 20 ستمبر تا 14 اکتوبر 5 نومبر تا 25 دسمبر ملازمت چھوڑنے یا تبدیل کرنے سے گریز کریں۔ دونوں صورتوں میں نقصان کا اندیشہ رہے گا۔ دوسری طرف آغاز سال سے ستارہ مشتری چھٹے اوج میں رہتے ہوئے آپ کو اپنی سعادتوں سے نواز رہا ہے۔ مگر 6 فروری تا 9 جون مشتری کی رجعت جاب کے حوالہ سے آپ کو ذہنی دباؤ کا شکار بھی رکھے گی۔ بعد از جون تا 20 اکتوبر مشتری کی سعد حالات آپ کے لیے بہتر جاب کے مواقع پیدا کردے گی مگر کسی بھی فیصلہ سے قبل اوپر والی سطور میں موجود تواریخ کو ذہن میں ضرور رکھیں۔

## خصوصی احکامات 2017

آپ کے لیے ایک ملا جلا سال ہے دونوں بڑے سیارگان زحل اور مشتری گو کہ اوج کے گھر ہونگے مگر بدقسمتی سے یہ آپ کے زائچہ کے نحس گھروں میں ہونگے۔ اس لیے آپ کو وہ ثمرات نہ مل سکیں گے جو کہ دوسرے بروج والوں کو ملیں گے پھر بھی ان کے متوقع فوائد میں نے ضبط تحریر کر دیے ہیں۔ آپ کو مشتری کی رجعت 6 فروری تا 9 جون اور زحل کی رجعت 6 اپریل تا 25 اگست کے ایام میں خاص احتیاط سے کام لینا ہوگا۔ صدقہ اور وظائف پر خاص توجہ دیں۔ اسی طرح مریخ کی بدلتی کیفیات بھی آپ کی خصوصی توجہ کی طالب ہونگی۔ آیئے اب دیگر سیارگان کی سیر افلاک کے اثرات کا جائزہ لیتے ہیں 9 جنوری کو ناویں شمس کا حضیض آپ کے خانگی معاملات میں خرابی کا باعث بن سکتا ہے





گا۔ بے اولاد ثور جوڑوں کو اولاد کے حوالہ سے خوشخبری مل سکتی ہے۔ یکم تا 18 اکتوبر 6 نومبر تا آخر سال کا عرصہ آپ کو بچوں پر خاص توجہ دینا ہوگی، وگرنہ معاملات بگڑ سکتے ہیں آپ کے بچے آپ کی خصوصی توجہ کے طالب ہونگے۔

## سفر

آپ یوں بھی گھومنے پھرنے کے شوقین ہوتے ہیں اور امسال آپ کو سفر کے کئی ایک مواقع بھی میسر آرہے ہیں مگر سال کا کچھ عرصہ سفر سے گریز بہتر ہوگا۔ 11 فروری، 4 جون تا 20 جولائی، 7 اگست یہ سال کے ایام ہونگے۔ جب سفر قطعی گریز بہتر ہوگا۔ بیرون ملک یا طویل سفر کے خواہشمند افراد کو یکم تا 20 فروری 16 اپریل تا 25 اگست سفر یا ویزہ وغیرہ اپلائی کرنے سے گریز کرنا ہوگا۔ وگرنہ وقت اور روپیہ دونوں ضائع جائیں گے۔ اس دوران اول تو سفر میں رکاوٹ رہے گی اور اگر سفر ہوا بھی تو بے ثمر رہے گا۔

## معیشت کیریئر روزگار

آپ کے کیریئر روزگار کا حاکم ستارہ زحل گذشتہ سال سے اوج کے گھر موجود ہے مگر یہ زائچہ کا آٹھواں گھر ہے اور یہاں ہر ستارہ نحس اثرات مرتب کرتا ہے۔ اس طرح آپ اپنے کیریئر روزگار کے حوالہ سے کچھ ذہنی دباؤ کا شکار رہیں گے۔ ہاں البتہ وہ ثور افراد جو کہ شراکت داری میں کام کر رہے ہیں انہیں بہر حال بہتر فوائد ہو سکتے ہیں۔ پروموشن اور کاروبار کی تبدیلی کے خواہشمند افراد کو بھی مشکلات درپیش رہیں گی البتہ ملازم پیشہ افراد کو اتار چڑھاؤ کا سامنا رہے گا۔ آپ 3 فروری تا 6 جون، 20 ستمبر تا 14 اکتوبر 5 نومبر تا 25 دسمبر ملازمت چھوڑنے یا تبدیل کرنے سے گریز کریں۔ دونوں صورتوں میں نقصان کا اندیشہ رہے گا۔ دوسری طرف آغاز سال سے ستارہ مشتری چھٹے اوج میں رہتے ہوئے آپ کو اپنی سعادتوں سے نواز رہا ہے۔ مگر 6 فروری تا 9 جون مشتری کی رجعت جاب کے حوالہ سے آپ کو ذہنی دباؤ کا شکار بھی رکھے گی۔ بعد از جون تا 20 اکتوبر مشتری کی سعد حالات آپ کے لیے بہتر جاب کے مواقع پیدا کردے گی مگر کسی بھی فیصلہ سے قبل اوپر والی سطور میں موجود تواریخ کو ذہن میں ضرور رکھیں۔

## خصوصی احکامات 2017

آپ کے لیے ایک ملا جلا سال ہے دونوں بڑے سیارگان زحل اور مشتری گو کہ اوج کے گھر ہونگے مگر بدقسمتی سے یہ آپ کے زائچہ کے نحس گھروں میں ہونگے۔ اس لیے آپ کو وہ ثمرات نہ مل سکیں گے جو کہ دوسرے بروج والوں کو ملیں گے پھر بھی ان کے متوقع فوائد میں نے ضبط تحریر کر دیے ہیں۔ آپ کو مشتری کی رجعت 6 فروری تا 9 جون اور زحل کی رجعت 6 اپریل تا 25 اگست کے ایام میں خاص احتیاط سے کام لینا ہوگا۔ صدقہ اور وظائف پر خاص توجہ دیں۔ اسی طرح مریخ کی بدلتی کیفیات بھی آپ کی خصوصی توجہ کی طالب ہونگی۔ آیئے اب دیگر سیارگان کی سیر افلاک کے اثرات کا جائزہ لیتے ہیں 9 جنوری کو ناویں شمس کا حضیض آپ کے خانگی معاملات میں خرابی کا باعث بن سکتا ہے

یہ سال کاسب سے بہتر وقت ہے آپ کا کوئی بڑا انعام نکل سکتا ہے 24 جولائی کو خانہ مال میں زہرہ کا اوج ملازمت میں ترقی یا کاروباری معاملات میں بہتر آمدن کو ممکن بنا رہا ہے۔ 21 ستمبر کو عین شرفی درجات سے گزرے گا آپ ایک سے زائد ذرائع آمدن کے لیے کوشاں ہیں آپ کی منگنی نسبت طے پا جانے کے قوی امکانات ہونگے مگر اسی دوران 13 اگست تا 5 ستمبر عطارد کو رجعت رہے گی۔ اس لیے اس دوران کسی بھی فیصلے سے گریز کریں وگرنہ آپ کے معاملات غلط فہمیوں، افواہوں کی نذر ہو جائیں گے۔ رجعت کے ایام میں کسی بھی قسم کے بڑے فیصلے سے گریز کریں۔ 26 اگست تا 20 ستمبر چوتھے زہرہ حالت فرح میں رہنے سے خانگی معاملات میں بہتری آئے گی۔ میل ملاپ میں اضافہ ہو جائے گا آپ گھر کی تزئین و آرائش میں مصروف ہیں بہتر ملازمت کے حصول میں خاندان کا کوئی فرد معاون ہوگا۔ 5 ستمبر تا 22 اکتوبر پانچویں مریخ حالت فرح میں آجانے سے آپ کی منگنی شادی طے پا جانے کی قوی امکانات ہونگے۔ مگر محتاط رہیں یہ آپ کے خلاف کوئی خفیہ سازش بھی ہو سکتی ہے۔ معاملات کی ہر طرح سے چھان بین ضرور کر لیں امیگریشن یا بیرون ملک مستقل قیام کے لیے یہ اچھا وقت ہے 30 ستمبر تا 17 اکتوبر اپنی صحت کا خاص خیال رکھیں وگرنہ خدانخواستہ سرجری کروانا پڑ سکتی ہے۔ مریخ کی یہ پوزیشن آپ کے ظاہری و باطنی دونوں دشمنوں پہ بھاری پڑے گی۔ ان ایام میں آپ کے شراکتی ازدواجی تعلقات بھی متاثر ہو سکتے ہیں۔ مختار رہیں 30 ستمبر تا 11 اکتوبر عطارد کے چھٹے موجودگی آپ کی صحت بوجہ سحر جادو متاثر کر سکتی ہے ان ایام میں جاب چھوڑنے یا تبدیل کرنے سے گریز کریں فضول خرچی مالی بحران کا شکار کر سکتی ہے 11 اکتوبر پانچویں زہرہ کا ہبوط بچوں سے تعلقات کشیدہ کر سکتا ہے۔ ان ایام میں کہیں بھی منگنی یا بات طے کرنے سے گریز کریں آپ کی پہلے سے طے شدہ باتیں بھی ختم ہو سکتی ہیں۔ 14 اکتوبر تا 7 نومبر چھٹے زہرہ کی موجودگی جاری صحت اور جاب کے مسائل کا خاتمہ کر دے گی اسی دوران چھٹے شمس کے ہبوط کی وجہ سے آپ کو بچوں پر اضافی اخراجات یا مالی نقصان کا سامنا ہو سکتا ہے۔ آپ کے خانگی معاملات متاثر ہو رہے ہیں ان ایام میں گھر کی تبدیلی یا خرید و فروخت سے گریز کریں۔ والدہ کی وجہ سے پریشانیوں کا سامنا ہو سکتا ہے۔ 20 اکتوبر کو ساتویں عطارد کا اوج شراکت داری کے حوالہ سے بہتر مواقع پیدا کر رہا ہے۔ مالی پوزیشن کے حوالہ سے بہتر وقت ہے آپ کے ازدواجی تعلقات میں بھی بہتری آرہی ہے۔ 6 نومبر تا آخر سال عطارد آٹھویں رہے گا آپ ذہنی دباؤ کا شکار ہو رہے ہیں۔ آپ کی پریشانی کی وجہ بچے اور مالی مسائل ہونگے۔ 7 نومبر تا یکم دسمبر زہرہ کی ساتویں وبال کی کیفیت آپ کے شخصی وقار کو متاثر کر رہی ہے۔ آپ کے ازدواجی تعلقات ایکبار پھر مخدوش حالات کا شکار ہونگے جائے کے حوالہ سے کسی بھی فیصلہ سے گریز کریں 22 نومبر تا 21 دسمبر شمس کی آٹھویں موجودگی جہاں آپ کے وراثتی اور پراپرٹی سے منسوبہ مسائل میں بہتری کا باعث ہوگی وہیں آپ کو خانگی معاملات کے حوالہ سے ذہنی دباؤ کا شکار رکھے گی امسال ہونے والی شمسی و قمری گرہن آپ کے زائچہ کے اہم ترین حصوں میں لگیں گے جو کہ آپ کے خانگی کاروباری معاملات اور بالخصوص آپ کے سماجی تعلقات کو متاثر کر سکتے ہیں ان ایام میں صدقہ اور نماز آیات ضرور ادا کریں۔ امید ہے سیارگان کی بتائی گئی کیفیات آپ کی بہتر پلاننگ میں مددگار رہیں گی۔

**ورد خاص** روزانہ ایک تسبیح سورۃ یوسف آیت نمبر 64 تلاوت کریں

**صدقہ** ہر جمعرات 300 گرام بڑا گوشت اور ہر ہفتہ 800 گرام کالے ماش کسی مستحق کو دیں یا جانوروں کو ڈال دیں۔



برج: جوزا GEMINI سیارہ: عطارد

رنگ ــــــ ہلکا زرد
منصر ــــــ ہوا
جواہر ــــــ (مرد دائیں جانب عورت بائیں جانب)
پتھروں شریک حیات ــــــ
ماہ وائے سالگرہ ــــــ

دن: بدھ عدد: 5 22 May to 21 Jun حروف: ق ک

**اہم نکات** 2017 جوزا افراد کے لیے تبدیلیوں کا سال ہے پانچویں مشتری کا اوج آپ کے شراکتی ازدواجی، کاروباری معاملات میں انتہائی بہتری کا باعث ہوگا۔ بچوں کے حوالہ سے بھی خوشخبری آپ کی منتظر ہوگی، ساتویں زحل کی اوج یافتہ نشست بھی آپ کے ازدواجی شراکتی معاملات کے علاوہ آپ کے وراثتی معاملات کے حل میں بھی معاون ہوگی اس سال خانہ مال میں مریخ کا ہبوط آپکی معاشی پوزیشن کو متاثر کر رہا ہے۔ آپ کی صحت بھی داؤ پر ہوگی۔ امسال زہرہ مشتری اور زحل کی رجعت اور دیگر سیارگان کی نشست و برخاست آپ پر کیا اثرات مرتب کر رہی ہے۔ یہ اگلی سطور میں ملاحظہ فرمائیں۔

**صحت** 2017 جوزا افراد کے لیے ایک ملا جلا سال ثابت ہو سکتا ہے آپ کی صحت کو اچھی برے دونوں طرح کے حالات کا سامنا کرنا ہوگا۔ آپ کو یکم تا 28 جنوری بالعموم اور 10 مارچ تا 20 جولائی صحت پر خاص توجہ دینا ہوگی۔ خدانخواستہ آپ کو سرجری کروانا پڑ سکتی ہے۔ اس دورانیہ میں اگر ممکن ہو تو اپنا بلڈ ٹیسٹ ضرور کروائیں۔ 20 جولائی تا 23 اکتوبر آپکی صحت بہتری کی جانب مائل رہے گی۔ 23 اکتوبر تا 2 دسمبر کا عرصہ آپ کی صحت ایکبار پھر مخدوش حالات کا شکار رہے گی۔





**سماجی تعلقات** بالخصوص جوزا افراد کے لیے خاص اہمیت کے حامل ہوتے ہیں امسال آپ کو جنوری تا 20 مارچ اپنے تعلقات بنائے رکھنے میں مشکلات کا سامنا رہے گا۔ 20 مارچ تا 19 مئی آپ کے تعلقات میں بہتری نمایاں رہے گی آپ محافل کی رونق بڑھا رہے ہیں۔ 20 مئی تا 22 جون بہن بھائیوں اور عزیز و اقارب سے تعلقات کشیدہ ہو سکتے ہیں۔ محتاط رہیں۔ 22 جون تا 23 ستمبر آپ کے تعلقات ایک بار پھر عروج پر ہونگے۔ آپ کی سماجی حیثیت بلند ہو رہی ہے۔ 23 ستمبر تا 23 اکتوبر آپ کے سماجی تعلقات کے حوالہ سے سال کا سب سے مشکل وقت ہوگا۔ اس وقت تحمل اور بردباری سے گزاریں سال کا باقی عرصہ انشاءاللہ بہتر رہے گا۔

**منگنی شادی** منگنی کے حوالہ سے یہ سال آپ کے لیے خاصہ موافق نظر آرہا ہے سعد اکبر ستارہ مشتری آغاز سال سے ہی آپ کی منگنی کی راہ ہموار کر رہا ہے۔ آغاز سال میں ہی آپ کی منگنی طے پا سکتی ہے البتہ 6 فروری تا 9 جون بوجہ رجعت مشتری معاملات قدرے تاخیر کا شکار رہیں گے اسی دورانیہ میں 29 اپریل تا 6 جون زہرہ کا وبال آپ کی بنی بنائی بات ختم بھی کر سکتا ہے۔ اس دوران کوئی بھی بات طے کرنے سے گریز کریں وگرنہ آپ کی منگنی ٹوٹنے کے قوی امکانات ہونگے۔ 6 جون تا 20 ستمبر کا دورانیہ منگنی کے حوالہ سے سب سے بہتر وقت ہوگا۔ 20 ستمبر تا آخر سال کا عرصہ بھی موافق نہ ہوگا۔

**تعلیمی کریئر** ابتدائی تعلیم کے حوالہ سے سال کی پہلی سہ ماہی جون اور اکتوبر کا مہینہ مشکل وقت ہوگا۔ اور اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے جوزا افراد کو 20 جنوری تا 18 فروری، 16 اپریل تا 25 اگست مشکلات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ زحل کی رجعت آپ کے تعلیمی کریئر کو متاثر کر سکتی ہے

**اولاد انعامی بانڈ لاٹری** بچوں کے حوالہ سے یہ سال آپ کے لیے ایک ملا جلا سال ثابت ہو سکتا ہے۔ البتہ بے اولاد اور خواہشمند جوزا جوڑوں کے لیے یہ سال امید افزا سے کم نہ ہوگا۔ سعد اکبر ستارہ مشتری کی پانچویں موجودگی آپ کی اولاد کی خواہش کو انشاءاللہ پورا کر دے گی۔ امسال 4 مارچ تا 15 اپریل بالعموم اور 29 اپریل تا 6 جون اور 20 ستمبر تا 14 اکتوبر 8 نومبر 25 دسمبر بالخصوص بچوں پر توجہ دینا ہوگی آپ کے بچوں میں چڑچڑا پن بڑھ جائے گا۔ اس حوالہ سے بچوں کا اس سال کی نسبت سے خصوصی صدقہ دیں انعامی بانڈ لاٹری کے شوقین یا ضرورت مند افراد کے لیے آغاز سال تا 29 اپریل۔ 6 جون تا 20 ستمبر 14 اکتوبر تا 8 نومبر کا عرصہ قسمت آزمائی کے لیے بہتر ہوگا۔

**سفر** امسال آپ کو نزدیکی سفروں کے حوالہ سے 20 مارچ، 21 مارچ تا 22 جون اور 23 ستمبر تا 23 اکتوبر احتیاط سے کام لینا ہوگا۔ سفر سے قبل صدقہ ضروری نکالیں۔ اور جلد بازی یا جذباتیت سے قطعی گریز کریں، بیرون ملک یا طویل سفروں کے حوالہ سے 20 جنوری تا 18 فروری 16 اپریل تا 25 اگست کا عرصہ موافق نہ ہوگا۔ اول ان ایام میں سفر سے گریز کریں اگر ایسا ممکن نہ ہو تو سفر سے قبل صدقہ کی ادائیگی ضروری ہوگی۔ اس دورانیہ میں ویزہ وغیرہ اپلائی کرنے سے بھی گریز کریں، آپ کے بنے بنائے پروگرام میں التوا کا شکار ہو سکتے ہیں۔

**شراکتی ازدواجی تعلقات** امسال آپ کو اپنے شراکتی ازدواجی تعلقات پر خصوصی توجہ دینا ہوگی۔ آپ کے بیت الزوج کا حاکم ستارہ مشتری آغاز سال تا 10 اکتوبر اوج میں رہتے ہوئے اور بیت الزوج میں زحل اوج یافتہ رہتے ہوئے آپ کے شراکتی ازدواجی تعلقات میں 20 دسمبر تک مثبت اثرات مرتب کرتا رہے گا۔ مگر امسال 6 فروری تا 9 جون رجعت مشتری اور 6 اپریل تا 25 اگست رجعت زحل آپ کے معاملات میں رکاوٹ اور اتار چڑھاؤ لاتی رہے گی۔ آپ کوئی شراکت داریوں کی آخر تل سکتی ہے۔ دوسری شادی کے خواہشمند افراد کو بھی حسب خواہش بہتر ازدواجی زندگی گزارنے کا موقع مل سکے گا۔ 6 نومبر تا آخر سال کا عرصہ آپ کی شراکتی ازدواجی زندگی کے حوالہ سے بہتر نہ ہوگا۔ آپ کے مابین غلط فہمیاں پیدا ہو رہی ہیں اپنی گفتگو اور سوچ کو مثبت رکھیں وگرنہ مابین کشیدگی حد درجہ بڑھ جائے گی۔

**معیشت کیریئر روزگار** مجموعی طور پر 2017 جوزا افراد کے کیریئر کے حوالہ سے ایک بہترین سال ہے۔ آپ کے کیریئر کا حاکم ستارہ مشتری زائچہ کے پانچویں اوج یافتہ ہے اور آپ کے کیریئر روزگار پر انتہائی سعد اثرات مرتب کر رہا ہے۔ آپ کو کاروبار یا جاب کی تبدیلی کے حوالے سے کئی ایک بہتر آفر ملیں گے۔ 3 جنوری تا 26 فروری کو ستارہ زہرہ کیریئر کے گھر آجانے سے کاروباری معاملات میں مزید بہتری آجائے گی۔ آپ اضافی آمدن بارے سوچ رہے ہیں، 26 فروری تا 14 مارچ عطارد کیریئر کے گھر قیام پذیر رہے گا۔ ان ایام میں کسی بھی قسم کے نئے کاروباری معاہدے یا چیک وغیرہ لکھ کر دینے سے گریز کریں۔ یہ عطارد کا ہبوطی گھر ہے خدانخواستہ غلط فیصلہ کاروباری نقصان کا باعث ہوگا۔ دوسری طرف 6 فروری تا 9 جون مشتری کی رجعت آپ کے معاملات میں دیر یا التوا کا باعث ہوگی۔ اکتوبر میں مشتری کے چھٹے آجانے سے آپ کو کاروباری بندش کا سامنا ہو سکتا ہے۔

**خصوصی احکامات** 2017 آپ کے لیے ایک ملا جلا مگر قدرے بہتر ثابت ہوگا۔ (انشاءاللہ) آغاز سال میں 9 جنوری کو آٹھویں شمس کا حضیض شراکتی وراثتی اور سماجی معاملات میں بگاڑ کا باعث ہوگا۔ بہن بھائیوں سے تعلقات کشیدہ ہو سکتے ہیں۔ 30 جنوری کو کیریئر کے گھر زہرہ کا شرف کاروبار کیریئر روزگار میں ترقی متوقع ہوگی۔ آپ کی منگنی طے پا جانے کے قوی امکانات ہونگے اور امیگریشن کے حوالہ سے خوشخبری مل سکتی ہے۔ 5 مارچ کو طالع کا حاکم دسویں ہبوط پذیر ہونے سے کاروباری معاملات میں خرابی پیدا ہو سکتی ہے۔

حاکم دسویں ہبوط پذیر ہونے سے کاروباری معاملات میں خرابی پیدا ہو سکتی ہے۔ گفتگو اور تحریری معاہدوں میں محتاط رہیں اگر ممکن ہو تو چیک وغیرہ لکھنے سے گریز کریں ان ایام میں نئے کاروبار سے گریز کریں ملازم پیشہ افراد کی پروموشن رک سکتی ہے۔ ان ایام میں جگہ کی تبدیلی یا جائیداد کی خرید و فروخت سے گریز کریں خاندان کے افراد سے بحث و تکرار سے گریز کریں۔ ۷ اپریل کو گیارہویں شمس کا شرف، آپ کی خوش بختی میں اضافہ کر دے گا۔ دوستوں سے تعلقات بہتر ہو رہے ہیں۔ یہ آپ کی خواہشات کی تکمیل کا وقت ہے عزیز و اقارب سے جاری کشیدگی کا خاتمہ ہو جائے گا۔ آپ کی سماجی حیثیت میں اضافہ ہو رہا ہے۔ ۲۰ مئی کو بارہویں عطارد کا حضیض آپ کے خفیہ دشمنوں پر بھاری پڑیگا۔ آپ کے امیگریشن یا مستقل سکونت کا جواب منفی میں آسکتا ہے۔ پہلے سے بیرون ملک مقیم افراد کو بھی واپسی کی راہ دیکھنا پڑ سکتا ہے۔ والدہ کی جانب سے پریشانی ہو سکتی ہے۔ گھریلو ماحول خراب ہو رہا ہے۔ ۱۱ جولائی کو خانہ مال میں شمس کا اوج آپ کی معاشی پوزیشن کو مستحکم بنا رہا ہے۔ آپ سماجی تقریبات میں بھرپور شرکت کر رہے ہیں۔ ۱۶ جولائی کو مین اسی جگہ مریخ کا ہبوط ہونے سے اخراجات میں تیزی آجائے گی۔ دوستوں سے اختلافات پیدا ہو سکتے ہیں آپ کی خواہشات کی تکمیل اب ذرا مشکل ہوگی۔ آپ کو محتاط روش اختیار کرنا ہوگی۔ وگرنہ آپ کی معاشی صورتحال ابتر ہو سکتی ہے۔ ان ایام میں اپنی صحت اور جاب دونوں کا خیال رکھیں الغرضی مہنگی پڑ سکتی ہے۔ ۲۴ جولائی کا طالع میں زہرہ کا اوج آپ کی عزت و توقیر میں اضافہ کر رہا ہے مگر محتاط رہیں آپ کے خفیہ دشمن بھی مضبوط ہو رہے ہیں۔ آپ کی منگنی آپ کی پسند کی جگہ ہونے کے قوی امکانات ہونگے۔ بچوں کی اعلیٰ تعلیم اور بیرون ملک سفر کی راہ ہموار ہو رہی ہے۔ ۱۷ اگست کو تیسرے مریخ کا اوج عزیز و اقارب بالخصوص بہن بھائیوں سے تعلقات کو مزید بہتر بنا رہا ہے آپ نزدیکی سفر کی تیاری کر رہے ہیں۔ دوستوں کا ہر طرح کا تعاون میسر رہے گا۔ آپ کی صحت بھی بہتر ہو رہی ہے۔ خواہشمند افراد کے لیے بہتر جاب کا حصول ممکن ہوگا۔ ۲۱ ستمبر کو چوتھے عطارد کا شرف گھریلو اور پراپرٹی کے معاملات میں بہتری لا رہا ہے۔ خاندان اور معاشرے میں آپ کی عزت بڑھ رہی ہے۔ ۱۱ اکتوبر کو پانچویں کے حاکم زہرہ کو ہبوط ہوگا۔ آپ کو خاندان یا گھر اور بچوں پر اضافی اخراجات کا سامنا ہوگا۔ بیرون ملک سفر یا امیگریشن وغیرہ کے حوالہ سے کسی بھی قسم کی ادائیگی مالی نقصان کا باعث ہوگی۔ آپ کی منگنی نسبت ٹوٹنے کے بھی قوی امکانات ہونگے ۱۲ اکتوبر کو پانچویں شمس کا ہبوط عزیز و اقارب اور بچوں کیجانب سے پریشانیوں میں اضافہ کر سکتا ہے ان ایام میں نزدیکی سفر سے گریز کریں۔ آپ کو اپنی سماجی تقریبات کو بھی محدود کرنا ہوگا۔ ۲۰ اکتوبر کو چھٹے عطارد کا اوج جہاں آپ کی صحت اور جاب میں بہتری لا رہا ہے جاب کے حصول کو ممکن بنائے گا۔ وہیں آپ کی ظاہری مخالفت میں بھی اضافہ ہو جائے گا۔ محتاط رہیں اس کے فوراً بعد ۷ نومبر تا یکم دسمبر زہرہ عین اسی مقام پر وبال زدہ رہے گا۔ اب آپ کے خفیہ دشمن آپ کی صحت اور جاب دونوں کو متاثر کر سکتے ہیں 18 دسمبر کو ساتویں زہرہ کا حضیض آپ کے شراکتی ازدواجی معاملات کو بری طرح متاثر کر رہا ہے۔ بچوں کو اپنے معاملات سے الگ رکھیں آپ کی منگنی شادی ملتوی یا ختم ہونے کے بھی امکانات موجود ہیں۔ امسال ۱۱ فروری کا گرہن آپ کے مالی اور سماجی تعلقات کو خراب کر رہا ہے۔ ۲۶ فروری کا شمس گرہن آپ کے کیریئر روزگار اور کاروباری معاہدوں کو متاثر کر رہا ہے۔ ۷ اگست کا قمری گرہن آپ کو مالی بحران سے دوچار کر سکتا ہے۔ سسرالی عزیزوں سے اختلافات پیدا ہو رہے ہیں۔ بیرون ملک سفر کے لیے ویزہ یا رقم کے لین دین سے گریز کریں۔ ۲۱ اگست کا شمسی گرہن عزیز و اقارب سے تعلقات اور مجموعی طور پر آپ کے سماجی تعلقات کو متاثر کر رہا ہے ان ایام میں صدقہ اور نماز کسوف و خسوف ادا کریں پروردگار آپ کو اپنی حفظ و امان میں رکھے۔ (آمین) ستارہ مشتری ۱۱۰ اکتوبر تک پانچویں قیام کرتے ہوئے آپ کو اپنی سعادتوں سے نوازتا رہا ہے۔ مگر ۶ فروری ۹ جون رجعت کے ایام میں آپ کو شراکتی ازدواجی اور کاروباری معاملات میں مشکلات سے دوچار کر سکتا ہے۔ اس کے علاوہ ان ایام میں آپ بچوں میں ضد کا عنصر بڑھ جائے گا۔ دوسرا بڑا ستارہ زحل ۲۰ دسمبر تک گو کہ اپنے اوج کے گھر میں رہے گا مگر طالع کے مقابل رہتے ہوئے آپ کے کاموں میں رکاوٹ بھی پیدا کرتا رہے گا۔ ۱۶ اپریل تا ۲۵ اگست آپ کو از حد محتاط رہنا ہوگا۔ ستارہ زحل آپ کے وراثتی اور اعلیٰ تعلیم بیرون ملک سفر اور سسرالی عزیزوں سے منسوبہ معاملات کا حاکم ہے اس طرح رجعت کے ایام کے علاوہ باقی عرصہ یہ آپ کو اپنے منسوبہ معاملات میں فوائد دیتا رہے گا۔ امید ہے بتائے گئے حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے آپ امسال بہتر پلاننگ کر سکیں گے۔

**صدقہ** ہر ہفتہ ۸۸۰ گرام کالے ماش یا کالے چنے کسی مستحق کو دیں یا پرندوں کو ڈالیں **ورد خاص** روزانہ بعد از نماز فجر ۳۲ مرتبہ ورد کریں (سورۃ الاسراء آیت ۸۱+۸۰)

**جلالی تسبیح برائے وصولی قرض:** نماز کے بعد گیارہ بار یہ تسبیح صرف ایک سو ایک مرتبہ پڑھیں اور دعا تین کامیابی کے بعد صدقہ دیں پرندوں کو دانہ اور مچھلیوں کو خذا ڈالیں

یَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَام (اے صاحب جلال و کرامت)





## برج: سرطان CANCER سیارہ: قمر



رنگ: سفید، سرمئی
عنصر: آبی
جواہر: بکھرتی موتی (مرجان، حقیق)
بااثرین شریک حیات: عقرب، حوت
نامواقق ساتھی: حمل، جدی، میزان
بیماریاں: پھیپھڑوں اور سانس کی تکلیف، معدہ، گردوں اور پیشاب کی نالیاں

دن: پیر عدد: ۲ 22 June to 23 July حروف: ح، ہ

**اہم نکات** 2017 کی سب سے اہم بات دونوں بڑے ستاروں زحل اور مشتری کے زائچہ کے اہم ترین مقامات پر اوج اور رجعت ہے اس کے علاوہ امسال آپ کے پانچویں اولاد اور دسویں کیریئر کا حاکم ستارہ مریخ کا طالع میں ہبوط ہے جو کہ بہت نقصان دہ ثابت ہو سکتا ہے عطارد کے ساتھ ساتھ امسال زہرہ کو بھی رجعت ہوگی یہ دونوں اور دیگر سیارگان امسال آپ پر کیا اثرات مرتب کر رہے ہیں یہ اگلی سطور میں ملاحظہ فرمائیں۔

**صحت** امسال آپکی صحت پر ملے جلے اثرات مرتب ہونگے آپ کے بیت الصحت کا حاکم مشتری کو کہ اوج میں ہے اور بیت الصحت میں ستارہ زحل کا اوج ہے مگر یہ اوج آپ کو تمام سال سحر جادو کا شکار بنا سکتا ہے۔ ۶ فروری تا ۹ جون مشتری کی رجعت اور ۱۶ اپریل تا ۲۵ اگست زحل کی رجعت بھی آپ کی صحت کو بری طرح متاثر کر سکتی ہے۔ اس کے علاوہ ۱۸ اکتوبر تا ۲ دسمبر کا عرصہ بھی آپ کی صحت کے لیے بہتر نہ ہوگا۔ مجموعی طور پر یہ سال کسی طور بھی آپ کی صحت کے لیے بہتر نظر نہیں آرہا آپ کو روحانی طریقہ علاج کی ضرورت ہوگی۔

**سماجی تعلقات** سال کے پہلے چار ماہ آپ کو سماجی تعلقات نبھانے رکھنا خاصہ مشکل ہو سکتا ہے۔ بہن بھائیوں سے اختلافات سے گریز کریں۔ ۴ جون تا ۲۰ جولائی مریخ کی طالع میں ہبوطی کیفیت آپ کے مزاج میں تیزی پیدا کر دے گی۔ کسی بھی قسم کی جذباتیت سے گریز کریں ۲۶ جولائی تا یکم اکتوبر آپ کو ملے جلے یعنی اچھے برے دونوں طرح کے حالات کا سامنا رہے گا۔ ۶ نومبر تا آخر سال ایک بار پھر آپ کو محتاط روش اختیار کرنا ہوگی۔ ان ایام میں سماجی تقریبات میں شرکت سے گریز کریں۔ اگر یہ امر مجبوری جانا پڑے تو گفتگو میں از حد احتیاط کریں۔

**منگنی شادی** یوں تو امسال آپ کو منگنی شادی کے کئی مواقع ملیں گے مگر کچھ اوقات ایسے بھی ہونگے جس میں اٹھائے گئے اقدامات کسی بھی طور فائدہ مند نہ ہونگے منگنی کے حوالہ سے یکم جنوری تا ۱۰ مارچ تا ۲۰ جولائی، ۲۳ اکتوبر تا ۹ دسمبر کا عرصہ قطعی مناسب نہ ہوگا۔ شادی کے حوالہ سے ۲۰ جنوری تا ۱۸ فروری، ۶ اپریل تا ۲۵ اگست کا عرصہ موافق نہ ہوگا۔ ان ایام میں کی گئی شادیاں مبارک ثابت نہ ہونگی۔ سال کا باقی عرصہ ان شاء اللہ موافق ہوگا۔

**تعلیمی کریئر** ابتدائی تعلیم حاصل کرنے والے سرطان بچوں کو جنوری تا اپریل، اگست تا اکتوبر اور نومبر و دسمبر مشکلات پیش آسکتی ہیں اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے سرطان افراد کو سال کے پہلے چھ ماہ مشکلات کا سامنا رہے گا باقی چھ ماہ ان شاء اللہ موافق رہیں گے۔

**اولاد انعامی بانڈ لاٹری** امسال آپ کو بچوں پر خاص توجہ دینا ہوگی۔ آغاز سال تا ۲۸ جنوری، ۱۰ مارچ تا ۳ جون بالعموم اور ۴ جون تا ۲۰ جولائی آپ کو بالخصوص مشکلات درپیش آسکتی ہیں۔ ان ایام میں بچوں کے حوالہ سے جذباتی فیصلوں سے گریز کریں۔ ۲۰ جولائی تا ۲۳ اکتوبر کا عرصہ بہتر رہے گا۔ اولاد کے خواہشمند سرطان جوڑوں کو خوشخبری مل سکتی ہے۔ ۲۳ اکتوبر تا ۹ دسمبر کا دورانیہ بھی ایک مشکل وقت ہوگا۔ حاملہ خواتین کے لیے سب سے مشکل دورانیہ ۴ جون تا ۲۰ جولائی ہوگا۔ آپ کو خاص احتیاط کی ضرورت ہوگی۔

**سفر** امسال آپ کو جنوری تا آخر اپریل نزدیکی سفروں میں از حد احتیاط کرنا ہوگی۔ اس کے علاوہ ۱۷ مئی تا ۷ جون، یکم تا ۱۸ اکتوبر، ۶ نومبر تا آخر سال بھی نزدیکی سفر سے گریز کرنا بہتر ہوگا۔ بیرون ملک یا طویل سفر کے حوالہ سے ۶ فروری تا ۹ جون آپ کو مشکلات کا سامنا رہے گا۔ آپ کو سفر کے التوا یا منسوخی جیسے حالات کا سامنا ہو سکتا ہے۔ ان ایام میں ویزہ وغیرہ اپلائی کرنے سے بھی گریز کریں۔ جون تا اکتوبر حالات انتہائی موافق ہونگے باقی عرصہ بھی نسبتاً بہتر رہے گا۔

**شراکتی ازدواجی تعلقات** گو کہ آپ کے ازدواجی تعلقات کا حاکم ستارہ اوج کے گھر ہے مگر چھٹے گھر منتقلی پوزیشن اور ۱۶ اپریل تا ۲۵ اگست رجعت کیوجہ آپ کے تعلقات آخر اگست تک اتار چڑھاؤ کا شکار رہیں گے دوسری طرف یکم تا ۲۰ جنوری ساتویں شمس کا حضیض آپ کے مابین کشیدگی کو عروج پر لے جائے گا۔ محتاط رہیں وگرنہ مابین علیحدگی ہو سکتی ہے ستمبر تا دسمبر کا عرصہ قدرے بہتر رہے گا۔

**معیشت کیریئر روزگار** آپ کے کیریئر روزگار کا حاکم ستارہ مریخ آغاز سال تا ۲۸ جنوری حالت طرح میں ہوگا۔ کاروباری معاملات سست روی کا شکار رہیں گے۔ ۲۸ جنوری تا ۱۰ مارچ حالات قطعی طور پر موافق ہونگے آپ کے لیے ترقی کے مواقع بن رہے ہیں مگر اس کے فوراً بعد ۱۰ مارچ تا ۴ جون مریخ کی وبالی کیفیت آپ کے کاروباری معاملات کے لیے موافق نہ ہوگی۔ ۴ جون تا ۲۰ جولائی کا عرصہ آپ کے کاروباری معاملات کے حوالہ سے کسی معاملات سے کم نہ ہوگا۔ جلد بازی میں کیے گئے فیصلے شدید نقصان کا باعث ہونگے۔ ملازم پیشہ افراد کو بھی کیریئر کے حوالہ سے مشکلات پیش آسکتی ہیں۔ آپ کو باس یا سینئرز کی جانب سے مخالفت کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ ۲۰ جولائی تا ۲۳

اکتوبر کا عرصہ آپ کو معاملات سنبھالنے میں مددگار ہوگا۔ حالات تیزی سے بہتر ہو رہے ہیں ۲۳ اکتوبر تا ۹ دسمبر کا عرصہ ایکبار پھر قدرے مشکل ہوسکتا ہے۔

**خصوصی احکامات** جیسا کہ آپ گذشتہ سطور میں پڑھ چکے ہیں ستارہ مشتری زائچہ کے چوتھے گھر رہے ہوئے خانگی معاملات میں بہتری لائے گا۔ مگر فروری تا جون اسکی رجعت معاملات کو خراب بھی کرسکتی ہے۔ دوسرا بڑا ستارہ زحل جو کہ زائچہ کے ساتویں آٹھویں گھر کا حاکم ہے چھٹے گھر اوج یافتہ رہے گا۔ مگر چھٹے گھر زحل کی موجودگی جہاں آپ کی جاب میں بہتری لائے گی۔ وہیں آپ کو سحر جادو اور کئی قسم کی بندشوں کا سامنا کرنا پڑے گا اپریل تا آخر اگست چھٹے زحل کی رجعت آپ کی صحت، شراکتی، ازدواجی اور وراثتی معاملات کو بری طرح متاثر کرسکتی ہے۔ محتاط رہیں ۹ جنوری کو ساتویں شمس کا تحضیض آپ کے شراکتی ازدواجی تعلقات کو متاثر کرسکتا ہے آپ کی مالی پوزیشن بھی متاثر ہوسکتی ہے ۳۰ جنوری کو ہادیں زہرہ کا شرف آپ کے لیے اعلیٰ تعلیم، بیرون ملک سفر کے دروازے کھول دے گا۔ یہ آپ کی خواہشات کی تکمیل کا وقت ہے دوستوں کا بھرپور تعاون میسر رہے گا۔ آپ گھر کی تبدیلی یا تزئین و آرائش میں مصروف ہیں ۳ مارچ کو عطارد کا ہبوط عزیز و اقارب بالخصوص بہن بھائیوں سے تعلقات کشیدہ کردے گا۔ بیرون ملک مقیم افراد کو رہائش کے حوالہ سے پرابلم ہوسکتی ہے۔ امیگریشن کے حوالہ سے بھی آپ کی مشکلات میں اضافہ ہوجائے گا۔ ان دنوں نئے کیسز یا اپیل وغیرہ کرنے سے گریز کریں ۷ اپریل کو خانہ مال کا حاکم شرف میں آنے سے آپ کی مالی پوزیشن مستحکم ہورہی ہے۔ کاروباری معاملات میں بھی بہتری متوقع ہے، ۲۰ مئی کو گیارہویں عطارد کا تحضیض آپ کی خواہشات کی تکمیل میں رکاوٹ پیدا کردے گا۔ دوستوں اور عزیزوں سے وابستہ توقعات پوری نہ ہوگی۔ امیگریشن سے وابستہ معاملات ایکبار پھر سر اٹھا رہے ہیں ۷ جون کو عطارد کے اپنے ہی گھر آجانے سے جاری مسائل کا خاتمہ ہوجائے گا۔ مگر ان ایام میں آپ کو عزیز و اقارب کی جانب سے خفیہ سازشوں کا سامنا رہے گا۔ ۶ جون تا ۵ جولائی کے کی ۱۱ جولائی کو طالع میں شمس کا اوج آپ کی عزت و توقیر میں اضافہ کردے گا۔

آپ کی معاشی صورتحال بہتر ہورہی ہے مگر اس کے فوراً بعد ۱۶ جولائی کو طالع میں مریخ کا ہبوط آپ کے مزاج میں تیزی پیدا کردے گا۔ آپ کا کیریئر روزگار داؤ پر لگ سکتا ہے۔ خود کو کنٹرول میں رکھیں۔ جذباتیت قطعی طور پر نقصان دہ ہوگی ان ایام میں بچوں پر خاص توجہ دیں۔ آپ کی منگنی نسبت ختم ہونے کے بھی قوی امکانات موجود ہیں۔ ۲۰ جولائی تا ۵ ستمبر مریخ آپ کے خانہ مال میں اوج یافتہ رہے گا۔ اور ۱۷ اگست کو عین اوج کے درجات سے گزرے گا دوسری طرف ۲۲ جولائی تا ۲۳ اگست شمس بھی یہیں قیام پذیر رہے گا۔ جو کہ اسکا اپنا گھر ہے ان دونوں سیارگان کی موجودگی آپ کی مالی کاروباری پوزیشن کو مستحکم کررہی ہے۔





**برج: اسد** **LEO** **سیارہ: شمس**



رنگ: _____ کمخواب، نارنجی
دھات: _____ اشٹی
جواہر: _____ پکھراج
بہترین شریک حیات: _____ حمل، قوس، شور
ناموافق ساتھی: _____ حرب، میزان
بیماریاں: بائی للہ پریشر، بڑھی ہوئی تلی کی تکلیف، دل کی تکلیف

دن: اتوار عدد: ۱ حروف: م، ت 24 July to 23 Aug

**اہم نکات** 2017 آپ کے لیے ایک ملا جلا سال ثابت ہوسکتا ہے۔ بیت الاقرباء میں مشتری کی اور پانچویں بیت الاولاد میں زحل کی اوج یافتہ نشست جہاں آپ کے معاملات میں بہتری کا باعث ہوگی وہیں امسال ان دونوں کی رجعت آپ کے لیے مشکلات بھی پیدا کررہی ہے۔ اس کے علاوہ مریخ کا ہبوط اور زہرہ کی رجعت بھی آپ کو متاثر کررہی ہے۔ دیگر سیارگان کے شرف ہبوط اور امسال ہونے والے گرہن آپ کی زندگی پر کیا اثرات مرتب کررہے ہے یہ تفصیل سطور میں ملاحظہ فرمائیں۔

**صحت** یوں تو مجموعی طور پر امسال آپ کی صحت کافی بہتر رہنے کی توقع ہے مگر بہرحال سپر سیارگان کی وجہ سے حالات کبھی بھی ایک جیسے نہیں رہتے امسال یکم تا ۲۰ جنوری آپ کو صحت کے مسائل کا سامنا ہوسکتا ہے۔ ۶ اپریل تا ۲۵ اگست بیت المصحت کا حاکم زحل رجعت میں رہنے سے آپ کی صحت خدوش حالات کا شکار ہوسکتی ہے۔ محتاط رہیں باقی عرصہ انشاءاللہ بہتر رہے گا۔

**سماجی تعلقات** سماجی تعلقات کے حوالے سے امسال آپ کو خاص احتیاط کرنا ہوگی کیونکہ اکتوبر تک مشتری آپ کے بیت الاقرباء میں قیام کرے گا مگر دیگر سیارگان اپنا بھرپور کردار ادا کرتے رہیں گے۔ ۳ فروری تا ۹ جون آپ کو اپنے سماجی روابط تقریبات اور عزیز و اقارب کے حوالہ سے خاص احتیاط سے کام لینا ہوگا ورنہ آپ کے تعلقات بری طرح متاثر ہوسکتے ہیں اسکے علاوہ ۲۰ ستمبر تا ۱۴ اکتوبر، ۸ نومبر تا ۲۵ دسمبر کا عرصہ بھی بہتر نہ ہوگا۔ آپکے خانگی حالات متاثر ہونے سے آپ کے سماجی رتبہ میں کمی واقع ہوسکتی ہے ان ایام میں عزیز و اقارب سے لین دین بہتر نہ ہوگا۔

**منگنی شادی** امسال آپ کو منگنی شادی کے حوالے سے وقت کا انتخاب بہت سوچ سمجھ کر کرنا ہوگا۔ ورنہ بنی بنائی بات ختم ہوسکتی ہے۔ یکم جنوری تا ۱۶ اپریل منگنی سے قبل مشتری سے منسوبہ صدقہ ضرور دیں ۶ اپریل تا ۲۵ اگست کی منگنیاں ختم ہونے کے قوی امکانات ہونگے اس وقت سے گریز کریں۔ شادی نکاح کے حوالہ سے ۲۰ جنوری تا ۲۰ مارچ قطعی گریز کرنا بہتر ہوگا۔ باقی دورانیہ میں آخر اگست تک شادی سے قبل زحل سے منسوبہ صدقات ضرور ادا کریں۔

**سفر** نزدیکی سفروں کے حوالہ سے امسال آپکو ماحول بہت سازگار نہ ملے گا۔ 3 فروری تا ۶ جون آپ کے پروگرام بنتے اور ملتوی ہوتے رہیں گے ۶ جون تا 20 ستمبر ان شاءاللہ سفر وسیلہ ظفر ہونگے۔ ۲۰ ستمبر تا ۱۴ اکتوبر سفر سے گریز کرنا بہتر ہوگا۔ ۱۴ اکتوبر تا ۸ نومبر کا عرصہ ایکبار پھر موافق ہوگا طویل یا بیرون ملک دورہ وغیرہ اپلائی کرنے کے حوالہ سے ۲۸ جنوری تا ۱۰ مارچ، ۲۰ مارچ تا ۲۰ اپریل، ۲۰ جولائی تا ۲۳ اکتوبر تا ۹ دسمبر کا عرصہ بہتر رہے گا۔ امسال آپکو حج وعمرہ وزیارات مقدسہ کے سفر کا موقع مل سکتا ہے۔

**اولاد انعامی بانڈ لاٹری** ۲۰۱۷ بے اولاد یا خواہشمند حضرات کے لیے خوشخبری لا رہا ہے دونوں بڑے سیارگان مشتری و زحل بہ اذن اللہ آپ کے موافق ہونگے البتہ دوران حمل آپ کو خاص مشکلات پیش آسکتی ہیں۔ ۶ فروری تا ۲۵ اگست زحل و مشتری کی رجعت آپ کو خاصہ متاثر کرسکتی ہے۔ آپ کے بچوں میں ضد کا عنصر بڑھ جائے گا۔ نومبر دسمبر بھی احتیاط کا متقاضی ہوگا۔ انعامی بانڈ لاٹری کے خواہشمند افراد کے لیے فروری تا ستمبر کا عرصہ موافق رہے گا۔

**تعلیمی کریئر** اسد بچوں کو امسال فروری تا جون، ۲۰ ستمبر تا ۱۴ اکتوبر، ۸ نومبر تا ۲۵ دسمبر مشکلات پیش آسکتی ہیں اعلیٰ تعلیمی مدارج طے کرنے والے اسد افراد کو یکم تا ۲۸ جنوری ۱۰ مارچ تا ۲۰ جولائی، ۲۳ اکتوبر تا ۹ دسمبر مشکلات کا سامنا رہے گا۔ اس حوالہ سے صدقہ اور روحانی تدارک آپ کے معاملات کو بہتر بنا سکتا ہے۔

**شراکتی ازدواجی تعلقات** ۲۰۱۷ آپ کے شراکت ازدواجی تعلقات کے حوالہ سے کافی بہتر رہے گا۔ ۲۰ جنوری تا ۱۸ فروری ساتویں شمس کا وبال آپکے معاملات خراب کرسکتا ہے۔ ۶ اپریل تا ۲۵ اگست بیت الزوج کا حاکم زحل رجعت میں رہنے سے آپ کے تعلقات میں کھنچاؤ تناؤ رہے گا مایوسی کا شکار نہ ہوں۔ انشاءاللہ جلد حالات میں بہتری آجائے گی اس حوالہ سے صدقہ دینا بہترین حل ہوگا۔ امسال آپ کوئی شراکت داریوں کی آفر نہ کرے تو بہتر ہے صرف وہی شراکت داریاں بہتر رہیں گی جو طویل دورانیہ پر مربوط ہوگی۔

**معیشت کیریئر روزگار** آپ کی معاشی صورتحال گذشتہ سال سے بوجہ راہ و گرگوں چل رہی ہے یہ صورتحال امسال بھی آخر اپریل تک چلے گی۔ دوسری طرف ۳ اپریل تا ۶ جون کیریئر کے حاکم زہرہ کی وبال زدہ کیفیت اور رجعت آپ کے کیریئر روزگار پر انتہائی مضر اثرات مرتب کرے گی۔ اسی دوران کیریئر کے گھر مریخ کی موجودگی ۱۰ مارچ تا ۲۱ اپریل آپ کی مشکلات میں اور اضافہ کردے گی۔ ملازم پیشہ افراد کو تنزلی کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے۔ اپنے سینئرز سے تلخ کلامی یا جذباتیت کا مظاہرہ مہنگا پڑسکتا ہے اس کے علاوہ ۲۰ ستمبر تا ۱۴ اکتوبر، ۸ نومبر تا ۲۵ دسمبر کا عرصہ بھی احتیاط کا متقاضی ہوگا۔

**قضائے حاجات** نہایت مجرب عمل ہے شب کے آخری حصہ میں باوضو ہوکر بقبلہ طہارت کی جگہ بیٹھ کر ایک ہزار مرتبہ یہ پڑھے (بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ فَسَیَکْفِیْکَھُمُ اللّٰہُ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ) ہر 100 مرتبہ پڑھنے کے بعد کہے (اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ حَاجَتِیْ) یہاں حاجت کا ذکر کرنے کے بعد کہے (اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ) 3 رات متواتر عمل کرے

## خصوصی احکامات ۲۰۱۷

آپ کے لیے مجموعی طور پر بہت اچھا نظر آرہا ہے۔ آپ کو حد درجہ احتیاط سے کام لینا ہوگا۔ بہتر تدابیر اور مالک سے رابطہ حالات کو قطعی طور پر بدل بھی سکتا ہے سال کا آغاز ۹ جنوری کو چھٹے شمس کے حضیض سے ہو رہا ہے اپنی صحت کا خاص خیال رکھیں آپ کی جاب آپ کی کسی غلطی کی وجہ سے جاسکتی ہے۔ اپنی جاب بچانے کی کوشش کریں۔ ۳۰ جنوری کو کیریئر کا حاکم شرفیاب ہونے سے کیریئر روزگار پر مثبت اثرات مرتب ہونگے آپ کے سماجی تعلقات میں بھی بہتری متوقع ہے، شراکتی مالی معاملات بھی بہتر ہو رہے ہیں۔ ۵ مارچ کو آٹھویں عطارد کا ہبوط آپ کے ذہنی دباؤ میں اضافہ کردے گا۔ آپ کی معاشی صورتحال خراب ہونے کا اندیشہ ہے۔ دوستوں سے لین دین میں محتاط رہیں۔ ۱۷ اپریل کو آپ کا اپنا ستارہ شمس ناویں شرفیاب ہونے سے آپ کی عزت توقیر میں اضافہ ہوگا۔ روحانی علوم میں آپ کا رجحان بڑھ رہا ہے۔ اعلیٰ تعلیم اور بیرون ملک سفر خ وزیارات کی راہ ہموار ہو رہی ہے۔ ۲۰ مئی کو کیریئر کے گھر عطارد کا حضیض ہوگا ان ایام میں کیریئر روزگار کے حوالہ سے کسی بھی بڑے فیصلے سے گریز کریں مالی لین دین، چیک یا تحریری معاہدوں سے بھی گریز بہتر ہوگا۔ دوستوں سے تعلقات کشیدہ ہو سکتے ہیں۔ بغیر تصدیق کسی بھی معاملے میں لب کشائی کرنا شرمندگی کا باعث ہوگا۔ ۱۱ جولائی کا طالع کا حاکم بارہویں اوج یافتہ ہونے سے آپ کے امیگریشن یا بیرون ملک رہائش کے مسائل حل ہو جائیں گے۔ آپ کے دشمن بھی آپ کی عزت کرنے پر مجبور ہونگے۔ ۲۰ جولائی تا ۵ ستمبر طالع میں مریخ کی موجودگی آپ کی خود اعتمادی میں اضافہ کردے گی۔ آپ بیرون ملک سفر کی کوشش کر رہے ہیں۔ خانگی معاملات میں بہتری آرہی ہے۔ ۲۰ جولائی تا ۲۳ اگست شمس بھی طالع میں رہتے ہوئے آپ کی عزت و توقیر میں اضافہ کر رہا ہے۔ آپ کا ستارہ عروج پر ہے کامیابیاں آپ کے قدم چوم رہی ہیں۔ ۲۴ جولائی گیارہویں زہرہ کا اوج آپ کی خواہشات کی تکمیل میں معاون ہوگا۔ دوستوں سے جاری کشیدگی کا خاتمہ ہوجائے گا عزیز و اقارب بالخصوص بہن بھائی کیریئر روزگار کی بہتری میں معاون ہونگے ۱۷ اگست کو مریخ تین اوج کے درجات پر ہوگا۔ گھر کی تبدیلی اعلیٰ تعلیم بیرون ملک سفر ویزہ اپلائی کرنے کے حوالہ سے یہ سال کا بہترین وقت ہے ۵ ستمبر تا ۲۲ اکتوبر خانہ مال میں مریخ کی موجودگی کیوجہ سے اخراجات میں تیزی آجائے گی۔ محتاط رہیں ۲۱ ستمبر خانہ مال میں عطارد کا شرف آپ کی مالی پوزیشن کو مستحکم کردے گا۔ مگر ۳۰ ستمبر تا ۱۷ اکتوبر تیسرے عطارد حالت طرح میں رہے گا۔ آپ کو بہن بھائیوں یا دوستوں کی وجہ سے اضافی اخراجات کا سامنا رہے گا۔ اپنی سماجی مصروفیات کو کم سے کم رکھنا بہتر ہوگا۔ ۱۱ اکتوبر کو خانہ مال میں زہرہ کا ہبوط کاروباری حوالہ سے مالی نقصان کا باعث بن سکتا ہے۔ ان ایام میں کسی بھی نئے معاہدے، کاروبار کی تبدیلی یا کیریئر کے حوالہ سے کسی بڑے فیصلے سے گریز کریں۔ ۴ تا ۷ نومبر زہرہ کے حالت طرح میں آجانے سے جاری مسائل کا خاتمہ ممکن ہوجائے گا۔ ۱۲ اکتوبر کو تیسرے شمس کا ہبوط آپ کے سماجی تعلقات کو انتہائی متاثر کرسکتا ہے۔ عزیز و اقارب سے تعلقات بنائے رکھنا مشکل ہوگا۔ محتاط رہیں ورنہ آپ کا سماجی وقار بری طرح متاثر ہوسکتا ہے۔ ۲۰ اکتوبر کو چوتھے عطارد کا اوج ہونے سے خانگی معاملات میں بہتری آئے گی گھر کی تبدیلی یا پراپرٹی کی خرید و فروخت کے حوالہ سے یہ بہترین وقت ہے۔ دوستوں کا بھرپور تعاون میسر رہے گا۔ ۶ نومبر تا آخر سال عطارد زائچہ کے چھٹے گھر وبال زدہ رہنے سے آپ کو جاب کے حوالہ سے شدید مشکلات پیش آسکتی ہیں آپ کی صحت بوجہ سحر عطارد متاثر ہوسکتی ہے محتاط رہیں۔ ۷ نومبر تا یکم دسمبر زہرہ کے چوتھے موجودگی خانگی معاملات کو متاثر کرسکتی ہے۔ خاندان کے افراد یا کاروباری معاملات کیوجہ سے گھریلو ماحول متاثر ہو رہا ہے۔ دسمبر کا مہینہ بھی آپ کی صحت اور جاب کے حوالہ سے کسی امتحان سے کم نہ ہوگا۔ نومبر دسمبر آپ کو ملازموں کے حوالہ سے بھی مشکلات پیش آسکتی ہیں احتیاط لازم ہوگی۔ اسمال ہونے والے گرہن آپ کے شخصی وقار عزت توقیر شراکتی ازدواجی مالی معاملات کو متاثر کرسکتے ہیں گرہن کے ایام کو جنتری سے نوٹ فرمالیں ان ایام میں صدقہ اور نماز کسوف وخسوف کا خاص طور پر اہتمام کریں

پروردگار آپ کا حامی و ناصر ہو۔ خیر اندیش شیخ زوار رشاد اوا

**صدقہ** ہر ہفتہ ۸۰۰ گرام کالے ماش کسی مستحق کو دیں یا قبرستان میں ڈال دیں۔ **ورد خاص** روزانہ ایک تسبیح سورۃ یوسف آیت ۶۴ بعد از فجر تلاوت کریں بمعہ اول و آخر ۱۱ مرتبہ درود پاک

برج: سنبلہ VIRGO سیارہ: عطارد

رنگ: گہرا زرد، بیلا
دھات: خاکی
جواہر: گومیدک، زبرجد، فیروزہ
بہترین شریک حیات: بھری پُور
ناموافق ساتھی: قوس، حوت، جوزا

پیچاریاں: حصہ، جگر، آنکھوں کی بیماریں، سرسر کان کی ٹائیف

دن: بدھ عدد: ۵ 24 Aug to 23 Sep حروف: پ، ع

## اہم نکات

اسلام علیکم ۲۰۱۷ آپ کے لیے خاصہ اہم سال ہے آپ کے زائچہ کے اہم ترین مقامات پر دونوں بڑے سیارگان زحل اور مشتری کی موجودگی اور رجعت اچھلے بڑے دونوں طرح کے اثرات مرتب کر رہے ہیں۔ بیت الاقربا اور آٹھویں کے حاکم کو امسال اوج، ہبوط اور وبال ہوگا۔ جو کہ آپ کے لیے خاصی اہمیت کے حامل ہونگے دیگر سیارگان میں زہرہ، عطارد اور شمس کے شرف و ہبوط اور امسال ہونے والے گرہن آپ پر درج ذیل اثرات مرتب کر رہے ہیں۔





## صحت

آغاز سال میں ہی ۲۰ جنوری کو چھٹے شمس کا وبال آپ کی صحت کو متاثر کرسکتا ہے۔ محتاط رہیں۔ گو کہ آغاز سال تا ۲۰ دسمبر آپ کے بیت الصحت کا حاکم زحل اوج کے گھر رہتے ہوئے آپ کی صحت پر مثبت اثرات مرتب کر رہا ہے مگر ۲ اپریل تا ۲۵ اگست ستارہ زحل کی رجعت آپ کی صحت کو متاثر کرسکتی ہے اس دورانیہ میں اپنی صحت کا خاص خیال رکھیں ورنہ کسی دیرپا بیماری کا شکار ہوسکتے ہیں دوسری طرف ۴ جون تا ۲۰ جولائی زائچے کے آٹھویں کا حاکم ہبوط کے گھر رہتے ہوئے آپ کو ذہنی دباؤ کا شکار کرسکتا ہے۔ اس طرح ڈپریشن سے منسوبہ مسائل میں مبتلا ہوسکتے ہیں۔ انشاء اللہ باقی دورانیہ بہتر گذرے گا۔

## سماجی تعلقات

امسال آپ کو سماجی تعلقات کو انتہائی صبر و تحمل سے نبھانا ہوگا۔ یکم تا ۲۸ جنوری، ۱۰ مارچ تا ۲۰ جولائی، ۱۲۳ اکتوبر تا ۹ دسمبر یہ سال کے وہ دورانیے ہیں جب آپ کو سماجی معاملات میں خاصی مشکلات پیش آئیں گی ان ایام میں ہر قسم کی جذباتیت سے گریز کریں بہن بھائیوں اور عزیز و اقارب کے ساتھ تعلقات بنائے رکھنا کوکہ مشکل ہوگا مگر اسی میں بہتری پنہاں ہے

## منگنی شادی

امسال آپ کی منگنی نسبت طے پاجانے کے قوی امکانات موجود ہیں بلکہ وہ سنبلہ افراد جنکی بات تا حال طے نہیں پائی انشاء اللہ اب طے پاجائے گی۔ یکم تا ۲۰ جنوری ایسی تقریبات سے گریز بہتر ہوگا اس کے علاوہ ۶ اپریل تا ۲۵ اپریل بات شروع کرنے سے قبل زحل سے منسوب صدقہ ضرور دیں تاکہ یا بعد ازاں بات طے پائے شادی کے حوالہ سے امسال آپ کو وقت کا انتخاب بہت سوچ سمجھ کر کرنا ہوگا۔ یکم تا ۲۸ جنوری ایسی تقریبات سے گریز کریں ۲ فروری تا ۹ جون بوجہ رجعت مشتری اور ۲۶ فروری تا ۳۱ مارچ بوجہ عطارد آپ کی طے شدہ شادیاں بھی مخدوش حالات کا شکار رہیں گی اس دوران کی گئی شادیاں دیرپہ ثابت نہ ہوگی۔ سال کا باقی عرصہ ان شاء اللہ موافق رہے گا۔

## تعلیمی کریئر

ابتدائی تعلیم حاصل کرنے والے سنبلہ بچوں کو یکم تا ۲۸ جنوری، ۱۰ مارچ تا ۲۰ جولائی، ۱۲۳ اکتوبر تا ۹ دسمبر مشکلات پیش آسکتی ہیں۔ جبکہ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے سنبلہ افراد کو ۳ جنوری تا ۱۵ اپریل، ۲۰ ستمبر تا ۱۴ اکتوبر، ۸ دسمبر تا ۲۵ دسمبر مشکلات کا سامنا رہے گا۔ صدقہ اور روحانی تدارک بہترین حل ہے۔

## ولادانعامی بانڈ لاٹری

اولاد کے خواہشمند سنبلہ افراد کے لیے یہ سال خوشخبری لے کر آرہا ہے۔ انشاء اللہ تقلیل یقین آپ کی جھولی مراد سے بھر جائے گی۔ مگر حاملہ خواتین کو سال کا کچھ عرصہ بالخصوص احتیاط سے گزارنا ہوگا۔ یکم تا ۲۰ جنوری اور ۱۱۶ اپریل تا ۲۵ اگست آپ کو خاص طور پر احتیاط کرنا ہوگی۔ بڑے بچوں کے حوالہ سے بھی سنبلہ افراد کو اسی دورانیے میں مشکلات پیش آسکتی ہیں۔ آپ کے بچوں میں سستی کاہلی اور ضد کا عنصر بڑھ جائے گا انعامی بانڈز لاٹری کے شائق افراد فروری مارچ اور ستمبر تا دسمبر قسمت آزمائی کریں۔

## سفر

نزدیکی سفروں کے حوالہ سے امسال ۳ فروری تا ۱۰ مارچ، ۲۰ جولائی تا ۲۳ اکتوبر اور دسمبر کا عرصہ موافق ہوگا بتائے گئے دورانیہ کے علاوہ سفر سے گریز بہتر ہوگا بامر مجبوری صدقہ ضرور دیں۔ دور دراز بیرون ملک سفر کے حوالہ سے ۳ فروری تا ۲۱ اپریل، ۲۹ اپریل تا ۶ جون، ۲۰ ستمبر تا ۱۳ اکتوبر، ۹ نومبر تا ۲۵ دسمبر کا دورانیہ موافق ہوگا۔ اس دوران سفر سے گریز کریں آپ کے بنے بنائے پروگرام ملتوی ہو سکتے ہیں۔ اس دوران ویزہ وغیرہ اپلائی کرنے سے گریز کریں۔ دگرنہ وقت اور روپیہ کا ضیاع ہوگا۔

## شراکتی ازدواجی تعلقات

آغاز سال میں ہی ۳ جنوری تا ۳ فروری زہرہ آپ کے بیت الزوج میں بحالت شرف آجانے سے آپ کے تعلقات بہتر سے بہترین ہو رہے ہیں۔ آپ کو نئی شراکت داریوں کی آفر مل سکتی ہے ۶ فروری تا ۹ جون بیت الزوج کا حاکم مشتری رجعت میں رہتے ہوئے آپ کے تعلقات کو کشیدہ کرسکتا ہے سال کا باقی عرصہ ان شاء اللہ خاصہ بہتر گذرے گا۔

## معیشت کیریئر روزگار

آپ کے کریئر روزگار کا ستارہ عطارد ایک سال میں شرف و ہبوط اوج وبال جیسی کیفیات سے گذرتے ہوئے آپ پر اپنے اچھے برے اثرات مرتب کرتا ہے امسال ۲۶ فروری تا ۱۴ مارچ کیریئر روزگار کے حوالہ سے کسی بھی قسم کے بڑے فیصلے یا تحریری معاہدے سے گزیر کریں ۳۱ مارچ تا ۷ جون کا عرصہ بھی آپ کے لیے بہترین ہوگا۔ جلد بازی یا پریشانی میں کوئی بھی قدم مت اٹھائیں۔ ۷ جون تا ۳۰ ستمبر تک کا عرصہ آپ کے لیے نئے منصوبوں اور ترقی کی راہیں کھول دے گا۔ یکم تا ۱۸ اکتوبر احتیاط سے گزاریں اسی طرح ۶ نومبر تا آخر سال بھی محتاط روی سے گزاریں۔

## خصوصی احکامات ۲۰۱۷

آپ کے لیے ایک ملا جلا سال ہوگا کوشش کریں دستیاب شدہ معلومات کے مدنظر بہتر سے بہتر منصوبہ بندی کریں اور بتائی گئی باتوں کی کچھ پیش بندی کریں تاکہ منفی وقت کو بہتر انداز میں گزار سکیں۔ ۹ جنوری کو پانچویں کا حاکم شمس حضیض میں جانے سے بچوں کے مسائل سر اٹھائیں گے آپ کی منگنی ٹوٹ سکتی ہے۔ بیرون ملک مقیم افراد کو بھی مشکلات کا سامنا ہوسکتا ہے۔ آپ کو واپسی کی راہ دیکھنا پڑسکتی ہے۔ ۳۰ جنوری کو ساتویں زہرہ کا شرف آپ کی شادی نکاح کی راہ ہموار کردے گا۔ آپ کو نئی شراکت داری کی آفر مل سکتی ہے۔ ۲۶ مارچ تا ۱۴ مارچ عطارد میں اسی جگہ قیام کرتے ہوئے ۵ مارچ کو عین ہبوطی درجات سے گزرے گا آپ کے مابین غلط فہمیاں بڑھ رہی ہیں۔ گفتگو میں احتیاط کریں بغیر تصدیق کسی بات پر یقین نہ کریں دگرنہ مابین علیحدگی ہوجائے گی۔ ۱۰ مارچ تا ۲۱ اپریل بیرون ملک سفر یا ویزہ اپلائی کرنے سے گریز کریں۔ بہن بھائیوں سے نہ چاہتے ہوئے بھی حالات کشیدہ ہوسکتے ہیں آپ کی کشیدگی کی وجہ وراثتی شراکتی معاملات ہوسکتے ہیں۔

۱۱۴ اپریل دوستوں سے اختلافات مزید بڑھ سکتے ہیں ۷ اپریل کو بارہویں شمس کا شرف آپ کی ایگزیکیشن سے متعلقہ خواہشات کی تکمیل کا باعث ہوگا۔ پہلے سے مقیم افراد کو بہتر رہائش مل سکتی ہے۔ مگر محتاط سنبلہ افراد کے خلاف خفیہ سرگرمیاں بھی عروج پر ہوگی۔ ۲۰ مئی کو تادیں عطارد کا حضیض سسرالی عزیزوں سے تعلقات کشیدہ کرسکتا ہے۔ ویزہ وغیرہ اپلائی کرنے سے گریز کریں۔ ۲۱ مئی تا ۲۱ جون کیریئر کے گھر شمس کی حضیض زدہ حالت کیریئر روزگار پر بُرے اثرات مرتب کرے گا۔ ۶ جون تا ۵ جولائی ناویں زہرہ کی موجودگی سسرالی عزیزوں سے جاری کشیدگی کا خاتمہ کردے گی۔ ویزہ وغیرہ اپلائی کرنے کے لیے یہ بہترین وقت ہے ۷ تا ۲۱ جون طالع اور کیریئر کا حاکم اپنے ہی گھر رہتے ہوئے کاروبار میں ترقی نئے منصوبوں پر کام اور حسب منشا ترقی تبادلے کے مواقع فراہم کرتا رہے گا۔ ۱۱ جولائی کو گیارہویں شمس کا اوج آپ کی خواہشات کی تکمیل میں معاون ہوگا۔ دوستوں سے تعلقات عروج پر ہونگے ایگزیکیشن اپلائی کرنے کے لیے یہ بہترین وقت ہے۔ ۲۰ جولائی تا ۵ ستمبر مریخ بھی بارہویں قیام کرتے ہوئے اسی حوالہ سے معاون ہوگا مگر دوسری جانب آپ کو حد درجہ احتیاط بھی کرنا ہوگا۔ آپ عزیز و اقارب کی ریشہ دوانیوں کا شکار بن سکتے ہیں، ۱۷ اگست اس حوالہ سے پیک کا دن ہوگا۔ مریخ عین اوج کے درجات پر موجود ہوگا۔ ۲۲ جولائی تا ۲۳ اگست بارہویں شمس بھی بارہویں موجود رہے گا۔ احتیاط لازم ہے۔ ۲۴ جولائی کیریئر کے گھر زہرہ کا اوج آپ کی کاروباری معاشی پوزیشن مستحکم کردیگا۔ کیریئر کے حوالہ سے کوئی بہترین آفر مل سکتی ہے۔ ۲۶ جولائی کو عطارد طالع میں آجائے گا۔ اور ۲۱ ستمبر کو عین شرفی درجات سے گزرے گا آپ کی عزت و توقیر میں اضافہ ہورہا ہے۔ کیریئر کے حوالہ سے بہتر فیصلے متوقع ہیں عطارد یہاں ۳۰ ستمبر تک قیام کرے گا۔ اسی دوران ۱۳ اگست تا ۵ ستمبر رجعت میں رہے گا۔ اس دورانیہ میں جلد بازی سے گریز کریں مشاورت اسکا بہترین حل ہوگا۔ ۲۶ اگست تا ۲۰ ستمبر زہرہ بارہویں خفیہ سازشوں کے گھر موجود رہے گا۔ محتاط رہیں آپ مالی بندش کا شکار ہوسکتے ہیں ۵ ستمبر تا ۲۲ اکتوبر طالع میں مریخ کی موجودگی آپ کی خود اعتمادی میں اضافہ کردے گی۔ ۳۰ ستمبر تا ۱۷ اکتوبر عطارد خانہ مال میں حالت طرح میں رہے گا۔ آپ کو اضافی اخراجات کا سامنا ہوگا۔ فضول خرچی آپ کو مالی بحران کا شکار کرسکتی ہے۔ ۱۱ اکتوبر کو طالع میں زہرہ کا ہبوط آپ سے مالی معاملات میں کوئی غلط فیصلہ کرواسکتا ہے۔ ان ایام میں سسرالی عزیزوں سے تعلقات کشیدہ ہو سکتے ہیں۔ ۱۱۴ اکتوبر کو زہرہ کے خانہ مال میں آجانے سے مالی بحران کا خاتمہ ممکن ہوگا۔ ۱۱۲ اکتوبر کو خانہ مال میں شمس کا ہبوط دشمنوں کی جانب سے آپ کو مالی نقصان پہنچانے کی سازش ہوسکتی ہے ۱۲۰ اکتوبر کو تیسرے عطارد کا اوج عزیز و اقارب سے تعلقات بڑھانے میں معاون ہوگا۔

آپ کی کاروباری سوچ بوجھ میں اضافہ ہورہا ہے۔ ۶ نومبر تا آخر سال عطارد چوتھے وہاں میں رہنے سے اور ۷ نومبر تا ۲۵ دسمبر زہرہ کے تیسرے چوتھے وہاں وحضیض میں رہتے ہوئے آپ کے عزیز و اقارب سے تعلقات خاصے متاثر ہورہے ہیں۔ والدہ اور خاندان کے افراد سے بھی تعلقات انتہائی کشیدہ ہوسکتے ہیں۔ ہین ممکن ہے آپ کو گھر تبدیل کرنا پڑ جائے اس تمام دورانیے میں اپنی سوچ کو مثبت رکھیں اور اپنے خفیہ دشمنوں کو پہچاننے کی کوشش کریں تدبر آپ کے لیے واپسی کے راستے کھول سکتا ہے۔ امسال ہونے والے شمسی و قمری گرہن آپ کے بیرون ملک قیام، شراکتی ازدواجی تعلقات، صحت، جاب کو متاثر کرسکتے ہیں قمری گرہن آپ کی خوش بختی کی تضیع کا باعث بھی بن سکتی ہے، شمسی گرہنوں کا ایک مثبت پہلو بھی ہے یہ آپ کے خفیہ دشمنوں کے لیے شدید نقصان دہ ثابت ہوسکتے ہیں۔ امید کرتا ہوں ان تمام حالات سے آگاہی ہونے پر آپ ۲۰۱۷ کو بہتر طریقہ سے گزار سکیں گے۔ خیراندیش شیخ زوار رضا جاوا

**صدقہ** ہر سنگل ۹۰۰ گرام دال مسور اور ہر بدھ ۵۰۰ گرام مونگ ثابت کسی مستحق کو دیں یا پرندوں کو ڈال دیں

**ورد خاص** روزانہ ۳۲ مرتبہ سورۃ طٰہٰ آیت ۲۵ تا ۲۸ ورد کریں۔




**اہم نکات** اسلام علیکم ۲۰۱۷ میزان افراد کے خاصہ اہم ثابت ہوگا آغاز سال ۱۰ اکتوبر مشتری کا طالع میں موجودگی دوسرے ساتویں کے حاکم مریخ کا کیریئر کے گھر ہبوط چوتھے پانچویں کے حاکم زحل کی تیسرے موجودگی اور رجعت آپ کی زندگی پر خاصے گہرے اثرات مرتب کررہی ہے۔ دیگر سیارگان زہرہ عطارد، شمس قمر کی سیر افلاک امسال آپ پر درج ذیل اثرات مرتب کرینگی

**صحت** آغاز سال سے ہی مریخ کی بیت الصحت میں موجودگی آپ کی صحت کو متاثر کررہی ہے ۶ فروری کو بیت الصحت کا حاکم رجعت میں چلے جانے سے ۹ جون تک آپ وقتاً فوقتاً صحت سے منسوبہ مختلف مسائل کا شکار ہوسکتے ہیں اگر ممکن ہو ہاتھ میں فیروزہ پہنیں باقی سال ان شاء اللہ بہتر رہے گا۔

**سماجی تعلقات** آپ کے بیت الاقرباء کا حاکم سیارہ مشتری





تقریباً شتہ سال سے طالع میں رہتے ہوئے آپ کے تعلقات کو بہتر سے بہتر بنا رہا ہے ۶ فروری کو طالع میں مشتری کی رجعت اور ۳ فروری سے آپ کے اپنے حاکم زہرہ اپنے گھر چلے جانے آپ کی شخصیت پر منفی اثرات مرتب ہورہے ہیں۔ دوسری طرف ۴ مارچ تا ۱۵ اپریل زہرہ رجعت میں بھی رہے گا آپ پر قوتِ طیبہ سوار ہوری ہے ۹ جون تک طالع میں مشتری کی رجعت آپ کے سماجی وقار کو بری طرح مجروح کرسکتی ہے۔ ۲۰ ستمبر تا ۱۴ اکتوبر اور ۸ نومبر تا ۲۵ دسمبر یہ تمام دورانیہ آپ کے سماجی تعلقات آپ کے لیے نبھانے رکھنا ایک مسئلہ ہوگا محتاط رہیں۔

**منگنی شادی** آپ کی منگنی سے منسوبہ ستارہ زحل اوج میں رہتے ہوئے آپ کی منگنی کی راہیں کھول رہا ہے۔ مگر ۲۱ فروری تا ۱۸ مارچ ایسی کسی بھی تقریب سے قطعی گریز بہتر ہوگا۔ ۶ اپریل تا ۲۵ اگست آپ کی بات طے ہوتے ہوتے ختم ہوسکتی ہے۔ ایسا زحل کی رجعت کیوجہ سے ہوگا۔ صدقہ سے اس صورتحال سے بچاؤ ممکن ہوگا۔ شادی کے حوالہ سے یوں تو کئی مواقع میسر ہونگے مگر درست وقت ہی دیر پا تعلقات کی بنیاد فراہم کرسکتا ہے ۲۶ جنوری تا ۱۰ مارچ، ۲۰ جولائی تا ۲۳ اکتوبر، ۹۰ دسمبر تا آخر سال صرف یہ اوقات نکاح شادی کے حوالہ سے بہتر ہونگے باقی عرصہ قطعی موافق نہ ہوگا۔

**تعلیمی کریئر** میزان اپکوں کو جون تک پڑھائی میں مشکلات پیش آسکتی ہیں باقی عرصہ انشاء اللہ بہتر رہے گا۔ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے افراد کو ۲۶ فروری تا ۱۴ مارچ، ۱۷ مئی تا ۷ جون یکم تا ۱۸ اکتوبر اور نومبر دسمبر مشکلات کا سامنا رہے گا۔

**اولاد انعامی بانڈ لاٹری** وہ میزان والے جو تاحال اولاد کی نعمت سے محروم ہیں پروردگار کے کرم سے امسال صاحب اولاد ہوجائیں گے میزان کی حاملہ خواتین کو امسال ۲۰ جنوری تا ۱۸ فروری اور ۶ اپریل تا ۲۵ اگست کچھ مشکلات پیش آسکتی ہیں۔ اپنی صحت کا خیال رکھیں۔ میزان افراد کو امسال کاموں میں سستی و کاہلی کی شکایت رہے گی۔ بالخصوص جنوری فروری قدرے مشکل ثابت ہوگا بچوں کی نافرمانی آپ کی پریشانی میں اضافہ کرسکتی ہے۔

**سفر** میزان افراد کو امسال اگست تک نزدیکی سفروں کے حوالہ سے احتیاط سے کام لینا ہوگا۔ سفر سے قبل اپنی سواری کو ضرور چیک کرلیں۔ آپ کو سفر میں دیر ہونا انتہائی بھیسی صورتحال سے واسطہ پڑسکتا ہے طویل اور بیرون ملک سفر کے خواہشمند افراد کے لیے آغاز سال تا ۲۶ فروری، ۱۲۱ اپریل تا ۱۷ مئی ۷ جون تا یکم اکتوبر ۱۸ اکتوبر تا ۶ نومبر کا عرصہ بہترین ہوگا بتائے گئے عرصہ کے علاوہ سفر یا ویزہ وغیرہ اپلائی کرنے سے گریز کریں ورنہ سوائے روپیہ اور قیمتی ترین وقت کے ضیاء کے کچھ ہاتھ نہ آئے گا۔

**شراکتی ازدواجی تعلقات** اس حوالہ سے آپ کو ملے جلے حالات کا سامنا رہے گا۔ آغاز سال تا ۲۸ جنوری، ۱۰ مارچ تا ۲ جون بالعموم اور ۵ جون تا ۲۰ جولائی کا عرصہ آپ کے لیے کسی امتحان سے کم نہ ہوگا۔ آپ کے مابین اختلافات بڑھ جائیں گے۔ آپ کے لیے تحمل کا مظاہرہ کرنا ضروری ہوگا۔ وگرنہ مابین علیحدگی ہوجائے گی۔ ۲۰ جولائی سے حالات میں مثبت تبدیلی آرہی ہے۔ شراکتی معاملات بھی بہتری کی جانب گامزن ہونگے آپ کو نئی شراکت داری کی آفر مل سکتی ہے۔ اور یہ بہترین وقت ہے ۲۳ اکتوبر تا ۹ نومبر کا عرصہ ایک بار پھر آپ کے صبر و تحمل کا امتحان ہوگا۔ آپ الزامات کی زد میں ہونگے از حد محتاط رہیں۔

**معیشت کیریئر روزگار** کیریئر روزگار کے حوالہ سے آپ کو زیادہ تر بہتر صورتحال کا سامنا رہے گا۔ قدرت کے نظام کے تحت ہر فرد کے معاملات میں تبدیلیاں بھی آتی رہتی ہیں۔ امسال ہونے والے دو قمری گرہن بالترتیب ۱۱ فروری اور ۷ اگست کو ہونگے ان ایام میں صدقہ اور نماز کسوف وخسوف ضرور ادا کریں۔ اسکے علاوہ ہر ماہ ہونے والے قمری گرہن کو بھی ہمیشہ نظر میں رکھیں اور بروقت صدقہ دیکر اپنا کیریئر محفوظ بنائیں۔ ۴ جون تا ۲۰ جولائی کیریئر کے گھر مریخ کی ہبوطی نشست آپ کے کیریئر روزگار پر انتہائی مضر اثرات مرتب کریگی کیریئر روزگار کے حوالہ سے کسی بھی قسم کی جلد بازی سے گریز کریں۔ ۲۲ جون تا ۲۳ جولائی شمس بھی یہیں قیام کرے گا۔ یہ شمس کے اوج یافتہ ہونے کا گھر ہے آپ کو معاملات سنبھالنے میں معاون ہوگا دوستوں کا بھرپور تعاون میسر رہے گا۔ سال کا باقی عرصہ ان شاء اللہ بہتر رہے گا۔

**خصوصی احکامات** سال کا آغاز ۹ جنوری کو چوتھے شمس کا حضیض خاندان والدہ سے تعلقات کشیدہ کرسکتا ہے۔ یہ حضیض آپکی خواہشات کی تکمیل میں رکاوٹ ہوگا۔ دوستوں سے وابستہ توقعات پوری ہوگی۔ ۳۰ جنوری کو چھٹے زہرہ کا شرف جاب صحت اور عزت وقار میں بہتری لارہا ہے۔ وراثتی معاملات بھی حسب منشا چل ہوسکیں گے۔ ۵ مارچ کو عین اسی جگہ عطارد کا ہبوط آپ کی صحت اور جاب دونوں کے لیے خطرناک مسائل پیدا کرسکتا ہے۔ آپ کے خفیہ دشمن آپ کے خلاف برسرپیکار ہونگے۔ جاب کی تبدیلی یا چھوڑنے سے گریز کریں آپ کی صحت بوجہ سحر جادو خراب ہونے کا اندیشہ موجود ہے ان ایام میں اعلیٰ تعلیم یا کسی بھی حوالہ سے ویزہ وغیرہ اپلائی کرنے سے گریز کریں۔ ۱۰ مارچ تا ۱۲۱ اپریل مریخ کی آٹھویں موجودگی خدانخواستہ کسی حادثہ سے دوچار کرسکتی ہے۔ آپ کے ازدواجی تعلقات شدید ذہنی دباؤ کا باعث ہونگے۔ ۷ اپریل کا ساتویں شمس کا شرف آپ کو جاری مسائل میں سنبھلنے کا موقع فراہم کرے گا اس حوالہ سے آپ کے دوست بہترین کردار ادا کرسکتے ہیں۔ ۲۱ مئی تا ۲۱ جون آپ کے تعلقات دوستوں اور سسرالی عزیزوں سے کشیدہ ہوسکتے ہیں۔

اعلیٰ تعلیم اور ویزہ وغیرہ کے حوالہ سے بھی مشکلات پیش آسکتی ہیں۔ ۴ جون تا ۲۰ جولائی کیریئر کے گھر مریخ کی منفی پوزیشن آپ کے روزگار کو بری طرح متاثر کرسکتی ہے والد سے اختلافات پیدا ہوسکتے ہیں محتاط رہیں ۱۱ جولائی کو عین اسی جگہ شمس کا اوج آپ کے لیے حسب خواہش نئی راہیں کھول دے گا آپ کی خوش بختی میں اضافہ ہورہا ہے۔ ۲۰ جون سے مریخ اور ۲۲ جولائی سے شمس گیارہویں گھر آجائیں گے یہ دونوں سیارگان یہاں مثبت اثرات مرتب کررہے ہیں دوستوں سے تعلقات بہتر ہورہے ہیں ایک بار پھر آپ کو شراکت داری کی آفرل سکتی ہے۔ آپ کی مالی پوزیشن مستحکم ہورہی ہے۔ ۱۷ اگست اس حوالہ سے سب سے اہم دن ہے۔ مریخ عین اوج کے درجات پر بھرپور سعد اثرات مرتب کررہا ہے، ۲۴ جولائی کو نادیں زہرہ کا اوج اعلیٰ تعلیم اور بیرون ملک سفر جیسے معاملات میں بہتری لارہا ہے سسرالی عزیزوں سے جاری کشیدگی کا خاتمہ ہوجائے گا۔ آپ حج وعمرہ یا زیارات مقدسہ کا سفر کررہے ہیں۔ ۵ ستمبر تا ۲۲ اکتوبر مریخ کی بارہویں موجودگی جہاں آپ کے امیجز یشن اور مالی ازدواجی تعلقات میں بہتری لارہا ہے وہیں آپ کو محتاط رہنے کا اشارہ بھی دے رہا ہے آپ کے خلاف کوئی خفیہ سازش ہوسکتی ہے۔ ۲۱ ستمبر کو بارہویں عطارد کا شرف آپ کے بیرون ملک مستقل قیام میں معاون ہوگا بیرون ملک ویزہ وامیجز یشن ایجائی کرنے کے حوالہ سے یہ سال کا سب سے بہتر وقت ہے ایک بار پھر قدرت آپ پر مہربان ہے آپ کے زیارات مقدسہ وعمرہ کی راہ ہموار ہورہی ہے۔ ۳۰ ستمبر تا ۱۷ اکتوبر طالع میں عطارد کی منفی پوزیشن آپ کو ذہنی انتشار کا شکار کرسکتی ہے ویزہ یا امیگریشن کے حوالہ سے کسی بھی قسم کی جعلی دستاویزات کے استعمال سے گریز کریں۔ سسرالی عزیزوں سے تعلقات ایک بار پھر کشیدہ ہورہے ہیں گفتگو میں احتیاط کریں۔ ۱۱ اکتوبر کو بارہویں زہرہ کا ہبوط آپ کے امیگریشن یا کسی بھی حوالہ سے بیرون ملک مستقل قیام کی راہیں مسدود کردے گا آپ کو واپس آنا پڑسکتا ہے۔ دراشی معاملات کا فیصلہ آپ کے خلاف آسکتا ہے۔ ۱۲ اکتوبر طالع میں شمس کا ہبوط آپ کی خوش بختی کی تنسیخ کررہا ہے اب معاملات آپ کی خواہشات کے خلاف چل رہے ہیں دوستوں کی جانب سے الزام تراشی کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے۔ ۱۴ اکتوبر تا ۷ نومبر زہرہ طالع میں رہنے سے آپ کی خود اعتمادی میں اضافہ ہوجائے گا جاری مسائل کا مقابلہ کرنے کا حوصلہ پیدا ہورہا ہے دراشی معاملات بھی حل ہوسکیں گے۔ ۶ نومبر تا آخر سال تیسرے عطارد کی موجودگی آپ کے سماجی تعلقات کو متاثر کرسکتی ہے افواہوں پر توجہ نہ دینا بہتر ہوگا۔ ۷ نومبر تا یکم دسمبر زہرہ کی خانہ مال میں موجودگی آپ کو فضول خرچی پر مائل کررہی ہے۔ محتاط رہیں وگرنہ مالی بحران کا شکار ہوسکتے ہیں۔ ۲۲ نومبر تا ۲۱ دسمبر شمس کے تیسرے آجانے سے عزیز واقارب کے ساتھ مسائل حل کرنے میں مدد ملے گی اس حوالہ سے آپ کے دوست بھرپور کردار ادا کررہے ہیں۔ مگر ۱۸ دسمبر عین اسی جگہ زہرہ کا حسیفی معاملات کو ایک بار پھر بگاڑ رہا ہے ان ایام میں اپنی سماجی





سرگرمیاں محدود کرنا بہتر ہوگا۔ امسال ہونے والے گربن آپ کے کیریئر روزگار دوست احباب اور صحت جاب کے علاوہ بچوں سے منسوبہ مسائل پیدا کرسکتے ہیں ان ایام میں صدقہ ونماز کسوف وخسوف ضرور ادا کریں۔ خیر اندیش شیخ دلدار رضا چغتائی

**صدقہ** ہر منگل ۹۰۰ گرام دال مسور کسی مستحق کو دیں یا پرندوں کو دانہ ڈالیں

**ورد خاص** روزانہ ایک تسبیح سورۃ توبہ آیت ۱۲۹ تلاوت کریں۔

**برج: عقرب SCORPIO سیارہ: مریخ**



رنگ: سرخ
عنصر: آگ
جواہر: بلڈ سٹون، عقیق، مونگا
بہترین شریک حیات: عقرب، حوت، سرطان
ناموافق ساتھی: ثور، اسد

پیشہ وری: سرجن، ڈاکٹ کی پیشہ وری، کیمیکل انڈسٹری، دھات

دن سکل عدد 9 حروف 24 Oct to 22 Nov

**اہم نکات** اسلام علیکم آپ ساڑھ ستی کے تیسرے اور آخری دور سے گذر رہے ہیں جو کہ ۲۰ دسمبر ۲۰۱۷ کو ختم ہوجائے گا اب آپ کی قوت مدافعت کافی کمزور ہوچکی ہے اس لیے ہرچیز آپ پر زیادہ اثر انداز ہوگی پروردگار آپ کو اپنی امان میں رکھے آغاز سال سے زحل خانہ مال میں حالت اوج میں ہے اور سارا سال یہیں قیام کرے گا دوسرا بڑا ستارہ مشتری بھی ۱۰ اکتوبر تک اوج میں مگر زائچہ کے بارہویں گھر رہے گا۔ یہ دونوں اور دیگر سیارگان سیر الفلاک سے امسال آپ پر کیا اثرات مرتب کررہے ہیں۔

**صحت** امسال عقرب افراد کو اپنی صحت کا خاص خیال رکھنا ہوگا۔ سال کے آغاز سے ہی بیت الصحت کا حاکم مریخ منفی پوزیشن میں ہے اور ۲۸ جنوری تک رہے گا اس کے علاوہ ۱۰ مارچ تا ۴ جون بالعموم اور ۴ جون تا ۲۰ جولائی بالخصوص آپ کو اپنی صحت کا خیال رکھنا ہوگا۔ آپ کو سرجری کروانا پڑسکتی ہے لاپرواہی کسی بڑی مصیبت میں مبتلا کرسکتی ہے ۲۰ جولائی سے صحت میں بہتری آئے گی۔ ۱۲۳ اکتوبر ۹ دسمبر ایکبار پھر آپ کی مشکلات میں اضافہ ہوجائے گا۔ آپ کو ہسپتال میں ایڈمٹ ہونا پڑسکتا ہے۔

**سماجی تعلقات** آپ کے سماجی تعلقات امسال ملے جلے رہیں گے اس حوالہ سے جنوری اور مارچ تا آخر اگست آپ کو خاص طور پر محتاط رہنا ہوگا۔ ان ایام میں آپ کو بہن بھائیوں اور بالخصوص قریبی عزیزوں کی جانب سے کافی مختلف رویے کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے دوسری طرف آپ کا اپنا ستارہ مریخ بھی وسط جولائی تک منفی پوزیشن میں رہنے سے آپکے مزاج میں تیزی رہے گی آپ عزیزوں کے رویہ سے مایوسی کا شکار ہورہے ہیں مگر مایوس نہ ہوں حالات میں جلد ہی مثبت تبدیلی رونما ہوگی۔ جلد بازی اور بدگوئی سے گریز کریں۔

**منگنی شادی** امسال آپ کی منگنی شادی ہونے کے کئی ایک امکانات موجود ہیں۔ مگر جیسا کہ ہر سال کہتا ہوں درست وقت کا انتخاب ضروری ہوگا۔ منگنی کے حوالہ سے یکم جنوری تا ۲۶ فروری کا عرصہ بہترین وقت ہوگا۔ دوسری طرف ۶ فروری تا ۹ جون مشتری رجعت میں رہنے سے آپ کی بات بنتے بنتے بگڑ سکتی ہے۔ اس حوالہ سے مقدس مقامات کی زیارت اور خدمت آپ کی مشکلات میں آسانی کا باعث ہوگا۔ باقی عرصہ انشاء اللہ موافق ہے شادی نکاح کے حوالہ سے ۳ فروری تا ۶ جون، ۲۰ ستمبر تا ۱۴ اکتوبر، ۸ نومبر تا ۲۵ دسمبر کا عرصہ قطعی طور پر موافق نہ ہوگا اس دوران کی گئی شادیاں اختلافات وفسادات پر ختم ہوسکتی ہیں محتاط رہیں۔

**تعلیمی کریئر** عقرب بچوں کو یکم تا ۲۰ جنوری، ۱۶ اپریل تا ۲۵ اگست مشکلات کا سامنا رہے گا۔ اعلیٰ تعلیمی مدارج طے کرنے والے افراد کو ۴ جون تا ۲۰ جولائی شدید مشکلات کا سامنا ہوسکتا ہے۔

**اولاد انعامی بانڈ لاٹری** خواہشمند عقرب جوڑوں کے لیے یہ سال اولاد کے حصول کے حوالہ سے کسی نعمت سے کم نہ ہوگا۔ آپ کی جھولی مرادوں سے بھر سکتی ہے۔ عقرب افراد کو بڑے بچوں کے حوالہ سے ۲۶ فروری تا ۱۳ مارچ اور ۹ جون تک مشکلات کا سامنا رہے گا۔ آپ کے بچوں میں ضد کا عنصر بڑھ جائے گا آپ کے بچے نافرمانی پر مائل ہیں۔ انعامی بانڈ کے حوالہ سے جنوری اور بعد از جون کا عرصہ موافق ہوگا۔

**سفر** خود کی سفروں کے حوالہ سے آپ کو ماہ جنوری اور اپریل تا اگست کو مشکلات پیش آسکتی ہیں بیرون ملک یا طویل سفر ویزہ وغیرہ اپلائی کرنے کے لیے آپ کو قمر در عقرب، گربن کے ایام اور امسال ۴ تا ۲۰ جولائی قطعی طور پر سفر سے گریز کرنا بہتر ہوگا۔

**شراکتی ازدواجی تعلقات** جنوری تا ۳ فروری، ۶ جون تا ۲۰ ستمبر، ۱۱۴ اکتوبر تا ۸ نومبر آپ کے تعلقات بہترین رہیں گے ان ایام میں آپ کو نئی شراکت داریوں کی آفرل سکتی ہے آپ ازدواجی زندگی کی خوشیاں سمیٹ سکیں گے۔ جبکہ ۳ فروری تا ۶ جون آپ کو اپنے تعلقات نبھانے میں خاصی مشکلات کا سامنا رہے گا آپ کے مابین جزوی علیحدگی ہوسکتی ہے محتاط رہیں ان ایام میں نئی شراکت داریوں سے بھی گریز کریں۔ ۲۰ ستمبر تا ۱۱۴ اکتوبر سال کا سب سے مشکل دورانیہ ہوگا اگر آپ نے احتیاط سے کام نہ لیا تو مابین علیحدگی ہوجائے گی ۱۱۴ اکتوبر تا ۸ نومبر حالات قدرے بہتری کی جانب گامزن ہونگے مگر ۸ نومبر تا آخر سال کا عرصہ ایکبار پھر آپ کا امتحانی دور ہوگا۔

**معیشت کیریئر روزگار** ساڑھ ستی کے بحرانی دور میں آپکا کیریئر سب سے زیادہ اہمیت کا حامل ہوگا۔ آغاز سال تا ۲۰ مارچ بہت محتاط روی سے گزاریں ۲۶ مارچ تا ۲۰ مئی کا عرصہ آپ کے کیریئر روزگار کے حوالہ سے کافی بہتر ہوگا۔ آپ کاروبار میں بہتری یا نئے کاروبار کے بارے سوچ رہے ہیں۔ ۲۱ مئی تا ۲۲ جون کا عرصہ بھی آپ کے ذہنی دباؤ کا باعث ہوگے آپ اپنے کیریئر کے بارے خاصے متفکر نظر آرہے ہیں۔ ۲۳ جون تا ۲۳ ستمبر کا عرصہ بہترین مواقع رہے گا۔ اکثر عقرب افراد کاروبار کو از سر نو مرتب کررہے ہیں۔ آپ کو کیریئر روزگار کے بہتر مواقع میسر آئیں گے۔ ۲۳ ستمبر تا ۱۲۳ اکتوبر کا عرصہ ایکبار پھر مشکلات سے دوچار کرسکتا ہے۔ محتاط رہیں۔ یہ وقت قفل سے گزارنا بہتر ہوگا۔

**خصوصی احکامات** جیسا کہ آپ گذشتہ سطور میں پڑھ چکے ہیں آپ ساڑھ ستی کے تیسرے اور آخری دور سے گذر رہے ہیں اس سال کی سب سے اہم بات دونوں بڑے سیارگان زحل اور مشتری کی زائچہ میں پوزیشن ہے خانہ مال کا حاکم مشتری کو کہ اوج میں ہے مگر زائچہ کے بارہویں شمس یعنی منفی پوزیشن میں ہے مزید ستم ۶ فروری تا ۹ جون رجعت میں رہے گا خانہ مال میں زحل اوج یافتہ ہے مگر یہ بھی ۱۶ اپریل تا ۲۵ اگست رجعت میں رہیگا۔ ساڑھ ستی کے اس شدید بحرانی دور میں ان دونوں سیارگان کی رجعت آپ کو شدید مالی بحران کا شکار کرسکتی ہے۔ اگر آپ نے تاحال ساڑھ ستی کا کوئی روحانی تدارک نہیں کیا تو اب ضرور کرلیں۔ ۹ جنوری کو شمس کا حسیفی آپ کے نزدیکی سفروں کیریئر روزگار اور سماجی تعلقات کو متاثر کررہا ہے۔ محتاط رہیں ۳۰ جنوری کو پانچویں زہرہ کا شرف بچوں کے حوالہ سے خوشخبری لارہا ہے۔ آپ کی منگنی طے پاجانے کے قوی امکانات ہوگئے۔ ۵ مارچ کو عین اسی جگہ عطارد کا ہبوط آپکی بنی بنائی بات کو اختلافات کی نذر کرسکتا ہے۔ آپ کی منگنی ختم ہوسکتی ہے۔ آپ کے افیئرز بھی ختم ہونے کے قوی امکانات موجود ہیں بچوں میں ضد کا عنصر بڑھ جائے گا۔ دوستوں سے اختلافات سے گریز کریں دراشی معاملات آپ کے خلاف جارہے ہیں۔ ۱۰ مارچ تا ۲۱ اپریل آپ کو شراکتی ازدواجی معاملات پر خاص توجہ دینا ہوگی۔ ۷ اپریل چھٹے شمس کا شرف آپ کی صحت پر مثبت اثرات مرتب کرے گا۔ ملازم پیشہ افراد کو ملازمت میں ترقی یا بہتر ملازمت مل سکتی ہے۔ آپ کے کیریئر روزگار کے حوالہ سے یہ سال کا سب سے بہترین وقت ہے۔ ۲۱ مئی کو بیت الذوج میں عطارد کا حسیفی شریک اور شریک حیات سے اختلافات بڑھادے گا۔ گفتگو میں محتاط رہیں کسی بھی قسم کے شراکتی معاہدے سے گریز کریں۔ ۶ جون تا ۲۰ جولائی زہرہ کے بیت الزوج میں آجانے سے آپ کے معاملات میں بہتری آرہی ہے۔ آپ کی شادی نکاح کی راہ ہموار ہورہی ہے۔ ۷ تا ۲۱ جون آٹھویں عطارد کی موجودگی آپ کے شراکتی مالی اور دراشی معاملات میں بہتری لارہی ہے۔ آپ خواہشات کی تکمیل جلد از جلد چاہ رہے ہیں۔ ۱۱ جولائی کو بارہویں شمس کا اوج آپ کے بیرون ملک سفر کی راہ ہموار کردے گا۔ کیریئر روزگار اور اعلیٰ تعلیم کے حصول کے لیے اس وقت اختیار کیا گیا سفر انشاء اللہ وسیلہ ظفر ثابت ہوگا۔



FREE AMLIYAAT BOOKS Group
https://www.facebook.com/groups/freeamliyatbooks

۲۰ جولائی تا ۵ ستمبر مریخ اور ۲۲ جولائی تا ۲۳ اگست شمس کیریئر کے گھر قیام کرتے ہوئے آپ کے کیریئر روزگار میں بہتری لا رہے ہیں۔ ملازمت پیشہ افراد کو حسب خواہش ترقی مل سکتی ہے۔ ۲۴ جولائی کو آٹھویں زہرہ کا اوج شراکتی مالی معاملات میں مالی استحکام کی نشاندہی کر رہا ہے آپ کے وراثتی اور امیگریشن سے متعلق معاملات بھی حل ہوتے نظر آ رہے ہیں۔ ۱۷ اگست کو مریخ عین اوج کے درجات سے گزرتے ہوئے آپ کی عزت توقیر اور کیریئر روزگار پر مثبت اثرات مرتب کرے گا۔ ۲۶ اگست تا ۲۰ ستمبر زہرہ بھی کیریئر کے گھر رہے گا۔ آپ کو شراکت داری میں کاروبار کی آفرل سکتی ہے۔ ۵ ستمبر تا ۲۲ اکتوبر مریخ اور ۱۲۱ اکتوبر گیارہویں عطارد کا شرف آپ کی خوش بختی میں اضافہ کردے گا، یہ آپ کی خواہشات کی تکمیل کا وقت ہے دوستوں کی جانب سے بھرپور تعاون میسر رہے گا۔ ۳۰ ستمبر تا ۱۷ اکتوبر بارہویں عطارد حالت طرح میں ہوگا بیرون ملک مقیم افراد کو ڈاکومنٹس کی وجہ سے واپس آنا پڑ سکتا ہے امیگریشن یا ایجل وغیرہ بھی خارج ہو سکتی ہے۔ ۱۱ اکتوبر کو زہرہ کا ہبوط اس سلسلہ کو مزید خراب کردے گا دوستوں سے اختلافات پیدا ہو سکتے ہیں۔ ۱۱۲ اکتوبر کو بارہویں شمس کا ہبوط جہاں آپ کے خفیہ دشمنوں پر بھاری پڑیگا وہیں آپ کے کیریئر روزگار پر بھی منفی اثرات مرتب کر رہا ہے نئے کاروبار یا تبدیلی سے گریز کریں۔ ۱۲۰ اکتوبر طالع میں عطارد کا اوج آپ کی شخصیت میں نکھار پیدا کردے گا۔ شراکتی مالی اور وراثتی معاملات آپ کے حق میں بہتر ہو جائیں گے۔ ۶ نومبر تا ۱۱ جنوری خانہ مال میں عطارد کی منفی پوزیشن آپ کو فضول خرچی پر مائل کر رہی ہے۔ شراکتی مالی معاملات میں خدانخواستہ نقصان کا اندیشہ ہوگا۔ ۷ نومبر تا کیم دسمبر زہرہ کی طالع میں وبال زدہ کیفیت آپ کے شراکتی ازدواجی تعلقات کو شدید نقصان پہنچا سکتی ہے آپ الزامات کی زد میں ہوں گے۔ ۲۲ نومبر تا ۲۱ دسمبر شمس کی خانہ مال میں موجودگی مالی معاملات کو سنبھالنے میں مدد گار ہوگی۔ اسمال ہونے والے نقصی گرہن آپ کے کیریئر روزگار اور بچوں جیسے اہم معاملات کو متاثر کر سکتے ہیں ان کی اہمیت کے پیش نظر ان ایام میں صدقہ اور نماز کسوف و خسوف ضرور ادا کریں پروردگار آپ کا حامی و ناصر ہو

**خیر اندیش شیخ وارث رضا جادا**

**صدقہ** ہر منگل ۹۰۰ گرام دال مسور اور ہر ہفتہ ۸۰۰ گرام کالے ماش کسی مسجد کو دیں یا پرندوں کو ڈال دیں۔

**ورد خاص** روزانہ ہر نماز کے بعد ۹ مرتبہ دعائے ردخوست سیارگان ورد کریں

**فالج کا مجرب نسخہ**

لہسن کا ایک ❁ اپسلے روز، دوسرے روز ۲، تیسرے روز ۳، چوتھے روز ۴، اسی طرح سے ہر روز ایک عدد بڑھائیں۔ کہ چالیسویں روز ۴۰ ہو جائیں۔ اور اسی ترکیب سے پانی سے نگل لیں اس کے بعد گھٹانا شروع کردیں۔ یعنی اکتالیسویں روز ۳۹ ❁ پھر ۳۸، پھر ۳۷، یہاں تک کہ ایک ❁ پر آ جائیں۔ انشاء اللہ مریض صحت یاب ہو جائے گا۔ (شمع شبستان رضا)

**برج: قوس SAGITARIUS سیارہ: مشتری**



رنگ ــــ سفید، سبز
عنصر ــــ آتشی
جواہر ــــ فیروزہ، پکھراج
بہترین شریک حیات ــــ حمل، اسد
نامواقف ساتھی: ــــ عنت، جوزا، میزان

بیماریاں: عرق النساء، سیاٹکا کی چوٹیں، ہاتھ کی انگلیاں

دن: بدھ عدد: ۳ حروف: ف

23 Nov to 22 Dec

**اہم نکات** السلام علیکم! آپ ساڑھ ستی کے دوسرے دور سے گزر رہے ہیں طالع میں زحل کی رجعت اور گیارہویں مشتری کی رجعت آپ کی مشکلات میں مزید اضافہ کردے گی۔ پانچویں بارہویں کا حاکم مریخ اسمال آٹھویں زائچہ کے اہم ترین گھر ہبوط پذیر اور ناویں اوج یافتہ رہتے ہوئے دیگر سیارگان سیر افلاک میں شرف، ہبوط اوج و وبال سے گذرتے ہوئے آپ پر درج ذیل اثرات مرتب کر رہے ہیں

**صحت** ۲ فروری تا ۶ جون آپ کو صحت پر خاص توجہ دینا ہوگی۔ آپ اکثر اوقات مختلف مسائل کا شکار رہ رہے ہیں۔ ۶ جون تا ۲۰ ستمبر صحت بہتری کی جانب مائل رہے گی۔ ۲۰ ستمبر تا ۱۱۳ اکتوبر، ۸ نومبر تا ۲۵ دسمبر کا عرصہ ایک بار پھر آپکی صحت توجہ کی طالب رہے گی۔ ۱۱۴ پر دائمی بڑے مسائل میں مبتلا کر سکتی ہے۔

**سماجی تعلقات** ساڑھ ستی کے مشکل ترین دور میں جب سب ساتھ چھوڑ جاتے ہیں آپ کو اپنے سماجی تعلقات بنائے رکھنا از حد ضروری ہوگا۔ ۲۰ جنوری تا ۱۸ فروری کسی امتحان سے کم نہ ہوگا۔ قریبی عزیزوں یعنی بہن بھائیوں اور سسرالی عزیزوں سے بیک وقت تعلقات کشیدہ ہو سکتے ہیں محتاط رہیں۔ ۱۶ اپریل تا ۲۵ اگست طالع میں زحل کی رجعت آپ کی کردار کشی کروا سکتی ہے۔ عزیز و اقارب کی جانب سے ناگوار رویہ دیکھنے کو مل سکتا ہے۔ تحمل سے اس وقت کو گذاریں ورنہ آپ کے تعلقات بہت متاثر ہو سکتے ہیں۔ سال کا باقی عرصہ ان شاء اللہ قدرے بہتر گزرے گا۔

**منگنی شادی** منگنی شادی کے حوالہ سے گو کہ اسمال واضح امکانات موجود ہیں مگر اسمال آپ کو از حد احتیاط کرنا ہوگی آپ کی بات بن بھی سکتی اور ختم بھی ہو سکتی ہے۔ کیم تا ۲۸ جنوری ۱۰ تا ۲۰ مارچ، ۲۱ اپریل تا ۲۰ جولائی، ۱۲۳ اکتوبر تا ۹ دسمبر شادی کے حوالہ سے ۲۶ فروری تا ۱۳ مارچ، ۳۱ مارچ تا ۷ جون کیم تا ۱۱۸ اکتوبر، ۶ نومبر تا آخر سال کا عرصہ موافق نہ ہوگا اس دوران کی گئی شادیاں دیرپا ثابت نہ ہوں گی۔

**تعلیمی کریئر** قوس بچوں کو اسمال ۲۰ جنوری تا ۱۸ فروری اور ۶ اپریل تا ۲۵ اگست مشکلات پیش آئیں گی۔ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے افراد کو کیم جنوری تا ۲۰ مارچ، ۲۱ مئی تا ۲۲ جون، ۲۳ ستمبر تا ۱۲۳ اکتوبر مشکل صورتحال کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔





**اولاد انعامی بانڈ لاٹری** بچوں کے حوالہ سے ۲۰۱۷ آپ کی خاص توجہ کا طالب ہوگا۔ کیم تا ۲۸ جنوری ۱۰ مارچ تا ۲۰ جولائی، ۱۲۳ اکتوبر تا ۹ دسمبر آپ کو بچوں کے حوالہ سے خاصی مشکلات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ یہ دورانیہ بالخصوص حاملہ خواتین کے لیے احتیاط طلب ہوگا۔ خود غرضی قطعی طور پر نقصان دہ ہوگی۔ اولاد کے خواہشمند افراد کو ۲۸ جنوری تا ۱۰ مارچ، ۲۰ جولائی تا ۱۲۳ اکتوبر اور ۹ دسمبر تا آخر سال خوشخبری مل سکتی ہے انعامی بانڈ کے خواہشمند افراد کے لیے بھی یہ دورانیہ بہتر ہوگا۔ باقی عرصہ طبع آزمائی سے گریز کریں۔

**سفر** امسال آپ کو نزدیکی سفروں میں سال کا کچھ دورانیہ احتیاط سے گزارنا ہوگا۔ ۲۰ جنوری تا ۱۸ فروری اور ۶ اپریل تا ۲۵ اگست سفر سے قبل زحل سے منسوبہ صدقہ ضرور ادا کریں۔ بیرون ملک یا طویل سفر کے خواہشمند افراد کو آغاز سال تا ۲۰ مارچ، ۲۱ مئی تا ۲۲ جون، ۲۳ ستمبر تا ۱۲۳ اکتوبر سفر سے گریز کرنا بہتر ہوگا۔ اس حوالہ سے ۲۱ مارچ تا ۲۰ مئی، ۲۲ جون تا ۲۳ اگست کا عرصہ بہترین وقت ہیں اس دوران کیے گئے سفر ان شاء اللہ وسیلہ ظفر ثابت ہوں گے۔

**شراکتی ازدواجی تعلقات** طالع میں موجود زحل سارا سال آپ کے ازدواجی تعلقات سے منسوبہ گھر کو مقابلے کی نظر سے دیکھ رہا ہے جو کہ آپ کے شراکتی ازدواجی تعلقات کو متاثر کرنے کا باعث ہے، دوسری طرف بیت الزوج کا حاکم عطارد ۲۶ فروری سے ہبوط کے گھر رہتے ہوئے آپ کے تعلقات کو از حد خراب کردے گا۔ محتاط رہیں ورنہ مائیں علیحدگی ہو سکتی ہے۔ ۱۳ مارچ کو عطارد کو اگلے گھر چلے جانے پر معاملات میں بہتری آئے گی۔ مگر ۱۳ اپریل تک کا عرصہ کسی بھی طرح گزارنا از حد مشکل ہوگا۔ اسکے علاوہ ۱۷ مئی تا ۷ جون اور کیم تا ۱۸ اکتوبر اور ۶ نومبر تا آخر سال کا عرصہ بھی محتاط روی سے گزارنا ہوگا۔

**معیشت کیریئر روزگار** ساڑھ ستی کے گھمن زدہ ماحول میں آپ کا کیریئر روزگار آپ کی زندگی کا سب سے اہم حصہ ہے گذشتہ سارا سال راہو کی وجہ سے آپ کا کیریئر داؤ پر رہا ہے۔ اسمال بھی مئی تک یہ تگوار لٹکتی رہے گی آپ کے کیریئر کا حاکم عطارد بھی ۲۶ فروری تا ۲۱ اپریل انتہائی منفی پوزیشن میں ہوگا۔ ان ایام میں کاروباری معاملات آپ کے کنٹرول سے باہر ہو سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ ۱۷ مئی تا ۷ جون بھی حالات کچھ اچھے نہ ہوں گے۔ ۷ جون تا کیم اکتوبر اور ۶ نومبر تا آخر سال بھی آپ کے روزگار کے حوالہ سے کچھ خاص بہتر نہ ہوں گے محتاط روی اور مشاورت بہت سے مسائل کا حل ہوگا۔

**خصوصی احکامات** سال کا آغاز خانہ مال میں ۹ جنوری کو شمس کے حضیض سے ہو رہا ہے۔ بیرون ملک کے حوالہ سے یا سسرالی عزیزوں کی وجہ سے مالی نقصان ہو سکتا ہے۔ ۳۰ جنوری کو چوتھے زہرہ کا شرف خانگی معاملات میں بہتری لا رہا ہے۔ آپ کو بہتر جاب کی آفرل سکتی ہے۔ جو کہ آپ کے کیریئر کو چار چاند لگا دے گی اپنا کاروبار کرنے والے افراد کے لیے نئے راستے کھل رہے ہیں۔ ۵ مارچ کو چوتھے عطارد کا ہبوط آپ کے خانگی معاملات کو متاثر کر رہا ہے۔ ۱۲ مارچ کو پانچویں مریخ ہبوطی کیفیت میں رہے گا۔ اور ۱۴ جولائی تک وہیں ہبوطی کیفیت میں رہے گا۔ ۴ جون تا ۲۰ جولائی آٹھویں مریخ ہبوطی کیفیت میں رہے گا۔ اور ۱۴ جولائی کو عین ہبوطی درجات سے گذرے گا۔ ان ایام میں اپنا خاص خیال رکھیں۔ خدانخواستہ کوئی حادثہ پیش آ سکتا ہے۔ اسکے علاوہ آپ کو بچوں پر بھی خاص توجہ دینا ہوگی (بالخصوص حاملہ خواتین کو) بیرون ملک مقیم افراد کو واپسی کی راہ دیکھنا پڑ سکتی ہے ۶ جون تا ۵ جولائی زہرہ کے اپنے ہی گھر آ جانے سے جاب اور صحت سے متعلقہ معاملات کا خاتمہ ممکن ہوگا۔ ۷ تا ۲۱ جون عطارد ساتویں رہتے ہوئے شراکتی ازدواجی معاملات سدھارنے کا موقع فراہم کر رہا ہے۔ آپ کی شادی یا نکاح متوقع ہے۔ ۱۱ جولائی کو آٹھویں شمس کا اوج شراکتی معاملات میں مالی منافع کے مواقع بڑھا دے گا۔ سسرالی عزیزوں سے تعلقات بہتر ہو رہے ہیں۔ آپ کا یکبار پھر بیرون ملک سفر کی تیاری کر رہے ہیں حج و عمرہ کا موقع مل سکے گا۔ ۲۴ جولائی کو ساتویں زہرہ کا اوج آپ کی شراکتی ازدواجی زندگی پر انتہائی خوشگوار اثرات مرتب کر رہا ہے۔ دوستوں کے تعاون سے بہتر جاب کا حصول ممکن ہوگا۔ ۱۱۷ اگست مریخ کا اوج آپ کے بیرون ملک سفر کی راہ ہموار کر رہا ہے خواہ وہ بحوالہ تعلیم ہوں یا زیارات مقدسہ بچوں کے حوالہ سے کوئی خوشخبری مل سکتی ہے۔ امیگریشن اپلائی کرنے کے لیے یہ بہترین وقت ہے۔ ۵ ستمبر تا ۱۲۲ اکتوبر مریخ کیریئر کے گھر بحالت فرح رہتے ہوئے آپ کے کیریئر روزگار میں بہتری کا باعث ہوگا۔ اکثر قوس افراد اس حوالہ سے بیرون ملک نظریں جمائے بیٹھے ہیں کاروباری معاملات میں بچوں کا بھرپور تعاون میسر رہے گا۔ ۲۱ ستمبر کیریئر کے گھر عطارد کا شرف آپ کے کیریئر روزگار کو بہتری کی جانب گامزن کردے گا۔

آپ کو نئی شراکت داریوں کی آفر مل رہی ہے۔ ایکبار پھر آپ کے نکاح کے امکانات روشن ہو رہے ہیں۔ ۳۰ ستمبر تا ۱۱ اکتوبر عطارد گیارہویں حالت طرح میں رہے گا۔ کاروباری توقعات پوری نہ ہونے سے آپ مایوسی کا شکار ہو رہے ہیں شراکتی ازدواجی تعلقات بھی اختلافات کی نظر ہو رہے ہیں۔ ۱۱ اکتوبر کیریئر کے گھر زہرہ کا ہبوط آپ کی جاب اور کیریئر دونوں پر مضر اثرات مرتب کر رہا ہے۔ محتاط رہیں اور کیریئر روزگار کے حوالہ سے کسی بھی بڑے فیصلے سے گریز کریں۔ آپ کی جاب ختم ہو سکتی ہے۔ ۱۲ اکتوبر کو گیارہویں شمس کا ہبوط آپ کی خواہشات کی تکمیل میں رکاوٹ پیدا کرے گا۔ سسرالی عزیزوں اور دوستوں سے معاملات کشیدہ ہو سکتے ہیں ۲۰ اکتوبر کو بارہویں عطارد کا اوج امیگریشن یا کسی بھی حوالہ سے بیرون ملک قیام میں معاون ہوگا۔ پہلے سے مقیم افراد کو بہتر جاب کی آفر مل سکتی ہے۔ آپ کو شراکت داری کی آفر مل سکتی ہے۔ مگر محتاط رہیں یہ آپ کے خلاف کوئی خفیہ سازش بھی ہو سکتی ہے۔ ۶ نومبر تا آخر سال عطارد طالع میں وبال زدہ رہنے سے آپ ذہنی انتشار کا شکار رہیں گے۔ شراکتی ازدواجی معاملات کے حوالہ سے الزامات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ کاروباری یا کیریئر کے حوالہ سے کسی بھی فیصلہ سے گریز بہتر ہوگا۔ ۷ نومبر تا کیم دسمبر بارہویں زہرہ کی وبال زدہ نشست آپ کی جاب اور امیدوں کے حوالہ سے خاصہ نقصان دہ ہوگا۔ آپ کے ظاہری باطنی رویوں طرح کے دشمن پریشان رہیں گے۔ امیگریشن سے منسوبہ مسائل کا سامنا رہے گا۔ ۲۲ نومبر تا ۲۱ دسمبر طالع میں شمس کی موجودگی آپ کا اعتماد بحال کرے گی ہے۔ آپ کی توجہ مذہبی معاملات پر بڑھ رہی ہے۔ ۱۸ دسمبر کو طالع میں زہرہ کا حضیض دوستوں سے اختلافات پیدا کر رہی ہے۔ آپ کی جاب ایک بار پھر خطرات سے دوچار ہو سکتی ہے، محتاط رہیں امسال ہونے والے گرہن آپ کی ذہنی دباؤ میں اضافہ کا باعث ہوں گے۔ آپ کے بیرون ملک سفر اور اعلیٰ تعلیم کے علاوہ خانگی معاملات کو متاثر کر سکتے ہیں۔ صدقہ اور نماز کسوف وخسوف ضرور ادا کریں۔ آخر میں ایکبار پھر ساڑھ ستی کے حوالہ سے تاکید ہے اپنا روحانی تدارک ضرور کریں۔ **خیر اندیش شیخ زوار رضا جاوا**

**صدقہ** ہر ہفتہ ۸۰۰ گرام کالے ماش کسی مستحق کو دیں یا قبرستان میں ڈال دیں

